بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احکام القرآن

مولانا محمد جلال الدین قادری

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور ۔ کراچی ۔ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

احکام القرآن

جلد ششم

مولف

مولانا محمد جلال الدین قادری

ناشر

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

marfat.com

IB

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	احکام القرآن (جلد ششم)
مؤلف	مولانا محمد جلال الدین قادری
زیر سرپرستی	مولانا مفتی محمد علیم الدین مجددی
کمپوزنگ و پروف ریڈنگ	مفتی محمد محمود احمد
خصوصی معاونت	مولانا محمد حبیب احمد نقشبندی و مولانا محمد مسعود احمد
تاریخ اشاعت	اکتوبر 2007ء
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
باہتمام	حافظ قاضی محمد سعید احمد نقشبندی
	محلّہ بابا لطیف شاہ غازی، کھاریاں، ضلع گجرات
تعداد	ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ	1Z350D
قیمت	-/275روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔7221953 فیکس:۔042-7238010

9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔7225085-7247350

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:021-2212011-2630411۔ فیکس:۔021-2210212

marfat.com



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَدْرِ التَّمَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الظَّلَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِفْتَاحِ دَارِالسَّلَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ جَمِیْعِ الْاَنَامِ

یَااِمَامَ الرُّسُلِ وَیَا سَنَدِیْ

اَنْتَ بَابُ اللّٰہِ وَمُعْتَمَدِیْ

فَبِدُنْیَایَ وَبِاٰخِرَتِیْ

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْبِیَدِیْ

marfat.com

فہرست احکام القرآن جلد ششم

نمبر شمار	باب نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
1		عرضِ حال	6
		سورۃ مریم	
2	273	دعا کے چند احکام	8
3	274	دینی امور کی اصلاح کے لئے حصولِ اولاد کی دعا کرنا جائز ہے، نیز دعا کے چند آداب	12
4	275	محراب میں نماز پڑھنا، گونگے کے اشارے کا حکم	23
5	276	چُپ کا روزہ، چُپ کے دیگر چند احکام، دسترخوان کی ترتیب	31
6	277	تحدیثِ نعمت	37
7	278	آیتِ سجدہ پڑھنے اور سننے والے دونوں پر سجدۂ تلاوت واجب ہے	47
8	279	نمازوں کا ضائع کرنا اور دیگر خواہشات کا انجام	52
		سورۃ طٰہٰ	
9	280	مقدس مقامات کی حرمت اور تعظیم	64
10	281	قضا نمازوں کے مسائل	75
11	282	سوال کے جواب کو کسی مصلحت کے تحت طول دینا جائز ہے	84
12	283	نمازِ پنجگانہ کی فرضیت اور ان کے اوقات	89
		سورۃ الانبیاء	
13	284	مویشیوں کے نقصان پر تاوان، اجتہاد	96

marfat.com

نمبر شمار	باب نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
		سورۃ الحج	
14	285	انسانی تخلیق کے قدرتی مراحل، مصنوعی عملِ تولید، کلوننگ، ٹیسٹ ٹیوب بے بی	107
15	286	مکہ مکرمہ کی زمین اور مکانات کی خرید وفروخت اور کرایہ لینا	131
16	287	بیت اللہ کی تعظیم اور تعمیرِ مساجد	140
17	288	پیدل ہو کر حج کرنا	146
18	289	حج میں تجارت کرنا اور قربانی (ہدی اور اضحیہ) کے چند احکام	152
19	290	مناسکِ حج میں ترتیب، نذر اور طوافِ زیارت	166
20	291	احکامِ شرع کی تعظیم، حلال اور حرام جانور، بت پرستی اور جھوٹی گواہی	197
21	292	شعائر اللہ کی تعظیم، قربانی کے بعض مسائل	208
22	293	قربانی اور اس کے بعض احکام	221
		سورۃ المؤمنون	
23	294	کامل ایمان والوں کے اوصاف	231
24	295	رزقِ حلال اور عملِ صالح	246
25	296	بعد نماز عشاء بیدار رہنا اور گفتگو کرنا	451
		سورۃ النور	
26	297	زنا، لواطت، ہم جنس پرستی، دیگر بدکاریاں اور ایڈز سے حفاظت کی تدبیر	258
27	298	زانی اور زانیہ سے نکاح کے احکام	280
28	299	قذف اور اس کی سزا	285
29	300	لعان	298
30	301	صبر کا اجر	316
31	302	حسنِ ظن واجب ہے	328
32	303	گھروں میں داخلہ کے آداب	332
33	304	ستر پوشی	351

marfat.com

﴿عرضِ حال﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْن سَرْمَدَالشَّاكِرِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ قَائِدِالْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ رَحْمَةٍ لِلْعَالَمِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ شَفِيْعِنَا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمَأْوٰنَا وَمَلْجَانَا سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَصْحَابِهِ الْمُكَرَّمِيْنَ وَعَلٰى مِلَّتِهِ الْكَامِلِيْنَ وَعَلٰى مَنْ وَّالَاهُ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ.

''احکام القرآن'' کی چھٹی جلد آپ کے پاس پہنچ رہی ہے۔ ۲۷ صفر المظفر ۱۴۲۶ھ/ ۷ اپریل ۲۰۰۵ء بروز جمعرات اس کی ترتیب وتالیف کا کام شروع ہوا۔ اور ۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ/ ۱۶ جون ۲۰۰۷ء بروز ہفتہ پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ تقریباً دو سال تین ماہ میں یہ جلد مکمل ہوئی۔ (۳۶۰) صفحات پر مشتمل یہ جلد شائع کی جارہی ہے۔

اس کی تالیف کے دوران مفسرِ قرآن حضرت العلام مفتی محمد جلال الدین قادری مدظلہ العالی اکثر سخت علیل رہے۔ کثرتِ امراض کے باوجود اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیقِ خاص اور آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی نظرِ رحمت سے احکام کی ترتیب، تسوید وتالیف کا کام کرتے رہے، ضعف ونقاہت کے باوجود خدمتِ دین کے جذبہ سے یہ کام جاری رہا البتہ کبھی ہفتوں وقفہ ہوا، کبھی مہینوں کام تعطل کا شکار رہا اور کبھی آہستہ رفتار سے کام ہوتا رہا۔ لیکن اب تقریباً تین چار ماہ سے سخت علالت کے باعث کام تعطل کا شکار ہے، جبکہ امراضِ کثیرہ دن بدن روبہ ترقی اور قوای روبہ زوال ہیں۔ مخلصین، متعلقین اور معزز کرم فرما قارئین کرام سے دعائے صحت کی خصوصی درخواست ہے۔

اس صورتِ حال کے پیشِ نظر دوست احباب کے پیہم اصرار اور بار بار کے تقاضا کے پیشِ نظر تفسیر کا جتنا کام ہو چکا ہے اسے جیسے ہے ویسے ہی شائع کیا جارہا ہے۔ دعا فرمائیں مولیٰ کریم اپنے حبیب مکرم ﷺ کے طفیل حضرت کو صحتِ کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ تاکہ آپ اپنی دیرینہ خواہش کے مطابق اس اہم اور بے مثل کام کی تکمیل کرسکیں۔

marfat.com

اس جلد میں مندرجہ ذیل چھ سورتوں کے احکام شامل ہیں:

﴿۱﴾ سورۃ مریم ﴿۲﴾ سورۃ طٰہٰ ﴿۳﴾ سورۃ الانبیاء ﴿۴﴾ سورۃ الحج

﴿۵﴾ سورۃ المؤمنون ﴿۶﴾ سورۃ النور

اس جلد میں احکام اور دیگر متعلقہ امور کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

نام سورۃ	آیات متعلقہ احکام	احکام مستخرجہ	آیاتِ مویدہ	احادیثِ مویدہ	حوالہ جات
سورۃ مریم	11	43	6	24	536
سورۃ طٰہٰ	5	27	10	14	278
سورۃ الانبیاء	2	12	x	3	125
سورۃ الحج	10	167	19	50	1355
سورۃ المؤمنون	13	31	4	11	308
سورۃ النور	15	169	16	50	973
کل میزان	56	449	55	152	3575

چوہدری زاہد حسین شاکر، چوہدری عامر حسین شاکر و دیگر برادران نے اس کی اشاعت میں خصوصی تعاون فرمایا۔ جزاک اللہ تعالیٰ فی الدارین۔ ہم ان کے بالخصوص اور باقی سب مخلصین اور کرم فرما حضرات کے بالعموم شکر گزار ہیں۔ مولیٰ کریم ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

محمد محمود احمد

ابن مفسرِ قرآن حضرت مفتی محمد جلال الدین قادری دامت برکاتہم العالیہ

محلہ لطیف شاہ غازی کھاریاں ضلع گجرات

marfat.com

باب (۲۷۳)

﴿دعا کے چند احکام﴾

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اِذۡنَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا ۝ (سورۃ مریم: آیت ۳)

جب اس نے اپنے رب کو آہستہ پکارا۔

حل لغات:

نَادٰی: اَلنِّدَآءُ اور النُّدَآءُ کا معنی ہے: آواز بلند کرنا، آواز کا ظاہر کرنا، مطلق آواز۔ (۱)

آیت زیب عنوان میں اس کا معنی ہے: دعا کرنا، رغبت کرنا۔ (۲)

خَفِیًّا: یہ کلمہ اضداد سے ہے، اس کا معنی ہے: پوشیدہ کرنا، ظاہر کرنا۔ (۳)

(۱) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۸۶

☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۴۵۰

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۳۹

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۲۰

☆ المنجد ازلوئیس معلوف الیسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۲۶۶

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۳۶۳

(۲) ☆ الجامع القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۳

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۱۸۸

☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۰۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص

(۳) ☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۱۶۱

marfat.com

آیتِ مبارکہ میں اس سے مراد پوشیدہ کرنا ہے۔یعنی حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے رب سے آہستہ سے دعا کی۔(۴)

پس منظر

بیت المقدس میں حضرت زکریا علیہ السلام حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی پرورش اور نگہداشت پر مقرر تھے۔ آپ نے دیکھا کہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے بند کمرے میں بے موسم کے پھل موجود ہیں۔آپ نے دریافت کیا کہ یہ کہاں سے آئے ہیں؟انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔حضرت زکریا علیہ السلام نے قدرتِ الٰہیہ کا مشاہدہ کیا اور دل میں خواہش پیدا کی کہ وہ قادر کریم اگر اس بڑھاپے میں مجھے بیٹا عطا کردے تو اس کی قدرت سے بعید نہیں،اس وقت حضرت زکریا علیہ السّلام کی عمر صحیح قول کے مطابق ایک سو بیس برس تھی،آپ نے وہیں محراب میں نماز ادا کرتے ہوئے دعا مانگی کہ اے اللہ !مجھے ایسا بیٹا عطا فرما جو میری نبوت کے فرائض اور علمی وراثت کا وارث ہو،کتاب اللہ پر خود عمل کرے،اس کی حفاظت کرے اور دوسروں کو کتاب اللہ پر عمل کی دعوت دے،لیکن آپ نے یہ دعا آہستہ سے کی تا کہ آپ کے چچازاد بڑھاپے

(بقیہ۳) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،،ص ۱۵۲

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۱،ص ۸۶

☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۳۳۸

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج ۱۰،ص ۱۱۶

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۷۳

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر،ج ۳،ص ۱۱۰

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج ۲۱،ص ۱۸۰

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ج ۳،ص ۱۸۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج ۳،ص ۲۲۸

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی،ج ۳،ص ۸

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی،ج ۲،ص ۱۹

(اس سورت کے احکام سے آخرقرآن مجید کے احکام تک تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی ۔مطبوعہ مطبعہ میمنہ،مصر کا حوالہ ہوگا۔)

marfat.com

میں بیٹا مانگنے پر طعنہ نہ دیں۔

سورہ مریم میں آیت نمبر۲ تا۱۱ اور سورہ آل عمران آیت نمبر ۳۸ تا ۴۱ میں یہ واقعہ موجود ہے۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ دعا اور ذکر میں آواز بلند کرنا یا آواز پست کرنا اللہ تعالیٰ جل وعلا کے ہاں یکساں ہے۔ وہ ہر خفی سے خفی آواز بھی سنتا ہے، بلکہ جو ارادہ اور خواہش دل میں پیدا ہوا سے بھی جانتا ہے، بلکہ جو ارادہ ابھی دل میں وارد نہیں ہوا اسے اس کا بھی علم ہے، وہ دور و نزدیک سے یکساں سنتا ہے، بلکہ کوئی شے اس سے دور نہیں، وہ شہ رگ سے بھی قریب ہے، وہ سمیع و بصیر ہے، وہ قریب و مجیب ہے۔ اس لئے بلند آواز یا پست آواز سے دعا کرنا برابر ہے۔ البتہ دعا مانگنے والے کے اعتبار سے آہستہ آواز سے دعا مانگنا زیادہ بہتر ہے اور اگر کوئی بلند آواز سے دعا مانگے تو بھی حرج نہیں۔ ہاں البتہ یہ سمجھنا کہ دور سے صرف اللہ تعالیٰ ہی سنتا ہے، جہالت وضلالت ہے کہ وہ ذات کریم دور سے ہی نہیں۔ (۵)

﴿۲﴾ ذکر الٰہی کے بعض کلمات کا بعض اوقات آہستہ پڑھنا مستحب بلکہ واجب ہوتا ہے اور بعض اوقات بلند آواز سے پڑھنا واجب ہوتا ہے: مثلاً نماز میں رکوع، سجدہ، تشہد وغیرہ کی تسبیحات اور اذکار کا آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ اسی طرح منفرد نمازی اپنی قرأت کو بھی مخفی کرے گا۔ آمین بالجہر بھی جائز نہیں۔ اذان، تلبیہ، تکبیر تشریق وغیرہ کے اذکار کا بلند کرنا واجب ہے۔ جہری نمازوں (مغرب، عشاء اور فجر) میں اِمام کا بلند آواز سے قرأت کرنا واجب ہے۔ وتروں میں دعا قنوت کا امام اور مقتدی پر آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ (۶)

﴿۳﴾ دعا کے وقت رب تعالیٰ کی ان صفات کا ذکر کرنا مستحب ہے جو دعا کے مناسب حال ہوں: مثلاً اگر کوئی دشمن

(۵) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۱، ص۱۸۰

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج۵، ص۲۰۷

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۲۲۹

marfat.com

پر غلبہ طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی صفات قادر، قہار وغیرہ کا ذکر کرے اور اگر کوئی بخشش چاہتا ہے تو اس کی صفات غفور، رحیم، ستار وغیرہ کا ذکر کرے اور اگر کوئی رزق مانگتا ہے تو اس کی صفات رزاق اور وہاب کا ذکر کرے۔ بہر حال دعا میں ان صفات کا ذکر زیادہ مناسب ہے جو بندے کے حال کے مطابق ہوں۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے رب سے بیٹا طلب کرتے وقت اس کی صفت ربوبیت کا ذکر فرمایا ہے۔

احادیثِ طیبہ میں حضور سید عالم ﷺ کی مختلف اوقات کی دعاؤں کے کلمات اسی لئے مختلف ہیں۔(۷)

﴿۴﴾ حضورِ قلب سے مانگی ہوئی دعا جابت کے قریب تر ہوتی ہے۔ غافل دل سے مانگی ہوئی دعا کا قبول ہونا بعید از قیاس ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ الْقَلْبَ التَّقِيَّ وَيَسْمَعُ الصَّوْتَ الْخَفِيَّ.(۸)

بے شک اللہ تعالیٰ پاکیزہ دل کو جانتا ہے اور آہستہ آواز بھی سنتا ہے۔

اس لئے جب بھی بندۂ مومن دعا کرے تو حضورِ دل سے دعا کرے۔(۹)

﴿۵﴾ اخفا سے مطلوب بالذات اخلاص اور عدمِ ریا ہے، ذکر کا بلند کرنا یا آہستہ کرنے میں اگر اخلاص حاصل ہو جائے تو دونوں طرح سے بہتر ہے۔(۱۰)

نوٹ: دعا اور ذکر کے تفصیلی احکام سورۃ الاعراف: آیت ۵۵ کے ضمن میں گزر چکے ہیں۔ وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

☆☆☆☆☆

(۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۴

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۶

(۷) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۶۱

(۸) ☆ رواہ ابن ابی حاتم/بحوالہ درمنثور، ج ۵، ص ۴۷۹

(۹) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۰

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۵۹

marfat.com

باب (۲۷۴)

﴿دینی امور کی اصلاح کے لئے حصولِ اولاد کی دعا کرنا جائز ہے، نیز دعا کے چند آداب﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَاِنِّىْ خِفْتُ الْمَوَالِىَ مِنْ وَّرَآءِىْ وَكَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا فَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِىْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

(سورۃ مریم: آیات ۵، ۶)

اور مجھے اپنے بعد اپنے قرابت داروں کا ڈر ہے اور میری عورت بانجھ ہے، تو مجھے اپنے پاس سے ایسا دے ڈال جو میرا کام اٹھائے، وہ میرا جانشین ہو اور اولادِ یعقوب کا وارث ہو، اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ کر۔

حل لغات:

خِفْتُ: خوف سے ماضی واحد متکلم کا صیغہ ہے، یعنی میں ڈرا، مگر ماضی یہاں مستقبل کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ مستقبل کے واقعات سے میں خوف کھاتا ہوں۔ یہ خوف ماضی کے شواہد کے پیشِ نظر تھا۔ بعض اوقات انسان کو ماضی یا حال میں ایسے واقعات پیش آتے ہیں جو مستقبل کا پیش خیمہ ہوتے ہیں، یہی حال یہاں حضرت زکریا علیہ السلام سے پیش آیا۔ (۱)

(۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۳

marfat.com

اَلْمَوَالِیَ: مَوْلٰی کی جمع ہے۔لفظ مولیٰ عربی میں متعدد بلکہ متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔قریبی، چچازاد بیٹا، بیٹا، عصبہ نسبی، ناصر، مددگار، مالک، مملوک، (غلام) صاحب، مُعْتِقُ (غلام آزاد کرنے والا) مُعْتَقُ (آزاد ہونے والا غلام)، پڑوسی، حلیف، چچا، ولی، رب، بھانجا، مِحب، تابع، داماد۔(۲)

آیت زیبِ عنوان میں مَوَالِیَ کا معنی ہے: چچازاد بیٹے، عصبہ نسبی۔(۳)

مِنْ وَّرَاءِیْ: میرے وصال کے بعد۔(۴)

آیت کے اس حصہ کا مفہوم یہ ہے کہ اے رب کریم! بنی اسرائیل میں جو میرے رشتہ دار، عصبات اور چچا کے بیٹے ہیں وہ قوم میں سب سے زیادہ شریر ہیں، میرے وصال کے بعد ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جو میرے علم، دین اور منصب کا اہل ہو۔ مجھے خوف ہے کہ میرے وصال کے بعد وہ دین کو خراب کر دیں گے، کتاب کو بدل کر دنیا کی حقیر دولت جمع کرنے پر لگ جائیں گے، میری عمر بھر کی محنت رائگاں جائے گی۔

---

(۲) ☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۴۹۶

☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (ت ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۳۳

☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی، ج ۲، ص ۱۵۷

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۲۱۴، ۳۱۸

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۹۸

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۳۹۸

(۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۳

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۱۷۳

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۰۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۱۴

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۰

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۳

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۰۷

marfat.com

عَاقِرٌ:عَقَرَتْ(ازباب نَصَرَ)عَقْراًعُقُراًعُقَارًا

عَقُرَتْ(ازباب کَرُمَ)عُقْراًعَقَارَۃًعِقَارَۃً کامعنی ہے:بانجھ ہونا،اس کی صفت عَاقِرٌ ہے۔

عَقَرَہٗ(ازباب ضَرَبَ)عَقْرًا کامعنی ہے:زخمی کرنا،ذبح کرنا،کونچیں کاٹ دینا،چلنے سے روک دینا،شکار کے پیچھے لگنا۔

عَقُرَ(ازباب کَرُمَ)عُقْراً کامعنی ہے،بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ(ازباب سَمِعَ)عَقَراً کامعنی ہے:دہشت زدہ ہونا،حیران ہونا،کانپنا۔

عَاقِرًا اگرعورت کی صفت ہوتو معنی ہے:بانجھ عورت،اوراگرمرد کی صفت ہوتو معنی ہے:بے اولاد(۵)

آیت کے اس حصہ کا مفہوم یہ ہے کہ اے رب کریم!میری اور میری بیوی کی عمر بڑھاپے کو پہنچ چکی ہے اوراس عمر میں عادۃً اولاد کا ہونا ممکن نہیں،لیکن اے کریم!اس حالت میں بھی تجھ سے ناامید نہیں ہوں،ماضی میں تیرے بے شمار اور لاتعداد احسانات مجھ پر ہو چکے ہیں،کبھی بھی میری دعا رد نہیں ہوئی اوراے کریم رب!اب بھی مجھے مایوس نہ فرما۔(۶)

فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا:تو مجھے اپنے پاس سے ایسا دے ڈال جو میرا کام اٹھائے۔

هَبْ، هِبَةٌ سے امر کا صیغہ ہے،ہبہ کا معنی ہے:نفع دینے والا عطیہ،اور جسے ہبہ کیا جائے اسے اس کا مالک بنا دیا جائے ،نیز ہبہ بلاعوض ہوتا ہے،گویا ہبہ کرنے والے کی طرف سے سراسر کرم ہوتا ہے، وہ اس کا عوض

(۵) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۸۲۴،۸۲۵

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(م ۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی، ،ص ۳۴۱

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م ۷۷۰ھ)، ج ۲،ص ۳۳

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۴۱۴

(۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱ ،ص ۷۶

☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱،ص ۱۸۲

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۲۲۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج ۵،ص ۲۱۴

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی،ص ۵۰۵

marfat.com

نہیں چاہتا۔(۷)

مِنْ لَّدُنْكَ :اپنے پاس سے،اپنی قدرتِ کاملہ سے عطا فرما،میرا کوئی استحقاق نہیں،میری اور میری بیوی کی عمر بھی اولاد جننے کی،عادی طور پر قابل نہیں۔اس حال میں جو عطا فرمائے گا وہ محض تیرا فضل وکرم ہوگا،اس میں کسی کوشش کو کوئی دخل نہیں۔(۸)

وَلِيًّا:وَلِیٌّ کے متعدد معانی ہیں:بیٹا،صاحب،قریبی،محافظ،رب تعالیٰ،مولیٰ،الٰہ،موالی،عصبات،دینی بھائی، نگران،غلام آزاد کرنے والا،مناصحت (گہرا دوست) وغیرہ۔(۹)

نوٹ: ولی کا معنی گزشتہ صفحات میں تفصیل کے ساتھ متعدد مرتبہ گزر چکا ہے۔

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ اے رب! میرا بڑھاپا آن پہنچا ہے،میرے وارثوں میں کوئی بھی ایسا نہیں جو میرے علم،کتاب ونبوت کا وارث بن سکے،میرے سب نسبی وعصبی رشتہ دار شریر ہیں،وہ میری علمی ودینی وراثت کے اہل نہیں،اگر یہی صورتِ حال باقی رہی تو دین میں بگاڑ پیدا کریں گے،کتاب کو مالداروں اور دنیاداروں کے حسبِ منشا تبدیل کردیں گے۔اسلئے اے میرے ربِّ کریم!تو مجھے ایسا بیٹا دے جو میری علمی

---

(۷) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(ت۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،ص۵۳۳

☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم)للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی،مطبوعہ بیروت ،ص۴۹۹

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ)،ج۲،ص۱۳۷

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ،ص۱۹۰

☆ المنجد ازلوئیس معلوف الیسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ج۱۳۹۹

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج۱،ص۵۰۸

(۸) ☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور ج۵،ص۲۰۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۵،ص۳۱۴

(۹) ☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم)للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی،مطبوعہ بیروت ،ص۳۹۶

☆ المنجد ازلوئیس معلوف الیسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۱۳۹۸

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(ت۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی، ،ص۵۳۳

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ،ص۳۱۸

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ)،ج۲،ص۱۵۷

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج۱۰،ص۳۹۸

marfat.com

وراثت کا مستحق ہو، میرے جاری کردہ کام کو جاری رکھ سکے، تیرا دین اور کتاب محفوظ رہ سکے۔(۱۰)

یَرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ: وہ میرا جانشین ہو اور اولادِ یعقوب کا وارث ہو۔

اس وراثت سے مراد علمی و دینی وراثت ہے، نہ کہ مال کی۔ اس کی کئی وجہیں ہیں:

اوّلاً: نبی جو مال چھوڑتا ہے وہ امت پر صدقہ ہوتا ہے، نبی کی آل کا ورثہ نہیں ہوتا۔

ثانیاً: حضرت زکریا علیہ السلام کا بیٹا تمام اولادِ یعقوب کے مال کا اکیلا کس طرح وارث ہوسکتا ہے، دوسری اولاد کو محروم کرنا شانِ نبوت کے خلاف ہے۔

ثالثاً: انبیائے کرام اور خصوصاً سید المرسلین نبی الانبیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کی خصوصیت ہے کہ ان کا ترکہ صدقہ ہے، جیسے ان کی خصوصیت ہے کہ وہ جتنی بیویوں سے چاہیں نکاح کریں، حالانکہ دوسرے مومنوں کیلئے شرطِ انصاف کے ساتھ چار عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے۔(۱۱)

(۱۰) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۱۵
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۰۸
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۵
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۰
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۱۹
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۷
☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران. ج ۵، ص ۴۸۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۹
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۱۹

marfat.com

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا: اوراے میرے رب! اسے پسندیدہ کر۔

رَضِيًّا: بمعنی مَرْضِیًّا ہے: یعنی اس کے اخلاق اور افعال سب تجھے پسندیدہ ہوں، یا بمعنی رَاضِیًّا ہے، یعنی وہ تیری قدرت اور قضا پر راضی رہے۔(۱۲)

پس منظر:

حضرت زکریا علیہ السلام کے ہاں ایک سو بیس برس تک کوئی اولاد نہ ہوئی، بڑھاپے میں عمر کا خاتمہ قریب دیکھا اور یہ بھی دیکھا کہ میرے چچازاد بیٹے سب شریر ہیں، آپ کو خوف لاحق ہوا کہ میرے وصال کے بعد میرے یہ شریر رشتہ دار دین میں بگاڑ پیدا کر دیں گے، کتاب اللہ میں تحریف کر دیں گے، میری اور آلِ یعقوب کی علمی وراثت ضائع ہو جائے گی، تب بڑھاپے میں رب تعالیٰ سے ایک بیٹے کی دعا مانگی جو آپ کا صحیح جانشین ہو، آلِ یعقوب کا علمی ورثہ سنبھال سکے اور وہ رب تعالیٰ کا پسندیدہ ہو، اس کے اخلاق اور اعمال رب تعالیٰ کو پسندیدہ ہوں اور وہ رب تعالیٰ کی قدرت اور قضا پر راضی رہے۔ آیت زیب عنوان میں یہی مضمون بیان ہوا ہے۔(۱۳)

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۷۹
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۱۱۱
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۵، ص ۲۱۰
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۱۹
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۴
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۵، ص ۳۱۵
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷، ص ۳۰۱
(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۲۱۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۱۲۵۰
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۷۵
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۲
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۱۱۱
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۱۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۲۱
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۵، ص ۲۰۸
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷، ص ۳۰۰

marfat.com

2B

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ جوانی یا بڑھاپے میں اولاد کی اس لئے دعا مانگنا کہ وہ والدین کی خدمت کرے، دینِ قویم کی خدمت بجا لائے، جائز ہے۔ ایسی اولاد دین وآخرت میں نافع ہوتی ہے۔ البتہ اولاد کی دعا صرف اس لئے مانگنا کہ وہ اس کے مال کی وارث ہو تو یہ دعا بعض اوقات غیر نافع بلکہ بعض اوقات نقصان دہ ہوتی ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے وصال کے بعد دین کی استقامت اور علمی ورثہ کو محفوظ رکھنے کے لئے بیٹے کی دعا کی، جو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی اور انہیں حضرت یحییٰ علیہ السلام جیسا صالح نبی عطا فرمایا۔ سید عالم ﷺ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو کثرتِ اولاد اور کثرتِ مال کی دعا دی، نیز یہ بھی دعا دی کہ اللہ تعالیٰ اسے جو عطا فرمائے اس میں برکت دے۔

اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالَہٗ وَوَلَدَہٗ وَبَارِکْ لَہٗ فِیْمَا اَعْطَیْتَہٗ.(۱۴)

اے اللہ! اس کے مال میں، اولاد میں اور جو شے اسے عطا کرے، برکت دے۔(۱۵)

﴿۲﴾ ایسی دعا جس میں دین، علم، عمل، صلاح، تقوی، عدل اور انصاف کی بہتری ہو، مانگنا جائز بلکہ سنتِ انبیائے کرام علیہم السلام ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے دین اور علم کی صلاح وفلاح کی بہتری کے لئے بیٹے کے حصول کی دعا کی، جسے ربِّ کریم نے منظور فرمالیا۔(۱۶)

---

(۱۴) ☆ رواہ مسلم عن ام سلیم، ج۲، ص۲۹۸
☆ رواہ ابن ماجہ فی کتاب الزھد
☆ رواہ احمد، ج۵، ص۷۷
☆ رواہ احمد، ج۶، ص۴۲۰

(۱۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۲۵۱
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص۷۷
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۱۷۳

(۱۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۱۷
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۲، ص۱۲۵۰
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص۷۵

marfat.com

﴿۳﴾ کسی میں جو برائی یا عیب ہو اس کا اللہ تعالیٰ سے ذکر کرنا یا لوگوں سے اس لئے اس کا ذکر کرنا کہ وہ اس کے عیب یا برائی سے بچ جائیں، جائز ہے، یہ غیبت نہیں۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے چچازاد بیٹوں کی شرارتوں کا ذکر اللہ تعالیٰ سے کیا، اللہ تعالیٰ نے اس سے منع نہیں فرمایا۔ (۱۷)

﴿۴﴾ دعا میں وسیلہ پیش کرنا اجابت (قبولیت) کو قریب تر کر دیتا ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے بیٹے کی دعا مانگنے سے پہلے رب تعالیٰ سے عرض کیا کہ اے رب! آج تک میری تمام دعائیں تو نے اپنے فضل سے قبول کی ہیں، بیٹے کی دعا میں یہ وسیلہ تھا، رب تعالیٰ نے دعا قبول فرمالی۔ کہا جاتا ہے کہ ایک آدمی حاتم طائی کے پاس سوال لے کر آیا، حاتم نے پوچھا تو کون ہے؟ اس نے کہا، میں وہی ہوں جس کا سوال آپ نے پچھلے سال پورا فرمایا تھا، اس کا اتنا کہنا حاتم کے سامنے وسیلہ بن گیا اور اس نے درخواست قبول کر لی۔ حضور سید عالم ﷺ دعا میں وسیلہ پکڑتے تھے، آپ کا ارشاد ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ السَّائِلِیْنَ عَلَیْکَ، الحدیث. (۱۸)

(بقیہ ۱۶) ☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۰۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۱۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۲۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۰

(۱۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۰

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج [illegible] ص ۲۱۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۰

(۱۸) ☆ رواہ احمد عن ابی سعید الخدری، ج ۳، ص ۲۱

☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی سعید الخدری، ص ۵۷

marfat.com

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرنے والوں کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اپنی دعاؤں میں نبی اکرم ﷺ اور آپ کے قریبیوں کا وسیلہ لیتے تھے۔ حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَ اِذَا قُحِطُوْا اِسْتَسْقٰی بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلَبِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ: اَللّٰھُمَّ اِنَّا کُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ نَبِیَّنَا ﷺ فَتَسْقِیْنَاوَاِنَّانَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِعَمِّ نَبِیِّنَا فَاَسْقِنَا فَیُسْقَوْنَ.(۱۹)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب قحط پڑتا تو لوگ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے توسل سے بارش طلب کرتے تھے۔ لوگ کہتے: اے اللہ! ہم تیرے محبوب نبی ﷺ کے توسل سے بارش طلب کرتے ہیں، تو لوگوں کو بارش عطا ہو جاتی اور اے اللہ ہم تیرے محبوب نبی ﷺ کے محبوب چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے بارش طلب کرتے ہیں، اس پر بھی لوگوں کو بارش عطا ہو جاتی۔

لہٰذا بندۂ مومن اپنی دعا میں مقربانِ بارگاہِ رب العزت کا وسیلہ پکڑے تو یہ جائز ہے، بلکہ اس کی دعا میں قبولیت قریب تر ہو جاتی ہے۔(۲۰)

﴿۵﴾ دعا رب تعالیٰ کے ہاں عاجزی وانکساری کا نام ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنے بڑھاپے اور بیوی کے

---

(۱۹) ☆ راوہ البخاری عن انس بن مالک، ج ۱، ص ۳۷، ۵۲۶

(۲۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۲

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۰۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۷۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۶

☆ الدرالمنثور ازحافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۵، ص ۴۸۰

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۱۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۰

marfat.com

بانجھ ہونے کی عاجزی دعا میں پیش کی۔اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمالی۔بندۂ مومن بھی اگر دعا میں اپنی انکساری، عجز، ذلت وشکست پیش کرے تو اس کی دعا جلد قبول ہوگی۔

؎ چار چیز آوردہ آم شاہا کہ در گنج تو نیست
نیستی و حاجت و عجز و نیاز آوردہ ام (۲۱)

﴿۶﴾ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام جو مال ورثہ میں چھوڑتے ہیں وہ امت پر صدقہ ہے۔ان کا ورثہ نبوت، علم، دین ہوتا ہے۔حضرت زکریا علیہ السلام نے جس بیٹے کی دعا مانگی تھی وہ نبوت، علم اور دین کی حفاظت کے ورثہ کی تھی۔حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام اپنے باپ اور بنی اسرائیل کے وارث بنے۔اگر مال کا ورثہ مراد ہوتا تو بنی اسرائیل میں اور افراد بھی تھے، وہ وارث نہ بنے۔

اس سلسلہ میں بکثرت احادیثِ صحیحہ وارد ہیں۔ارشادِ نبوی ہے:

لَانُوْرَثُ مَاتَرَکْنَاصَدَقَةٌ.(۲۲)

ہم ورثہ نہیں چھوڑتے ہم جو چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہے۔

علمائے امت انبیاء کے ترکہ کے وارث نہیں بلکہ وہ ان کے علم وحکمت کے وارث ہوتے ہیں۔اس لئے حدیث میں ارشاد ہوا:

اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَآءِ تُحِبُّهُمْ اَهْلُ السَّمَآءِ وَتَسْتَغْفِرُلَهُمُ الْحِيْتَانُ فِى الْبَحْرِ اِذَا مَاتُوْا اِلٰى

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۷۶
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱،ص ۱۸۳
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۱۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۲۲۹
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ ،ج ۵،ص ۲۱۴
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی ،ج ۵،ص ۵
(۲۲) ☆ رواہ ابوداؤدعن مالک بن انس بن الحدثان، ج ۲،ص ۵۶
☆ رواہ الترمذی عن مالک بن انس بن الحدثان، ج ۲،ص ۲۳۰
☆ رواہ البخاری عن مالک بن انس بن الحدثان، ج ۲،ص ۵۷۵
☆ رواہ احمد، ج ۱،ص ۳،۶،۹،۱۰،۲۰،۴۷،۴۸
☆ رواہ مالک فی الکلام.

marfat.com

يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (۲۳)

علمائے دین انبیاء کے وارث ہیں، ان سے آسمان والے محبت کرتے ہیں اور جب تک زندہ رہیں سمندر کی مچھلیاں ان کی مغفرت طلب کرتی رہتی ہیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی اولاد میں سے صرف حضرت سلیمان علیہ السلام دین وحکمت کے وارث بنے۔ باقی بیٹے اس وراثت سے محروم رہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوٗدَ .الاية (سورۃ النمل: آیت ۱۵)

اور سلیمان داؤد کا جانشین ہوا۔

یہ جانشینی اور وراثت علم وکمال کی تھی، ورنہ حضرت داؤد علیہ السلام کی دیگر اولاد بھی تھی۔

میراثِ انبیاء کی حدیث حضرت عمر، عثمان، عبدالرحمٰن بن زبیر، سعد، زبیر بن العوام اور حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

اس لئے خاتونِ جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا باغِ فدک کا مطالبہ کرنا اس حدیث سے ناواقفی کی بنا پر تھا، جب انہیں یہ حدیث پہنچی تو وہ خاموشی سے دستبردار ہوگئیں۔ دیگر انبیاء اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خاصہ یہ ہے کہ وہ مال کا ترکہ وراثت میں نہیں چھوڑتے۔ یہ امر اُن کے خصائص سے ہے۔ باغِ فدک امت پر صدقہ تھا، اسی پر اجماع امت وارد ہے۔ (۲۴)

☆☆☆☆☆

(۲۳) ☆ رواہ ابن النجار عن انس /بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۱۱۵

(۲۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۷۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۸۴

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۷

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۰۰

marfat.com

باب (۲۷۵)

﴿محراب میں نماز پڑھنا۔ گونگے کے اشارے کا حکم﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ○ (سورۃ مریم: آیت ۱۱)

تو اپنی قوم پر مسجد سے باہر آیا، تو انہیں اشارہ سے کہا کہ صبح وشام تسبیح کرتے رہو۔

حل لغات:

مِنَ الْمِحْرَابِ: محراب کے متعدد معانی ہیں:

بالا خانہ، بلند جگہ، گھر کا ابتدائی حصہ، گھر کا عمدہ حصہ، گھر کا بلند حصہ، مسجد میں بلند جگہ، بزرگی والی جگہ، مجلس میں بزرگ جگہ، مسجد میں امام کا مقام، مسجد کے محراب کو محراب کہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ اس مقام پر امام دوسروں سے دور اور اکیلا ہوتا ہے۔

جب دو آدمیوں کے درمیان دوری ہو تو عربی محاورہ ہے:

فُلَانٌ حَرَبٌ لِفُلَانٍ (فلاں فلاں سے دور ہے اور ان میں بغض ہے)

مسجد کے محراب کو محراب کہنے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ کلمہ مُحَارَبَةٌ سے بنا ہے (بمعنی جنگ) اس جگہ کھڑا ہونے والا شیطان کے خلاف جنگ کرتا ہے، نیز اپنے دل کی یکسوئی کے ذریعے اپنے نفس کے خلاف جنگ کرتا ہے۔

مسجد کے محراب کو محراب کہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ اس جگہ پر امام غلطی اور لغزش سے امن میں ہوتا ہے۔ شیر کی

marfat.com

کچھار کو محراب کہتے ہیں۔اور وہاں (کچھار میں) داخل ہونے والا محفوظ نہیں رہتا۔محراب کو محراب بھی اسی لئے کہتے ہیں کہ اس میں داخل ہونے والا امام غلطی سے محفوظ نہیں رہتا۔

محراب کا اطلاق اس جگہ پر ہوتا ہے جو بادشاہ یا امیر یا حاکم کے لوگوں سے الگ بیٹھنے کی جگہ بنی ہوئی ہوتی ہے (آرام کرنے کی جگہ)۔(۱)

آیت زیرِ عنوان میں محراب سے مراد مسجد (عبادت گاہ) ہے۔(۲)

فَاَوْحٰی اِلَیْهِمْ: تو انہیں اشارہ سے کہا۔

وَحْیٌ: متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے:

اشارہ، اشارۂ سریعہ (تیز اشارہ)، کتابت، مکتوب، کتاب، رسالت (پیغام بھیجنا)، الہام، خفی کلام جو دوسروں تک پہنچائے، خفی طور پر دل میں کسی معنی کا ڈالنا، آواز، کسی طرف بھیجنا، اللہ تعالیٰ کا اپنے انبیاء کی طرف پیغام بھیجنا، بعض کا بعض سے خفیہ کلام کرنا۔

وحی کی چند اقسام ہیں: قرآن مجید نے اس کی صراحت کردی ہے۔ارشادِ ربانی ہے:

(۱)
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر ،ج ۱،ص ۲۰۶،۲۰۷
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۲۳۸
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،،ص ۱۱۲
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)،ج ۱،ص ۶۳
☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم)للمفسرالحسین بن محمدالدامغانی،مطبوعہ بیروت ،ص ۱۲۲

(۲)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان،ج ۳،ص ۲۷۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۸۱
☆ تفسیرالوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی ،ج ۲،ص ۱۰
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج ۲۱،ص ۱۹۰
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ،ج ۳،ص ۲۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج ۳،ص ۲۳۰
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج ۵،ص ۱۷۶
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج ۵،ص ۳۱۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج ۱۶،ص ۱۷
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی ،ج ۵،ص ۸
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج ۷،ص ۳۰۵

marfat.com

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْمِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَايَشَآءُ ط اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ○ (سورۃالشوریٰ: آیت ۵۱)

اور کسی آدمی کو نہیں پہنچتا کہ اللہ اس سے کلام فرمائے مگر وحی کے طور پر یا یوں کہ وہ بشر پردۂ عظمت کے ادھر ہو یا کوئی فرشتہ بھیجے کہ وہ اس کے حکم سے وحی کرے جو وہ چاہے۔ بیشک وہ بلندی وحکمت والا ہے۔

یعنی الہام، رویاء (خواب)، کتاب اتار کر، قرآن اتار کر جسے جبرئیل آ کر پڑھ کر سنا دے، ان سب کا مرجع اعلام (بتا دینا) ہے۔

اشارۂ سریعہ، رمزیا تعریض کے طور پر کلام کرنا، کبھی صرف آواز ہوتی ہے اس میں حروف کی ترکیب نہیں ہوتی، یا بعض اعضا سے اشارہ کرنا (مثلاً ہاتھ، انگلی، آنکھ، ہونٹ وغیرہ)

کلمہ الٰہیہ جو انبیاء واولیاء کی طرف القا کیا جاتا ہے، یہ قسمِ وحی چند وجہ پر ہوتی ہے:

(۱) پیغام لانے والے کا مشاہدہ مخصوص صورت میں کرنا۔

(۲) بغیر مشاہدہ کسی صورت کے صرف کلام سننا

(۳) جی میں ڈال دینا

(۴) الہام

(۵) تسخیر

(۶) خواب (۳)

آیت زیب عنوان میں فَاَوْحٰی سے مراد "اشارہ کیا" ہے۔ (۴)

(۳) ☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۳۸۴

☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی،، ص ۵۱۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۴۶

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۵۲

(۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ گونگے کا اشارہ بمنزلہ کلام کے ہے۔حضرت زکریا علیہ السلام نے محراب سے باہر قوم کو نماز اور عبادت کا حکم اشارہ سے دیا۔آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ صبح وشام قوم کو نماز اور عبادت کا حکم دیتے تھے،مگر جن دنوں آپ روزہ سے تھے اور کلام نہ کر سکتے تھے ان دنوں آپ نے یہ فریضہ کلام کی بجائے اشارہ سے کیا۔احادیثِ طیبہ میں اس کے شواہد موجود ہیں۔''سوداء اعجمیہ''(سیاہ رنگ کی گونگی لونڈی کا اشارہ سے اسلام کا اظہار) آپ نے قبول فرمایا۔حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ بِجَارِیَةٍ سَوْدَآءَ اَعْجَمِیَّةٍ فَقَالَ:یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَلَیَّ عِتْقُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ،فَقَالَ لَهَارَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَیْنَ اللّٰهُ؟فَاَشَارَتْ اِلَی السَّمَآءِ بِاِصْبَعِهَاالسَّبَابَةَ ،فَقَالَ لَهَا:مَنْ اَنَا؟ فَاَشَارَتْ بِاِصْبَعِهَا اِلَی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاِلَی السَّمَاءِ وَالَی السَّمآءِ، اَیْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ:اَعْتِقْهَا.(۵)

(بقیہ۴)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللّٰہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۱۱،ص۸۲
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر،ج۳،ص۱۱۳
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی،ج۲،ص۱۰
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۲۱،ص۱۹۰
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی،ج۳،ص۹
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ص۱۹۰
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ،ج۳،ص۲۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج۳،ص۲۳۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور،ج۳،ص۲۳۰
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص۱۷۶
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۵،ص۳۱۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۶،ص۱۷

(۵)
☆ رواہ احمد(واللفظ لہ)،ج۲،ص۲۹۱
☆ رواہ مسلم عن معٰویہ،ج۱،ص۲۰۳
☆ رواہ البیھقی عن عمربن الحکم ،ج۷،ص۶۳۶(۱۵۲۶۶)
☆ رواہ النسائی عن معٰویۃ بن الحکم،ج۱،ص۱۷۹
☆ رواہ البخاری ومسلم ومالک

marfat.com

ایک صحابی حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں ایک سیاہ رنگ کی گونگی لونڈی لے کر حاضر ہوا، اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر (کسی کفارہ کے طور پر) ایک مسلمان غلام آزاد کرنا لازم ہے (اور یہ لونڈی گونگی ہے، زبان سے کچھ اظہار نہیں کرسکتی) آپ نے اس لونڈی سے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ تو اس نے اپنے ہاتھ کی شہادت انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ پھر آپ نے اس سے فرمایا: میں کون ہوں؟ اس نے ہاتھ کی انگلی سے آپ کی طرف اور آسمان کی طرف اشارہ کیا: یعنی آپ اللہ کے رسول ہیں، (گویا اس نے شہادتین کی گواہی دی) آپ نے اس صحابی سے فرمایا: اسے (اپنے کفارہ میں) آزاد کردو۔

اس لونڈی نے اشارہ سے اسلام قبول کرنے کا اظہار کیا، جو اصل دین ہے، اس سے جان اور مال محفوظ ہو جاتا ہے، انسان جنت کا مستحق ہو جاتا ہے، دوزخ کی آگ سے نجات پا جاتا ہے۔ اس کے اسلام کا اسی طرح حکم دیا گیا جس طرح کلمہ اسلام بول کر اسلام قبول کرنے والے کا حکم ہے۔ گونگا اور وہ جس کو بیماری یا آفت سے زبان میں خلل آگیا ہو اس کا اشارہ بمنزلہ کلام کے ہے۔ اگر اس کے اشارہ کا مفہوم واضح ہو: مثلاً طلاق، نکاح، رجعت، ہبہ وغیرہ، البتہ اگر اشارہ سے مفہوم واضح نہ ہو تو اس پر حکم نافذ نہیں ہوگا۔ یہ مسئلہ قیاس سے ثابت نہیں بلکہ اس کا ثبوت استحسان سے ہے۔ (۶)

﴿۲﴾ گونگے کا اشارہ (خواہ ہاتھ سے ہو یا انگلی سے یا ہونٹ سے یا آنکھ سے) بمنزلہ کلام کے ہے، یہ عادتِ معروفہ ہے، بخلاف تندرست کے کہ ان کا اشارہ عادۃً بمنزلہ کلام کے نہیں سمجھا جاتا۔ (۷)

﴿۳﴾ اگر گونگے نے اپنے ہاتھ سے اپنی بیوی کی طلاق لکھی تو اس کی بیوی کو طلاق ہو جائے گی، بخلاف ناطق (تندرست بولنے والا) کے، کہ اس نے صرف اپنے ہاتھ سے طلاق لکھی تو طلاق نہ ہوگی، تندرست کے لئے طلاق (یا جو لفظ اس کے قائم مقام ہے) کا تلفظ لازمی ہے، ہاں اگر لکھ کر پڑھ دے تو طلاق ہو جائے گی۔

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۸۲

(۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷

marfat.com

نکاح، طلاق، عِتاق، رجعت وغیرہ میں ناطق کے لئے کلام کرنا شرط ہے۔(۸)

﴿۴﴾ حضرت زکریا علیہ السلام کی عادت مبارکہ تھی کہ آپ صبح وشام قوم کے پاس آ کر انہیں نماز کی تاکید فرماتے تھے، جن دنوں آپ کلام نہ کررہے تھے ان دنوں بھی آپ قوم کے پاس آتے اور نماز پڑھنے کا حکم اشارہ سے فرماتے تھے، مبلغ کے لئے ایسا ہی کرنا ضروری ہے کہ وہ تکرار کے ساتھ احکامِ الٰہیہ کو بیان کرتا رہے۔(۹)

﴿۵﴾ مسجدوں کے موجودہ متعارف محراب حضور پُرنور شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں نہ تھے، یہ بعد میں ایجاد ہوئے، اس زمانہ میں محراب شعارِ مسجد سے ہیں، گویا یہ بدعتِ حسنہ امت میں مقبول اور لازمی تصور ہوتی ہے، اسی طرح مسجد کا مینار، جمعِ قرآن مجید (موجودہ صورت میں)، جمعِ کتبِ احادیث، بنائے مدارس، ان میں متعدد علوم کی تدریس، قرآن مجید پر اعراب وغیرہ کثیر امور جو اسلام میں رائج، مقبول اور متعارف ہیں جو عہدِ نبوی علی صاحبہا علیہ الصلوٰۃ والسلام میں نہ تھے، یہ امور بدعتِ حسنہ ہیں، اور بدعتِ حسنہ اسلام کے احکام میں شمار ہوتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے:

مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُمَنْ عَمِلَ بِهَامِنْ غَيْرِاَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئاً وَمَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ وِزْرُهَاوَوِزْرُمَنْ عَمِلَ بِهَامِنْ غَيْرِاَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اَوْزَارِهَاشَيْئاً. الحدیث.(۱۰)

جس نے اسلام میں اچھا طریقہ ایجاد کیا تو اسے اس کا اجر ملے گا اور اس کا اجر بھی (ملے گا) جو اس

---

(۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۸۳

(۹) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۱۹۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۱۹۱

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ۵، ص ۲۱۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۷۱

(۱۰) ☆ رواہ النسائی عن جریر، ج ۱، ص ۳۵۵

☆ رواہ مسلم عن جریر، ج ۱، ص ۳۲۷

☆ رواہ احمد، ج ۴، ص ۲۵۷، ۲۵۹، ۲۶۰، ۲۶۱

marfat.com

طریقہ پرعمل کرے گا۔بغیراس کے کہ ان کے اجروں سے کچھ کم ہواور جس نے اسلام میں برا طریقہ ایجاد کیا تو اس کا گناہ اس پر ہوگا اور اس کا گناہ بھی (اسے ملے گا) جو اس برے طریقہ پرعمل کرے گا، بغیراس کے کہ ان کے گناہوں سے کچھ کم ہو۔

لہٰذا وہ عمدہ امور جن کا رواج عہدِ نبوی یا عہدِ صحابہ وتابعین میں نہ تھا مگر اب امت ان پرعمل کرتی ہے انہیں نا جائز یا حرام کہنا مقاصدِ شرع سے جہالت یا عناد ہے۔

امام المحدثین علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے مسجد کے موجودہ متعارف محراب کے بدعت حسنہ ہونے پر ایک عمدہ رسالہ لکھا ہے:

"اعلام الاریب بحدوث بدعة المحاریب"(۱۱)

﴿۶﴾ امام اور مقتدی کا ایک مکان میں برابر سطح میں ہونا اقتداء کے لئے لازم ہے۔اگر امام بلند مقام پر یا محراب کے اندر کھڑا ہو تو اس کی اقتدا جائز نہیں۔البتہ اگر امام محراب کے باہر کھڑا ہو یا بالشت سے کم بلندی پر ہو تو ان صورتوں میں اقتدا جائز ہے۔حدیث مرفوع میں ہے:

عَنْ هَمَّامٍ اَنَّ حُذَيْفَةَ اَمَّ النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ عَلٰى دُكَّانٍ فَاَخَذَاَبُوْسَعِيْدٍ بِقَمِيْصِهٖ فَجَبَذَهٗ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ قَالَ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّهُمْ كَانُوْيَنْهَوْنَ عَنْ ذَالِكَ،قَالَ بَلٰى، قَدْذَكَرْتُ حِيْنَ مَدَدْتَّنِىْ .(۱۲)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مدائن میں ایک بلند مقام پر کھڑے ہو کر لوگوں کو امامت کرائی، حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے ان کی قمیض پکڑ کر انہیں (نیچے) کھینچا، جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ صحابہ کرام ایسا کرنے سے منع فرمایا کرتے ہیں، (یا ایسا کرنے سے منع فرما دیا گیا ہے) انہوں نے فرمایا: ہاں، یہ مجھے اسی وقت یاد آ گیا تھا جب آپ نے

(۱۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۷۱

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۶

(۱۲) ☆ رواہ ابوداؤد عن ہمام، ج ۱، ص ۹۵

marfat.com

مجھے کھینچا تھا۔ایک اور حدیث میں ہے:

عَنْ عَدَیِّ بْنِ ثَابِتٍ الْاِنْصَارِیِّ حَدَّثَنِیْ رَجُلٌ اَنَّهٗ كَانَ مَعَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ بِالْمَدَائِنِ فَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَتَقَدَّمَ عَمَّارٌ وَقَامَ عَلٰى دُكَّانٍ يُصَلِّیْ وَالنَّاسُ اَسْفَلَ مِنْهُ فَتَقَدَّمَ حُذَيْفَةُ فَاَخَذَ عَلٰى يَدَيْهِ فَاتَّبَعَهٗ عَمَّارٌ حَتّٰى اَنْزَلَهٗ حُذَيْفَةُ فَلَمَّافَرَغَ عَمَّارٌ مِنْ صَلَاتِهٖ قَالَ لَهٗ حُذَيْفَةُ: اَلَمْ تَسْمَعْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: اِذَا اَمَّ الرَّجُلُ الْقَوْمَ فَلَا يَقُمْ فِیْ مَكَانٍ اَرْفَعَ مِنْ مَّكَانِهِمْ اَوْنَحْوُ ذٰلِكَ، فَقَالَ عَمَّارٌ: لِذٰلِكَ اِتَّبَعْتُكَ حِيْنَ اَخَذْتَ عَلٰى يَدَیَّ. (۱۳)

حضرت عدی بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے ایک شخص نے حدیث بیان کی کہ وہ عمار بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مدائن میں تھا (نماز کے وقت پر) جماعت کھڑی ہوئی، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور اونچی جگہ پر کھڑے ہو کر نماز پڑھانے لگے، دیگر مقتدی نچلے مقام پر تھے، حضرت خذیفہ رضی اللہ عنہ آگے بڑھے، انہوں نے حضرت عمار کا ہاتھ پکڑا، حضرت خذیفہ رضی اللہ عنہ نے عمار کو نیچے اتار لیا، جب نماز سے فارغ ہوئے تو ان سے حضرت خذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے نہیں سنا کہ جب کوئی کسی قوم کی امامت کرے تو مقتدیوں سے بلند جگہ پر کھڑا نہ ہو، حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسی لئے تو میں نیچے اترا جب آپ نے میرا ہاتھ پکڑا تھا۔ (۱۴)

☆☆☆☆☆

(۱۳) ☆ رواہ ابو داؤد عن عدی بن ثابت، ج ۱، ص ۱۵

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۸۱

marfat.com

باب(۲۷۶)

﴿چُپ کا روزہ، چُپ کے دیگر چند احکام، دسترخوان کی ترتیب﴾

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

فَكُلِیْ وَاشْرَبِیْ وَقَرِّیْ عَیْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا فَقُوْلِیْٓ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْیَوْمَ اِنْسِیًّا ۝ (سورۃ مریم: آیت ۲۶)

تو کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی رکھ، پھر اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہہ دینا میں نے آج رحمٰن کا روزہ مانا ہے تو آج ہرگز کسی آدمی سے بات نہ کروں گی۔

حل لغات:

وَقَرِّیْ: قَرَّتْ (از باب ضَرَبَ) یَقِرُّ اور (از باب سَمِعَ) یَقَرُّ قَرَّةً وَقُرَّةً وَقُرُوْرَةً کا معنی ہے: کسی کی آنکھ ٹھنڈی ہونا، مطلوبہ چیز کا حاصل ہونا۔ اس سے واحد مونث امر کا صیغہ ہے، قَرِّیْ یعنی آنکھ ٹھنڈی رکھ۔ (۱)

آیت زیب عنوان کا مفہوم یہ ہے کہ اے مریم! کھجور کا تازہ پھل کھا، نہر کا شفاف پانی پی اور اپنے حسین بیٹے کو دیکھ کر اپنی آنکھ ٹھنڈی رکھ، ہر قسم کے خوف سے آزاد ہو جا، تو ہماری مقرب بندی ہے، ہم اپنے مقربین کو ہر خوف سے آزاد کر دیتے ہیں۔ (۲)

اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا: میں نے آج رحمٰن کا روزہ مانا ہے۔ پہلی شریعتوں میں مجاہدہ کرنے والے، روزہ

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۹۷۶
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۳۹۸
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۷۰
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۳۸۶
(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶

marfat.com

رکھنے والے، کھانے، پینے اور مباشرت کے علاوہ صبح سے شام تک کلام نہ کرتے تھے۔
حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے ایسے ہی روزے کی نذر مانی تھی۔اس لئے آپ نے کسی کے سوال کا جواب نہ دیا۔

پس منظر:

کنواری پاک دامن حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا واقعہ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر بیان ہوا ہے۔ایک سورہ (جس کے ہم احکام پڑھ رہے ہیں) کا نام ہی مریم ہے۔اس کی آیت نمبر:۱۶ سے ۳۵ تک میں حضرت مریم اوران کے ستھرے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہے۔
حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما الصلوٰۃ والسلام کا جو واقعہ ان آیات میں بیان ہوا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے:

حضرت مریم رضی اللہ عنہا ایک مرتبہ غسل فرمانے کے لئے پردہ میں گئیں، پردہ کے تمام امور کو مکمل فرمالیا، اچانک اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو انسانی شکل میں وہاں حاضر ہونے کا حکم فرمایا، جبرئیل انسانی شکل میں وہاں موجود ہوئے، حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کی کہ یہ اجنبی اس موقعہ پر کیسے آگیا ہے، جبرئیل نے (جو انسانی شکل میں متشکل تھے) فرمایا: میں تمہیں ایک ستھرا بیٹا عطا کرنے آیا ہوں، حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے فرمایا، یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ مجھے آج تک کسی انسان نے چھوا تک نہیں اور میں (نعوذ باللہ) بدکردار بھی نہیں، جبرئیل امین علیہ السلام نے فرمایا: ایسا ہی ہوگا، تیرے رب کا یہی فیصلہ ہے کہ تیرا بیٹا بغیر باپ کے پیدا ہو، اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہے کہ ہم اسے لوگوں کے لئے اپنی نشانی اور رحمت بنادیں، یہ فیصلہ اٹل ہے۔حضرت مریم نے اسے اپنے پیٹ میں لیا، جب وضع حمل کا وقت آیا تو آپ شہر سے دور مشرقی سمت بیت اللحم میں چلی گئیں۔آپ پریشان ہوئیں کہ دن باپ بیٹے کی پیدائش پر لوگوں کو کس طرح مطمئن کرسکیں گی۔ہاتفِ غیبی سے آواز آئی کہ اے مریم! غم

(بقیہ ۲) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۱
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۲۵
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۲

marfat.com

زدہ نہ ہو۔ ہم نے تیرے لئے تیرے نیچے نہر جاری کردی ہے۔ کھجور کے اس ٹنڈ کو اپنے ہاتھ سے حرکت دے، اس سے تازہ کھجوریں گریں گی، انہیں کھا اور ٹھنڈا میٹھا پانی پی، بیٹے کو دیکھ اور آنکھیں ٹھنڈی کر۔ جب لوگ تجھ سے بن باپ کے بیٹے حضرت عیسیٰ روح اللہ کلمۃ اللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے بارے میں سوال کریں تو تو اشارہ سے اتنا بتادے کہ میں نے روزہ رکھا ہے اور ساتھ ہی خاموشی کا روزہ بھی ہے، اس بچے سے پوچھ لو یہ سب کچھ قدرت کے عجائبات بتادے گا۔ لوگوں کے سوال اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جوابات اگلی آیات میں بیان ہوئے ہیں۔ یہ ایمان افروز جوابات بار بار پڑھنے کے لائق ہیں۔

ہماری تلاوت کردہ آیت کا مفہوم اتنے سے واضح ہوگیا ہے۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ چپ کا روزہ یا چپ رہنے کی نذر پہلی امتوں میں رائج اور جائز تھیں۔ ہماری شریعت مطہرہ میں یہ منسوخ ہو چکا ہے۔ اب چپ کا روزہ رکھنا یا چپ رہنے کی منت ناجائز ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: بَیْنَاالنَّبِیُّ ﷺ یَخْطُبُ اِذَاھُوَبِرَجُلٍ قَائِمٍ فَسَأَلَ عَنْہُ فَقَالُوْا: اَبُوْاِسْرَآئِیْلَ ،نَذَرَاَنْ یَّقُوْمَ لَایَقْعُدَوَلَایَسْتَظِلَّ وَلْیَقْعُدْوَلَایَتَکَلَّمَ وَیَصُوْمَ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ مُرْہُ فَلْیَتَکَلَّمْ وَلْیَسْتَظِلَّ وَلْیَقْعُدْ وَلْیُتِمَّ صَوْمَہٗ.(۳)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ ارشاد فرمارہے

(۳) ☆ رواہ البخاری عن ابن عباس (واللفظ لہ)، ص ۲، ص ۹۹۱

☆ رواہ ابوداؤد عن ابن عباس، ج ۲، ص ۱۱۱

☆ رواہ ابن ماجہ عن ابن عباس، ص ۱۵۵

☆ رواہ ابن حبان عن ابن عباس، ج ۱۰، ص ۲۳۰

☆ رواہ الطبرانی عن ابن عباس. حدیث: ۱۱۸۷۱

☆ رواہ البیہقی عن ابن عباس، ج ۱۰، ص ۷۵

☆ رواہ الدارقطنی عن ابن عباس، ج ۴، ص ۱۶۱، ۱۶۲

marfat.com

تھے، وہاں ایک آدمی کھڑا تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے بارے میں دریافت فرمایا، صحابہ کرام نے عرض کی، یارسول اللہ! یہ ابواسرائیل ہے، اس نے نذر مانی ہے کہ کھڑا رہے گا، بیٹھے گا نہیں، نہ یہ سایہ میں بیٹھے گا، نہ یہ کلام کرے گا اور یہ روزہ رکھے گا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے حکم دو کہ کلام کرے، سایہ میں بیٹھے اور بیٹھ جائے اور روزہ پورا کرے۔ (۴)

﴿۲﴾ ذکر واذکار اور ادواشغال میں مشغول ہو کر خاموش رہنا نرے خاموش رہنے سے مقبول ہے۔ (۵)

﴿۳﴾ جائز نذر کا پورا کرنا لازمی ہے۔ اگر کوئی پیدل حج یا عمرہ کی نیت کرے تو اس پر حج اور عمرہ کی تمام پابندیاں لازم ہوں گی، ایسے ہی احرام باندھنا بھی فرض ہوگا۔ (۶)

﴿۴﴾ احمق کے سوالات پر خاموش رہنا بہتر ہے۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا بے وقوفوں کے سوالات پر خاموش رہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کی صفات گناتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○ (سورۃ الفرقان: آیت ۶۳)

.....اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں، بس سلام۔

بندۂ مومن کی شان کے خلاف ہے کہ وہ جاہل اور احمق سے بے فائدہ باتوں میں الجھے۔ (۷)

(۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۶

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۸۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۲۸

(۵) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۶

(۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۲۸

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۲

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۰۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۳

marfat.com

﴿۵﴾ گونگے کا اشارہ جس سے بات پوری طرح مفہوم ہوجائے، قائم مقام کلام کے ہے۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے چپ کے روزہ کی حالت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا کہ جو کچھ پوچھنا چاہو اس سے پوچھو۔ اس لئے گونگے کا اشارہ سے نکاح قبول کرنا جائز ہے۔ (۸)

﴿۶﴾ جب مجلس میں چند اشخاص موجود ہوں اور ان سے کوئی شے پوچھی جائے تو بہتر یہ ہے وہ شخص اپنے سے بہتر کو جواب کے لئے عرض کرے۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا سے سوال ہوا، آپ نے اپنے نبی بیٹے کو جواب کے لئے منتخب کیا۔ (۹)

﴿۷﴾ کھانے کا دسترخوان جب بچھایا جائے تو افضل یہ ہے کہ سب سے پہلے پانی رکھا جائے، پھر کھانا رکھا جائے، کھانے میں بھی پہلے سالن رکھا جائے، آخر میں روٹی رکھی جائے، کھانا روٹی سے شروع کیا جائے۔ (یا روٹی کی جگہ چاول وغیرہ ہوں تو وہ بھی کھانا میں شمار ہوتے ہیں) بعد میں پانی پیا جائے، سیدہ طیبہ طاہرہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے واقعہ میں اللہ تعالیٰ جل وعلا نے سب سے پہلے پانی کی نہر بہادی، پھر کھجور کے پکے ہوئے تازہ پھل عطا فرمائے، لیکن کھانے کے بارے میں، آیت زیبِ عنوان میں، فرمایا: کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی کر۔ ہمیں بھی یہ طریقہ اپنانے میں خیر و برکت حاصل ہوسکتی ہے۔ (۱۰)

فائدۂ جلیلہ

﴿۱﴾ تر کھجور نفاس والی کے لئے سب سے مفید غذا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی محبوب بندی ولیہ کاملہ حضرت بتول مریم رضی اللہ عنہا

(بقیہ ۷)
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۲۹
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۷
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۲۶
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۷
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۸۵
(۸) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۳
(۹) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۰۷
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۱۷۵
(۱۰) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۵

marfat.com

کو حضرت روح اللہ کلمۃ اللہ عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کے وقت تازہ کھجور ہی بطورِ کرامت عطا فرمائی۔ اگر اس وقت کوئی اور غذا یا پھل اس سے زیادہ مفید ہوتا تو قادر کریم جل وعلا مہیا کرنے پر قادر ہے، وہ، وہ عطا فرما دیتا۔(۱۱)

فائدۂ جلیلہ

﴿۲﴾ نومولود کی پہلی غذا کھجور کی تحنیک (گھٹی) ہے۔ حضور سیدِ عالم ﷺ انصار کے نومولودوں کو کھجور چبا کر، لعابِ دہن شامل کر کے گھٹی دیا کرتے تھے۔

اِبْنُ اُمِّ سُلَیْمٍ لَمَّا وَلَدَتْهُ وَبَعَثَتْ بِهٖ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَمَضَغَ لَهٗ تَمْرًا وَحَنَّکَهٗ وَکَانَ ﷺ یُحَنِّکُ اَوْلَادَ الْاَنْصَارَ.(۱۲)

حضرت ام سُلَیم رضی اللہ عنہا کے ہاں جب بچہ کی ولادت ہوئی اور وہ اسے اٹھا کر نبی اکرم نورِ مجسم ﷺ کی خدمت میں لے آئیں۔ حضور انور ﷺ نے ان کے لئے کھجور چبائی اور اس سے بچہ کو گھٹی دی۔

اور حضور پُرنور ﷺ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ انصار کے نومولودوں کو گھٹی دیا کرتے تھے۔ اکثر و بیشتر آپ عجوہ کھجور کی گھٹی دیا کرتے۔(۱۳)

☆☆☆☆☆

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۹۱

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۱۵

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۱۱۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۵، ص ۳۲۷

(۱۲) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۷، ص ۱۲۳

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۹۱

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۱۵

marfat.com

باب (۲۷۷)

﴿تحدیثِ نعمت﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

قَالَ اِنِّیْ عَبْدُاللّٰهِ ط اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا o وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَاکُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ مَادُمْتُ حَیًّا o وَّبَرًّا ۢ بِوَالِدَتِیْ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا o وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا o

(سورۃ مریم: آیات ۳۰ تا ۳۳)

بچہ نے فرمایا: میں ہوں اللہ کا بندہ، اس نے مجھے کتاب دی، اور مجھے غیب کی خبریں بتانے والا (نبی) کیا، اور اس نے مجھے مبارک کیا میں کہیں ہوں، اور مجھے نماز وزکوٰۃ کی تاکید فرمائی میں جب تک جیوں، اور اپنی ماں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا، اور مجھے زبردست بدبخت نہ کیا، اور وہی سلامتی مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں اور جس دن زندہ اٹھایا جاؤں۔

حل لغات:

اِنِّیْ عَبْدُاللّٰهِ: میں ہوں اللہ کا بندہ

پیدائش کے روز حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پہلا کلام جو فرمایا وہ یہ تھا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس میں یہود و

marfat.com

نصاری کا رد ہے جو یہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا ہیں یا خدا کا بیٹا یا خدا ان میں حلول کئے ہوئے ہے۔ (العیاذ باللہ)۔ اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا اقرار کرنے میں اس امر کا اعلان ہے کہ میری والدہ اس الزام سے بَری ہے جو ان کی نسبت کیا جاتا ہے۔ بطورِ معجزہ میرا کلام کرنا میری والدہ کی برأت کا اعلان ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنی والدہ کا دودھ پی رہے تھے۔ قوم کا بہتان سنتے ہی آپ نے دودھ پینا ترک کر دیا، بائیں پہلو پر لیٹے ہوئے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے ان کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ میں ہوں اللہ کا بندہ۔

یہ بھی مروی ہے کہ جب قوم نے حضرت مریم رضی اللہ عنہا پر بہتان باندھا، حضرت زکریا علیہ السلام وہاں آ موجود ہوئے۔ (۱)

وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا: اور مجھے غیب کی خبریں بتانے والا (نبی) کیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ولادت کے وقت اپنے نبی بنائے جانے کا اعلان کیا، یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ ہے۔ (۲)

(۱)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۹
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۳۶
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۰۹
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۱۹۴
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۷
☆ تفسیرالبحرالمحیط، لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۸۷
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۲۸
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۳۱
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردوترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۶
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۹

(۲)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۹

marfat.com

وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا:اوراس نے مجھے مبارک کیا۔

بَرَکَ (ازباب نَصَرَ) بُرُوْکاً وتَبْرَاکًا ،اوربَرَّکَ اوراِسْتَبْرَکَ کامعنی ہے،اونٹ کا سینہ کے بل بیٹھنا،کسی جگہ اقامت پذیر ہونا۔

بَارَکَ الرَّجُلُ : کسی کے حق میں برکت کی دعا کرنا۔

بَرَکَۃٌ: کامعنی ہے:بڑھانا،زیادتی،نیک بختی،علوِمرتبت،شرف،سعادت۔

اس کااستعمال لزوم وثبات کے معنوں میں ہونے لگا۔کسی شے میں خیرالٰہی کا ثابت رہنا بَرَکَتٌ ہے۔

مبارک وہ ہے جس میں خیرالٰہی ثابت رہے۔

مبارک وہ ہے جس میں خیرالٰہی اس طرح آئے کہ محسوس نہ ہواوراس نوع سے آئے کہ گنی نہ جائے اوراس طور سے آئے کہ شمارنہ کی جاسکے۔

مبارک وہ ہے جس میں غیرمحسوس زیادتی کا مشاہدہ کیاجائے۔

تَبَارَکَ اللّٰہُ،کااطلاق اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔

دوردشریف ابراہیمی میں وارد ہے:وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍوَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

اس کامعنی یہ ہے جوعزت وشرف،کرامت وعظمت تونے انہیں عطا کی،اے اللہ اسے ہمیشہ قائم وثابت رکھ۔(۳)

آیت زیرِعنوان میں مبارک کامعنی ہے،دین میں برکات اورمنافع والا،برکات ومنافع کا داعی،معلمِ

(بقیہ۲) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۱،ص ۳۳۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج۳،ص ۲۳۴

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۲۱،ص۲۱۲

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ج۳،ص۱۹۴

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی،ج۳،ص۱۷

(۳) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،ص۴۴

☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۱۰۶

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ). ج۱،ص۲۴

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر. ج۷،ص۱۰۵

marfat.com

برکات، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والا، گمراہوں کو رشد و ہدایت دینے والا، مظلوموں کی مدد کرنے والا، بے کسوں کا حامی، نفع رساں، ثباتِ خیر والا، عطا کی زیادتی والا، عظمت و بزرگی والا۔(۴)

وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَادُمْتُ حَیًّا: اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کی تاکید فرمائی جب تک زندہ رہوں۔ زندگی بھر مکلّف ہونے کی صورت میں نماز ادا کرتا رہوں اور دوسروں کو حسبِ شرائط نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کی تاکید کرتا رہوں۔(۵)

وَبَرًّا بِوَالِدَتِیْ: اور اپنی ماں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا۔

اس جملہ میں کثیر فوائد ہیں۔

اول: صرف والدہ کا ذکر ہوا جس کا معنی یہ ہے کہ آپ بن باپ پیدا ہوئے۔

دوم: والدہ کے ساتھ احسان و نیکی کا حکم اس امر کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ والدہ قابلِ تعظیم ہے۔ اس پر باندھا ہوا بہتان کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔(۶)

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۲۹
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۱۹۴
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۳۶
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۱۲
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۶

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۷
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۱۹۴
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۱۴

(۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶

marfat.com

وَلَمْ يَجْعَلْنِىْ جَبَّارًا شَقِيًّا: اور مجھے زبردست بدبخت نہ کیا۔

متکبر اور قتل وغارت کرنے والا جبار کہلاتا ہے، یا وہ جو اپنے اوپر کسی کا حق تسلیم نہ کرے۔

یاد رہے جب یہی کلمہ اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوگا اس کا معنی ہوگا، کمی پوری کرنے والا۔

شَقِيًّا: کا معنی ہے: ہر خیر سے محروم، نافرمان، اپنے رب کا نافرمان، رب کے حکم کا تارک۔(۷)

وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ: وہی سلامتی مجھ پر ہو۔ سلام سے مراد تحیت ورحمت ہے۔

بوقتِ ولادت شیطان کے کچوکے سے اور وصال کے وقت نزع کی تکالیف اور حشر میں بڑی گھبراہٹ سے سلامتی کی دعا کی، یہ دعا اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالی۔ دعا کے بعض حصے کا اظہار ہو چکا ہے اور بعض کا ہونے والا ہے، وہ ہو کر رہے گا اس کی خطا ممکن نہیں۔(۸)

(بقیہ ۶) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۱۹۴

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۷

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۳۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۷

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ ج ۳، ص ۳۶

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۲۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۲۳۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۷

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۲

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۳۷

marfat.com

پس منظر:

حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کے بن باپ پیدا ہونے پر قوم نے آپ کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا پر شدید و شنیع الزام لگایا، ہر قسم کی بیہودہ گفتگو آپ کے بارے میں کی، کہا اے مریم! تیرا باپ ایسا نہ تھا، تیری ماں ایسی نہ تھی، تیرا خاندان عبادت، ریاضت، شرافت اور کرامت میں بے مثال ہے، تو نے بن خاوند یہ بچہ کیسے جَن لیا؟ اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم رضی اللہ عنہا کو ارشاد فرمایا کہ قوم کے بیہودہ الزامات کا جواب خود نہ دو، بلکہ اپنے اس نومولود کی طرف اشارہ کردو، اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کی قدرت سے یہ کلام کرے گا اور ایسی کلام کرے گا کہ معاندین و معترضین کے منہ قیامت تک کے لئے بند ہو جائیں گے۔ چنانچہ سیدہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے اپنے نومولود کی طرف اشارہ فرمایا۔ آپ نے قوم سے ایسا خطاب فرمایا کہ قوم حیران و دنگ رہ گئی۔ آپ نے فرمایا: میں ہوں اللہ کا بندہ.....“(۹)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ انسان کے لئے جائز ہے کہ بوقتِ حاجت اپنے صفاتِ خیر اور اوصافِ حمیدہ کو بیان کرلے، جب کہ

(بقیہ۸) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳، ص ۲۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ج۳، ص ۱۹۵
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار الله محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج۳، ص ۱۸
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعه پشاور، ج۵، ص ۲۳۰
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۷، ص ۳۱۸
(۹) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی مطبوعه ملتان، ج۳، ص ۱۹۴
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج۳، ص ۱۱۸
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۷، ص ۳۱۶
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۱، ص ۲۰۹
☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ج۵، ص ۳۳۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۶، ص ۸۹

marfat.com

دسروں پراپنی حیثیت واضح کرنا ضروری ہو۔ہاں اگر تکبراورفخر کے لئے اپنی حیثیات کا بیان کرے تو یہ ناجائز اورحرام ہوگا۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنہا کی برأت کی شدید ضرورت کے وقت اپنی آٹھ صفاتِ حمیدہ بیان فرمائیں۔اگرچہ مدتِ رضاعت میں آپ کا کلام کرنا آپ کا معجزہ شمار ہوتا ہے مگر اس کلام میں آپ کی جن صفاتِ حمیدہ کا واضح ذکر ہے وہ یہ ہیں:

میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔(مجھ جیسا بیٹا جس ماں کے پیٹ میں رہا وہ العیاذ باللہ کیسے بدکار ہوسکتی ہے، نیز آئندہ میرے بارے میں خدا کا بیٹا، یا خدا ہونے یا مجھ میں خدا کے حلول کا عقیدہ رکھنے والو! سن رکھو، میں اللہ کا بندہ ہوں)۔

دوم: اللہ تعالیٰ نے مجھے کتاب دی ہے، میں اپنی والدہ کے بطنِ اطہر میں کتاب کا درس لے چکا ہوں۔

سوم: اللہ تعالیٰ نے مجھے نبوت عطا فرمائی ہے۔

چہارم: میں جہاں بھی رہوں گا اللہ نے مجھے نفع رساں بنایا ہے۔

پنجم: اللہ تعالیٰ نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کی تاکید فرمائی ہے۔

ششم: اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی والدہ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے، میں اپنی والدہ کا فرماں بردار ہوں۔ (مجھ جیسا عظیم اولوالعزم رسول جس والدہ کا فرمانبردار ہوگا وہ کیسی طہارت ونفاست والی ہوگی)

ہفتم: اللہ تعالیٰ نے مجھے زبردست، بدبخت نہیں بنایا۔

ہشتم: ولادت، وفات اور حشر کے روز اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھ پر رحمت وتحیت ہو۔ان حالات میں اگر سلامتی رہی تو زندگی، قبر، حشر سب میں سلامتی ہوگی۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے بوقتِ حاجت اپنی قوت حفاظت اور امانت کا ذکر فرمایا تھا، تاکہ بادشاہ اس آنے والے مشکل وقت میں آپ سے استفادہ کرسکے اور خلقِ خدا کو آپ کی صفات سے فائدہ پہنچ سکے۔آپ نے فرمایا تھا:

قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ج اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ○ (سورۃ یوسف: آیت ۵۵)

marfat.com

یوسف نے کہا: مجھے زمین کے خزانوں پر کردے، بیشک میں حفاظت والا علم والا ہوں۔

خود سید عالم ﷺ نے قوم کے سامنے اپنی عظمت ونبوت، رسالت وشفاعت کا اعلان فرمایا تا کہ امت آپ کے سایہ عاطفت میں آجائے۔

اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَلَافَخْرَ وَبِیَدِیْ لِوَآءُ الْحَمْدِ وَلَافَخْرَ وَمَامِنْ نَبِیٍّ یَوْمَئِذٍ اٰدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّاتَحْتَ لِوَآئِیْ وَاَنَااَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَلَافَخْرَ. (۱۰)

قیامت کے روز میں اولادِ آدم کا سردار ہوں (میری سرداری کا کامل اظہار ہوگا) اور یہ میں فخر کے طور پر نہیں کہتا (بلکہ حقیقت یہی ہے) اس روز لواء الحمد (حمد کا جھنڈا) میرے دستِ مبارک میں ہو گا اور میں یہ فخر یہ نہیں کہتا (بلکہ حقیقت یہی ہے) اس روز ہر نبی آدم سمیت میرے لواء الحمد تلے ہوں گے، اور سب سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ہوں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی، اور یہ بات میں فخر یہ نہیں کہتا (بلکہ حقیقت یہی ہے جس کا اظہار ہوگا)۔ (۱۱)

﴿۲﴾ سب سے افضل نام عبداللہ ہے، پھر عبدالرحمٰن، پھر عبدالرحیم، پھر عبدالکریم.....، اسی طرح وہ نام بھی مبارک ہیں جو انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں پر ہوں گے، بالخصوص جو نام حضور پُرنور سید الانام نبی الانبیاء علیہم التحیہ والثناء کے نام پر ہوں، یعنی محمد، احمد، وغیرہ۔

مسلمانوں کے لئے اپنے بچوں کے نام ایسے مبارک ناموں میں سے رکھنے چاہیں۔ (۱۲)

﴿۳﴾ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر زکوٰۃ فرض نہیں رہی اور ان کا ترکہ کسی کی میراث نہیں ہوتا، بلکہ وہ امت پر صدقہ ہوتا ہے۔ (۱۳)

﴿۴﴾ گونگے پر حدِ قذف جاری نہیں ہوگی اور نہ اس کا لعان قبول ہوگا، قذف کے لئے صریح زنا کا الزام لازم ہے اور یہ صورت گونگے سے متصور نہیں، کیونکہ وہ وطی حلال اور وطی حرام میں فرق بیان نہیں کرسکتا۔

(۱۰) ☆ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ عن ابی سعید/بحوالہ جامع صغیر، ج ۱، ص ۱۸۵

(۱۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

(۱۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۳۰

(۱۳) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۸۹

marfat.com

لعان چونکہ شہادات ہیں اور گونگے کی شہادت ، جمہور علماء کے نزدیک مقبول نہیں ۔ بخلاف نکاح ، طلاق اور دیگر احکام میں کہ ان میں گونگے کا اشارہ مقبول ہے۔(۱۴)

﴿۵﴾ بندۂ مومن جب تک زندہ ہے اس سے عبادات اور تکالیف شرعیہ اٹھائی نہیں جاتیں، وہ عبادات اور احکامِ شرعیہ کا مکلف رہتا ہے، خواہ وہ ریاضت وعبادت سے کتنے اونچے ہی مقام پر کیوں نہ پہنچ چکا ہو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مَـادُمْتُ حَيًّا کہہ کر اس کا اعلان فرمادیا ہے۔ سید الانام، فخرِ رسل، تاجدارِ انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مرضِ وصال میں بھی نماز ادا فرمائی۔ ایک موقعہ پر جب کثرتِ قیام سے پاؤں مبارک متورم (سُوج) ہوگئے، آپ سے عرض کیا گیا کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا ہے بلکہ آپ کی برکت سے آپ کے اگلوں پچھلوں کو بخش دیا گیا ہے، آپ اتنی مشقت کیوں اٹھاتے ہیں، تو آپ نے فرمایا:

اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا.(۱۵)

کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

کسی مرتبہ پر پہنچنے کے باوجود کسی مسلمان سے عبادات ساقط یا معاف نہیں ہوتیں۔ معافی کا عقیدہ رکھنے والے اباحین کافر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ○ (سورۃ الحجر: آیت ۹۹)

اور مرتے دم تک اپنے رب کی عبادت میں رہو۔(۱۶)

---

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۷

(۱۵) ☆ روای البخاری عن مغیرۃ بن شعبۃ، ج ۱، ص ۱۵۲

☆ رواہ مسلم کتاب المنافقین .

☆ رواہ الترمذی عن مغیرۃ بن شعبۃ، ج ۱، ص ۸۰

☆ رواہ النسائی فی قیام اللیل

☆ رواہ احمد، ج ۴، ص ۲۵۱، ۲۵۵

☆ .....، ج ۶، ص ۱۱۵

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۹۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۳۳۱

marfat.com

فائدہ:

﴿۱﴾ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بوقتِ ولادت (ایک دن کی عمر میں) کلام کیا، حضور پُرنور سید العالمین ﷺ نے بوقتِ ولادت سجدہ کیا، رب تعالیٰ کی ربوبیت اور اپنی رسالت کا اقرار کیا۔ (۱۷)

﴿۲﴾ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی نبوت کا اعلان مدتِ رضاعت میں کیا اور حضور پُرنور نبی الانبیا ﷺ نے اعلان فرمایا:

كُنْتُ نَبِيًّا وَّآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ. (۱۸)

میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ آدم کا وجود ابھی روح اور جسم کے درمیان تھا۔ (۱۹)

﴿۳﴾ والدین کا نافرمان جبار اور شقی ہوتا ہے۔ (۲۰)

☆☆☆☆☆

---

(۱۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۳۰

(۱۸) ☆ رواہ ابن سعد وابونعیم فی الحلیۃ عن میسرۃ بن سعد عن ابی الجدعاء

☆ وراہ الطبرانی عن ابن عباس

(۱۹) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۹۴۔

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۳۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۱۷

(۲۰) تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۰

marfat.com

باب (۲۷۸)

﴿آیتِ سجدہ پڑھنے اور سننے والے دونوں پر سجدۂ تلاوت واجب ہے﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اُولٰٓئِکَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ، وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآئِيْلَ ، وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ط اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ بُكِيًّا ○

(سورۃ مریم: آیت ۵۸)

یہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا غیب کی خبریں بتانے والوں میں سے، آدم کی اولاد سے، اوران میں جن کو ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا تھا، اور ابراہیم اور یعقوب کی اولاد سے، اوران میں سے جنہیں ہم نے راہ دکھائی اور چن لیا۔ جب ان پر رحمٰن کی آیتیں پڑھی جائیں گر پڑے سجدہ کرتے ہوئے روتے۔

حل لغات:

مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ: آدم کی اولاد سے۔ اس سے مراد حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔ (۱)

(۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۱

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۶

☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی، مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۴۴

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردوترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۷، ص ۳۳۴

marfat.com

وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ: اوران میں سے جن کو ہم نے نوح کے ساتھ کشتی پر سوار کیا۔اس سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔(۲)

وَمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآئِيْلَ: اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔آیت سے مراد حضرت اسمٰعیل، حضرت اسحٰق، حضرت یعقوب علیہم السلام ہیں، اور حضرت یعقوب کی اولاد سے حضرت موسیٰ، حضرت ہارون، حضرت زکریا، حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام ہیں۔(۳)

اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ: رحمٰن کی آیتیں۔کتبِ سماویہ یا قرآن مجید کی آیات مراد ہیں۔(۴)

خَرُّوْا: خَرَّ (از باب ضَرَبَ اور باب نَصَرَ) خَرًّا وَخُرُوْرًا کا معنی ہے: بلندی سے پستی کی طرف گرنا، اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑنا، ایسا گرنا جس سے آواز پیدا ہو۔(۵)

آیت سے مراد یہ ہے کہ تسبیح پڑھتے ہوئے سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔

سُجَّدًا: سُجَّدٌ جمع ہے سَاجِدٌ کی۔یہ خَرُّوْا سے حال ہے۔

بُكِيًّا: بُكِيٌّ جمع ہے بَاكٍ کی، یہ بھی حال واقع ہوا ہے۔

بَكٰى يَبْكِيْ (از باب ضَرَبَ) بُكًا وَبُكَاءً کا معنی ہے رونا بُكًا (بُكَىً) مقصور، ایسا رونا جس میں حزن اور غم زیادہ ہو، آنسو کم ہوں۔

---

(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۱

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۶

(۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۱

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۷

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۱

(۵) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۳۱۰

☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم)للمفسرالحسین بن محمدالدامغانی،مطبوعہ بیروت، ص ۱۵۴

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،، ص ۱۴۴

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۸۱

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۷۲

marfat.com

بُکَاءً (ممدودہ) ایسا رونا جس میں آنسو سے آواز غالب ہو۔(۶)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام (جن کا ذکر گزشتہ آیات اور اس آیت میں ہے) وہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا خصوصی انعام فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہدایت دینے والا، بلکہ سراپا ہدایت بنایا ہے اور انہیں اپنی رضا کے لئے چن لیا ہے۔ باوجود اس کے کہ ان کو شرافتِ نسب، کمالاتِ ذاتیہ، علوِ مرتبت اور اپنا خصوصی قرب عطا فرمایا ہے مگر پھر بھی یہ خشیتِ الٰہی، اس کی وعیدوں سے اللہ کے حضور سجدے میں گر جاتے اور روتے ہیں، (اور اے مسلمانو! تم بھی ان کی طرح آیاتِ وعید اور ترہیب پڑھ کر، سن کر سجدے میں گر جایا کرو۔)(۷)

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ آیاتِ قرآن مجید کو پڑھنے، سننے سے دلوں میں عجیب تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ بندۂ مومن جب بھی قرآن مجید پڑھے یا سنے، آیات میں غور کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر خوشی کا اظہار کرے اور اس کی وعیدوں، عذابوں کو سن کر، پڑھ کر خوفِ الٰہی میں غرق ہو جائے۔(۸)

﴿۲﴾ آیاتِ سجدہ پڑھنے اور سننے والے دونوں پر سجدۂ تلاوت واجب ہو جاتا ہے، اس سجدہ کا ادا کرنا (فوری ہو یا تاخیر سے) واجب ہے۔

حدیث شریف موقوف (جو حکماً) مرفوع ہے، میں ہے:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّمَا السَّجْدَةُ عَلٰی مَنْ سَمِعَهَا.(۹)

---

(۶) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص۵۸
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری، الفیومی (م۷۷۰ھ)، ج۱، ص۳۱
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص۱۲۴
☆ تاج العروس ازعلامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۱۰، ص۴۲

(۷) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۲۰۱
☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج۵، ص۲۴۵
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۷، ص۳۳۵

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص۱۱۱

(۹) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ، ج۱، ص۴۵۷

marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں، جو بندۂ مومن آیتِ سجدہ کو سنے اس پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہے۔

ایک اور روایت یوں ہے:

عَنْ اِبْرٰهِيْمَ وَنَافِعٍ وَّسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالُوْا: مَنْ سَمِعَ السَّجْدَةَ فَعَلَيْهِ اَنْ يَّسْجُدَ. (۱۰)

حضرت ابراہیم نخعی، حضرت نافع، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: جس بندۂ مومن نے آیتِ سجدہ سنی، اس پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہے۔

ایک اور حدیث شریف میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کا عمل یوں وارد ہے:

عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَرَأَ سَجْدَةً وَّهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَنَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ مَعَهٗ. الحديث. (۱۱)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے روز آیتِ سجدہ منبر پر تلاوت فرمائی، آپ منبر سے نیچے اترے، آپ نے سجدۂ تلاوت کیا، حاضرین نے بھی آپ کے ساتھ سجدۂ تلاوت کیا۔ (۱۲)

﴿۳﴾ سجدۂ تلاوت ادا کرتے وقت نیت کرنا واجب ہے۔ (۱۳)

﴿۴﴾ نماز میں اللہ تعالیٰ جل وعلا کے خوف سے رونا نماز کو فاسد نہیں کرتا، جب کہ رونے میں حروف پیدا نہ ہوں، حدیث شریف میں ہے:

اُتْلُوا الْقُرْاٰنَ وَابْكُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكَوْا. (۱۴)

---

(۱۰) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ، ج ۱، ص ۴۵۶

(۱۱) ☆ رواہ مالک فی الموطا، ص ۷۱

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۹

(۱۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

(۱۴) ☆ رواہ ابن ماجہ فی الاقامۃ والزہد/بحوالہ المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث

marfat.com

قرآن مجید پڑھو اور روؤ اور اگر رونا نہ آئے تو رونے والوں کی صورت بنالو۔(۱۵)

نوٹ

سجدۂ تلاوت کے تفصیلی احکام سورہ الاعراف آیت:۲۰۶ کے احکام کے ضمن میں گزر چکے ہیں، وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

☆☆☆☆☆

(۱۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۷

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۵

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۴۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۴۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۰۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۳۵

marfat.com

باب(۲۷۹)

﴿نمازوں کا ضائع کرنا اور دیگر خواہشات کا انجام﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

(سورۃ مریم: آیت ۵۹)

اوران کے بعدان کی جگہ وہ ناخلف آئے جنہوں نے نمازیں گنوا ہیں اور اپنی خواہشوں کے پیچھے ہوئے تو وہ عنقریب دوزخ میں غیی کا جنگل پائیں گے۔

حل لغات:

خَلْفٌ: جانشین

خَلْفٌ (سکونِ لام کے ساتھ) کے معنوں میں شر کا پہلو ہوتا ہے اور خَلَفٌ (لام کے فتحہ کے ساتھ) کے معنوں میں خیر کا پہلو نمایاں ہوتا ہے۔(۱)

(۱) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر ج۶،ص ۹۵
☆ الفروق اللغوية مولفه ابو هلال الحسن بن عبدالله بن سهل العسكرى (م ۴۰۰ھ) مطبوعه كوئٹه،ص ۲۴۹
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰه محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۲۸
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱،ص ۲۳۵
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ،مکہ مکرمہ، ج۳،ص ۴۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ ، ج۵،ص ۳۴۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۶،ص ۱۰۹
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷،ص ۳۳۵
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۴،ص ۳۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص ۲۰۱

marfat.com

اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ: ضَاعَ (از باب ضَرَبَ) ضَیْعًا و ضِیْعًا و ضَیْعَۃً و ضِیَاعًا کا معنی ہے: ہلاک ہونا، تلف ہونا، بے کار ہونا، مہمل ہونا۔

باب افعال سے یہ متعدی بن جائے گا۔ یعنی ہلاک کرنا، تلف کرنا، بے کار کرنا، مہمل بنا دینا۔ (۲)

عرفِ شرع میں نماز کے ضائع کرنے کا مفہوم بڑا وسیع ہے: نماز کا انکار کرنا۔ نماز کو اپنے وقتِ مقررہ سے مؤخر کر دینا۔ نماز کے حقوق و ارکان پورے طور پر ادا نہ کرنا، نماز ادا کرنے کے بعد غیبت، جھوٹ، چغلی وغیرہ سے اس کا ثواب ضائع کر دینا۔ (۳)

وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ:

شَهَا (از باب نَصَرَ) اور شَهِیَ (از باب سَمِعَ) شَهْوَۃً کا معنی ہے۔ کسی شے کو بہت پسند کرنا، بہت چاہنا، کسی شے کا انتہائی اشتیاق ہونا۔

اس کی جمع شَهَوَاتٌ ہے۔

---

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۷۳۲

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۵، ص ۴۳۷

☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۰۰

☆ مصباح المنیر فی غرب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی الفیومی، ج ۲، ص ۷

(۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۴۰

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۰۱

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۳۵

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۴۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۴۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۰۹

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۵، ص ۵۲۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۳۵

marfat.com

دنیا میں شہوۃ کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) شہوتِ صادقہ (۲) شہوتِ کاذبہ

﴿۱﴾ شہوتِ صادقہ یہ ہے کہ بدنِ انسانی اس کے بغیر خلل میں پڑ جائے۔ مثلاً کھانے کی بھوک، پانی کی پیاس وغیرہ۔

﴿۲﴾ شہوتِ کاذبہ یہ ہے کہ اس کے بغیر بدنِ انسانی میں خلل واقع نہ ہو۔ مثلاً بدکاری کا شوق

آیت زیبِ عنوان میں شہوات سے مراد شہواتِ کاذبہ ہیں۔(۴)

غَيًّا: دوزخ کی گرم ترین وادی، یہ وادی جہنم کے نچلے طبقے میں ہوگی۔ جہنم کی آگ اگر ٹھنڈی پڑنے لگے تو یہ وادی اس کو دوبارہ گرم کر دے گی۔

کافر اور نافرمان اس وادی میں گرائے جائیں گے۔(۵)

---

(۴) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی،ص ۲۶۱

☆ الفروق اللغوية مولفه ابو هلال الحسن بن عبدالله بن سهل العسكرى (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ ،ص ۱۲۹

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،ص ۲۷۰

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۱،ص ۱۵۷

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱۰،ص ۲۰۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۱۵

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۱۲۸

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۲۵

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱،ص ۳۳۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ ، ج ۵،ص ۳۴۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶،ص ۱۰۹

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور ج ۵،ص ۲۴۵

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۷،ص ۳۳۵

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۱۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۱۲۸

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۲۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۲۴۰

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۲۴۰

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۴۲

marfat.com

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے بعد ان کی امتوں سے ناخلف ان کے جانشین ہوئے۔ انہوں نے اپنے انبیائے کرام کا راستہ چھوڑ دیا۔ نمازوں کو ضائع کرنے لگے اور بری خواہشات میں منہمک ہو گئے۔ اسی طرح امتِ مرحومہ میں قربِ قیامت وہ لوگ کثرت سے ہوں گے جو نمازوں کو ضائع کر دیں گے اور بری خواہشات میں مشغول ہو جائیں گے۔ ان سب کا ٹھکانہ دوزخ کا سب سے گرم ترین اور گہرا ترین جنگل (وادی) ہوگا۔ ان برے اعمال سے بندۂ مومن کو بچنا فرض ہے۔ (۶)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ سلف صالحین کے طریقہ کو چھوڑنا اور نیا طریقہ نکالنا منع ہے۔ ناخلف اولاد ہمیشہ اپنے بزرگوں کے فیوضات سے محروم رہتی ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اَلْبَرَکَۃُ مَعَ اَکَابِرِکُمْ (۷)

برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ رہنے میں ہے۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے سلف صالحین کے عقائد اور اعمال کے مطابق زندگی بسر کرے۔

(۵) ☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج۵، ص ۲۴۶
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۲۰۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج۵، ص ۳۴
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۶، ص ۱۰۹
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۷، ص ۳۳۵
(۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص ۱۱۲
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۲۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۲۲۹
☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج۵، ص ۲۴۵
☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۱، ص ۲۳۵
☆ الدرالمنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج۵، ص ۵۲۶
(۷) ☆ رواہ ابن حبان وابونعیم فی الحلیۃ والحاکم والبیہقی عن ابن عباس /بحوالہ جامع صغیر، ج۱، ص ۲۱۹

marfat.com

بری خواہشات میں غرق ہوکر اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالے۔(۸)

﴿۲﴾ نمازِ پنجگانہ ہر مسلمان عاقل بالغ (مرد وعورت) پر فرض ہے۔اس کا ادا کرنا فرض ہے اور اس کا سرے سے انکار کرنا کفر ہے۔آیتِ مبارکہ کی ایک تفسیر کے مطابق یہی معنی ہیں۔(۹)

﴿۳﴾ نمازوں کا اپنے اوقاتِ مقررہ پر ادا کرنا فرض ہے۔قرآن مجید میں ہے۔

.....اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا۝ (سورۃ النسا: آیت ۱۰۳)

بیشک نماز مسلمانوں پر وقت بندھا ہوا فرض ہے۔لہٰذا فرض نمازوں کو اپنے مقررہ اوقات سے مؤخر کرنا حرام ہے۔ایسا کرنا نماز کا ضائع کرنا ہے۔(۱۰)

---

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۲
☆ تفسیرالوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص ۲۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور ، ج۳،ص ۲۲۹
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاورج۵،ص ۲۴۵
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۲۱،ص ۲۳۵
☆ تفسیرالدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج۵،ص ۵۲۶
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۲،ص ۴۲
(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۲۱۸
☆ الجامع احکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۱۲
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص ۱۲۷
(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج. ۳،ص ۲۱۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۱۲
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص ۱۲۷
☆ تفسیرالوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص ۲۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۴۰
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۲۸
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان ج۳،ص ۲۰۱
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱،ص ۲۳۵
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاورج۵،ص ۲۴۵
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۵،ص ۳۴۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۶،ص ۱۰۹
☆ الدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج۵،ص ۵۲۶
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷،ص ۳۳۵

marfat.com

﴿۴﴾ نماز میں تعدیلِ ارکان واجب ہے۔(تعدیل یہ ہے کہ قیام، رکوع، سجدہ، قومہ، جلسہ وغیرہ ارکان کو اس طرح ادا کرنا کہ یہ رکن دوسرے رکن سے متاز ہوجائے اور اعضا میں حرکت نہ رہے)۔اگر کوئی آدمی رکوع، سجدہ وغیرہ میں تعدیلِ ارکان نہیں کرتا تو ایسی نماز کا اعادہ واجب ہے۔حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يُصَلِّيْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَجَآءَ فَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ اِرْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلّٰى ثُمَّ سَلَّمَ فَقَالَ وَعَلَيْكَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ قَالَ فِى الثَّالِثَةِ فَاَعْلِمْنِيْ قَالَ اِذَا قُمْتَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاسْبِغِ الْوُضُوْءَ ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ وَاقْرَاْ بِمَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ رَاْسَكَ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِيَ وَتَطْمَئِنَّ جَالِسًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِيَ قَائِمًا ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِيْ صَلٰوتِكَ كُلِّهَا.(۱۱)

ایک آدمی مسجد (نبوی شریف) میں حاضر ہوا اور نماز پڑھنے لگا حضور پُرنور رسول اللہ ﷺ مسجد کے ایک گوشہ میں تشریف فرما تھے۔وہ آدمی (نماز پڑھ کر حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس) حاضر ہوا۔اس نے سلام پیش کیا۔آپ نے اسے فرمایا: واپس جا، نماز پڑھ، کیونکہ تو نے (حقیقی طور پر) نماز ادا نہیں کی۔ وہ شخص واپس ہوا، اس نے دوبارہ نماز پڑھی پھر وہ (بارگاہِ رسالت میں) حاضر ہوا اور سلام پیش کیا۔ آپ نے اسے فرمایا۔واپس چلا جا، نماز پڑھ، کیونکہ (ابھی تک حقیقی طور پر) تو نے نماز نہیں پڑھی۔ تیسری مرتبہ اس نے عرض کیا۔یارسول اللہ! مجھے نماز پڑھنا سکھایئے۔آپ نے فرمایا: جب تو نماز کا ارادہ کرے تو اچھی طرح سے کامل وضو کر۔پھر قبلہ رخ کھڑا ہو، تکبیر (تحریمہ) کہہ اور جتنا تو آسانی سے قرآن مجید پڑھ سکتا ہے، پڑھ، پھر رکوع کر، یہاں تک کہ تیرا رکوع پوری طرح ہو جائے۔

(۱۱) ☆ راوہ البخاری عن ابی ھریرۃ، ج۲، ص۹۸۶ (واللفظ للبخاری)
☆ رواہ الترمذی عن رفاعۃ بن رافع، ج۱، ص۶۳
☆ رواہ النسائی عن ابی ھریرۃ، ج۱، ص۱۴۱
☆ راوہ ابن ماجہ فی الاقامۃ

marfat.com

پھر اپنا سر (رکوع سے) اٹھا یہاں تک کہ تو سیدھا کھڑا ہو جائے (تیرے اعضا میں حرکت نہ رہے اور تعدیلِ ارکان مکمل ہو جائے) پھر سجدہ کر، یہاں تک کہ سجدہ میں تیرے اعضا مکمل ساکن ہو جائیں۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا اور سیدھا ہو کر بیٹھ جا (کہ تیرے اعضا میں حرکت نہ رہے) پھر دوسرا سجدہ کر، یہاں تک تیرے اعضا میں اعتدال آ جائے۔ پھر (دوسری رکعت کے لئے) سیدھا کھڑا ہو۔ پھر اپنی تمام نماز میں ایسا ہی (تعدیل ارکان) کر۔ (۱۲)

الارشاد: نمازوں کے بعد حضور پُر نور سید عالم ﷺ کی بارگاہ میں (درود اور) سلام پیش کرنا سنتِ صحابہ ہے اور یہ عمل خود سرکار سرِ ہر کار مدنی تاجدار محبوب رب کردگار ﷺ کے زمانہ اقدس میں جاری تھا۔ درج بالا حدیث اس کا واضح ثبوت ہے۔

﴿۵﴾ فرض نمازوں کو مکمل طور پر ادا کرنے کے علاوہ نوافل بھی کثرت سے ادا کرے۔ (یاد رہے سنت نماز بھی اصطلاحِ شرع میں نفل کہلاتی ہے)۔ قیامت کے روز فرض نمازوں میں اگر کوئی خامی رہ گئی تو نوافل سے پورا کر دیا جائے گا۔ حدیث شریف میں ہے۔

اَوَّلُ مَا یُحَاسَبُ النَّاسَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ اَعْمَالِهِمْ الصَّلٰوةَ ،یَقُوْلُ رَبُّنَا عَزَّوَجَلَّ لِلْمَلَائِکَةِ وَهُوَ اَعْلَمُ اُنْظُرُوْا فِیْ صَلٰوةِ عَبْدِیْ اَتَمَّهَا اَمْ نَقَصَهَا ،فَاِنْ کَانَتْ تَامَّةً کُتِبَتْ لَهٗ تَامَّةً ،وَ اِنْ کَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَیْئًا قَالَ: اُنْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ، فَاِنْ کَانَ لَهٗ تَطَوُّعٌ قَالَ اَتِمُّوْا لِعَبْدِیْ فَرِیْضَتَهٗ مِنْ تَطَوُّعِهٖ ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ عَلٰی ذٰلِکُمْ. (۱۳)

قیامت کے روز اعمال میں سے سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔ رب قدوس عزوجل

---

(۱۲) ☆ الجامع احکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۳

(۱۳) ☆ راوہ احمد، ج ۲، ص ۴۲۵
☆ راوہ احمد، ج ۴، ص ۶۵، ۱۰۲
☆ .....، ج ۵، ص ۷۲، ۲۷۷
☆ راوہ ابو داؤد فی کتاب الصلاۃ عن ابی ہریرۃ
☆ رواہ النسائی عن ابی ہریرۃ
☆ رواہ الحاکم عن ابی ہریرۃ/بحوالہ کنز العمال، ج ۷، ص ۱۸۸۷۸

marfat.com

فرشتوں سے فرمائے گا حالانکہ سب کچھ اس کے علم میں ہے۔میرے بندے کی نماز دیکھو۔کیا یہ پوری ہے یا نامکمل۔اگر پوری ہوئی تو پوری لکھ دی جائے گی؛ اور اگر اس میں کچھ کمی ہے تو وہ فرمائے گا۔میرے بندے کے نوافل دیکھو۔اگر نوافل ہوں تو میرے بندے کے فرائض میں کمی نوافل سے پوری کردو۔پھر اسی انداز میں دیگر اعمال کا حساب ہوگا۔(۱۴)

﴿۶﴾ بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے فرائض اور نوافل احسن طریقہ سے ادا کرتا رہے یہاں تک کہ اس کے نوافل فرائض کی تکمیل سے زائد ہو جائیں۔تا کہ وہ کثرت نوافل کی برکت سے اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کے قرب کا مستحق ٹھہرے۔حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَلَایَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ فَکُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَ بَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا وَ رِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِھَا وَ اِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّہٗ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُہٗ تَرَدُّدِیْ عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَہُ الْمَوْتَ وَ اَنَا اَکْرَہُ مَسَاءَتَہٗ.(۱۵)

جو میرے دوست کے ساتھ عداوت کرے میں نے اسے جنگ کا اعلان کر دیا ہے اور میرا بندہ جن چیزوں سے میری قربت چاہتا ہے ان میں سب سے زیادہ فرائض مجھے محبوب ہیں اور نوافل کے ذریعے بندہ میرے قریب ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو محبوب بنالیتا ہوں اور میں اس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔اگر وہ مجھ سے مانگے تو میں اسے ضرور پناہ دیتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے پناہ مانگے تو میں اسے ضرور پناہ دوں گا اور میں کسی چیز میں تردد نہیں کرتا جس کو میں کرنا چاہتا ہوں جتنا تردد کرتا ہوں مومن کی جان کے بارے میں۔وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کے برائی میں پڑنے کو ناپسند کرتا ہوں۔

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۳

(۱۵) ☆ راوہ البخاری عن ابی ہریرہ، ج ۲، ص ۹۶۳

marfat.com

فائدہ جلیلہ:

اس حدیث کے اور بہت سے طریقے بھی ہیں جن سے یہ مروی ہے ان سب کا مجموعہ دلالت کرتا ہے کہ اس حدیث کی اصل ہے۔

اول: حضرت عائشہ سے مروی ہے جس کی تخریج امام احمد نے کتاب الزہد میں، ابن ابی الدنیا، ابونعیم نے حلیہ میں اور بیہقی نے زہد میں بطریق عبدالواحد بن میمون عن عروہ کی ہے۔ طبرانی نے بطریق یعقوب، مجاہد عن عروہ بھی تخریج کی ہے۔

ثانی: حضرت ابوامامہ سے مروی ہے۔ جسے طبرانی اور بیہقی نے زہد میں روایت کیا ہے۔ نیز حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بھی مروی ہے۔ جسے اسمٰعیلی نے مسند علی میں روایت کیا۔

ثالث: حضرت ابن عباس سے مروی ہے۔ اس کی تخریج طبرانی نے کی ہے۔

رابع: حضرت انس سے مروی ہے جسے حضرت حذیفہ نے مختصراً روایت کیا ہے۔ اس کی تخریج طبرانی نے کی ہے۔

سادس: حضرت معاذ بن جبل سے مروی ہے جس کی تخریج ابن ماجہ اور ابونعیم نے حلیہ میں کی ہے۔

سابع: حضرت وہب بن منبہ سے مقطوعاً مروی ہے جسے امام احمد نے زہد میں اور ابونعیم نے حلیہ میں تخریج کی ہے۔

ان میں بعض احادیث مختصر ہیں اور بعض طویل۔ (۱۶)

﴿۷﴾ نماز کے وقت میں تاخیر اگر نیند یا بیماری کے سبب ہو جائے تو گناہ نہیں۔ گناہ اس صورت میں ہے جب قصداً بغیر عذر کے تاخیر کرے۔ حدیث شریف میں ہے۔

لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقْظَةِ اَنْ تُؤَخِّرَ صَلَاةً حَتّٰى يَدْخُلَ وَقْتُ اُخْرٰى. (۱۷)

(۱۵) ☆ رواہ احمد، ج۶، ص۲۰۶

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص۱۱۵

☆ صحیح ابن حبان عن ابی ہریرۃ، ص۳۴۷

(۱۷) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی قتادۃ، ج۱، ص۷۰

☆ رواہ الترمذی عن ابی قتادۃ، ج۱، ص۴۵

☆ رواہ النسائی عن ابی قتادۃ، ج۱، ص۱۰۰

☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی قتادۃ، ص۵۱

marfat.com

نیند کی وجہ سے نماز موخر ہونے میں کوتاہی نہیں۔کوتاہی تو بیداری کی حالت میں ہے جب نماز کو مؤخر کردے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت آجائے۔(۱۸)

﴿۸﴾ گناہ، بُری خواہشات کی پیروی اور معاصی میں انہماک دوزخ میں داخلہ کا باعث بنتا ہے اور گناہوں سے بچنے میں جنت کی راہ کھلتی ہے۔لہٰذا بندۂ مومن کو گناہوں سے بچنے اور نیکیوں کی طرف رغبت رکھنا لازم ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ .(۱۹)

جنت کو ناگواریوں نے گھیر رکھا ہے اور دوزخ کے گرد شہوات کا احاطہ ہے۔(۲۰)

﴿۹﴾ دوزخ کی وادی میں چند بد بخت داخل ہوں گے۔

(ا) زنا پر اصرار کرنے والا

(ب) شراب پر مداومت کرنے والا (شراب کا عادی)

(ج) سود خوار

(د) والدین کا نافرماں

---

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۸

(۱۹) ☆ رواہ الائمۃ احمد و مسلم والترمذی عن انس

☆ رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ

☆ رواہ احمد فی الزہد عن ابن مسعود/بحوالہ جامع صغیر، ج ۱، ص ۲۵۴

(۲۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۸

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۲۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۱، ص ۲۳۵

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۲۴۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۴۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۰۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۳۵

marfat.com

(ہ) جھوٹی گواہی دینے والا

(و) عورت اپنے خاوند کے علاوہ کسی اور کا بچہ جننے والی۔

ان لوگوں کے لئے ہلاکت اور خسارہ ہے۔لہٰذا بندۂ مومن کو ان گناہوں سے ہمیشہ کنارہ کش رہنا چاہئے۔(۲۱)

﴿۱۰﴾ تین شخص قرآن مجید پڑھتے ہیں۔تینوں کا حکم علیٰحدہ علیٰحدہ ہے۔

اول: مومن دوم: منافق سوم: فاجر

اول: مومن قرآن مجید ثواب کی نیت سے پڑھتا ہے۔اس کے احکام پر عمل میں کوشش کرتا ہے۔یہ شخص اجر پاتا ہے۔

دوم: منافق درحقیقت قرآن مجید کا منکر ہے۔لوگوں کو دھوکا دینے کو قرآن مجید پڑھتا ہے۔ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید اور تمام مخلوقات کی لعنت ہے۔

سوم: فاجر: قرآن مجید اس نیت سے پڑھتا ہے کہ اس کے ذریعے فانی دنیا کا مال اکٹھا کرے۔ایسا شخص اپنی ناجائز خواہشات کے مطابق قرآن مجید کی تاویل کرتا ہے یا قرآن مجید اس نیت سے پڑھتا ہے کہ اس سے دنیا کا مال حاصل کرے۔یہ شخص سراسر خسارے میں ہے۔دین اور دنیا میں بھلائی نہ پائے گا۔یاد رہے قرآن مجید کی تعلیم پر مامور معلم حضرات قرآن مجید یا دیگر تعلیمات اسلامیہ کا معاوضہ یا مشاہرہ نہیں لیتے۔بلکہ وہ اس

(۲۱)

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۱۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۸

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۲۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۴۰

☆ المدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۴۰

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۴۲

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۴۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۲۱، ص ۲۳۵

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۰۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۰۹

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۴، ص ۳۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۳۵

marfat.com

وقت کا معاوضہ اور مشاہرہ لیتے ہیں جو وہ اس کام میں صرف کرتے ہیں۔ جمہور علمائے اسلام نے ضرورت کے تحت اس کی اجازت دے دی ہے۔(۲۲)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَاٰلِہٖ وَصُحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمْ

۱۶ ربیع الثانی ۱۴۲۶ھ/ ۲۵ مئی ۲۰۰۵ء کو سورۃ مریم کے احکام کا استخراج مکمل ہوا۔

☆☆☆☆☆

(۲۲) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۲۸

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران. ج ۵، ص ۵۲۷

marfat.com

باب(۲۸۰)

﴿مقدس مقامات کی حرمت اور تعظیم﴾

سورۃ طٰہٰ

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّکَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ ۚ اِنَّکَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ۝

(سورۃ طٰہٰ: آیت ۱۲)

بے شک میں تیرا رب ہوں تو تُو اپنے جوتے اتار ڈال، بیشک تو پاک جنگل طُوٰی میں ہے۔

حل لغات

فَاخْلَعْ: خَلَعَ (از باب فَتَحَ) خَلْعًا کا معنی ہے: اتارنا۔

عضو کو اپنی جگہ سے ہٹا دینا، قائد کو معزول کر دینا، جانور کو بندش سے آزاد کر دینا، حیا کو خیر باد کہہ دینا اور اپنی خواہش کا بندہ بننا، کسی کو خلعت بخشنا، درخت کا اپنے پرانے پتے جھاڑ کر نئے پتے نکالنا۔

اور اسی باب سے اس کا مصدر خَلْعًا اور خُلْعًا ہو تو اس کا معنی ہے: بیٹے کو عاق کر دینا، مال کے عوض طلاق دینا۔(۱)

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۳۴۳

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی، ص ۱۵۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۸۷

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۵، ص ۳۳۱

marfat.com

اس مقام پراس کا معنی ہے: اتار دیجئے۔

نَعْلَيْكَ: ہر وہ شے جو چلنے میں پاؤں کو زمین کی ایذا سے بچاتی ہے نَعْل کہلاتی ہے، بمعنی جوتا۔
نعلین تثنیہ ہے، نون اضافت کی وجہ سے گر گیا ہے۔(۲)

اَلْمُقَدَّسِ: قَدُسَ (از باب کَرُمَ) قَدْسًا وقُدْسًا کا معنی ہے: پاک ہونا، بابرکت ہونا۔
قَدَّسَ اللّٰهُ فُلاناً: اللہ تعالیٰ کا کسی کو پاکیزہ کرنا یا بابرکت بنا دینا۔
اس سے صفت مفعولی مُقَدَّسٌ ہے، بابرکت، پاکیزہ۔
قَدَّسَ الرَّجُلُ اللّٰهَ: کا معنی ہے: اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرنا، اللہ کے مقدس ہونے کا اقرار کرنا، اللہ تعالیٰ کا صفاتِ ذمیمہ سے پاک ہونا۔(۳)
وادی مقدس سے مراد بابرکت جنگل اور پاکیزہ وادی ہے۔

طُوًى: جبلِ طور میں ایک مستدیر (گول) اور گہری وادی کا نام ہے۔(۴)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم واضح کرنے کے لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ کا پس منظر بیان کر دیا جائے تا کہ مفہوم جاننے میں آسانی ہو۔ مختصر پس منظر یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے خسر کی آٹھ دس برس خدمت کے بعد ان کی اجازت سے اپنی زوجہ بی بی صفورا کو لے کر مدین سے مصر کی طرف اپنی والدہ ماجدہ سے ملنے چلے، شام کے بادشاہوں کے مظالم سے بچتے ہوئے سڑک چھوڑ دی، جنگل کا راستہ اختیار کیا، حضرت صفورا

(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص۱۵۷
(۳) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۹۷۰
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی، ص ۳۹۶
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ) ج ۲، ص ۶۸
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۴، ص ۳۱۳
(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص۱۵۷
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی (م۶۸۵ھ)، ج ۲، ص ۳۱
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۵۰
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۷۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۷۰
☆ الدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج ۵، ص ۵۵۹

marfat.com

حاملہ تھیں، رات دیر سے کوہِ طور کے قریب پہنچے کہ انہیں دردِزہ شروع ہوگیا، رات اندھیری تھی، سخت سردی پڑ رہی تھی، آگ اور دائی کی ضرورت پیش آئی، حضرت موسیٰ علیہ السلام دور سے روشنی ملاحظہ فرما کر سمجھے کہ وہاں آگ ہے، وہاں عناب یا بنفشہ کا سبز درخت دیکھا جو اوپر سے نیچے تک روشن تھا، مگر نہ تو آگ سے اس کی سبزی میں فرق آیا اور نہ درخت کے سبز پانی سے آگ بجھی، حضرت موسیٰ علیہ السلام اسے آگ سمجھ کر آگے بڑھے تاکہ آگ حاصل کرسکیں، مگر آپ جب اس آگ کے قریب پہنچے تو درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ! میں تیرا رب ہوں، تو آپ پاک اور بابرکت وادی میں ہیں اس لئے اپنے جوتے اتار دیجئے (اس سے اگلے کلمات سورہ طٰہٰ میں بطورِ وحی موجود ہیں)

جس درخت سے یہ آواز آرہی تھی اور وہاں آگ کا شائبہ ہوا وہ درخت ''اللہ'' نہ تھا، بلکہ اللہ کے کلام کا مظہر تھا، جیسے ریڈیو، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون وغیرہ سے آواز آتی ہے کہ یہ لاہور ہے، میں محمود بول رہا ہوں وغیرہ مثلاً، تو وہ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور ٹیلی فون کے سیٹ نہ تو لاہور ہیں اور نہ وہ محمود ہیں، بلکہ یہ ان کے مظہر ہیں۔(۵)

توجیہات

آیتِ مبارکہ کی مزید تفسیر اور احکام کی تخریج کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وادی طُوٰی میں جوتے اتارنے کا حکم کیوں دیا گیا۔ جلیل القدر مفسرین کی تفاسیر کا خلاصہ یہ ہے:

(۵)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۷
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۴۳
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۳۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود،مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۵۰
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علیؒ ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۷۲
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۴
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمرؒبن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۵۶
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۲۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۷۴

marfat.com

﴿۱﴾ وادی مقدس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاؤں مبارک کو برکت حاصل ہو جائے۔

﴿۲﴾ مناجاتِ ربِّ جلیل عزوجل کے وقت خشوع وخضوع کے لئے جوتا اتارنا ہی مناسب تھا۔

﴿۳﴾ وادی طُوٰی چونکہ مقدس تھی، اس کی تقدیس کے پیشِ نظر جوتے اتارنا ہی قرینِ قیاس ہے، جیسے حرمین شریفین میں داخلہ کے وقت اور مساجد ومزارات کے احاطہ کے اندر داخلہ کے وقت جوتے بطورِ تعظیم اتار دیئے جاتے ہیں۔

﴿۴﴾ عرف جاری یہ ہے کہ شاہوں کی بارگاہوں میں ننگے پاؤں ہی جاتے ہیں، اس لئے بارگاہِ رب الارباب، سب سے بڑے شہنشاہ کے حضور حاضری کے لئے جوتے اتارنا ہی موزوں تھا۔

﴿۵﴾ ایک تعبیر کی رو سے بیوی اور بچے کو نعلین کہا جاتا ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ میری بارگاہ میں بیوی بچے کے خیال سے آزاد ہو کر حاضر ہو۔

﴿۶﴾ ربِّ جلیل، قدیر وکریم جل جلالہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے نور اور ہدایت کی بساط بچھائی تھی، ایسی نورانی اور مقدس بساط پر ننگے پاؤں چلنا ہی ادب کا تقاضا ہے۔

﴿۷﴾ عارف باللہ حضرات کے نزدیک مشاہدۂ الٰہی کے وقت دنیا وآخرت کو بھول جانا ہی ادب ہے اور ایک تعبیر کی رو سے دنیا وآخرت نعلین ہیں۔(۶)

---

(۶)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج.۳، ص۲۱۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج.۳، ص۱۲۵۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۱، ص۱۵۷
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۵۷
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبو عصر، ج۳، ص۱۴۳
☆ تفسیر انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۳۱
☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج۵، ص۲۷۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ج۲۲، ص۱۷
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۲۱۳
☆ تفسیر البحرالمحیط، لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۳۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیلؔ المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۲۵۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳، ص۲۵۰
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج، ص۵۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۵، ص۳۷۰

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ مقاماتِ طیبہ اور آثارِ مقدسہ سے برکت حاصل کرنا سنتِ انبیائے کرام علیہم السلام ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وادی مقدس طوی میں جوتا مبارک اتار کر آنے کا حکم دیا گیا ہے تا کہ وادی مقدس کی خاک سے پائے موسیٰ علیہ السلام برکت حاصل کر سکیں، قرآن مجید نے وادی مقدس کا احترام سکھایا ہے۔ (۷)

﴿۲﴾ مناجاتِ ربِّ جلیل جل وعلا کے وقت خشوع وخضوع جلد اجابتِ دعا میں موثر ہے۔ خشوع وخضوع میں جسم، جسم کی ہیئت، لباس وغیرہ کے انداز کو بڑا دخل ہے۔ جوتا اتارنا بھی خشوع وخضوع کی علامت ہے۔ (۸)

(بقیہ ۶) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۶۹

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۵، ص ۵۵۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۳۴۷

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵۷

(۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۹

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۴۳

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۳۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۵۰

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۷۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۷۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۶۹

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۳۰

(۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۴۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۷۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۶۹

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵۸

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۵، ص ۵۵۹

marfat.com

﴿۳﴾ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے بعض مقامات کو بعض سے افضل بنایا ہے، بعض انسان اور بعض حیوانات بعض سے افضل ہیں۔ اس لئے افضل مقامات، اوقات، انسانوں، حیوانوں وغیرہ سے ادب واحترام کا سلوک کرنا ہی دانش مندی ہے، ہر ایک سے یکساں سلوک اس افضلیت کا انکار کرنا ہے۔ نفسِ نبوت میں اگرچہ تمام انبیائے کرام برابر ہیں مگر درجات میں رب نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ اسی طرح بعض انسان دوسروں سے افضل ہیں۔ ذرا ارشاد ربانی ملاحظہ ہو:

.....نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ، وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ (سورۃ یوسف. آیت ۷۶)

ہم جسے چاہیں درجوں میں بلند کریں اور ہر علم والے سے اوپر ایک علم والا ہے۔

وادی طوٰی کو رب نے پاکیزہ اور بابرکت بنایا ہے۔ صفا و مروہ رب کی نشانیوں سے ہیں، اس لئے ان کا ادب واحترام لازم ہے۔

مسجدِ حرام، مطاف، مسجدِ نبوی، مسجدِ اقصیٰ اور دیگر تمام مساجد شریفہ میں جوتا پہن کر داخل ہونا ناجائز ہے، جس طرح وادی طوٰی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جوتا اتارنے کا حکم دیا گیا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ مدینہ طیبہ کے ادب کی خاطر سواری پر سوار نہ ہوتے تھے۔ (۹)

---

(۹)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۱۹
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۷
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۵۷
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۳۱
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج، ص ۵۰
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۱۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۷
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۴۳
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۷۳

marfat.com

﴿۴﴾ دینی یا دنیوی معظم لوگوں کے ہاں عزت واحترام ملحوظ رکھ کر جانا چاہئے، ان کے ہاں آنا جانا عام لوگوں کے آنے جانے کی طرح نہ ہو، عمدہ لباس، عمدہ ہیئت سے اور اگر ہو سکے تو ان کے بچھے ہوئے فرش پر جوتا اتار کر جائے، عرفِ عام یہی ہے اور عرف کی خلاف ورزی شریعتِ مطہرہ بھی پسند نہیں کرتی۔(۱۰)

﴿۵﴾ پاکیزہ اور بابرکت مقامات میں سے قبرستان بھی ہے، اگر وہاں کانٹے، کنکر وغیرہ سے پاؤں کو ایذا پہنچنے کا اندیشہ نہ ہو تو وہاں بھی جوتا اتار کر جائے۔ حدیث شریف میں ہے کہ آپ نے ایک آدمی کو قبرستان میں جوتا پہنے دیکھا تو فرمایا:

اِذَا کُنْتَ فِیْ مِثْلِ هٰذَا الْمَکَانِ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ. (۱۱)

جب تو اس جیسے مقدس مقام پر ہو تو اپنے دونوں جوتے اتار دے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے جوتے پہنے ایک آدمی کو قبرستان میں ملاحظہ کیا تو فرمایا:

یَاصَاحِبَ السِّبْتِیَّتَیْنِ وَیْحَکَ ،اَلْقِ سِبْتِیَّتَیْکَ فَنَظَرَالرَّجُلُ فَلَمَّا عَرَفَ رَسُوْلَ اللّٰهِ خَلَعَهُمَا فَرَمَابِهِمَا. (۱۲)

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان ، ج۳،ص۱۲۵۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۱،ص۱۵۷
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص۱۴۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۲۳۰
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲،ص۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۲۵۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳،ص۲۵۰
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷ص۳۷۴
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی ج۲ص۳۱
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۳۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ،مکہ مکرمہ، ج۳،ص۵۰
(۱۱) ☆ راوہ ابوداؤد، ج۱،ص۱۱۳
☆ راوہ النسائی ، ج۱،ص۱۰۷
☆ راوہ احمد، ج۵،ص۸۳،۸۴،۲۲۴
☆ راوہ ابن حبان، ص۳۱۷۰
☆ راوہ ابن ماجہ، ص۴۶
☆ راوہ الحاکم، ج۱،ص۷۳
(۱۲) ☆ رواہ ابوداؤد عن بشیر، ج۲،ص۱۰۴

marfat.com

اے جوتے پہنے والے! تجھ پر افسوس ہے، اپنے دونوں جوتے اتار دے، اس نے مڑ کر دیکھا تو اس نے پہچان لیا کہ فرمان والا سید دو عالم ﷺ ہے، اس نے دونوں جوتے اتار دیئے اور ان کو دور پھینک دیا۔(۱۳)

﴿۶﴾ نجاست سے ملوث جوتے پہن کر نماز ادا کرنا حرام ہے۔ایسے ہی ایسے جوتے پہن کر نماز پڑھنا جن میں سجدہ کی حالت میں انگلیوں کے پیٹ زمین پر نہ لگیں، ناجائز ہے۔ پاکیزہ جوتا پہن کر نماز ادا کرنا سنت کے خلاف اور نماز کے احترام کے منافی ہے۔حدیث شریف میں ہے:

اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ صَلّٰی یَوْمَ الْفَتْحِ فَوَضَعَ نَعْلَیْهِ عَنْ یَسَارِهٖ. (۱۴)

فتح مکہ کے روز نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا فرمائی تو آپ نے اپنے نعلین مبارک اتار کر بائیں طرف رکھ لئے۔(۱۵)

﴿۷﴾ نماز میں جوتے اتار کر ایسی جگہ رکھے کہ دوسرے نمازیوں کے لئے باعثِ ایذا نہ ہو۔مسجدوں میں اکثر جوتے رکھنے کے مقامات بنے ہوتے ہیں۔اگر پاس رکھنا منظور ہو تو دونوں پاؤں کے درمیان رکھے، تاکہ دائیں بائیں والے نمازی کو ایذا نہ ہو۔حدیث شریف میں ہے:

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ فَلَا یَضَعْ نَعْلَیْهِ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَلَا عَنْ یَسَارِهٖ فَتَکُوْنُ عَنْ یَمِیْنِ غَیْرِهٖ اِلَّا اَنْ لَّا تَکُوْنَ عَنْ یَسَارِهٖ اَحَدٌ وَلْیَضَعْهُمَا بَیْنَ رِجْلَیْهِ. (۱۶)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اپنی جوتیاں اپنے دائیں نہ رکھے، اور نہ بائیں طرف رکھے، اگر ایسا کرے گا تو دوسرے نمازی کے دائیں وہ ہوں گی، (البتہ اگر بائیں طرف

---

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۲۵۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۵۷

(۱۴) ☆ راوہ االنسائی عن عبداللہ بن السائب، ج ۱،ص ۱۲۵

☆ راوہ ابن حبان،ص ۲۱۸۹

☆ رواہ احمد.۳،ص ۲۰،۹۲،۴۱۱

☆ .....، ج۵،ص ۸۴

☆ .....، ج۶،ص ۲۲۲

(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۵۸

marfat.com

کوئی نمازی نہ ہوتو بائیں طرف رکھنے میں کوئی حرج نہیں) نمازی کو چاہئے کہ انہیں اپنے دونوں پاؤں کے درمیان رکھے۔(۱۷)

﴿۸﴾ سوائے خنزیر اور انسان کی کھال کے ہر جانور کی کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے۔اس دباغت شدہ کھال سے نفع لینا، خریدنا اور فروخت کرنا جائز ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

اَیُّمَا اِھَابٍ دُبِغَ فَقَدْطَھُرَ.(۱۸)

ہر چمڑا جو رنگا جائے وہ پاک ہوجاتا ہے۔

خنزیر چونکہ نجس العین ہے، اس کا ہر جزو ناپاک ہے اور آدمی کی عظمت وحرمت کا پاس کرتے ہوئے اس کی کھال کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔صحیح تحقیق یہ ہے کہ سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جوتا گائے کے رنگے ہوئے چمڑے کا تھا۔(۱۹)

﴿۹﴾ وادی طُوٰی سے اللہ تعالیٰ نے کافروں کو نکال دیا تھا اور وہاں صرف مومن آباد تھے، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے صالح مومنوں کی برکت کی وجہ سے اس کو وادیِ مقدس فرمایا۔لہٰذا جس جس بستی، علاقہ، شہر یا وادی میں صالحین کا قیام ہوا سے مقدس یا شریف کہہ سکتے ہیں، جیسے مکہ مقدسہ، مدینہ منورہ، بغداد شریف، اجمیر شریف، بریلی شریف وغیرہ۔(۲۰)

فائدہ جلیلہ:

﴿۱﴾ سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے وادی مقدس طُوٰی میں درخت سے آنے والی آواز کو کلامِ الٰہی یقین

(۱۶ بقیہ) ☆ راوہ ابوداؤد عن ابی ھریرہ، ج ۱، ص ۱۰۳
☆ ابن ابی شیبہ، ج ۲، ص ۴۱۸
☆ ابن حبان، ص ۲۱۷۲، ۲۱۷۳
(۱۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱، ص ۱۵۸
(۱۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۷
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۲، ص ۱۸
☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۷۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ ۔ ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۳۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ ، ج ۵، ص ۳۷۰

marfat.com

فرمایا، یہ یقین ''علمِ ضروری'' سے آیا تھا۔(۲۱)

فائدہ جلیلہ

﴿۲﴾ آگ تین قسم کی ہے۔

اول: جس میں گرمی ہو مگر روشنی نہ ہو، یہ دوزخ کی آگ ہے۔

دوم: جس میں گرمی اور روشنی ہو، یہ دنیا کی آگ ہے۔

سوم: جس میں نور ہو، گرمی نہ ہو، وادی طُویٰ میں درخت سے نکلنے والی آگ۔(۲۲)

فائدہ عظیمہ:

﴿۳﴾ قلب کا عروج اپنی اصل یعنی بالائے عرش تک کوشش اور ریاضت سے ممکن ہو بھی تو پچاس ہزار برس کی ریاضت کے بعد وہاں تک رسائی ہوگی۔(اتنی لمبی عمر کس کی؟) کیونکہ زمین سے عرش تک پچاس ہزار برس کی مسافت ہے(یہ پچاس ہزار کی مسافت بھی مبہم ہے دنیا کے سال یا نوری سال، پیدل مسافت، یا سواری پر مسافت؟) اس کو بطورِ کنایہ.....

"فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ" (سورۃ المعارج آیت ۴)

.....میں بیان کیا گیا ہے، لیکن شیخِ کامل کی توجہ سے یہ عروج بطریق اِجْتِبَا (انتخاب، چن لینا) حاصل ہو جاتا ہے۔ عارفِ رومی نے کیا خوب فرمایا ہے:

---

(۲۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۷

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۳۱

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۵۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۷۰

☆ الدرالمنثور ازحافظ جلا ل الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج ۵، ص ۵۵۹

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج ۷، ص ۳۷۴

(۲۱) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۶

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۶۸

(۲۲) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۵

marfat.com

سیرِ زاہد ہر شبے یک روزہ راہ
سیرِ عارف ہر دمے تا تخت شاہ (۲۳)

فائدہ عائدہ:

﴿۴﴾ مدین سے مصر تک واپسی کے سفر کیلئے سیدنا حضرت موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات نے حضرت شعیب علیہ السلام سے اجازت طلب کی تا کہ مصر میں اپنی والدہ (اور بہن) کی زیارت کر سکیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں دس برس رہ کر جو مقاماتِ علیا طے فرمائے اس کی حقیقت تو ان کا رب ہی بہتر جانتا ہے اور انہیں نبوت ہونے کا فیصلہ بھی ہو چکا تھا، تاہم والدہ کی زیارت جیسے عظیم کام کیلئے اتنا طویل اور دشوار سفر طے فرمایا۔ خود سیدِ عالم نورِ مجسم ﷺ نے اپنی والدہ ماجدہ سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کی قبرِ انور کی زیارت کے لئے سفر کی اجازت اللہ تعالیٰ سے طلب فرمائی اور زیارت کے لئے والدہ کی قبر انور کی طرف سفر اختیار فرمایا۔ انبیائے کرام علیہم السلام باوجود افضل مخلوق ہونے کے اپنی اپنی والدہ کی قبروں کے لئے اجازت لے کر جاتے ہیں۔ اس سے والدین کے احترام کا اندازہ بخوبی ہو سکتا ہے۔ (۲۴)

☆☆☆☆☆

(۲۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۷، ص ۳۷۴

(۲۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۵۶

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۵۵

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۲۷۲

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۱۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص: ۱۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۴۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۴۹

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۲۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۳۶۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۱۶۵

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۳۱

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج، ص ۵۰

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۵۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۷، ص ۳۷۱

marfat.com

باب(۲۸۱)

﴿قضا نمازوں کے مسائل﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اِنَّنِیْ اَنَااللّٰهُ لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنَافَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ ○

(سورۃطٰہٰ: آیت ۱۴)

بے شک میں ہی ہوں اللہ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں۔تو میری بندگی کر، اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھ۔

حل لغات:

لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنَا: میرے سوا کوئی معبود نہیں۔

اِلٰہَ ایسی ذات جو عبادت کی مستحق ہو، یعنی معبودِ حقیقی۔مشرکین نے اپنے زعمِ باطل میں پتھر کی مورتیوں، آگ، سورج، چاند وغیرہ کو الٰـہ کہا ہے جو سراسر باطل ہے۔عبادت کے لائق صرف اور صرف ایک ذات ہے۔کلمہ ''اللہ'' سے اس کو تعبیر کیا جاتا ہے۔وہی ایک ذات واجب الوجود ہے۔(۱)

الانتباہ

اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم جمیع صفاتِ کمالیہ کا جامع ہے۔اس کی ہر صفت کو بیان کرنے کے لئے الگ الگ اسم

(۱) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۷۷

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،ص ۲۱

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقہری الفیومی(م۷۷۰ھ)،ج ۱،ص ۱۲

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ،ص ۲۱۰

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج۹،ص ۳۷۴

marfat.com

ہے، اس کی صفتِ تخلیق کو کلمہ خالق سے بیان کیا جاتا ہے، اس کی صفتِ علم کو کلمہ علیم سے بیان کیا جاتا ہے۔ اس کی معاف کرنے والی صفت کو عفو سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ علی ھذا القیاس اس کی دیگر صفات کو الگ الگ اسموں سے بیان کیا جاتا ہے۔ خالق، علیم، عفو، کریم وغیرہ سب اسی ایک ذات کو بیان کرتے ہیں مگر ان کلمات کے معانی الگ الگ ہیں۔ خالق کا ترجمہ علم والا، عفو کا ترجمہ رزق دینے والا وغیرہ کرنا شریعت اور لغت کے اعتبار سے جائز نہیں۔ اسی طرح ''اِلٰـہَ'' کا ترجمہ داتا، مددگار، رب وغیرہ کرنا شریعت اور لغت کے اعتبار سے جائز نہیں۔ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا کا صحیح مفہوم یہ ہے: میرے سوا کوئی معبود نہیں۔

فَاعْبُدْنِیْ: تو میری بندگی کر۔

ہر وہ امر، جس کا بندۂ مومن مکلّف ہے عبادت میں شامل ہے۔ قرآن مجید میں ''عبادۃ'' دیگر موقعوں پر بمعنی توحید ہے۔ آیت کا معنی یہ ہوگا، تو میری توحید کا اعلان کر۔ ارشادِ ربانی.....

وَمَاخَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ○ (سورۃ الذٰریات: آیت ۵۶)

اور میں نے جن اور آدمی اتنے ہی لئے بنائے کہ وہ میری بندگی کریں۔

.....میں عبادت سے مراد توحید بیان کرنا ہے۔ (۲)

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ: اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھ۔ لِذِکْرِیْ متعدد معنوں کا احتمال رکھتا ہے۔

(ا) نماز قائم رکھ۔ کیونکہ نماز سے مجھے محبت ہے۔ نماز کو محبت سے تعبیر کیا گیا ہے۔

(ب) نماز قائم رکھ۔ کیونکہ اس میں میرا ذکر ہے۔

(ج) نماز قائم رکھ۔ کیونکہ آسمانی کتابوں میں اس کا ذکر ہے۔

(د) نماز قائم رکھ۔ تاکہ میں بھی تیری مدح وثنا کروں۔

(ہ) نماز قائم رکھ۔ کیونکہ اس میں صرف میرا ہی ذکر ہے۔

(ر) نماز قائم رکھ۔ تاکہ تو مجھے یاد رکھے اور بھول نہ جائے۔

---

(۲) ☆ تفسیر البحر المحیط لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ ۔ ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۳۱

marfat.com

(ح) میری یاد کے وقت نماز قائم رکھ۔اس سے مراد نماز کے اوقاتِ متعینہ ہیں۔

(ط) اگر تو بھول جائے تو میری یاد آنے پر نماز قائم کر۔

لِذِکْرِیْ سے مذکورہ بالا معانی مراد لینا جائز ہے۔(۳)

پس منظر:

مقدس وادی ،طویٰ میں حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ربِّ جلیل جل وعلا نے جو کلام بغیر واسطہ جبرئیل امین علیہ السلام فرمایا، یہ آیت بھی اسی کلام کا حصہ ہے۔اس آیت کے سیاق اور سباق میں متعدد آیات اس وحی کا حصہ ہیں۔ربِّ قدیر عزشانہ سے بغیر واسطہ کلام سننے کی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلیم اللہ کہا جاتا ہے۔سابقہ انبیاء میں بے واسطہ کے کلام سننے کا شرف کسی اور کو حاصل نہیں ہوا۔ہمارے آقاء مولیٰ امام الانبیاء علیہ التحیہ والثناء کو بے واسطہ کسی فرشتہ شبِ معراج رب تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

(۳)

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۲۲۰

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۵۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۱،ص ۱۶۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص۵۱۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص ۱۴۴

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص ۳۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور ج۳،ص ۲۵۰

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۵۰

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص ۲۱۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۵۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲،ص۱۹

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۲۳۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۵،ص ۳۷۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۶،ص ۱۷۱

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷،ص۳۷۶

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵،ص۵۹

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ اسلام کے بنیادی فرائض میں اللہ تعالیٰ کے وحدہٗ لاشریک لہٗ ہونے کا اقرار اور تصدیق اولین فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ جس طرح اپنی ذات میں یکتا ہے اسی طرح اپنی صفات، اسماء اور افعال میں بھی وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ عقیدۂ توحید پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں بن سکتا اور نہ وہ نجات پائے گا۔ (۴)

﴿۲﴾ عبادت سوائے اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کے کسی اور کے لئے جائز نہیں۔ مخلوق میں کسی کی عبادت شرک ہے جو حرام ہے۔ مشرک بخشا نہ جائے گا خواہ کسی مرتبہ کا ہو۔ (۵)

فائدہ جلیلہ

یاد رہے کہ عبادت اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم کے حضور انتہائی عاجزی اور انکساری پیش کرنا ہے۔ جبکہ تعظیم عبادت سے الگ امر ہے۔ مخلوقات میں سے جو شے یا ذات عظمت والی ہو اس کی تعظیم بجالانا عبادت میں شمار نہیں ہوتا۔ بلکہ حکمِ الٰہی بجالانا ہے۔ انبیاء و رُسُل، ملائکہ، حرمین شریفین، بیت اللہ، مسجدِ نبوی شریف، منیٰ،

---

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۶۱
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۱۴۴
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲، ص ۱۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور ج۳، ص ۲۵۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۵۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۵، ص ۳۷۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۱۷

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۶۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۱۷
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۵۱
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۳۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور ج۳، ص ۲۵۰
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲، ص ۱۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردوترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۷، ص ۳۷۵

marfat.com

مزدلفہ، عرفات، صفا، مروہ، تمام مساجد، قرآن مجید، کتبِ حدیث، کتبِ تفسیر، کتبِ فقہ، کتبِ اسلامی علوم، والدین، اساتذہ، علمائے دین، اپنے سے بڑی عمر والے، مقاماتِ مقدسہ، مزاراتِ اولیاء، مبارک دن، مبارک راتیں، مبارک ساعتیں وغیرہ سب کی تعظیم حکمِ الٰہی میں شامل اور قربِ ذاتِ باری کا وسیلہ ہیں۔ ارشادِ ربانی.....

ذٰلِکَ وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰہِ فَاِنَّھَامِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ ○ (سورۃ الحج: آیت ۳۲)

بات یہ ہے اور جو اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔

.....اس پر ناطق دلیل ہے۔

﴿۳﴾ اسلامی فرائض میں سب سے اہم فریضہ نماز کا ادا کرنا ہے۔ قرآن مجید نے نماز کی اہمیت و فرضیت کو کئی سو مرتبہ ذکر فرمایا ہے۔ آیت زیرِ عنوان انہی آیات میں سے ایک ہے۔ کثیر احادیثِ طیبہ اور آثارِ کریمہ میں نماز کی فرضیت کا بیان ہے۔ نماز کی اہمیت و فرضیت پر امت کا اجماع ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

اَنَّہٗ ذَکَرَ الصَّلَاۃَ یَوْمًا فَقَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَیْھَا کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا وَّبُرْھَانًا وَّنَجَاۃً مِّنَ النَّارِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَمَنْ لَّمْ یُحَافِظْ عَلَیْھَا لَمْ تَکُنْ لَّہٗ نُوْرًا وَّلَا نَجَاۃً وَّلَا بُرْھَانًا وَکَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مَعَ قَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَھَامَانَ وَاُبَیِّ بْنِ خَلْفٍ (۶)

رسول اللہ ﷺ نے ایک روز نماز کا ذکر کیا اور فرمایا: جو اس (نماز) کی پابندی کرے گا قیامت کے روز اس کے لئے نماز نور، برہان اور نجات کا باعث ہوگی۔ اور جو اس کی پابندی نہیں کرے گا اس کے لئے روزِ قیامت نماز نہ نور ہوگی اور نہ نجات کا ذریعہ؛ اور وہ قیامت کے روز قارون، فرعون، ہامان اور ابی ابن خلف کے ساتھ ہوگا۔

ایک اور حدیث میں نماز کی فرضیت یوں بیان ہوئی۔

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ (وفی روایۃ عمود) (۷)

(۶) ☆ رواہ دارمی عن عبداللہ بن عمرو، ج ۲، ص ۳۹۰
☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۱۲۶

(۷) ☆ رواہ البیھقی فی شعب الایمان عن عمر/بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۸۳

marfat.com

نماز دین کا ستون ہے۔(جس نے نماز کو قائم رکھا اس نے دین کو قائم رکھا اور جس نے نماز کو قائم نہ رکھا اس نے دین کی عمارت کو گرادیا)(۸)

﴿۴﴾ نمازِ پنجگانہ کو ان کے مقررہ اوقات میں ادا کرنا فرض ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا۝ (سورۃالنسآء :آیت ۱۰۳)

بیشک نماز مسلمانوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے۔(۹)

﴿۵﴾ نماز (اور دیگر فرائضِ اسلام) اگر متعینہ وقت پر ادا ہوں تو اصطلاحِ شرع میں اس عمل کا نام ''ادا'' ہے اور اگر وقت پر ادا نہ ہوسکیں، ان کے متعینہ وقت کے بعد ادا ہوں تو اسے ''قضا'' کہتے ہیں۔بعض اوقات ادا کو قضا سے اور قضا کو ادا سے بھی تعبیر کر لیتے ہیں۔مثلاً ارشادِ ربانی ہے۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا. (سورۃالجمعة:آیت ۱۰)

پھر جب نماز (ادا) ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ۔

نمازِ جمعہ ظہر کے وقت ہی ادا ہوتی ہے، اگر وقت گزر جائے تو اس کی قضا نہیں، بلکہ ظہر کی نماز قضا کرنی ہوگی۔ نمازِ جمعہ کی ادائیگی کو ربّ کریم نے قضا فرمایا ہے۔

مناسکِ حج اپنے متعینہ اوقات پر ہی ادا ہوں گے، مگر مناسکِ حج پوری طرح ادا کرنے کو رب تعالیٰ وتقدس نے قضا فرمایا ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ. آلایه (سورۃالبقرة:آیت ۲۰۰)

پھر جب اپنے حج کے کام پورے کر چکو تو اللہ کا ذکر کرو۔(۱۰)

---

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۱۶۱

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر،ج ۳،ص ۱۴۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج ۲۲،ص ۱۹

(۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۱۶۱

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان،ج ۳،ص ۲۲۰

marfat.com

﴿۶﴾ نماز (اور دیگر فرائض) اگر وقت پر ادا نہ ہو سکیں تو ان کا کرنا فرض ہے، وہ فرائض معاف نہیں ہو جاتے۔(۱۱)

﴿۷﴾ اگر کسی عذر یا غفلت کی بنا پر نماز قضا ہو جائے اور وہ متعینہ وقت کے بعد ادا کر لی جائے تو قضا کی وجہ سے اس پر کفارہ نہیں۔ وقت پر نماز ادا نہ کرنے کا گناہ اس کے ذمہ باقی رہتا ہے۔ یہ گناہ توبہ سے یا محض فضلِ ربِّ کریم جل وعلا سے معاف ہو جاتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ نَسِیَ صَلَاۃً فَلْیُصَلِّ اِذَاذَکَرَلَا کَفَّارَۃَ لَھَا اِلَّاذٰلِکَ.(۱۲)

﴿۸﴾ نماز قضا کرنے والوں پر انہی نمازوں کی ادا فرض ہے، قضا نمازیں کثیر ہوں یا قلیل۔ فرض نمازوں کی قضا فرض

(بقیہ ۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۲۵۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۶۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور ،ص ۵۱۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۲،ص ۲۰
(۱۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۲۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۲۵۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۱،ص ۱۶۱
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۱۴۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور ،ص ۵۱۷
(۱۲) ☆ رواہ البخاری عن انس بن مالک ، ج ۱،ص ۸۴
☆ رواہ مسلم عن انس بن مالک، ج ۱،ص ۳۱۴،ج ۳۱۵
☆ رواہ ابوداؤدعن انس، ج ۱،ص ۷۰
☆ رواہ الترمذی عن انس، ج ۱،ص ۴۵
☆ رواہ النسائی عن انس، ج ۱،ص ۱۰۰
☆ رواہ ابن ماجہ عن انس،ص ۵۰
☆ رواہ الدارمی عن انس بن مالک ، ج ۱،ص ۳۰۵
☆ رواہ مالک فی کتاب الصلاۃ
☆ رواہ احمد، ج ۳،ص ۱۰۰،۲۱۳،۲۶۹،۲۶۷،۲۸۲
☆ .....، ج ۵،ص ۲۲
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۲۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۲۵۷
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۱۴۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور ،ص ۵۱۷

marfat.com

ہے۔واجب نمازوں کی قضاواجب ہےاورنفل نمازوں کی قضامستحب ہے۔(۱۳)

﴿۹﴾ ایک شخص کی نماز قضاہوگئی اوردوسری نماز کاوقت تنگ ہوگیا کہ صرف ایک ہی نماز پڑھ سکتا ہےتووہ پہلے وقتی نمازاداکرے۔(۱۴)

﴿۱۰﴾ وہ شخص جس کی پانچ نمازوں سے کم نمازیں قضاہوئیں،وہ صاحب ترتیب ہے۔اس کیلئے قضانمازوں اوروقتی نمازوں کے درمیان ترتیب لازم ہے۔مثلاً ایک شخص کی دو،تین نمازیں قضاہوئیں،وہ وقتی نماز سے پہلے قضا شدہ نمازیں اداکرے تاکہ نمازوں کی ترتیب باقی رہے۔اگراسے وقتی نماز کے دوران یادآیاتواسے مکمل کر کے قضاپڑھے،پھروقتی نمازاداکرے۔اسی طرح اگرکوئی امام کے پیچھے نماز پڑھ رہاہے،دوران میں قضا نمازیں یادآئیں،اب وہ امام کے ساتھ نمازمکمل کرے،پھرقضاپڑھے،پھروقتی نماز کااعادہ کرے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِذَانَسِیَ اَحَدُکُمْ صَلَاۃً فَلَمْ یَذْکُرْھَااِلَّاوَھُوَمَعَ الْاِمَامِ فَلْیُصَلِّ مَعَ الْاِمَامِ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِہٖ فَلْیُصَلِّ الصَّلَاۃَ الَّتِیْ نَسِیَ ثُمَّ لِیُعِدْ صَلَاۃَ الَّتِیْ صَلّٰی مَعَ الْاِمَامِ. (۱۵)

جب تم میں سے کوئی قضاشدہ نمازکوبھول گیا،اسے تب یادآیاجب وہ امام کے ساتھ نماز پڑھارہاہو۔تو اسے امام کے ساتھ نماز پوری کرنی چاہئے۔جب اس سے فارغ ہوتو قضاشدہ نماز پڑھے پھراس نماز کا اعادہ کرے جواس نے امام کے ساتھ پڑھی۔

غزوہ خندق میں حضورنبی اکرم ﷺ کی چارنمازیں قضاہوئیں آپ نے ان کوترتیب سے ادافرمایا۔

حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ الْمُشْرِکِیْنَ شَغَلُوْارَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺعَنْ اَرْبَعِ صَلٰوَاتٍ یَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰی ذَھَبَ مِنَ اللَّیْلِ مَاشَاءَ اللّٰہُ فَاَمَرَ بِلَالاً فَاَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلّٰی الظُّھْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّی الْعَصْرَ ثُمَّ اَقَامَ

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۱۶۱

(۱۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان،ج۳،ص ۲۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۱۶۳

(۱۵) ☆ رواہ الدارقطنی،ج ۱،ص ۴۲۱

marfat.com

فَصَلَّى الْمَغْرَبَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءِ (۱۶)

مشرکینِ مکہ نے غزوۂ خندق کے روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چار نمازیں قضا کر دیں۔ (حضور ﷺ جہاد میں مصروف رہے)۔ رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔ حضور نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم فرمایا۔ انہوں نے اذان کہی، پھر اقامت کہی تو آپ نے (صحابہ کرام کے ہمراہ) ظہر کی نماز ادا کی۔ پھر حضرت بلال نے اقامت کہی، حضور نے عصر کی نماز ادا کی، پھر اقامت ہوئی، پھر مغرب کی نماز ادا کی۔ پھر اقامت کہی تو آپ نے عشاء کی نماز ادا کی۔ (۱۷)

﴿۱۱﴾ جب کسی کی کوئی نماز قضا ہو جائے (یعنی وقت پر نہ پڑھ سکا) تو ممکنہ تعجیل (جتنی جلدی ہو سکے) اسے ادا کرے۔ اگلے دن اس نماز کے وقت کا انتظار نہ کرے۔ کیونکہ قضا نماز کا وقت وہی ہے جب اسے یاد آ جائے یا پڑھنے کی سہولت میسر ہو۔ قضا نماز کا دوبار ادا کرنا جائز نہیں۔ (قضا نماز جب بھی ادا کرے۔ اگلے روز قضا نماز کے وقت میں اس کا اعادہ جائز نہیں)۔ (۱۸)

☆☆☆☆☆

(۱۶) ☆ رواہ الترمذی، ج ۱، ص ۴۵

☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۲۷۵

(۱۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۶۴

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۶۵

marfat.com

باب (۲۸۲)

﴿سوال کے جواب کو کسی مصلحت کے تحت طول دینا جائز ہے﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ○ قَالَ هِيَ عَصَايَ ج اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ○ (سورۃ طٰہٰ: آیات ۱۷، ۱۸)

اور یہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ! عرض کی: یہ میرا عصا ہے، میں اس پر تکیہ لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں، اور میرے اس میں اور کام ہیں۔

حل لغات:

اَتَوَكَّؤُا: اِتِّكَاءٌ کا معنی ہے: سہارا لینا، تکیہ لگانا، ٹیک لگانا۔

باب تَفَعُّلُ سے واحد متکلم مضارع معروف کا صیغہ ہے، معنی ہے: میں تکیہ لگاتا ہوں۔ (۱)

اَهُشُّ: هَشٌّ (از باب ضَرَبَ اور نَصَرَ) هَشًّا کا معنی ہے: لاٹھی سے درخت کے پتے جھاڑنا۔ (۲)

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۹۱
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۳۲
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۵۶
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۳۶

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۴۲۳
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۴۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۴۰
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۴، ص ۳۶۷

marfat.com

مَارِبُ: جمع ہے، اس کا واحد ہے، مَارِبَۃٌ، مَارَبَۃٌ اور مَارُبَۃٌ (را کی تینوں حرکات کے ساتھ) بمعنی حاجت، ضرورت، شدید ضرورت۔(۳)

پس منظر:

سیدنا حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کو وادیٔ مقدس طوی میں رب کریم جل مجدہ نے شرفِ ہم کلامی بخشا اور بلاواسطہ کلام فرمایا، نبوت ورسالت سے سرفراز فرمایا اور فرعون اور فرعونیوں کی طرف دعوتِ حق پر مامور فرمایا۔ آنے والے حالات کے تقاضا کے مطابق معجزات عطا فرمائے۔ان میں آپ کے داہنے ہاتھ کے عصا کو بھی معجزہ بنایا۔قوم کے سامنے یہ عصا اژدھا بن جائے۔چونکہ وہ ایک غیر معمولی منظر ہوگا۔ممکن ہے اس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام خوف زدہ نہ ہو جائیں، اس سے پہلے اللہ تعالیٰ نے اس عصا میں مضمر معجزہ دکھانا چاہا، سو اللہ تعالیٰ عز شانہٗ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: اے موسیٰ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ یہ خطابِ دل نوازسن کر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے ہم کلام ہونے کا شرف پایا اور عرض کی۔''یہ میرا عصا ہے۔''اگر چہ سوال کا جواب اتنا ہی تھا۔مگر ہم کلامی کا شرف پا کر تقاضائے عشق کے تحت کلام کو طول دیا اور عرض کی: میں اس پر تکیہ لگاتا ہوں، اپنی بکریوں کے لئے درختوں کے پتے جھاڑتا ہوں، اس کے بعد معاً خیال گزرا طویل کلام تقاضائے ادب کے خلاف ہے۔اس لئے کلام کو مختصر کرتے ہوئے عرض کی: اور میرے اس میں اور کام ہیں۔

ان دو آیات میں تقاضائے عشق اور تقاضائے ادب کا حسین امتزاج ہے۔

(۳) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۲۶

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(ﷺ۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،، ص ۱۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م ﷺ۷۷۰ھ)، ج ۱ ،ص ۷

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ﷺ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱ ،ص ۱۳۵

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ ہر نیک کام داہنے ہاتھ سے کرنا چاہئے، کسی سے لین دین داہنے ہاتھ سے کرنا چاہئے، ہر کام کی ابتداء داہنے سے کرنا سنت ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب ﷺ کو محبوب ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنا عصا اپنے داہنے ہاتھ میں رکھتے تھے۔ ہادیٔ عالم سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عمل مبارک یہ ہے:

كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَااسْتَطَاعَ فِيْ طُهُوْرِهٖ وَتَنَعُّلِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ (۴)

نبی پاک صاحب لولاک ﷺ ہر ممکن داہنے ہاتھ سے کام کو پسند فرماتے، طہارت کرنے، نعلین پہننے اور چلنے میں۔ (۵)

﴿۲﴾ ہاتھ میں عصا لینا سنتِ انبیاء ہے، مومن کی علامت ہے، صلحاء کے لئے زینت ہے، دشمنوں کے خلاف ہتھیار ہے، کمزوروں کا سہارا ہے، منافقین پر غم طاری رکھتا ہے، بندگی میں معاون ہے، نماز کے لئے سُترہ ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کا ذکر قرآن مجید نے متعدد آیات میں فرمایا ہے۔ حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے دستِ مبارک میں عصا ہوتا۔ حدیث شریف میں ہے:

طَافَ النَّبِيُّ ﷺ فِيْ حَجَّةِ الْوِدَاعِ عَلٰى بَعِيْرِهٖ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ (۶)

نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع میں اونٹنی پر طواف کیا اور رکنِ اسود (حجرِ اسود) کا استلام ایسے عصا سے کیا

---

(۴) ☆ رواہ البخاری عن عائشۃ، ج۲، ص۸۱۰

☆ رواہ ابوداؤد عن عائشۃ، ج۲، ص۲۱۷

☆ ورواہ مسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ واحمد/بحوالہ جامع صغیر، ج۲، ص۱۹۵

(۵) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲، ص۲۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۵، ص۳۷۲

(۶) ☆ رواہ البخاری عن ابن عباس، ج۱، ص۲۱۸

☆ رواہ مسلم عن ابن عباس، ج۱، ص۴۱۳

☆ رواہ ابوداؤد عن ابن عباس، ج۱، ص۲۶۶

☆ رواہ النسائی عن عائشۃ، ج۲، ص۳۶

☆ رواہ احمد، ج۱، ص۲۱۴، ۲۳۷، ۲۳۸، ۳۰۴

☆ .....، ج۳، ص۴۱۲

☆ .....، ج۵، ص۴۵۴

marfat.com

جس کے سرے میں خم تھا۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی عموماً اپنے ہاتھوں میں عصار کھتے تھے، حدیث شریف میں ہے:

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُسَیْدَبْنَ حُضَیْرٍوَّعُبَّادَبْنَ بَشِیْرٍ کَانَاعِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فِیْ لَیْلَۃٍ ظَلْمَآءَ قَالَ فَلَمَّاخَرَجَامِنْ عِنْدِہٖ اَضَاءَ تْ عَصَااَحَدُھُمَافَکَانَایَمْشِیَانِ ضَوْءِ ھِمَافَلَمَّاتَفَرَّقَااَضَاءَ تْ عَصَا ھٰذَاوَعَصَاھٰذَا(۷)

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت اسید بن حضیر اور عباد بن بشیر رضی اللہ عنہم اندھیری رات میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے، جب یہ دونوں وہاں سے اپنے گھروں کو چلے تو ایک عصا (مانند مشعل کے) روشن ہوگیا، یہ دونوں اس کی روشنی میں چلتے رہے، جب یہ اپنے اپنے راستوں پر جدا ہوئے تو دونوں کے عصا روشن ہوگئے۔

﴿۳﴾ مخاطب سے کسی شے کے بارے میں سوال کرنے میں بہت سی حکمتیں مضمر ہوتی ہیں، مثلاً:

اول: سامع پر اس شے کی عظمت ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ان کے عصا اور اس کے معجزہ کی حقیقت کو اجاگر کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے سوال فرمایا۔

دوم: اس شے کے متعلق سوال، تاکہ واضح ہوجائے کہ یہ وہی ہے جو بظاہر نظر آرہی ہے، اس شے کا اگر کوئی کمال واضح ہوجائے تو اجنبیت محسوس نہ ہو۔

سوم: اس شے کے منافع بتانے کے لئے سوال کیا جاتا ہے تاکہ بندہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا رہے۔

اس لئے ہر سوال کو لاعلمی پر محمول کرنا خود جہالت ہے۔ بندۂ مومن کے لئے لازم ہے سوال کرنے والے کی غرض وغائت کو ملحوظ رکھے۔(۸)

(۷) ☆ رواہ احمدعن انس، ج۳، ص ۱۹۰، ۱۹۱

(۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۲۲۲

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۲۵۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱، ص ۱۶۹

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۱۴۵

marfat.com

﴿۴﴾ سوال کے جواب کوطول دینا جائز ہے، جبکہ طول دینے میں صحیح غرض ہو، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رب کریم جل جلالہ کے سوال کے جواب کوطول دیا، تا کہ ہم کلامی کا شرف اور روحانی لذت حاصل رہے۔

بعض اوقات طویل جواب سے بعض مسائل بتانا مقصود ہوتا ہے۔ حضور شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سمندر کے پانی کی طہارت کے بارے میں سوال ہوا، آپ نے اس کی طہارت کے علاوہ اس کی مچھلیوں کی حِلّت بھی ارشاد فرمادی۔ حدیث شریف میں ہے۔

هُوَاالطُّهُوْرُ مَآءُهٗ اَلْحِلُّ مَيْتَتُهٗ(۹)

اس (سمندر) کا پانی پاک ہے اور اس کا مردہ (مچھلی) حلال ہے۔(۱۰)

☆☆☆☆☆

(بقیہ۸) ☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی، ج۲، ص ۳۲

☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲، ص۲۵

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۲۱۴

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵، ص ۶۱

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۷، ص ۳۸۰

(۹) ☆ رواہ ابوداؤدعن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱۳

☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۲۹

☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۲۲۷

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۵۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۱۷۰

☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲، ص ۲۶

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۳۴

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۷، ص ۳۸۰

marfat.com

باب(۲۸۳)

﴿نمازِ پنجگانہ کی فرضیت اوران کے اوقات﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

فَاصْبِرْ عَلٰى مَايَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِرَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ غُرُوْبِهَا ج وَمِنْ اٰنَآ ئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ○ (سورۃطٰہٰ: آیت ۱۳۰)

توان کی باتوں پرصبر کرو،اوراپنے رب کوسراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اوراس کے ڈوبنے سے پہلے،اوررات کی گھڑیوں میں اس کی پاکی بولو،اوردن کے کناروں پر۔اس امید پر کہ تم راضی ہو۔

حل لغات:

فَاصْبِرْ عَلٰى مَايَقُوْلُوْنَ: توان کی باتوں پرصبر کرو۔مشرکین،حضورسیدالانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شانِ رفیع میں بے ہودہ بکواس کرتے تھے۔کبھی کہتے کہ آپ جادوگر ہیں،کبھی کہتے آپ شاعر ہیں۔کبھی کہتے کہ آپ مجنوں ہیں،کبھی دوسرے رخ سے آپ کی تکذیب کرتے کہ آپ نے جس عذاب کا وعدہ ہمیں دیا ہے وہ پورا نہیں ہوا۔اس تمام صورتِ حال میں اللہ تعالیٰ آپ کوصبر کا حکم دیتا ہے۔اورفرماتا ہے کہ ان کے عذاب کا وقت مقرر ہے،وہ اپنے مقررہ وقت پرآکر رہے گا۔آپ اطمینان سے رہیے۔(۱)

(۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۱،ص ۲۳۱
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر،ج ۳،ص ۱۷۰
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی،ج ۲،ص ۴۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج ۳،ص ۲۶۹

marfat.com

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ :اوراپنے رب کوسراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو۔آیتِ مبارکہ میں تسبیح سے مرادنماز ہے۔نماز میں تسبیح ،تحمیدوغیرہ ہوتے ہیں۔جزوسے کل مرادلیناعام شائع اورمتعارف ہے۔یعنی اپنے رب کی حمد کرتے، اسے سراہتے،اس کے لئے نمازادا کرو۔(۲)

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ: سورج چمکنے سے پہلے۔یہ صبح کی نماز کاوقت ہے۔(۳)

(بقیہ ۱) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور،ج۳،ص ۲۶۹

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳،ص ۶۹

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۲۲،ص ۱۳۳

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۵،ص ۴۴۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۶،ص ۲۸۱

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی،ج۳،ص ۹۶

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ج۳،ص ۲۳۶

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی،ج۵،ص ۱۱۲

(۲) ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص ۵۱۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۱۱،ص ۲۳۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۳،ص ۱۲۶۲

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۲۲،ص ۱۳۳

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر،ج۳،ص ۱۷۰

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور،ج۵،ص ۳۳۳

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی،ج۲،ص ۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور،ج۳،ص ۲۶۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور،ج۳،ص ۲۶۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۵،ص ۴۴۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۶،ص ۲۸۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص ۵۱۷

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی،ج۳،ص ۹۶

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ص ۲۳۶

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی،ج۵،ص ۱۱۲

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج۷،ص ۴۴۸

(۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۳،ص ۱۲۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۱۱،ص ۲۳۱

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور،ج۵،ص ۳۳۳

marfat.com

وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا: اوراس (سورج) کے ڈوبنے سے پہلے۔اس سے مراد نمازِ عصر ہے۔(۴)

وَمِنْ اٰنَآیِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ: اوررات کی گھڑیوں میں اس کی پاکی بولو۔

اٰنَآیِ جمع ہے اس کا واحد ہے: اِنِیٌ ،اِنْوٌ ،اِنًا ،اَنَاءٌ ،اَنَاهُ ،اَنٍ ۔اس کا معنی ساعات، رات کی گھڑیوں میں نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء ادا کی جاتی ہے۔(۵)

(بقیہ ۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۷۰

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۴

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۶۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۳۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۹۶

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۳۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۱۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص ۵۱۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۴۴۸

(۴) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۳۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۷۰

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۴

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۶۹

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۹۶

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۳۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۳۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۴۴۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۲۸۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص ۵۱۷

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۱۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۴۴۸

(۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۳۱

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۳۳۴

marfat.com

وَاَطْرَافَ النَّهَارِ:اوردن کے کناروں پر۔

دن کے دو حصے ہیں۔زوال سے پہلے، زوال کے بعد۔نمازِ ظہر زوال کے آخری کنارے اور بعد زوال کے ابتدائی کنارے میں ادا کی جاتی ہے۔اس لئے نمازِ ظہر کو دن کے کناروں پر فرمایا گیا ہے۔(۶)

(بقیہ۵) ☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج۳، ص ۱۷۰

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۴

☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی وعلامه جلال الدین محلی مطبوعه مکه مکرمه، ج ۳، ص ۶۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۲، ص ۱۳۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج ۳، ص ۹۷

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ج ۳، ص ۲۳۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۶، ص ۲۸۲

☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ج ۵، ص ۴۴۵

☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی، پشاور، ص ۵۱۸

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۷، ص ۴۴۹

☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعه کراچی، ج ۵، ص ۱۱۲

(۶) ☆ احکام القرآن از علامه ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۳۱

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج ۳، ص ۱۷۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۲، ص ۱۳۴

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۴

☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی وعلامه جلال الدین محلی مطبوعه مکه مکرمه، ج ۳، ص ۶۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۶۹

☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی، پشاور، ص ۵۱۸

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج ۳، ص ۹۷

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ج ۳، ص ۲۳۶

☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعه کراچی، ج ۵، ص ۱۱۲

☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ج ۵، ص ۴۴۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ص ۲۸۲

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۷، ص ۴۴۹

marfat.com

آیتِ مبارکہ کا مفہوم ومراد یہ ہے کہ اے محبوب! آپ مشرکین کی ایذا رسانیوں پر صبر فرمائیے۔ ہم عنقریب ان کی بداعمالیوں کی بنا پر ان کو سخت عذاب دیں گے۔ آپ اپنے رب تعالیٰ جل وعلا کی تعریف کرتے ہوئے طلوعِ فجر سے پہلے (نمازِ فجر) غروبِ آفتاب سے پہلے (نمازِ عصر)، رات کی گھڑیوں میں (نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء) اور دن کے دونوں کناروں پر (نمازِ ظہر) ادا فرماتے رہیے۔ اس امید پر کہ آپ راضی ہوں اور ہم آپ کو راضی کریں گے۔ ہم آپ کو اتنا دیں گے کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ بندۂ مومن پر، دن اور رات میں، پانچ نمازیں فرض ہیں، بشرطیکہ وہ عاقل بالغ ہو، پانچ نمازیں یہ ہیں: نمازِ فجر، نمازِ ظہر، نمازِ عصر، نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء۔

ان پانچ نمازوں کی فرضیت قرآن مجید کی متعدد آیات، احادیثِ صحیحہ کثیرہ (درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی) نبی اکرم ﷺ کے ارشادات اور اقوال، صحابہ کرام اور امتِ مرحومہ کے اجماع اور تعامل سے ثابت ہے۔ ان پانچوں میں کسی ایک کا انکار بھی کفر ہے۔ ادا نہ کرنے والا گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ (۷)

(۷)
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۲
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۳۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۷۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۳۳
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۹۶
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۳۶
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۴
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۶۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۶۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۶۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۱۷
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۴۴۴
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۶، ص ۲۸۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۱۲
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۴۴۸
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۳۳۳

marfat.com

﴿۲﴾ نمازِ پنجگانہ کے اوقات قرآن مجید نے اجمال سے بیان فرمائے ہیں۔اس اجمال کی تفصیل حضور شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اقوال وارشادات سے مقرر فرمادی ہے۔ان اوقاتِ متعینہ میں نماز ادا کرنا فرض ہے۔متعینہ اوقات کے اندر اگر (بدقسمتی سے) نماز ادا نہ ہوسکی تو اس کی ادائیگی معاف نہ ہوگی۔اس کی ادائیگی ہر ممکن جلدی میں کی جائے۔قرآن مجید میں ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا. آلایہ(سورۃالنساء:آیت ۱۰۳)

بے شک نماز مسلمانوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے۔

نوٹ

پنجگانہ نماز کے اوقات کی مزید تفصیل سورۃ النسآء، آیت:۱۰۳اور سورۃ ہود، آیت نمبر:۱۱۴کے احکام میں گزر چکی ہے۔وہاں ملاحظہ فرمائیں۔(۸)

﴿۳﴾ نماز فرض ہو یا نفل ہر دکھ، پریشانی اور غم کا مجرب اور موثر علاج ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

(۸)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۱۲۶۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۱،ص ۲۳۱
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص ۱۷۰
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص ۲۳۶
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج۵،ص ۳۳۳
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۲،ص ۱۳۳
☆ تفسیرالوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص ۴۴
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳،ص ۶۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جولپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص ۵۱۷
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۹۶
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۵،ص ۴۴۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۶،ص ۲۸۱
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۷،ص ۴۴۸
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵،ص ۱۱۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۶۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور. ج۳،ص ۲۶۹

marfat.com

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۝ (سورۃ البقرۃ: آیت ۴۵)

اور صبر اور نماز سے مدد چاہو اور بیشک نماز ضرور بھاری ہے مگر ان پر نہیں جو دل سے میری طرف جھکتے ہیں۔
اس لئے بندۂ مومن کو چاہئے کہ جب اسے کوئی پریشانی لاحق ہو وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور جھک جائے اور نماز میں کوشش کرے۔(۹)

فائدہ عظیمہ

محبوبِ رب العالمین سیدِ عالم نبی اکرم رسولِ محتشم ﷺ کی نماز اوروں کی نماز سے مختلف تھی۔آپ اس لئے نماز ادا فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جل وعلا آپ کو راضی کردے اور امتی اس لئے نماز ادا کرتا ہے تا کہ وہ اپنے رب کو راضی کرے۔آیت زیبِ عنوان کا آخری حصہ اس پر دلالت کرتا ہے۔علاوہ ازیں دیگر آیاتِ مبارکہ میں اس کی صراحت ہے۔ایک ارشادِ ربانی ہے۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ (سورۃ الضحی: آیت ۵)

اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے(۱۰)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ.

۱۳ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ/ ۲۱ر جون ۲۰۰۵ء کو سورۃ طٰہٰ کے احکام کی ترتیب پایہ تکمیل کو پہنچی۔اللہ تعالیٰ کی اس توفیق پر اس کے حضور شکر ادا کرتا ہوں۔نیز دعا کرتا ہوں کہ قرآن مجید کے بقیہ احکام کی ترتیب وتالیف کے لئے بھی توفیق مرحمت فرمائے۔آمین بجاہ النبی الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم۔

☆☆☆☆☆

(۹) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۵،ص ۴۴۵
(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۱۲۶۳
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۱،ص ۲۳۲
☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج۵،ص ۳۳۴
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۶۹
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۱۷۰

marfat.com

باب (۲۸۴)

مویشیوں کے نقصان پر تاوان، اجتہاد

سورۃ الانبیاء

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمَانِ فِى الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝

(سورۃ الانبیا. آیات ۷۸. ۷۹)

اور داود اور سلیمان کو یاد کرو جب کھیتی کا ایک جھگڑا چکاتے تھے۔ جب رات کو اس میں کچھ لوگوں کی بکریاں چھوٹیں اور ہم ان کے حکم کے وقت حاضر تھے۔ ہم نے وہ معاملہ سلیمان کو سمجھا دیا اور ان دونوں کو حکومت اور علم عطا کیا اور داود کے ساتھ پہاڑ مسخر بنا دیئے کہ تسبیح کرتے اور پرندے، اور یہ ہمارے کام تھے۔

marfat.com

حل لغات:

اِذْ یَحْکُمَانِ فِی الْحَرْثِ: جب کھیتی کا ایک جھگڑا چکاتے تھے۔ حَرْث سے مراد کھیتی یا باغ ہے، حضرت داؤد علیہ السلام کی قوم میں سے بعض کی بکریاں دوسرے کے کھیت یا باغ میں رات کو چر کر خراب کر گئیں۔ کھیت کا مالک اور بکریوں کا مالک حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس اپنا مقدمہ لے گئے۔ یاد رہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نبوت کے ساتھ سلطنت اور مملکت بھی رکھتے تھے۔ یہ پہلے رسول ہیں جو نبوت و رسالت کے ساتھ مملکت کے بھی مالک تھے۔(۱)

نَفَشَتْ: (از باب ضَرَبَ و نَصَرَ و سَمِعَ) نَفْشًا کا معنی ہے: اونٹ یا بکریوں کا رات کو بغیر چرواہے کے (اس کے علم کے بغیر) چرنا۔ اگر بکریاں دن کو بغیر چرواہے کے چریں تو اسے عربی میں هَمَلَتْ کہتے ہیں۔ نَفَشَ کا لغوی معنی ہے: پھیل جانا، دھنی ہوئی روئی کو بھی اسی لئے مَنْفُوْشٌ کہا جاتا ہے۔(۲)

---

(۱)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۴۸
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۶
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۳
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۵۳
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۸۶
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۹۵
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (م ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۳۷۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۱
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۶۱

(۲)
☆ المنجد از لوئیس معلوف الیسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۰۳
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۰۲
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۲۹
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۴، ص ۳۵۸
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۶
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۵۰۴
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۸۶

marfat.com

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ: ہم نے وہ معاملہ سلیمان کو سمجھا دیا۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے جو فیصلہ فرمایا تھا وہ بکریوں کے مالک کیلئے دشوار تھا۔ فیصلہ سننے کے بعد جب بکریوں کا مالک اور کھیت کا مالک حضرت سلیمان کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا کہ اگر مجھے فیصلہ کرنا ہوتا تو میں ایسا فیصلہ کرتا جو بکریوں کے مالک اور کھیت کے مالک دونوں کے لئے نفع بخش اور آسان ہوتا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو جب اس کی خبر ہوئی تو آپ نے بلا کر پوچھا کہ آپ کون سا فیصلہ کرنا چاہتے ہو۔ تو اللہ تعالیٰ کا بتایا ہوا آسان فیصلہ آپ نے پیش کر دیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنا فیصلہ منسوخ کر کے وہ فیصلہ نافذ فرما دیا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے سمجھا دیا تھا۔ (۳)

پس منظر

حضرت ابن عباس، قتادہ اور زہری رضی اللہ عنہم نے بیان کیا کہ دو آدمی حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس آئے۔ ایک کھیت کا مالک تھا اور دوسرا بکریوں کا۔ کھیت والے نے کہا: اس کی بکریاں رات کو چھوٹ

(بقیہ ۲)
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۵۲
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۲۲، ص ۱۹۵
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۳۷۱
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۸۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۵۰۴
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج ۱۷، ص ۴۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۴۸
(۳) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۵۳
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۸۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج ۸، ص ۲۱

marfat.com

کر میرے کھیت میں پڑ گئیں اور سارا کھیت چَر گئیں، کچھ باقی نہ بچا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فیصلہ کیا کہ کھیت کے عوض وہ بکریاں کھیت والے کو دے دی جائیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس سے دونوں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آئے۔ (اس وقت حضرت سلیمان علیہ السلام کی عمر گیارہ برس تھی) حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا کہ تم دونوں کے مقدمے کا کیا فیصلہ ہوا۔ جو فیصلہ حضرت داؤد علیہ السلام نے کیا تھا وہ دونوں نے بیان کر دیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا: اگر تمہارا مقدمہ میرے سپرد ہوتا تو میرا فیصلہ کچھ اور ہی ہوتا۔ میرا فیصلہ دونوں کے لئے فائدہ بخش ہوتا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس قول کی اطلاع حضرت داؤد علیہ السلام کو بھی ہوگئی۔ آپ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بلوا کر فرمایا: حقِ پدری کا واسطہ مجھے بتاؤ کیا فیصلہ ہے، جو فریقین کے لئے سودمند ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا: بکریاں کھیت والے کو دے دیجئے اور کھیت بکریوں کے مالک کے سپرد کر دیجئے۔ کھیت والا بکریوں کے دودھ، اُون اور نسل سے اتنی مدت تک فائدہ اندوز ہوتا رہے جتنی مدت تک کھیت بکریوں والے کے سپردگی میں رہے۔ بکریوں کا مالک کھیت کو درست کر کے اس میں بیج بکھیر دے اور جب کھیتی تیار ہو کر اصلی حالت پر آ جائے تو تیار کھیت، کھیت والے کو دے دے اور اپنی بکریاں واپس لے لے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا: صحیح فیصلہ یہی ہے جو تم نے کہا، پھر آپ نے یہ فیصلہ جاری کر دیا۔ (۴)

(۴)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۲
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۶
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد انکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۳
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۸۶
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۵۳
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۹۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۵۲
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۸۴

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ ہر مسلمان کی جان، عزت اور مال اللہ تعالیٰ نے دوسرے پر حرام کردی ہے۔ سوائے شرعی احکام کے دوسرے کو ان سے تعرض کرنا حرام ہے۔ مال سے مراد نقدی، سونا، چاندی، مویشی، سواری، کھیت، باغ اور ذخیرہ وغیرہ ہے۔ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما الصلوٰۃ والسلام کے بکریوں اور کھیت والے کے فیصلے کا مرکزی نقطہ یہی ہے۔ نیز حدیث شریف میں ہے۔

فَاِنَّ دِمَآءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِىْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِىْ بَلَدِكُمْ هٰذَا. (۵)

(بقیہ ۴)
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۵۰۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۴۷
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۴۸
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۶۱
☆ راوہ البخاری (واللفظ لہ) عن ابی بکرۃ، ج ۱، ص ۱۶، ۳۱
☆ رواہ البخاری عن ابی عباس، ج ۱، ص ۲۳۴
☆ رواہ البخاری عن ابن عمر، ج ۲، ص ۶۳۲، ۸۹۳
☆ رواہ البخاری عن ابی بکرہ، ج ۲، ص ۸۳۳
☆ رواہ البخاری عن ابن عمر، ج ۲، ص ۱۰۰۳
☆ رواہ البخاری عن ابی بکرۃ، ج ۲، ص ۱۰۴۸
☆ رواہ البخاری عن ابی ابکرۃ، ج ۲، ص ۱۱۰۹
☆ رواہ مسلم عن ابی بکرۃ، ج ۲، ص ۶۰
☆ راوہ الترمذی عن سلیمان بن عمروعن ابیہ، ج ۲، ص ۲۸، ۱۵۷
☆ رواہ النسائی فی القضاۃ
☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی سعید، ج ۲۹۰
☆ رواہ الدارمی عن ابی بکرۃ، ج ۲، ص ۹۳
☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۲۳
☆ .....، ج ۲، ص ۲۱۲، ۲۷۱، ۲۸۵
☆ .....، ج ۴، ص ۷۱، ۲۰۶، ۲۲۷
☆ .....، ج ۵، ص ۲۰، ۲۷، ۲۹، ۴۰، ۴۹، ۶۸، ۴۱۱، ۴۱۲

(۵)

marfat.com

بیشک تمہاری جانیں، تمہارے مال اور تمہاری عزتیں آپس میں ایک دوسرے پر حرام ہیں۔ جس طرح آج کے دن (یومِ حج) کی حرمت، آج کے مہینے کی حرمت (ذوالحجہ) اور اس شہر (مکہ معظمہ) کی حرمت ہے۔ جو شخص کسی کی جان یا شے کو جان بوجھ کر ہلاک کردے۔ یا اس کا نقصان کردے تو اس پر اس شے کی قیمت یا اس کی مثل دینا لازم ہے۔(۶)

﴿۲﴾ فیصلہ کرنے کے بعد اگر حاکم کی رائے بدل جائے تو حکم جاری اور نافذ کرنے سے پہلے وہ سابقہ فیصلہ تبدیل اور منسوخ کرسکتا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے بکریوں اور کھیت کے مالکوں کے بارے میں اپنے پہلے فیصلے کو تبدیل کردیا۔ آیات زیرِ عنوان میں یہ امر واضح ہے۔(۷)

﴿۳﴾ اگر کسی کا جانور دوسرے کے کھیت یا باغ میں چھوٹ کر اسے خراب کردے تو اس کی دو صورتیں ہیں۔

(ا) جانور کے مالک نے جانور کو از خود کھیت یا باغ میں چھوڑا یا اس کے علم یا حکم سے دوسرے کے کھیت میں گیا۔ تو اس صورت میں جانور کے مالک پر خراب شدہ کھیت یا باغ کا تاوان لازم ہوگا کہ دوسرے کا کھیت یا باغ اس کی رضا سے خراب ہوا۔

(ب) اگر جانور دوسرے کے کھیت یا باغ میں مالک کے علم کے بغیر گیا اور اس نے کوئی نقصان کردیا تو اس صورت میں جانور کے مالک پر کوئی تاوان نہ ہوگا۔

کھیت رات کو خراب ہوا یا دن کو۔ دونوں صورتوں میں یہی حکم ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

اَلْعَجْمَآءُ جَرْحُهَا (وَفِیْ رِوَایَةٍ عَقْلُهَا) جُبَارٌ وَالْمَعْدَنُ جُبَارٌ وَالْبِیْرُ جُبَارٌ وَفِی الرِّکَازِ

(۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۶۸

(۷) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۶۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۶۱

marfat.com

الْخُمُسُ.(۸)

(بے زبان) جانور کا نقصان کیا ہوا رائگان ہے اس کا کوئی بدلہ نہیں۔ کسی کی کان میں ہونے والا نقصان رائگان ہے۔ کسی کے کنوئیں میں گر کر ہونے والا دوسرے کا نقصان رائگان ہے اور دریافت ہونے والے دفینہ میں پانچواں حصہ بطورِ زکوٰۃ ہے۔(۹)

(۸) ☆ رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۲۰۳، ۳۱۷

☆ .....، ج ۲، ص ۱۰۲۱

☆ رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۷۳

☆ رواہ ابوداؤد عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۲۸۳

☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱۱۰

☆ رواہ النسائی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۳۴۵

☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ، ص ۱۹۶

☆ رواہ الدارمی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۴۸۳

☆ رواہ مالک فی العقول

☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۲۲۸.....

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۶۶

☆ اجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۳

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۸۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۲، ص ۱۹۹

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴. ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۳۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۶۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۷۵

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۳۷۲

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۴۹

☆ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ازشیخ الاسلام بدرالدین ابی محمد محمود بن العینی، مطبوعہ مکتبہ کوئٹہ، ج ۲۴، ص ۷۱

☆ مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح ازمحدث شہیر علی بن سلطان محمد القاری مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان، ج ۷، ص ۸۹

marfat.com

﴿۴﴾ اگر کسی نے کوئی جانور مسلمانوں کے راستہ میں چھوڑ دیا اور جانور نے کسی کو دکھ پہنچایا تو تاوان چھوڑنے والے پر عائد ہوگا۔ کیونکہ جب تک وہ جانور اس راستہ پر چلتا رہے گا اس کی رفتار کی نسبت چھوڑنے والے کی طرف ہی رہے گی۔ ہاں اگر جانور کسی اور طرف مُڑ گیا، دائیں بائیں ہو گیا، یا ٹھہر گیا اور اس کے بعد کسی کو دکھ پہنچایا تو جانور کے مالک کی طرف یہ فعل منسوب نہ ہوگا۔(۱۰)

﴿۵﴾ اگر گھوڑے والا گھوڑے پر سوار ہو، یا لگام پکڑے لئے جا رہا ہو، یا پیچھے سے ہنکا رہا ہو اور گھوڑا کسی کے لات مار دے یا روند ڈالے، یا سر مارے، یا کاٹ لے، یا اندھا دھند چل پڑے، یا کسی سے ٹکرا جائے، یا کھڑا کھڑا کسی کو ٹکر مار دے اور وہ جگہ گھوڑے والے کی مِلک ہو، یا ٹھیکے وغیرہ کے ذریعے اس کے قبضہ میں ہو تو سوائے اول الذکر صورت کے باقی کسی صورت میں گھوڑے والے پر تاوان عائد نہ ہوگا۔ صرف پہلی صورت میں ضمان گھوڑے والے کو دینا ہوگا۔ کیونکہ سوار ہونے کی حالت میں اس کا بوجھ گھوڑے کی پشت پر ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں گھوڑا اگر کسی کو روند ڈالے گا تو گویا سوار بھی گھوڑے کے ساتھ روندنے میں شریک سمجھا جائے گا۔ پس اس حالت میں سوار کو مرتکبِ اتلاف سمجھا جائے گا۔ باقی صورتوں میں نقصان رسانی اور ایذا دہی کا سبب آخرین کہہ سکتے ہیں اور مسبب پر تاوان اس وقت عائد ہوگا جب اس کی طرف سے بالارادہ فعل کا ظہور ہو کہ وہ خود چاہتا ہو کہ گھوڑے سے کسی کو ضرر پہنچے اور مذکورہ بالا صورتوں میں بالارادہ ایذا رسانی کا سبب پیدا کرنا ثابت نہیں۔ لیکن اگر وہ جگہ گھوڑے کے مالک کی نہ ہو، یا اس کے قبضہ میں نہ ہو بلکہ اس کو وہاں چلنے کی اجازت ہو، کھڑا رہنے کی اجازت نہ ہو۔ جیسے شاہراہ عام یا چلنے اور ٹھہرنے دونوں کی اجازت ہو، جیسے کوئی جنگل یا مویشیوں کی منڈی، جہاں سے گزرنا اور ٹھہرنا دونوں کی اجازت ہو، اس حالت میں مذکورہ بالا تمام صورتوں میں تاوان عائد ہوگا، خواہ سوار ہو، یا لگام پکڑے جا رہا ہو، یا پیچھے سے ہنکا رہا ہو۔ لیکن ان حالات میں بھی اگر گھوڑا کسی کو لات مار دے، یا دم مار کر کچھ ضرر پہنچائے تو گھوڑے والے پر کوئی تاوان نہیں۔ کیونکہ عام راستہ میں سلامتی کے ساتھ، دوسرے کو ضرر پہنچائے بغیر گزرنا ہر مسلمان کا حق ہے۔(۱۱)

---

(۱۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۶۲

(۱۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۲۲۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۱۱، ص ۶۴

marfat.com

﴿۶﴾ شاہراہِ عام سب کا مشترکہ راستہ ہے۔ راستہ سے فائدہ اٹھانا بھی ہر ایک کا حق ہے۔ لیکن یہ اباحت اس شرط کے ساتھ مقید ہے کہ دوسرے کو ضرر نہ پہنچے۔ مگر اسی حد تک سلامتی ضروری ہے جس حد تک گزرنے والے کے حدود و اختیار میں ہو۔ سوار کے لئے یہ تو ممکن ہے کہ کسی کو گھوڑے کے قدموں سے نہ روند ڈالے۔ کسی کو روندنا حقِ سیر کا تقاضا نہیں۔ ہاں چلنے میں دُم یا لات سے لوگوں کو محفوظ رکھنا سوار کے اختیار سے باہر ہے۔ پس اگر چلنے میں گھوڑا سرِ راہ کسی کو لات مار دے، یا دم سے کچھ ضرر پہنچائے تو سوار کو شریکِ جرم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ صرف اس وقت سوار پر تاوان ہوگا جب وہ مسلمانوں کے راستے میں گھوڑا کھڑا کر دے اور اس حالت میں گھوڑا کسی کو لات یا دم مار دے۔ (۱۲)

﴿۷﴾ جب حاکم اجتہاد کرنے کے بعد کوئی فیصلہ کرے اور فیصلہ میں حق کو پہنچ جائے تو اس کے لئے دہرا اجر ہوگا اور اگر اجتہاد میں فیصلہ میں اس سے غلطی ہو جائے تب بھی اس کے لئے اکہرا ثواب ہے۔ اجتہاد (اپنے شرائط کے تحت) بجائے خود عبادت ہے۔ طلبِ حق کی کوشش موجبِ اجر ہے۔ اجتہاد کے بعد غلطی قابلِ تسامح ہے اور صحتِ نتیجہ کی صورت میں دو اجر ہوں گے۔ ایک طلبِ حق کی کوشش کا اور دوسرا حق پر پہنچ جانے کا۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا حَکَمَ الْحَاکِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَ اِنْ حَکَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَاَ فَلَهٗ اَجْرٌ. (۱۳)

جب حاکم فیصلہ کرنے میں اجتہاد کرے پھر درست فیصلہ پر پہنچ جائے تو اس کے لئے دو اجر ہیں۔ اور اگر فیصلہ میں اجتہاد کرے پھر اس سے خطا ہو جائے تو اس کے لئے ایک اجر ہے۔ (۱۴)

---

(۱۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۶۴

(۱۳) ☆ رواہ البخاری عن عمرو بن العاص، ج ۲، ص ۱۰۹۱

☆ رواہ مسلم عن عمرو بن العاص، ج ۲، ص ۷۶

☆ رواہ ابوداود عن عمرو بن العاص، ج ۲، ص ۱۴۷

☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرہ، ج ۱، ص ۱۹۳

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۱

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۵۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۵۶

marfat.com

﴿۸﴾ اجتہاد وہ کرے جو اجتہاد کے اصول وضوابط، کتاب وسنت، قیاس اور پہلے مجتہدین کے اقوال کا عالم ہو۔ ورنہ خطا کار ہوگا۔(۱۵)

﴿۹﴾ جو شخص کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کے معانی اور ان سے احکام کے استنباط اور استخراج کا طریقہ نہ جانتا ہو اس کے لئے ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کی تقلید لازم ہے۔(۱۶)

﴿۱۰﴾ جو ایک امام کا مقلد ہوا سے تمام مسائل میں اس امام کی تقلید ہی لازم ہے۔ ایسا جائز نہیں کہ بعض مسائل میں ایک امام کی تقلید کرے اور بعض میں دوسرے امام کی۔ ایسا کرنے والا تو امام کا مقلد نہیں بلکہ اپنے نفس کی اتباع کرنے والا ہے۔(۱۷)

﴿۱۱﴾ کسی مجتہد کے لئے دوسرے مجتہد کی تقلید جائز نہیں۔(۱۸)

﴿۱۲﴾ حق اہل سنت وجماعت کے ساتھ مختص ہے، باقی فرقے سب باطل ہیں۔ مثلاً معتزلہ، خوارج، روافض اور ان کی شاخیں، سب اہلِ ہوا اور بدعتی ہیں۔(۱۹)

فائدہ(۱)

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کیلئے کتاب اللہ کی تلاوت بہت آسان فرمادی۔ گھوڑوں پر زینیں کسنے کا حکم دے کر کتاب کی تلاوت شروع کر دیتے اور زینیں کسنے نہ پاتی تھیں کہ وہ پڑھ کر فارغ ہو جاتے تھے۔(۲۰)

(بقیہ ۱۴) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۸۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۵، ص ۵۰۵
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۶۶
(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۱، ص ۲۷۲
(۱۶) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۲
(۱۷) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۲
(۱۸) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۳
(۱۹) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۷
(۲۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۶۱

marfat.com

فائدہ(۲)

حضرت داؤد علیہ السلام صرف اپنے ہاتھ کی کمائی کھاتے تھے۔(۲۱)

فائدہ(۳)

حضرت سلیمان علیہ السلام کا فیصلہ صلح کے طور پر تھا اور حضرت داؤد علیہ السلام کا فیصلہ (اپنی شریعت کے مطابق) حکم کے طور پر تھا۔ صلح حکم سے بہتر ہے۔(۲۲)

فائدہ(٤)

ہمارے نبی پاک ﷺ کی شریعت میں حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام دونوں کا فیصلہ منسوخ ہے۔(۲۳)

فائدہ(٥)

مذاہب اربعہ (حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی) کا حصر اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہے۔ جمہور امت کا اسی پر اجماع ہے اور یہ عنداللہ قبولیت کی علامت ہے۔(۲۴)

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَعُلَمَاءِ اُمَّتِهٖ وَصُلَحَاءِ مِلَّتِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

آج ۳؍جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ/ ۱۱؍جولائی ۲۰۰۵ء کو سورۃ الانبیاء میں بیان شدہ احکام کی ترتیب سے فراغت پائی۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید کے باقی احکام کی ترتیب وتالیف کی توفیق ارزانی فرمائے۔

☆☆☆☆☆

(۲۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۶۱

(۲۲) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور. ص ۵۲۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۶۵

(۲۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج. ۳، ص ۲۲۳

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۲۵۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۲۲، ص ۱۵۶

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۲۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۲

marfat.com

باب(۲۸۵)

﴿انسانی تخلیق کے قدرتی مراحل، مصنوعی عملِ تولید، کلوننگ، ٹیسٹ ٹیوب بے بی﴾

سورۃ الحج

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّ غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۔ وَ نُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۔ وَ تَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَ اَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝ (سورۃالحج آیت۵)

اے لوگو اگر تمہیں قیامت کے دن جینے میں کچھ شک ہو تو یہ غور کرو کہ ہم نے تمہیں پیدا کیا مٹی سے، پھر پانی کی بوند سے، پھر خون کی پھٹک سے، پھر گوشت کی بوٹی سے، نقشہ بنی اور بے بنی تا کہ تمہارے لئے اپنی نشانیاں ظاہر فرمائیں، اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں ماؤں کے پیٹ میں جسے چاہیں

marfat.com

ایک مقرر میعاد تک، پھر تمہیں نکالتے ہیں بچہ، پھر اس لئے کہ تم اپنی جوانی کو پہنچو، اور تم میں کوئی پہلے ہی مر جاتا ہے اور کوئی سب میں نکمی عمر تک ڈالا جاتا ہے کہ جاننے کہ بعد کچھ نہ جانے، اور تو زمین کو دیکھے مرجھائی ہوئی پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا، تر و تازہ ہوئی اور ابھر آئی اور ہر رونق دار جوڑا اگالائی۔

حل لغات :

اَلْبَعْثِ : بَعْثٌ اور بَعَثٌ (فا کلمہ کے سکون اور فتحہ کے ساتھ) دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اس کا معنی ہے: اٹھانا، ابھارنا، تنہا بھیجنا، کسی کے ساتھ بھیجنا، برانگیختہ کرنا۔

بَعْثٌ کی دو قسمیں ہیں۔

﴿۱﴾ بشری: اونٹ کا اٹھانا، انسان کا بھیجنا۔

﴿۲﴾ الٰہی: اس کی پھر دو قسمیں ہیں۔

اوّل: عدم سے اعیان، اجناس اور انواع کو وجود میں لانا۔

بَعْثٌ کی یہ نوعیت ذاتِ باری تعالیٰ عزاسمہٗ کے ساتھ خاص ہے، کوئی دوسرا اس میں اس کا شریک نہیں۔

دوم: مردہ زندہ کرنا۔

یہ معنی اگرچہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی صفات میں سے ہے۔ مگر اسی نے یہ معنی (صفت) اپنے بعض مقرب بندوں کو عطا فرمایا ہے۔ مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام خود فرماتے ہیں۔

وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ الآية (سورۃ آل عمران آیت ۴۹)

اور میں شفا دیتا ہوں مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو اور میں مردے جلاتا ہوں۔

لغتِ عرب میں بَعْثٌ دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

﴿۱﴾ بھیجنا: یہ ارشادِ ربانی اسی معنی میں ہے:

marfat.com

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ ۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَ هٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَائِهٖ الآية (سورة یونس آیت ۷۵)

پھران کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا۔

یہ ارشادِ ربانی بھی اسی معنی میں ہے:

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا الآية (سورة الجمعة آیت ۲)

وہی ہے جس نے اَن پڑھوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا۔

﴿۲﴾ ابھارنا، اٹھانا۔ ہر وہ شے جو تصرف سے روک دے، اس کا زائل کرنا بھی مجازاً بَعْثٌ کہلاتا ہے۔ اور بمعنی لشکر بھی استعمال ہوتا ہے کہ وہ بھی بھیجا جاتا ہے۔ قرآنِ مجید میں یہ کلمہ چند معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ دل میں ڈالنا، دنیا میں زندہ کرنا، نیند سے بیدار ہونا، مسلط کرنا، بھیجنا، مقرر کرنا، بیان کرنا، قبروں سے اٹھانا۔

بَعْثٌ اور اِرْسَالٌ میں فرق یہ ہے کہ بَعْثٌ اپنے مقصد کے لئے کسی کو بھیجنا اور اِرْسَالٌ دوسرے کے فائدہ کے لئے بھیجنا ہے۔

آیت زیبِ عنوان میں بَعْثٌ سے مراد ہے موت کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اٹھنا، حشر، قیام، قیامِ ارواح مع اجساد۔(۱)

---

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی مطبوعہ کراچی، ص ۵۲

☆ قاموس القرآن (اوصلاح الوجوہ النظائرفی القرآن الکریم)للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی. مطبوعہ بیروت، ص ۷۳

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۲۸

☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۱۷

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ھلال الحسن بن عبداللہ بن سھل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۲۹۹

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۲۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲، ص ۹

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۶۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج ۳، ص ۲۹۹

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۴۵

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۵، ص ۴۰۶

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵۲

☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۱۱

marfat.com

فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ: ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔یعنی ہم نے تمہاری اصل تمہارے باپ آدم کو مٹی سے پیدا کیا۔یا ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، بایں طور کہ مٹی سے نباتات پیدا کی، نباتات سے غذا بنائی، غذا سے منی بنائی اور منی سے تمہیں پیدا کیا۔(۲)

نُطْفَةٍ: لغوی معنی ہے: صاف پانی، تھوڑا ہو یا بہت، سمندر، ڈول یا مشکیزہ وغیرہ میں بچا ہوا پانی، لُولُو، مرد یا عورت کی منی۔(۳)

آیتِ زیبِ عنوان میں اس سے مراد پانی کا قطرہ (منی) ہے۔(۴)

عَلَقَةٍ: اس کا معنی ہے: خون کی پھٹک، ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی۔لٹکائی ہوئی چیز، درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکیں،

(۲)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲، ص ۹
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۷۵
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۳
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۱۱۶
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۴۵
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج ۳، ص ۲۹۹
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۵
☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۱۱
(۳)
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۲۹۱
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفھانی مطبوعہ کراچی ،ص ۴۹۶
☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ھلال الحسن بن عبداللہ بن سھل العسکری (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ ،ص ۳۴۸
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۲۶
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۷
(۴)
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج ۳، ص ۲۹۹
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۴۵
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵۱
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۳، ص ۸

marfat.com

جونک، چمٹ جانا۔(۵)

آیت زیبِ عنوان میں اس سے مراد خون کا لوتھڑا ہے۔شدید سرخ خون۔(۶)

مُضْغَة: کچے گوشت کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو چبایا جا سکے۔غذا کا وہ ٹکڑا جو منہ میں بچا رہے۔جنین کی وہ حالت، جو خون کے بعد گوشت کے لوتھڑے کی شکل بنتی ہے۔(۷)

آیتِ زیب عنوان میں آخری معنی مراد ہے۔(۸)

---

(۵)
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۸۳۵
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی ،ص ۲۴۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۲،ص ۳۶
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۷،ص ۱۹

(۶)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۰
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،۳،ص ۳۷۵
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۱۴۵
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳،ص ۸
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳،ص ۹۳
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص ۱۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص ۱۱۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۹۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۲۹۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص ۱۱۱

(۷)
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی ،ص ۴۶۹
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۱۲۱۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج ۲،ص ۳۶
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۶،ص ۳۰

(۸)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۰
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،۳،ص ۲۷۵
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲،ص ۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳،ص ۹۴
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور،۵،ص ۴۰۶
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۳۵۱

marfat.com

مُخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ: نقشہ بنی اور بے بنی۔

ماں کے رحم (بچہ دانی) میں گوشت کی بوٹی اس وقت مخلقہ ہوگی جب اس میں انسانی اعضاء پیدا ہوں گے۔ سر، ہاتھ، سینہ، پیٹ، ران، پاؤں اور دیگر اعضاء بن چکے ہوں گے اور اگر گوشت کی اس بوٹی میں اعضاء نہ بنے ہوں تو وہ غیر مخلقہ ہے۔ کچا حمل۔ (۹)

لِنُبَيِّنَ لَكُمْ: تاکہ تمہارے لئے اپنی نشانیاں ظاہر فرمادیں۔ تمہاری پیدائش کے اطوار و احوال کو پھیر کر ہم اپنی کمالِ قدرت کو بیان فرمادیں۔

یاد رہے مٹی سے انسان بننے تک سات تغیرات رونما ہوتے ہیں۔ مٹی، منی، علقہ (خون کی پھٹک)، مضغہ (گوشت کا لوتھڑا)، بچہ، بالغ، بڑھاپے سے وفات یا بڑھاپے کی نکمی عمر۔ انسانی پیدائش کے بتدریج تغیرات،

(بقیہ ۸)
☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۳۵۲
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶ ، ص ۶
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷ ،ص ۱۱۶
☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۷۴
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۱۲۷۱
☆ تفسیرمظهری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دهلی، ج۸، ص ۱۱۱
(۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲ ،ص ۱۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۱۲۷۱
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۲۲۵، ۲۲۸
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۷۵
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۲۰۶
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاهرہ ازهر، ج۲۳ ،ص ۸
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲ ،ص ۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۴
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ۵، ص ۴۰۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاهور، ج۳، ص ۲۹۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاهور، ج ۳، ص ۲۹۹
☆ تفسیرمظهری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دهلی، ج۸، ص ۱۱۱
☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۷۵
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۱۴۶
☆ تفسیرالبحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۳۵۲

marfat.com

آفاق کے حقائق ودقائق جنہیں عبارات بیان کرنے سے قاصر ہیں، ہماری قدرتِ کاملہ پر واضح نشانیاں ہیں۔ اس سے یہ معلوم کرنا کتنا آسان ہے کہ جوان اشیاء کے ابتداء پیدا کرنے پر قادر ہے وہ ان کے اعادہ پر بھی قادر ہے۔(۱۰)

اَرْذَلِ الْعُمُرِ: نکمی عمر، مراد بڑھاپا۔

بڑھاپے میں بالعموم قوت، عقل، فہم میں ضعف آجاتا ہے، ضعفِ فکر سے احوال میں تناقض آجاتا ہے۔اس لئے اسے نکمی عمر کہا گیا ہے۔(۱۱)

وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی: اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں ماؤں کے پیٹ میں جسے چاہیں ایک مقررہ میعاد تک۔مرد اور عورت کے اختلاط سے مرد کا نطفہ عورت کے رحم میں داخل ہونے، اس کا خون بننے، پھر گوشت کا لوتھڑا بننے، پھر اس میں انسانی اعضاء کے بننے، پھر اس میں روح ڈالنے اور پھر بچہ کی پیدائش کے فطری اور قدرتی عمل کا ایک وقت متعین ہے۔ بلکہ ایک حالت سے دوسری میں منتقل ہونے کا وقت بھی مقرر ہے۔

مقررہ میعاد تک بچہ کا ماں کے پیٹ میں ٹھہرائے رکھنے کو اللہ تعالیٰ نے اپنی منشاء سے متعلق فرمادیا ہے۔

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۴
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۵۷
☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ۵، ص۴۰۷
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج۲۳، ص۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج۳، ص۲۰۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۷
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۱۷
☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۱۲

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۵
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۰۷
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۸۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج۳، ص۲۰۰
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص۹۴
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۴۶
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۳۵۳
☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۱۳

marfat.com

وَ تَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً: اور تو زمین کو دیکھے مرجھائی ہوئی۔

هَمَدَ (از باب نَصَرَ) هَمْداً، هُمُوْداً کا معنی ہے بجھنا، کپڑے کا لپٹے لپٹے تہوں پر سے پھٹ جانا، آگ کا بجھنا، ٹھنڈا ہونا، مرنا، آوازوں کا بند ہونا۔ هَمَدَتِ الْاَرْضُ کا معنی ہے زمین کا بنجر ہونا، بے آب و گیاہ ہونا۔

خُمُوْد اور هُمُوْد میں فرق ہے۔ خُمُوْد آگ کے انگاروں کا بجھنا، جبکہ ابھی اس میں حرارت باقی رہے اور هُمُوْد آگ کا پوری طرح ٹھنڈا ہو جانا۔

هَبَاء آگ کا راکھ بن جانا۔ (۱۲)

آیتِ مبارکہ میں هَامِدَةً سے مراد وہ زمین ہے جس میں نہ حیات ہو، نہ نباتات ہوں، نہ سبزہ ہو، نہ بارش کی امید ہو۔ (۱۳)

فَاِذَا اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ: پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا، بارش برسی۔

پانی اترنے سے مراد بارش کے علاوہ دیگر ذرائع سے پانی حاصل ہونا بھی ہے۔ مثلاً دریا، نہر، کنواں، نل، چشمہ وغیرہ۔

اهْتَزَّتْ: تر و تازہ ہوئی۔

اِهْتِزَاز سے مراد شدتِ حرکت، زمین کی سبزی کا حرکت کرنا تاکہ دیکھنے والے کو خوش کر دے۔ نباتات کا زمین

---

(۱۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۴۳۶

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی، ص ۵۴۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۴۱

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۳۳۶

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۵۴۶

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۰۸

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۵۸

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ۵، ص ۴۰۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۵، ص ۴۰۸

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۰۰

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۴

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۴۶

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۱۴

marfat.com

سے اُگنا۔(۱۴)

وَرَبَتْ:اورا بھرآئی۔

رَبَایَرْبُوْرِبَاءً وَرَبْواً کا معنی ہے مال کا زیادہ ہونا، بڑھنا، بلند ہونا، نشو ونما پانا، دشمن یا خوف کے باعث گھوڑے کا سانس پھول جانا، پھٹ پڑنا۔(۱۵)

آیت زیبِ عنوان میں اس سے مراد بلند ہونا اورا بھرنا ہے۔(۱۶)

اَنْبَتَتْ:اگالائی۔

---

(۱۴) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی ،ص ۵۴۲
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج۲،ص ۱۳۹
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۴،ص ۹۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص۲۰۸
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۵۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۰۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۰۰
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳،ص۹۴
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۴۶
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۷
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۹
(۱۵) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۴۳۰
☆ قاموس القرآن (اوصلاح الوجوہ النظائرفی القرآن الکریم)للمفسرالحسین بن محمدالدامغانی مطبوعہ بیروت،ص۱۹۰
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی ،ص۱۸۶
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبر الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج۱،ص۱۰۵
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۱۰،ص۱۱۲
(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص۲۰۸
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۵۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۲۰۰
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،۳،ص۲۷۶
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۴۶
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۳۵۳
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۱۴

marfat.com

سبزہ کے اگانے کی زمین کی طرف اگانے کی نسبت مجازی ہے، اگانے والا حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ ہے۔(۱۷)

زَوْجٍ : جوڑا، خاوند، بیوی، ساتھی۔(۱۸)

جانداروں میں نر اور مادہ کی طرح نباتات میں بھی نر اور مادہ ہے۔قرآنِ مجید کی اس حقیقت کو جدید علمِ نباتات کے ماہرین نے تسلیم کیا ہے۔

بَهِيْجٍ : خوش نما، خوبصورت، رونق دار

بَهُجَ (از باب کَرُمَ) بَهَاجَةً وَ بَهُجَاناً کا معنی ہے خوبصورت ہونا۔اس باب سے صفت مذکر بَهِيْجٌ اور صفت مؤنث مِبْهَاجٌ ہے۔بَهِجَ (از باب سَمِعَ) بَهُجاً بِهٖ بمعنی خوش و مسرور ہونا۔صفت بِهِيْجٌ اور بَهِيْجٌ ہے۔ بَهَجَ (از باب فَتَحَ) بَهجاً اور اَبْهَجَ (از باب افعال) کا معنی ہے خوش کرنا، مسرور کرنا۔(۱۹)

---

(۱۷) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳، ص ۲۰۰

(۱۸) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعه دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانه کراچی، ص ۵۲۶

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامه حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفهانی مطبوعه کراچی، ص ۲۱۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفه علامه احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۱۲۵

☆ تاج العروس از علامه سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۵۴

(۱۹) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعه دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانه کراچی، ص ۱۳۱

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامه حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفهانی مطبوعه کراچی، ص ۶۳

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفه علامه احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۳۳

☆ الفروق اللغویة مولفه ابو هلال الحسن بن عبدالله بن سهل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعه کوئٹه. ۲۹۲

☆ تاج العروس از علامه سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۱۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابو عبدالله محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۰۶

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج ۳، ص ۲۰۸

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۵۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۰۰

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبدالله بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۲۰۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۳، ص ۹

☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین مطبوعه مکه مکرمه، ج ۳، ص ۹۴

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ۳، ص ۲۷۵

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار الله محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج ۳، ص ۱۴۶

☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ج ۶، ص ۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۷، ص ۱۱۷

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۸، ص ۱۱۴

marfat.com

شانِ نزول :

یہ آیتِ مبارکہ قیامت کا انکار کرنے والوں کی تردید میں نازل ہوئی اور اس آیت میں حشر ونشر کو دو دلیلوں سے ثابت کیا گیا ہے۔ایک دلیل انفسی اور دوسری آفاقی۔یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ایک دلیل نظری ہے اور دوسری مشاہداتی۔ پہلی دلیل میں مر کر دوبارہ زندہ ہو کر اٹھنے کے ثبوت میں خود انسان کے تخلیقی مراحل کا ذکر ہے۔مٹی سے نباتات پیدا ہوئے ،نباتات سے غذا بنی ،غذا سے انسان کا نطفہ تیار ہوا،نطفہ ماں کے رحم میں جا کر خون کی پھٹک بنا،خون کی وہ پھٹک وہیں گوشت کا لوتھڑا بنا،گوشت کے اس لوتھڑے میں انسانی اعضاء بنے ،اس میں جان ڈالی گئی اور پھر بچہ پیدا ہوا، بچہ جوان ہوا،اس کو بچپن میں یا جوانی میں یا بڑھاپے تک پہنچ کر موت آئی۔ ذرا غور تو کرو کہ جو ذاتِ کریم وجلیل شانہٗ مٹی سے انسان بنا لیتی ہے، وہ قبر میں پڑے ہوئے انسان کو دوبارہ زندہ کرنے پر بھی قدرت رکھتی ہے۔مردہ ہو کر دوبارہ جی اٹھنے کا انکار کرنے والو! ذرا اپنی ہی ذات میں غور کرلو، تمہیں اپنے انکار یا شک کا جواب مل جائے گا۔

اثباتِ حشر میں دوسری دلیل کا خلاصہ یوں ہے کہ تم ذرا خشک، بنجر، بے آب وگیاہ زمین کو دیکھو کہ وہاں سبزہ کا نام ونشان تک نظر نہیں آتا۔جب اس زمین کو پانی ملتا ہے تو اس میں سبزہ اُگ آتا ہے، کونپلیں پھوٹ آتی ہیں، کھیتی جوان ہو کر لہلہاتی ہے، اس پُر رونق اور خوشنما کھیتی کو دیکھنے والا مسرت اور خوشی محسوس کرتا ہے۔اس سبزہ میں جانداروں کی طرح نر اور مادہ اجزا پیدا کئے۔ہر کھیتی، سبزہ، پودا اور درخت کا خوشنما جوڑا پیدا کیا۔کھیتی کو لہلہاتے دیکھنے والے! ذرا غور کر، جس ذاتِ اقدس واعلیٰ نے خشک زمین سے سبزہ اگایا وہ قبروں سے مردوں کو اٹھانے پر اور زندہ کرنے پر قادر ہے۔(۲۰)

---

(۲۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۲،ص ۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر،ج ۳،ص ۲۰۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج ۲۳،ص ۷

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص ۳۵۱

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور،۵،ص ۴۰۶

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ،ج ۳،ص ۹۳

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی،ج ۲،ص ۵۶

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ مرنے کے بعد دوبارہ جی کر اٹھنے، دنیوی زندگی کے تمام اعمال کا حساب دینے اور جزا وسزا پر ایمان لانا فرض ہے۔ قیامت، حشر ونشر، جنت ودوزخ برحق ہیں، ان کا انکار ایمانیات کا انکار اور کفرِ صریح ہے۔ (۲۱)

﴿۲﴾ ماں کے رحم میں جنین میں روح ایک سوبیس روز (چار ماہ) کے بعد پڑتی ہے۔ احادیثِ طیبہ سے ایسا ہی ثابت ہے۔ احکام کا دارومدار اسی پر ہے۔ حمل کا نفقہ ماں کے لئے اسی سے ثابت ہے۔ ایک صحیح حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا اَحَدُکُمْ یُجْمَعُ خَلْقُهٗ فِیْ بَطْنِ اُمِّهٖ اَرْبَعِیْنَ یَوْماً ثُمَّ یَکُوْنُ فِیْ ذٰلِکَ عَلَقَةً مِثْلَ ذَالِکَ ثُمَّ یَکُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَالِکَ ثُمَّ یُرْسَلُ الْمَلَکُ فَیُنْفَخُ فِیْهِ الرُّوْحُ وَیُؤْمَرُ بِاَرْبَعِ کَلِمَاتٍ : یُکْتَبُ رِزْقُهٗ وَاَجَلُهٗ وَعَمَلُهٗ وَ شَقِیٌّ اَوْ سَعِیْدٌ... الحدیث (۲۲)

(بقیہ ۲۰) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳، ص۲۹۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابوالبرکات عبداللّٰه بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج۳، ص۲۹۹

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰه محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج۳، ص۱۴۵

☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ) مطبوعه کراچی:، ج۵، ص۱۷۴

☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه ، کوئٹه، ج۶، ص۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۷، ص۱۱۶

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللّٰه پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۸، ص۱۱۱

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابوعبداللّٰه محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۹

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج۳، ص۲۰۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳، ص۲۹۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابوالبرکات عبداللّٰه بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج۳، ص۲۹۹

☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی وعلامه جلال الدین محلی مطبوعه مکه مکرمه، ج۳، ص۹۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۲۳، ص۷

☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه ، کوئٹه، ج۶، ص۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۷، ص۱۱۵

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللّٰه پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۸، ص۱۱۱

(۲۲) ☆ رواه البخاری عن ابن مسعود، ج۱، ص۴۶۹، ۴۵۶

☆ ..... ۲، ج۲ ۹۷، ۱۱۱۰

☆ رواه مسلم عن عبداللّٰه بن مسعود، ج۲، ص۳۳۲

☆ رواه الترمذی عن عبداللّٰه بن مسعود، ج۲، ۴۵

☆ رواه ابوداؤد عن عبداللّٰه بن مسعود فی کتاب السنن

☆ رواه ابن ماجه عن عبداللّٰه بن مسعود فی مقدمه

marfat.com

جب تم میں سے کسی کی پیدائش (کے اسباب کو) ماں کے پیٹ میں چالیس دن میں جمع کیا جاتا ہے، پھر اسی رحم میں خون کا لوتھڑا اتنے ہی دن رہتا ہے، پھر اسی رحم میں گوشت کی بوٹی اتنے ہی دن رہتی ہے، پھر اس کی طرف ایک فرشتہ کو بھیجا جاتا ہے، پھر وہ اس میں روح پھونکتا ہے، (3x40=120) اور اسے چار کلمات لکھنے کا حکم دیتا ہے۔ اس کا رزق، اس کی عمر، اس کا عمل اور بد بخت یا نیک بخت ہونا لکھا جاتا ہے۔ (۲۳)

﴿۳﴾ ماں کے رحم میں گوشت کے لوتھڑے کو انسان نہیں کہہ سکتے، جس طرح انسان کے ابتدائی مراحل مٹی، منی، خون کی پھٹک کو انسان نہیں کہہ سکتے۔ جنین اس وقت انسان کہلائے گا جب اس میں اعضاء پیدا ہوں گے اور اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی قدرتِ کاملہ سے احسنِ تقویم واکملِ تعدیل ہوگا۔ خون کی پھٹک جب انسان شمار نہیں ہوتی وہ حمل بھی شمار نہیں ہوتا، اس کے ساقط ہونے سے عدت ختم نہیں ہوگی، عدت تو وضعِ حمل سے ساقط ہوتی ہے، جب وہ انسان نہیں تو حمل بھی شمار نہیں ہوگا۔ (۲۴)

﴿۴﴾ میراث کی علت محض بچہ ہونا نہیں۔ کیونکہ مردہ بچہ بھی بچہ ہے، اس کے باوجود وہ وارث نہیں۔ اس مردہ بچہ کے ساتھ عدت ختم ہو جاتی ہے، بشرطیکہ اس کے اعضاء بنے ہوں۔ (۲۵)

﴿۵﴾ بچہ زانی کی طرف منسوب نہ ہوگا اور نہ اس کی میراث پائے گا۔ حدیث شریف میں ہے:

اَلْوَلَدُ لِلْفَرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ (۲۶)

---

(۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۰
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۰۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۲۹۹
☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۱۱۲
(۲۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۲۵، ۲۲۶
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۲۷۲
(۲۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۲۷
(۲۶) ☆ رواہ الائمہ البخاری ومسلم وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ عن عائشہ.
☆ ورواہ احمدوالبخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ابی ہریرہ
☆ ورواہ ابوداؤدعن عثمان

marfat.com

بچہ اس عورت کا ہے جس نے جنا اور زانی کو سنگسار کیا جائے۔

بچہ کا نسب اس سے ثابت نہ ہوگا، لہٰذا وہ اس کا وارث بھی نہ ہوگا۔(۲۷)

﴿۶﴾ جب مطلقہ یا بیوہ ماں کے پیٹ میں دو بچے ہوں تو ایک کی پیدائش سے عدت ختم نہ ہوگی۔عدت اس وقت ختم ہوگی جب دوسرا بچہ پیدا ہو کر رحم خالی ہو جائے گا۔(۲۸)

﴿۷﴾ افعال میں مجاز کی طرف نسبت کرنا عرفِ شرع میں جاری اور جائز ہے۔افعال کا خالق و مالک اگرچہ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے مگر اسبابِ عادیہ کی طرف افعال کی نسبت کر دی جاتی ہے۔اس سے انکار گمراہی یا مقاصدِ شرع سے جہالت ہے۔شرعِ مطہر اس کے جواز پر ناطق ہے۔قرآن مجید اور احادیثِ طیبہ میں اس کی کثیر مثالیں موجود ہیں۔ماں کے پیٹ میں بچے کی صورت اللہ تعالیٰ بناتا ہے۔ارشاد ربانی یوں ہے:

هُوَالَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَالْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ○(سورۃ آل عمران آیت ۶)

وہی ہے کہ تمہاری تصویر بناتا ہے ماں کے پیٹ میں، جیسی چاہے۔اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں، عزت والا عظمت والا ہے۔

مگر حدیث شریف میں (جو ابھی گزری) انسان کی ماں کے پیٹ میں صورت گری کی نسبت فرشتہ کی طرف کی گئی ہے۔ایک حدیث شریف میں اس سے بھی واضح ارشاد ہے:

اِذَا مَرَّبِالنُّطْفَةِ ثِنْتَانِ وَاَرْبَعُوْنَ لَیْلَةً بَعَثَ اللّٰهُ اِلَیْهَا مَلَكًا فَصَوَّرَهَا وَخَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَاوَجِلْدَهَا وَلَحْمَهَا وَ عِظَامَهَا ثُمَّ یَقُوْلُ : اَیْ رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثٰی،فَیَقْضِیْ رَبُّكَ مَاشَآءَ وَیَكْتُبُ الْمَلَكُ،فَیَقُوْلُ:یَارَبِّ اَجَلُهٗ، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ مَاشَآءَ وَیَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ یَقُوْلُ: یَارَبِّ رِزْقُهٗ، فَیَقْضِیْ رَبُّكَ مَا شَآءَ وَیَكْتُبُ الْمَلَكُ...الحدیث (۲۹)

(بقیہ ۲۶) ☆ ورواہ النسائی عن ابن مسعود وعن ابن الزبیر

☆ ورواہ ابن ماجہ عن عمرو بن ابی امامہ/بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۳۵۲

(۲۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۷

(۲۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۷

(۲۹) ☆ رواہ مسلم عن اُسَیْد الغفاری، ج ۲، ص ۳۳۳

marfat.com

ماں کے پیٹ میں نطفہ پر بیالیس راتیں جب گزر جائیں تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے، وہ اس کی صورت بناتا ہے، وہ اس کے کان، آنکھیں، چمڑا، گوشت، ہڈیاں بناتا ہے، پھر وہ عرض کرتا ہے، اے میرے رب! کیا یہ مذکر ہے یا مؤنث؟ تو تیرا رب جو چاہے فیصلہ فرماتا ہے، فرشتہ وہ لکھ لیتا ہے، پھر فرشتہ عرض کرتا ہے، اے میرے رب! اس کی عمر کتنی ہے؟ تو اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے فیصلہ فرماتا ہے، فرشتہ وہ لکھ لیتا ہے، پھر فرشتہ عرض کرتا ہے، اے میرے رب! اس کا رزق کتنا ہے؟ تیرا رب جو چاہتا ہے فیصلہ ارشاد فرماتا ہے، فرشتہ اس کے مطابق لکھ لیتا ہے۔

آیت زیبِ عنوان میں مجاز کی طرف نسبت کرنے کی ایک اور مثال موجود ہے۔ وہ یوں کہ سبزہ اور کھیتی اگانے والا اللہ تعالیٰ ہے، حقیقی طور پر وہی اس کا فاعل ہے، مگر آیت کے آخری حصہ میں فرمایا گیا کہ ''زمین سبزہ اگالائی'' اس لئے اسبابِ عادیہ یا مقرب بندگانِ خدا کی طرف کسی شے کے عطا کرنے کی نسبت کرنا جائز ہے۔ ہماری روزمرہ زندگی کے کثیر مسائل کا حل اسی قاعدہ پر مبنی ہے۔ (۳۰)

﴿۸﴾ نومولود کے پیدا ہوتے وقت، اس میں زندگی کے آثار پائے جائیں تو مرجانے کے بعد اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ کیونکہ وہ انسان اور مسلمان کا بچہ ہونے کے باعث مسلمان ہے، مسلمان میت پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، اس کا نام رکھا جائے گا، اسے غسل دیا جائے گا، اسے کفن پہنایا جائے گا اور قبرستان میں اس کی قبر بنائی جائے گی۔ اگر اس کا کوئی ورثہ ہو تو شرعی طور پر وہ تقسیم ہوگا۔ وہ خود کسی کا وارث بن سکتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔ اِذَااسْتَهَلَّ الْمَوْلُوْدُ وُرِّثَ (۳۱)

---

(۳۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۱

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۰۰

(۳۱) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۴۹

☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱۵۵

☆ رواہ ابن ماجہ ابی ہریرۃ، ص ۱۰۹

☆ رواہ ابن حبان عن ابی ہریرۃ، ج ۱۳، ۳۹۲ (حدیث نمبر: ۶۰۳۲)

☆ رواہ الدارمی عن ابن عباس وجابر، ج ۲، ص ۴۸۵

marfat.com

(پیدائش کے وقت) اگر بچہ آواز سے روئے تو وہ وارث بنایا جائے گا۔(۳۲)

﴿۹﴾ عورت کو پیٹ پر مارنے سے اگر جنین (پیٹ کا بچہ) گر جائے اور اس وقت اس میں نوعِ حیات موجود ہو تو اس کی دیت پورے انسان کی دیت ہے۔(۳۳)

﴿۱۰﴾ احکامِ شرعیہ کا مکلّف بالغ ہوتا ہے، بلوغت سے پہلے بچہ احکامِ شرعیہ کا مکلّف نہیں۔(۳۴)

﴿۱۱﴾ بوڑھے آدمی کی قوت، عقل وفہم میں ضعف آجاتا ہے، ضعفِ فکر کے باعث اس کے احوال میں تناقض پیدا ہوجاتا ہے، اس کے افعال میں خلل واقع ہوجاتا ہے، اس لئے نبی اکرم انے اس عمر کی خرابی کے باعث ایک دعا تعلیم فرمائی۔ امت کے افراد کو اس دعا کو حرزِ جان بنالینا چاہیے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ.(۳۵)

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں نکمی عمر تک پہنچ جانے سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش اور عذابِ قبر سے۔(۳۶)

---

(۳۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۳

(۳۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۴

(۳۴) ☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۴۶

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۷، ص۱۱۷

(۳۵) ☆ رواہ البخاری عن سعدبن ابی وقاص، ج۱، ص۳۹۶

☆ رواہ مسلم نحوہ عن انس، ج۱، ص۳۴۷

☆ رواہ النسائی عن سعدبن ابی وقاص، ج۲، ص۳۱۳

☆ رواہ ابن ابی شیبہ، ج۷، ص۱۸

☆ رواہ ابن حبان، ج۳، ص۲۸۴ (حدیث نمبر: ۱۰۰۴)

☆ رواہ احمد، ج۱، ص۵۴، ۱۸۲، ۱۸۶

(۳۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۵

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۰۷

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۵۸

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص۹۴

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۱۱۳

marfat.com

﴿۱۲﴾ بڑھاپا اگرچہ ضعفِ قویٰ کا باعث ہے، اس حالت میں بندۂ مومن پوری قوت سے عبادت نہیں کرسکتا، تاہم یہ حالت بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہے، جوانی میں وہ نیک عمل کرتا رہا، اس کی جزا اللہ تعالیٰ جل وعلا لکھتا رہا، اب بڑھاپے میں اگرچہ وہ نیک عمل اس پابندی اور قوت سے نہیں کر پاتا، تاہم اللہ تعالیٰ اس کا اجر اس کے لئے لکھ دیتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

مَا مِنْ مُعَمَّرٍ يُعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ أَرْبَعِينَ سَنَةً إِلَّا صَرَفَ اللهُ عَنْهُ ثَلَاثَةَ أَنْوَاعٍ مِنَ الْبَلَاءِ الْجُنُونُ وَالْجُذَامُ وَالْبَرَصُ فَإِذَا بَلَغَ خَمْسِينَ سَنَةً لَيَّنَ اللهُ عَلَيْهِ الْحِسَابَ فَإِذَا بَلَغَ سِتِّينَ رَزَقَهُ اللهُ الْإِنَابَةَ إِلَيْهِ بِمَا يُحِبُّ فَإِذَا بَلَغَ سَبْعِينَ سَنَةً أَحَبَّهُ اللهُ وَ أَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ فَإِذَا بَلَغَ الثَّمَانِينَ قَبِلَ اللهُ حَسَنَاتِهِ وَ تَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِهِ فَإِذَا بَلَغَ تِسْعِينَ غَفَرَ اللهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَ مَا تَأَخَّرَ وَسُمِّيَ أَسِيرُ اللهِ فِي أَرْضِهِ وَشَفَّعَ لِأَهْلِ بَيْتِهِ. (۳۷)

بوڑھا، جس کا بڑھاپا اسلام میں گزرا، جب چالیس برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اس سے تین مصیبتوں کو دور فرما دیتا ہے۔ (وہ تین یہ ہیں) دیوانگی، جذام، برص۔ جب وہ بوڑھا پچاس برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب آسان فرما دیتا ہے۔ جب وہ ساٹھ برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اسے اس طرف متوجہ کر دیتا ہے جو اسے پسند ہو اور جب وہ ستر برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اسے دوست رکھتا ہے اور آسمان والے بھی اسے دوست رکھتے ہیں۔ اور جب وہ اسّی برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں کو قبول فرماتا ہے اور اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے۔ اور جب وہ نوے برس کا ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اور اس کا نام رکھا جاتا ہے ''اس کی زمین میں رحمتِ خداوندی کا قیدی'' اور اس کے گھر والوں کے حق میں اس کی شفاعت قبول کرلی جاتی ہے۔ (۳۸)

---

(۳۷) ☆ رواہ احمد عن انس بن مالک، ج۳، ص۲۱۸

☆ ورواہ ابویعلی الموصلی والبزار مثلہ

☆ ورواہ ابن کثیر فی تفسیرہ، ج۳، ص۲۰۷

(۳۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۰۷

marfat.com

﴿۱۳﴾ جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے بڑھاپے میں اس کی عقل زائل نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ علماء کا علم اور عقل، عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ بڑھتی رہتی ہے۔ اس لئے بندۂ مومن کے لئے قرآن مجید کی تلاوت کو معمول بنالینا لازم ہے۔(۳۹)

﴿۱۴﴾ عورتوں کے حمل کی مدت بالعموم نو ماہ ہے۔ مگر اس سے کم یا زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔ کم از کم مدتِ حمل چھ ماہ ہے اور زیادہ سے زیادہ دو سال۔ پس اگر کوئی عورت خلوتِ صحیحہ کے بعد چھ ماہ میں بچہ پیدا کرے تو اس بچہ کا نسب خاوند سے صحیح ہے۔ اسی طرح خلوتِ صحیحہ کے بعد دو سال کے اندر پیدا کرے تو بچہ کا نسب باپ سے صحیح ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔

وَحَمْلُهٗ وَفِصَالُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۝ (سورۃ الاحقاف آیت ۱۰)

اور اسے اٹھائے پھرنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینہ میں ہے۔

یعنی حمل اور رضاعت کی مجموعی مدت تیس ماہ (اڑھائی برس) ہے اور مدتِ رضاعت دو سال ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ (سورۃ لقمان آیت ۱۴)

اور ہم نے آدمی کو اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید فرمائی اس کی ماں نے اسے پیٹ میں رکھا کمزوری پر کمزوری جھیلتی ہوئی۔ اور اس کا دودھ چھڑانا دو برس میں ہے۔ اور یہ کہ حق مان میرا اور اپنے ماں باپ کا۔ آخر مجھی تک آنا ہے۔

دونوں آیاتِ کریمہ کو ملا کر پڑھنے سے حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ ثابت ہوئی۔

زیادہ سے زیادہ مدتِ حمل حدیثِ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ثابت ہوتی ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

(۳۹) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۴
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی:، ج ۵، ص ۱۷۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۱۳

marfat.com

مَا تَزِيْدُ الْمَرْأَةُ فِي الْحَمْلِ عَلٰى سَنَتَيْنِ قَدْرَ مَا يَتَحَوَّلُ ظِلُّ عُوْدِ الْمِغْزَل.(۴۰)

عورت کے حمل کی مدت دو برس سے تکلے کی لکڑی کے سایہ کی مقدار کے برابر بھی زائد نہیں ہوتی۔

اثرِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مرفوع حدیث کے حکم میں ہے کہ ایسے معاملات عقل سے نہیں بتائے جاسکتے۔ ضرور انہوں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا ہوگا۔(۴۱)

﴿۱۵﴾ تمام موجودات، تمام کائنات اور تمام ممکنات علمِ الٰہی میں تفصیل سے موجود ہیں۔ ہر وہ شے جو گزر چکی یا گزر رہی ہے یا آنے والی ہے، خواہ اربوں سال بعد ہوگی، اسے وہ تفصیل سے جانتا ہے۔ ماں کے رحم کا حال بھی اسے معلوم ہے۔

حقیقی اور ذاتی طور پر وہی اس کا علم رکھتا ہے، بلکہ سب کچھ اسی کے حکم سے ہوتا ہے۔ آیت مبارکہ زیب عنوان کے جملہ:

"وَ نُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى" میں اس کا واضح ثبوت ہے۔ نیز آیتِ کریمہ.....

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَ يَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ (سورۃ لقمان آیت ۳۴)

بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم اور اتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو کچھ ماں کے پیٹ میں ہے۔ اور کوئی جان نہیں جانتی کل کیا کمائے گی۔ اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی۔ بیشک اللہ جاننے والا بتانے والا ہے۔

.....میں اسی حقیقت کا اظہار ہے۔ مگر اسی اللہ عالم الغیب والشہادۃ نے ان چیزوں میں سے بعض کا بعض علم

(۴۰) ☆ رواہ الدارقطنی عن عائشہ، ج۳، ص ۳۲۲

☆ ومثلہ فی البیہقی

(۴۱) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۱۴۵

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص ۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص ۱۱۷

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۹۴

marfat.com

اپنے مقرب بندوں اور فرشتوں کو دیا ہے۔ گزشتہ سطور میں احادیث گزر چکی ہیں کہ رحم پر مقرر فرشتہ جنین کے بعض حالات لکھ دیتا ہے۔ اس کا نر یا مادہ ہونا، شقی یا سعید ہونا، اس کا رزق، اس کی عمر، اس کی وفات یا قبر کی زمین وغیرہ سب لکھ دیتا ہے۔ ظاہر ہے اسے ان اشیاء اور امور کی خبر عطا کی جاتی ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندوں کو غیب پر اطلاع بخشی ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے:

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ ..... (سورۃ الجن آیت ۲۷)

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

اس لئے بندۂ مومن کو اللہ کے محبوب بندوں کے بعض علومِ غیبیہ عطائیہ کا انکار کرنا جائز نہیں۔ (۴۲)

نوٹ: گزشتہ چند دہائیوں سے میڈیکل سائنس کی مادر پدر ترقی نے حمل، عملِ تولید اور ہم شکل انسان بنانے جیسے نئے مسائل کو جنم دیا ہے۔ ظاہر ہے ان مسائل کا ذکر اسلاف کی کتابوں میں نہیں۔ تاہم ادلۂ شرعیہ سے ان جدید مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔

ان شاء اللہ ہم آئندہ سطور میں ان نو پید مسائل کا شرعی حکم معلوم کرنے کی حقیر سعی کر رہے ہیں۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

﴿۱۶﴾ معقولات و منقولات جملہ علوم کی دو قسمیں ہیں۔

(ا) نافع علم (ب) غیر نافع اور نقصان دہ علم

اول: نافع علم وہ ہے جو صحیح عقائد اور انسانی زندگی سے متعلق صحیح راہنمائی کرے۔

دوم: غیر نافع اور نقصان دہ علم وہ ہے جو باطل عقائد اور انسانی زندگی سے متعلق امور کی غلط سمت میں رہنمائی کرے، علم کی اس تقسیم کی تائید قرآن مجید اور احادیثِ طیبہ سے ہوتی ہے۔ ہاروت و ماروت کے واقعہ میں جادو کی تعلیم کو رب نے نقصان دہ اور غیر نافع علم فرمایا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ الآية (سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۲)

(۴۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۸

marfat.com

اوروہ سیکھتے ہیں جوانہیں نقصان دے گا، نفع نہ دے گا۔

حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے علمِ غیر نافع سے پناہ مانگی ہے۔ دعا کے کلمات یوں ہیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْاَرْبَعِ :مِنْ عِلْمٍ لَایَنْفَعُ وَ مِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَ مِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَ مِنْ دُعَآءٍ لَّا یُسْمَعُ (۴۳)

اے اللہ! میں تجھ سے چار چیزوں سے پناہ مانگتا ہوں، غیر نافع علم سے، ایسے دل سے جس میں خوفِ خدا نہ ہو ایسی جان سے جو سیر نہ ہو، ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔

کلوننگ ٹیسٹ ٹیوب سے بے بی وغیرہ سے متعلق علوم غیر نافع بلکہ شرعی، اخلاقی، معاشرتی لحاظ سے قطعاً نقصان دہ ہیں (تفصیل آئندہ سطور میں ملاحظہ ہو) لہٰذا ان مذکورہ میڈیکل سائنسی علوم اور تجربات سے اجتناب لازم ہے۔

﴿۱۷﴾ اسلام میں تخلیق اور تولید کا غیر متبدل اصول اور تصور ہے، اس اصول اور تصور کو سمجھنے کے لئے آیت زیبِ عنوان کو ایک بار پھر پڑھیے۔ دوسرے مقام پر ارشادِ خداوندی یوں ہے:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ○ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ○ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ○ (سورۃ المومنون آیات ۱۲ تا ۱۴)

اور بے شک ہم نے آدمی کو چنی ہوئی مٹی سے بنایا۔ پھر اسے پانی کی بوند کیا ایک مضبوط ٹھہراؤ میں، پھر ہم نے اس پانی کی بوند کو خون کی پھٹک کیا، پھر خون کی پھٹک کو گوشت کی بوٹی، پھر گوشت کی

(۴۳) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۲۲۳
☆ رواہ الترمذی مثلہ عن عبداللہ بن عمرو، ج ۲، ص ۲۰۸
☆ رواہ النسائی عن انس، ج ۲، ص ۳۱۵
☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرہ، ص ۲۸۱
☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۱۶۸، ۱۹۸، ۲۴۰، ۲۶۵، ۲۵۱
☆ .....، ج ۳، ص ۱۹۲، ۲۵۵، ۲۸۲
☆ .....، ج ۴، ص ۲۷۱، ۲۸۱

marfat.com

بوٹی کو ہڈیاں، پھران ہڈیوں پر گوشت پہنایا۔ پھراسے اورصورت میں اٹھان دی۔ تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا ہے۔

اس مفہوم کی دیگر قرآنی آیاتِ بینات میں انسان کی تخلیق کا مرکز مٹی بتایا گیا ہے۔ جبکہ میڈیکل سائنس میں انسانی تخلیق کا مرکز خلیہ بتایا گیا ہے۔ اس خلیہ (سَیل) میں ایک خاص قسم کا مادہ ہے جسے پروٹو پلازم کہا جاتا ہے۔ سائنس اپنی تمام تر ترقی کے باوجود اس پروٹو پلازم کو مصنوعی طور پر بنانے پر قادر نہیں۔ گویا سائنس اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے باوجود اس ذات کی محتاج ہے جس نے سیل میں مادۂ حیات پیدا کیا ہے۔

جنسی عمل کے بغیر کسی جاندار کے صرف ایک خلیے سے اس طرح عمل کرنا کہ وہ نشوونما پا کر اس جاندار کی ہو بہو نقل بن جائے کلوننگ کہلاتا ہے۔

کلوننگ ایک مصنوعی طریقہ تولید ہے، جس کے تحت حاصل ہونے والا یا پیدا ہونے والا بچہ اس کے باپ کی ہو بہو نقل ہوگا۔

کلوننگ کے دعویٰ کی موجودگی میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ انسان اپنے باپ کی ہو بہو ہزاروں انسان پیدا کر سکے گا۔ یہ کتنا مضحکہ خیز، غیر اخلاقی، غیر قانونی اور غیر شرعی علم ہے۔ اس لئے علمائے اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے دانشوروں نے بھی اس کی مخالفت کی ہے۔ مسلمان ڈاکٹروں پر لازم ہے کہ وہ اس غیر نافع بلکہ مضر علم سے قطعی طور پر مجتنب رہیں۔

﴿۱۸﴾ حیا ایمان کا حصہ ہے۔ بلکہ حیا اور ایمان دونوں لازم وملزوم ہیں، ستر وحجاب بھی حیا کا لازمہ ہیں۔ ستر وحیا اور حجاب کے بارے میں قرآن مجید اور احادیثِ صحیحہ کی واضح ہدایات موجود ہیں۔ حیا اور حجاب کے بارے میں ارشادِ خداوندی کتنا واضح ہے:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۔ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۔ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ○ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ

marfat.com

اَوْاٰبَآئِهِنَّ اَوْاٰبَاءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْاَبْنَآئِهِنَّ اَوْاَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِیْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِیْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْنِسَآئِهِنَّ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِالتّٰبِعِيْنَ غَيْرِاُولِی الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِالطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْاعَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ وَتُوْبُوْااِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًااَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ○ (سورۃ النور آیات ۳۰، ۳۱)

مسلمان مردوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ ان کے لئے بہت ستھرا ہے۔ بے شک اللہ کو ان کے کاموں کی خبر ہے۔ اور مسلمان عورتوں کو حکم دو اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی پارسائی کی حفاظت کریں اور اپنا بناؤ نہ کریں مگر جتنا خود ہی ظاہر ہے۔ اور دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور اپنا سنگار ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے باپ یا شوہروں کے باپ یا اپنے بیٹے یا شوہروں کے بیٹے یا اپنے بھائی یا اپنے بھتیجے یا اپنے بھانجے یا اپنے دین کی عورتیں یا اپنی کنیزیں جو اپنے ہاتھ کی ملک ہوں یا نوکر بشرطیکہ شہوت والے مرد نہ ہوں یا وہ بچے جنہیں عورتوں کی شرم کی چیزوں کی خبر نہیں اور زمین پر پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ جانا جائے ان کا چھپا ہوا سنگار اور اللہ کی طرف توبہ کرو اے مسلمانو! سب کے سب، اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ۔

انسانی عفت، عزت، وقار اور خودداری کی ضمانت اسلام فراہم کرتا ہے، ستر وحجاب کے باقاعدہ اسلامی نظام پر عمل اسلامی معاشرے پر فرض اور خلاف ورزی کی شدید مذمت کرتا ہے۔

اسلام غیر ضروری طور پر لباس سے آزاد ہونا تو درکنار، معاشرے کے مردوں اور عورتوں کو نظریں بھی جھکا کر چلنے کی تلقین کرتا ہے۔

حیا کے بارے میں ارشادِ نبوی ہے:

اَلْحَيَآءُ مِنَ الْاِيْمَانِ (۴۴)

حیا ایمان کا حصہ ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے:

(۴۴) ☆ رواہ مسلم والترمذی عن ابی عمر /بحوالہ جامع صغیر، ج ۱، ص ۲۶۱

marfat.com

اَلْحَیَآءُ وَالْاِیْمَانُ مَقْرُوْنَانِ لَا یَفْتَرِقَانِ اِلَّا جَمِیْعًا(۴۵)

حیااورایمان دونوں جڑواں ہیں۔دونوں اکٹھے جداہوتے ہیں۔

اسلام بے حیائی فحاشی اورعیاشی کی قطعاً اجازت نہیں دیتا۔ارشادِنبوی ملاحظہ ہو:

لَعَنَ اللّٰہُ الْوَاشِمَاتِ وَ الْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالنَّامِصَاتِ وَ الْمُنْتَصِمَاتِ وَ الْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُتَغَیِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰہِ(۴۶)

لعنت فرمائی اللہ نے بالوں کو گوندنے والیوں ،گدوانے والیوں،بالوں کونوچنے والیوں ،نُچوانے والیوں،حُسن کے لئے دانتوں کوکشادہ کرنے والیوں اوراللہ کی تخلیق (خِلقت) میں تبدیلی کرنے والیوں پر۔

فطری عملِ تولید میں مرداورعورت کے مخصوص ملاپ کی گنجائش ہے،اس عمل میں کسی تیسرے فریق کی بلاواسطہ یابالواسطہ مداخلت کی اسلام گنجائش نہیں دیتا۔جبکہ ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے عمل میں حیااورعفت باقی نہیں رہتی ہے۔خوردبینوں کے ذریعے عورت کے رحم کا معائنہ عریانی وفحاشی ہے۔نیز اس عملِ تولید میں تیسرے کی مداخلت موجود ہے۔اس لئے علماءنے ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے عملِ تولید کوغیرشرعی قراردیاہے۔

هٰذَا مَا عِنْدِیْ وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ الْاَعْلٰی

☆☆☆☆☆

(۴۵) ☆ رواہ الطبرانی فی الاوسط عن ابی موسٰی /بحوالہ جامع صغیر،ج ۱،ص ۲۶۱

(۴۶) ☆ رواہ الائمہ احمدوالبخاری ومسلم وابوداؤدوالترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ابن مسعودؓ/بحوالہ جامع صغیر،ج ۲،ص ۲۰۹

marfat.com

باب(۲۸۶)

﴿ مکہ مکرمہ کی زمین اور مکانات کی خرید وفروخت اور کرایہ لینا ﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِالْحَرَامِ الَّذِىْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍ ۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ (سورۃالحج: آیت ۲۵)

بے شک جنہوں نے کفر کیا اور روکتے ہیں اللہ کی راہ اور اس ادب والی مسجد سے، جسے ہم نے سب لوگوں کیلئے مقرر کیا، اس میں ایک ساحق وہاں کے رہنے والے اور پردیسی کا، اور جو اس میں کسی زیادتی کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔

حل لغات:

كَفَرُوْا: نبی اکرم نورِ مجسم ﷺ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے اس سب کا ماننا ایمان کہلاتا ہے اور اس تمام یا اس میں سے بعض کا انکار کفر کہلاتا ہے۔

یعنی وہ لوگ جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے لائے ہوئے دین کا انکار کر دیا۔(۱)

(۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۲۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۴

marfat.com

وَيَصُدُّوْنَ: صَدَّ (از باب نَصَرَ) صَدًّا عَنْ كَذَا۔ کا معنی ہے: ہٹانا، منع کرنا، روکنا، قصد سے روک دینا۔ (۲)

آیتِ مبارکہ میں مضارع سے مراد استمرار ہے۔ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے رہتے ہیں۔ (۳)

وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ :اورادب والی مسجد سے روکتے ہیں۔

آیت زیبِ عنوان میں مسجدِ حرام سے مراد پوراحرم شریف ہے۔ قرآن مجید میں کثیر مقامات پر مسجدِ حرام سے پوراحرم مرادلیا گیا ہے۔ چنانچہ ارشادِ خداوندی میں ایسا ہی ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ط قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ط وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ط. آلایه. (سورۃ البقرۃ: آیت ۲۱۷)

تم سے پوچھتے ہیں ماہِ حرام میں لڑنے کا حکم، تم فرماؤ اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس پر ایمان نہ لانا اور مسجدِ حرام سے روکنا اور اس کے بسنے والوں کو نکال دینا اللہ کے نزدیک یہ گناہ اس سے بھی بڑے ہیں۔

نیز اس آیت میں بھی مسجدِ حرام سے مراد حرم ہے۔

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. آلایه

(سورۃ التوبۃ: آیت ۷)

مشرکوں کے لئے اللہ اور اس کے رسول کے پاس کوئی عہد کیوں کر ہوگا مگر وہ جن سے تمہارا معاہدہ مسجدِ حرام کے پاس ہوا۔

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ج ۶۷۸

☆ قاموس القرآن (او صلاح الوجوہ النظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی. مطبوعہ بیروت، ص ۲۷۵

☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسینؒ بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۷۶

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۱۶۱

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۱۳۰

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۹۴

(۳) ☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۲

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۶۰

marfat.com

اس آیت میں مسجدِ حرام سے مراد حدیبیہ ہے جو حرم ہے۔(۴)

اَلْعَاکِفُ: عَکَفَ (از باب نَصَرَ اور ضَرَبَ) عَکْفًا ۔عَکَفَ عَلَی الْاَمْرِ کا معنی ہے: ہمیشہ لازم رہنا۔اسی سے معتکف بنا ہے۔۔عَاکِفٌ کا معنی ہے: مقیم، تعظیم کی خاطر کسی کی طرف متوجہ رہنے والا۔(۵)

آیت میں اس سے مراد حدودِ حرام کے رہنے والے ہیں۔(۶)

اَلْبَادِ: بَدَأَ (از باب نَصَرَ) بَدَاوَۃً وبِدَاوَۃً وبَدْوً وبَدَاۃً وتَبَدّٰی کا معنی ہے: صحرا کی طرف جانا، بادیہ میں اقامت

(۴)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۲۲۸
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۷۴
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۳۲
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۲
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۲۸۲
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۶۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۴
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۲۱
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۳۸
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاورج۵،ص۴۱۹
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۲۳،ص۲۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص۵۲۸

(۵)
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۸۳۰
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی(م۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،،ص۳۴۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج۲،ص۳۵
☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ ،ص۳۴۳
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۶،ص۲۰۳

(۶)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۷۴
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حیّان الأندلسی الغرناطی(م۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۳۶۳
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاورج۵،ص۴۱۹
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ ، ج۶،ص۲۲
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی:، ج۵،ص۱۷۹

marfat.com

کرنا۔اسی سے صفت بَدْوِیٌّ ہے۔

اَلْبَادِ: صحرانشین، خانہ بدوش، شہریت کے برعکس۔(۷)

اَلْبَادِ سے مراد حدودِ حرم سے باہر کا رہنے والا، آفاقی۔

آیتِ مبارکہ سے مراد یہ ہے کہ مکہ والوں اور پردیسیوں، ہر ایک کو وہاں رہنے کا یکساں حق ہے۔(۸)

وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ: اَرَادَ يُرِيْدُ اِرَادَةً کا معنی ہے: قصد کرنا، ارادہ کرنا۔يُرِيْدُ، مَنْ شرطیہ کی وجہ سے مجزوم ہے۔

بِاِلْحَادٍ: اِلْحَاد کا معنی ہے: کسی جانب مائل ہونا، حق سے باطل کی طرف مائل ہونا، بغلی قبر کھودنا، دین سے پھرنا، دین میں طعن کرنا، جھگڑا کرنا، احکامِ خداوندی کو ترک کرنا، ظلم کی طرف مائل ہونا، ذات وصفاتِ باری تعالیٰ میں شک کرنا، حرم شریف کی بے حرمتی کرنا، بدنام کرنا، عیب لگانا۔

اسمائے باری تعالیٰ میں الحاد دو نوعیت کا ہے۔

اول: اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم کو ایسے اوصاف سے متصف کرنا جو اس کی شانِ رفیع کے لائق نہ ہو۔ مثلاً قدرتِ الٰہی کو بیان کرتے ہوئے یہ کہنا کہ وہ جھوٹ بول سکتا ہے۔(نَعُوْذُ بِاللّٰهِ)

دوم: اس کی صفاتِ حمیدہ کی وہ تاویل کرنا جو اس کی شانِ ارفع کے لائق نہ ہو۔ مثلاً علم کی تاویل یوں کرنا کہ وہ وقوع

---

(۷) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۹۸

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۰

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۲۱

☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۳۲۱

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۳۲

(۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۷۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۳۲

☆ تفسیرالبحرالمحیط، لمحمدبن یوسف الشہربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۳

☆ زادالمسیرفی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ۵، ص ۴۱۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ . ج ۶، ص ۲۲

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۸۹

marfat.com

افعال سے پہلے انہیں نہیں جانتا۔(نَعُوْذُبِاللّٰہِ)

اسمائے الٰہیہ میں الحاد کی دونوں نوعتیں کفر اور بے دینی ہیں۔(۹)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو اس (حرم) میں کسی زیادتی کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔

شانِ نزول

شانِ نزول کے بارے میں دو روایات مروی ہیں۔

﴿۱﴾ ابوسفیان بن حرب اور ان کے دیگر مشرکین ساتھیوں نے حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے صحابہ کرام کو عمرہ کرنے سے روکا۔ حدیبیہ کے مقام میں معاہدہ ہوا کہ مسلمان اگلے برس عمرہ کریں۔ بیت اللہ سے روکنے پر یہ آیت نازل ہوئی۔(۱۰)

﴿۲﴾ حضور سید عالم ﷺ نے عبداللہ بن خطل اور ایک انصاری کو کسی کام پر روانہ کیا۔ دونوں کے درمیان نسب پر مفاخرت ہوئی۔ عبداللہ بن خطل نے انصاری کو غصہ میں آکر قتل کر دیا اور خود مرتد ہو کر (العیاذ باللہ) مکہ مکرمہ روانہ ہو گیا۔ اس پر آیتِ مبارکہ نازل ہوئی۔

یاد رہے عبداللہ بن خطل وہی بد بخت ہے جسے فتح مکہ کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے عام

---

(۹) ☆ المنجد ازلوئس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۱۴۴

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۴۸

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۹۶

☆ تاج العروس ازعلامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۹۳

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۷۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۴۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۱۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۲۳

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۲

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۱۳۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۸

marfat.com

معافی کے اعلان کے موقعہ پر بھی معافی نہ مل سکی اور اسے بیت اللہ کے پردوں میں چھپے ہوئے قتل کر دیا گیا۔(۱۱)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ مکہ مکرمہ (زادھا اللہ شرفاً وتعظیماً) حرمِ مکی اور مسجدِ بیت الحرام میں تمام مسلمانوں کے حقوق یکساں ہیں۔ کسی مسلمان کو ان میں داخل ہونے اور عبادت سے روکنا جائز نہیں۔ آیتِ مبارکہ زیبِ عنوان کے شانِ نزول سے یہ مسئلہ واضح ہے۔(۱۲)

﴿۲﴾ حدودِ حرم کی زمین بیچنا اور زائرین سے اس کا کرایہ لینا مکروہ وممنوع ہے۔ کیوں کہ یہ زمین وقف ہے، اس کا کوئی مالک نہیں۔ سب مسلمانوں کے لئے اس سے نفع لینا برابر ہے۔ البتہ اس پر گھر بنانا اور عمارت بیچنا یا عمارت کا کرایہ لینا اور گھریلو اشیاء، بستر، فرنیچر، برتن وغیرہ کے استعمال کا کرایہ لینا جائز ہے۔ اس طرح چار دیواری میں ٹھہرانے، زائرین اور ان کے مال، سامان وغیرہ کی حفاظت کا کرایہ لینا جائز ہے۔ آیتِ مبارکہ میں سَوَآءَ نِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ میں اسی مسئلہ کا بیان ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ وَمَاتُدْعٰی رُبَاعُ مَكَّةَ اِلَّا السَّوَائِبَ مَنِ احْتَاجَ سَكَنَ وَمَنِ اسْتَغْنٰی اَسْكَنَ(۱۳)

---

(۱۱) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۵
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۲۵
☆ لتفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۲۸

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۲۸
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۲۷۴
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۳۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۲۳
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۳۶۲
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۲۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۳۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۲۸

(۱۳) ☆ رواہ ابن ماجہ عن علقمہ بن نضلہ، ص۲۳۱
☆ رواہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ (نحوہ)، ج۴، ص۴۱۹

marfat.com

شارع اسلام رسولِ اکرم ﷺ امیر المومنین حضرت ابوبکر اور امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے وصال تک مکہ معظمہ کی زمین چھوڑی ہوئی (آزاد، شاملات) کہلاتی تھی۔ جو چاہتا اس میں سکونت اختیار کرتا اور جسے ضرورت نہ ہوتی وہ دوسرے کو اس میں ٹھہرا دیتا۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے حکم سے نافع بن عبداللہ الحارث رضی اللہ عنہ نے صفوان بن امیہ سے ایک مکان چار ہزار درہم میں ان کے لئے خریدا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے جیل خانہ بنا دیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مکہ معظمہ کا مکان خریدنا بھی مکاناتِ مکہ معظمہ کی خرید و فروخت کے جواز پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴)

﴿۳﴾ مکہ معظمہ اور دنیا کے دیگر مقامات میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ دیگر مقامات پر گناہ کے ارادہ پر گرفت نہیں۔ جب تک گناہ کا ارتکاب نہ ہو گناہ لکھا نہیں جاتا۔ مگر مکہ مکرمہ میں ارادۂ گناہ پر بھی گرفت ہے۔ یہاں ارادۂ گناہ پر عذاب بھی ہے۔(۱۵)

(۱۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۲۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۳۳

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۱۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۵

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۵۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۱۳۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۳۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۸

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۶۰

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۹۹

(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۳۴

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۵۲

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۸۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۲۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۲۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۱۳۹

marfat.com

﴿۴﴾ مکہ مکرمہ میں نیکی کا ثواب کئی گنا ہے۔اسی طرح وہاں کا گناہ بھی دیگر جگہوں کے گناہ سے کئی گنا بڑا ہے۔زمان ومکان کی عظمت کے پیشِ نظر یہاں گناہ اوراجر بڑھ جاتا ہے۔(۱۶)

﴿۵﴾ حدودِ حرم میں آفاقی کا بغیر احرام کے داخل ہونا وہاں کا شکار کرنا، درخت کاٹنا، سب ناجائز ہیں۔(۱۷)

﴿۶﴾ حدودِ حرم میں کافروں کو داخل ہونے سے روکا جائے۔کیونکہ ان کا وہاں داخلہ حرم کے آداب کے خلاف ہے۔(۱۸)

﴿۷﴾ حرم کی تعظیم اوراس کی حرمت مکی اورآفاقی سب برابر پرفرض ہے۔اس کی تعظیم نہ کرنے والے پراللہ تعالیٰ، رسول اللہ اورتمام انبیائے کرام صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کی لعنت ہے۔حدیث شریف میں ہے۔

سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٌ اَلزَّائِدُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَالْمُكَذِّبُ بِقَدْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْمُتَسَلِّطُ بِالْجَبْرُوْتِ فَيُعِزُّ بِذٰلِكَ مَنْ اَذَلَّ اللّٰهُ وَيُذِلُّ مَنْ اَعَزَّ اللّٰهُ وَالْمُسْتَحِلُّ لِحَرَمِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِيْ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ وَالتَّارِكُ لِسُنَّتِيْ (۱۹)

چھ طرح کے لوگ ہیں جن پر میں نے بھی لعنت کی اوراللہ نے بھی اور ہر مقبول الدعا نبی نے بھی:

☆ اللہ کی کتاب میں اپنی طرف سے اضافہ کرنے والا۔

☆ تقدیرالٰہی کا انکار کرنے والا

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۲۳۰

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۷۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص ۲۲

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸،ص۱۳۷

(۱۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص ۳۴

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،۳،ص۲۸۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص ۲۲

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج ۸،ص۱۳۷

(۱۸) ☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۳۱

(۱۹) ☆ رواہ الترمذی والحاکم عن عائشۃ والحاکم عن ابن عمر /بحوالہ جامع صغیر، ج۲،ص ۵۲

marfat.com

☆ زبردستی حاکم بن جانے والا کہ جس کو اللہ نے ذلیل کیا اس کو عزت دے دے اور جس کو اللہ نے عزت دی ہے اس کو ذلیل کر دے۔

☆ اللہ کے حرم کو حلال بنانے والا۔

☆ میری عترت (اولاد و نسل کے قتل و غارت اور تذلیل) کو جو اللہ نے حرام کر دیا اس کو حلال قرار دینے والا۔

☆ میرے طریقے کو ترک کرنے والا۔

لہٰذا بندۂ مومن پر فرض ہے کہ وہ حرم محترم کے آداب کو ہمیشہ بجالاتا رہے۔(۲۰)

﴿۸﴾ مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی اور مسجدِ اقصیٰ میں اگر نماز پڑھنے کی نذر مانے تو اس کا پورا کرنا لازم ہے۔ بخلاف دیگر مساجد کے کہ ان میں سے کسی ایک کی نماز دوسری مسجد کی نماز کی طرح ہے۔

☆☆☆☆☆

(۲۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۳۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۲

marfat.com

باب ۲۸۷

﴿بیت اللہ کی تعظیم اور تعمیرِ مساجد﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْاً وَّ طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ○ (سورۃ الحج آیت: ۲۶)

اور جب ہم نے ابراہیم کو اس گھر کا ٹھکانہ ٹھیک بتادیا اور حکم دیا کہ میرا کوئی شریک نہ کر اور میرا گھر ستھرا رکھ طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع اور سجدے والوں کے لئے۔

حل لغات:

بَوَّاْنَا: ہم نے ٹھیک ٹھکانہ بتادیا، جگہ متعین کردی۔

بَوَّاَ الْمَكَانَ: کسی جگہ اترنا، ٹھہرنا۔

بَوَّاَهُ وَبَوَّاَ لَهُ مَنْزِلاً: اس نے اس کے رہنے کے لئے مکان تیار کیا۔

انہی معنوں میں قرآن مجید کی دوسری آیت ہے۔

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ. الآیہ. (سورۃ یونس: آیت ۹۳)

اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو عزت کی جگہ دی۔ (۱)

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۴

☆ قاموس القرآن (او صلاح الوجوہ النظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی. مطبوعہ بیروت، ج ۸۰

☆ مفردات الفاظ غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۶۵

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۴۷

marfat.com

آیت زیبِ عنوان میں اس سے مراد یہ ہے کہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو بیت اللہ کے اساسی قواعد (پرانی بنیادیں) ٹھیک طرح سے بتادیں۔(۲)

مَکَان: جس جگہ کوئی شے قائم اور موجود ہو وہ جگہ اس شے کا مکان ہوتی ہے۔(۳)

اَلْبَیْتِ: آیتِ مبارکہ میں اس سے مراد بیت اللہ (خانہ کعبہ) ہے۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے جس جگہ بیت اللہ تعمیر فرمایا تھا اس جگہ کے نشانات ہم نے ابراہیم علیہ السلام پر واضح فرمادیئے۔ان اساسی قواعد کی جگہ ان پر متعین کردی۔

بَیْتِیَ: میرا گھر۔مراد بیت اللہ شریف ہے۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی طرف بیت (کعبہ) کی نسبت تشریفی ہے۔اس کی عظمت کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف نسبت فرمائی ہے۔(۴)

وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ: رُکَّعٌ جمع ہے رَاکِعٌ کی اور سُجُوْد جمع ہے سَاجِدٌ کی۔

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج.۳،ص۱۲۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۳۶

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۲

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۲۸۳

☆ تفسیرالوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۶۰

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۳۶۳

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۲۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۲۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص۵۲۹

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۷

(۳) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۱

(۴) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۲۴

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۸

marfat.com

رکوع اور سجدہ نماز کے ارکان سے ہیں۔ جس طرح قیام وقعود ارکانِ نماز سے ہیں۔(۵)

پس منظر:

ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی تعمیر کردہ بیت اللہ کی عمارت طوفانِ نوح میں آسمانوں پر اٹھالی گئی تھی۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ ماجدہ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو جب وادی غیر ذی زرع (مکہ معظمہ کی جگہ) میں آباد کیا گیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا کہ بیت اللہ کو از سرِ نو تعمیر فرمائیں۔ چونکہ تعمیرِ آدم علیہ السلام کے بیت اللہ کو آسمانوں پر اٹھالیا گیا تھا، اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بیت اللہ کی بنیادیں پوشیدہ تھیں۔ بیت اللہ کی پرانی بنیادیں اللہ تعالیٰ نے یوں واضح فرمائیں کہ آسمان پر بادل کا ایک ٹکڑا اتنی جگہ پر سایہ فگن ہوا جتنی جگہ بیت اللہ تھا۔ اور ایک ہوا چلی جس سے پرانی بنیادوں کے نشانات حضرت ابراہیم علیہ السلام پر واضح ہو گئے۔ ان خطوط اساسی پر حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے ساتھ مل کر بیت اللہ کو از سرِ نو تعمیر فرمایا۔ زادھا اللہ شرفاً وتعظیماً۔(۶)

---

(۵) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۰۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۸، ص۲۴

(۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۲، ص۱۲۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۳۶

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۲

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ص۳، ص۲۸۳

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۶۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۰۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۰۵

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص۹۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۲۳، ص۲۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۲۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۴۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۳۰

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج۵، ص۱۹۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۱۳۷

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ بوسیدہ مسجد کوازسرِ نوتعمیر کرنااورضرورت کے مقام پرنئی مسجد تعمیر کرنا، مسجدوں کوآباد کرناسنتِ حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہ اورکارِ خیر ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بیت اللہ شریف کوازسرِ نوتعمیر کیا۔ نبی اکرم سید عالم ﷺ نے قبلِ بعثت تعمیرِ بیت اللہ میں حصہ لیا۔ نیز آپ نے مسجدِ قبااورمسجدِ نبوی تعمیر فرمائی۔ صحابہ کرام نے اپنے مفتوحہ علاقوں میں مساجد تعمیر فرمائیں۔ ائمہ دین اورصلحائے امت نے جہاں جہاں ضرورت دیکھی مسجدیں تعمیر فرمائیں۔ پوری دینا میں مسجدوں کی بہاراس مسئلہ پر دلیلِ ناطق ہے۔

﴿۲﴾ شرک گناہِ کبیرہ ہے۔ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اس سے ہمیشہ محفوظ رہے۔ بلکہ شرک کے علاوہ دیگر کبیرہ اورصغیرہ گناہوں سے بھی ہمیشہ معصوم رہے۔ عصمتِ انبیاء کاعقیدہ امت کااجماعی عقیدہ ہے۔ بندۂ مومن کواسی کی پیروی لازم ہے۔(۷)

﴿۳﴾ بیت اللہ زادھااللہ شرفاوتعظیماًاوردیگرتمام مساجدکوکفر، بدعت اورتمام حسی ومعنوی نجاستوں سے پاک رکھنا فرض ہے۔ مسجدوں کوآباد رکھنااوران کی زیب وزینت، ان کی صفائی اورخوبصورتی میں کوشش کرنااعلیٰ درجہ کی نیکی اورسنتِ ابراہیمی ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے۔

اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَاللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّكٰوةَ وَ لَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤی اُولٰٓئِكَ اَنْ یَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ۝ (سورۃ التوبۃ: آیت ۱۸)

اللہ کی مسجدیں وہی آبادکرتے ہیں جواللہ اورقیامت پرایمان لاتے اورنمازقائم کرتے ہیں اورزکوٰۃ دیتے ہیں اوراللہ کے سواکسی سے نہیں ڈرتے، تو قریب ہے کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں۔

یادرہے کہ مسجدوں کی تعمیر سے مرادعام ہے۔ نئے سرے سے مسجد بنانا، مسجد کی مرمت کرنا، مسجد کونماز، ذکر، اذکار، تلاوت، نعت، وعظ سے آبادرکھنا، مسجد میں صفائی کرنا، زیب وزینت کرنا، بتی دیا، روشنی کاانتظام کرنا،

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۳۶
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۲۷

marfat.com

بجلی کے بلب، ٹیوب، پنکھے، نمازیوں کو گرمی سردی سے بچاؤ کا انتظام کرنا، خطیب کے لئے منبر بنوانا، فرش، صف، دری، قالین، بچھانا، اذان اور وعظ کے لئے لاؤڈ سپیکر مہیا کرنا، چراغاں کرنا، نماز باجماعت قائم کرنا، اس کیلئے امام، مؤذن مقرر کرنا، مسجد کے سامان کی حفاظت کے لئے محافظ مقرر کرنا، ان کو مشاہرہ دینا وغیرہ امور مسجد کی تعمیر میں شامل وداخل ہیں۔(۸)

﴿۴﴾ طواف بیت اللہ شریف کے ساتھ خاص ہے۔ دنیا کی کسی مسجد یا مزار کا طواف کرنا جائز نہیں۔(۹)

﴿۵﴾ نماز اکثر احوال میں مسجدوں میں ادا کرنا چاہئے مگر بعض حالات میں مسجد کے علاوہ بھی نماز ادا کرنا جائز ہے۔ مثلاً بیماری یا عذر کی حالت میں، سفر یا جنگ وغیرہ حالتوں میں جہاں بھی پاک جگہ نماز ادا کرے گا نماز جائز ہے۔(۱۰)

﴿۶﴾ نماز میں بیت اللہ کی طرف منہ کرنا نماز کی صحت کے لئے شرط ہے۔ مگر چند صورتوں میں نماز میں قبلہ کی طرف منہ نہ کرنا بھی جائز ہے۔ مثلاً سمتِ قبلہ میں اشتباہ ہو جائے، جنگ کی حالت میں، نفل نماز سواری پر ادا کرتے ہوئے، وغیرہ۔(۱۱)

﴿۷﴾ قیام، رکوع، سجدہ، قعدہ نماز کے اجزا ہیں۔ ہر جزو مستقل رکن ہے۔ اس لئے نماز میں ان کا پاک جگہ اور پاک

(۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۲۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۳۶

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۶۰

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۳

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج۲۳، ص۲۷

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۳۶۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج۳، ص۳۰۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۲۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۴۳

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵، ص۱۹۰

(۹) ☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۶

(۱۰) ☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۶

(۱۱) ☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۶

marfat.com

بدن کے ساتھ ادا کرنا لازم ہے۔(۱۲)

فائدہ جلیلہ:

کعبہ اگر چہ ایک جسمانی چیز ہے لیکن اس کی حقیقت ایسی شے کے مشابہ ہے جو بے کیف ہو۔ کیونکہ کعبہ کی دیواریں چھت، بنیادیں انتہائی گہرائی تک اور انتہائی چوٹی تک آسمان میں کوئی اور قبلہ نہیں۔ اگر اس کی مٹی، پتھر، چھت اور دیواریں ہٹا کر کہیں اور لے جائیں تب بھی وہی جگہ قبلہ رہے گا جواب ہے اور جہاں دیواروں اور پتھروں کی منتقل کر کے پہنچا دیا جائے وہ جگہ قبلہ نہیں بن جائے گی۔

حقیقت میں قبلہ (کعبہ) ایک بے کیف اور بے جسم چیز ہے جہاں انوارِ الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے اور تجلیات کا پرتو پڑتا ہے۔(۱۳)

☆☆☆☆☆

(۱۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۲۷

☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۶۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۴۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۱۳۸

(۱۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۱۳۸

marfat.com

باب(۲۸۸)

﴿پیدل ہوکر حج کرنا﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ○ (سورۃ الحج: آیت ۲۷)

اور لوگوں میں حج کی عام ندا کردے وہ تیرے پاس حاضر ہوں گے پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر کہ ہر دور کی راہ سے آتی ہیں۔

حل لغات:

اَذِّن: اذانٌ سے امر کا صیغہ ہے، معنی ہے: ندا کردے، اعلان کردے۔(۱)

نوٹ: مزید تفصیل مع حوالہ جات سورۃ التوبۃ، آیت: ۳ میں گزر چکی ہے۔

---

(۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۳۷

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمربن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۳

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ۳،ص۲۸۳

☆ تفسیرالبحرالمحیط۶،ص۳۶۴،تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی مطبوعہ قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۲۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۲۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص۵۳۰

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۸

marfat.com

رِجَالًا: رَجِلَ (از باب سَمِعَ) رَجَلٌ کا معنی ہے: پیدل چلنا، رِجَالًا جمع ہے رَاجِلٌ کی، بمعنی پیادہ۔(۲)

ضَامِرٍ: ضَمَرَ (از باب نَصَرَ وازباب کَرُمَ) ضُمُوْرًا کا معنی ہے: لاغر، نحیف اور کم گوشت والا ہونا، ضَامِرٍ اسم فاعل ہے بمعنی لاغر، نحیف۔(۳)

فَجٍّ: درۃ، دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ، وسیع اور واضح راستہ۔(۴)

عَمِيْقٍ: عَمُقَ (از باب کَرُمَ) اور عَمِقَ (از باب سَمِعَ) عُمْقًا کا معنی ہے: دور ہونا، کشادہ اور لمبا ہونا، اس سے عَمِيْقٌ صفت ہے۔ بمعنی: کشادہ اور دور، گہرائی کے اعتبار سے دور ہونا۔(۵)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ اے میرے خلیل ابراہیم! بیت اللہ تعمیر ہو چکا۔ اب تمام جہانوں کے لوگوں میں اعلان فرمادو کہ وہ اس گھر کا حج کریں۔ لوگ تیری آواز سن کر اطاعتِ الٰہی کے جذبہ سے سرشار ہو کر تیرے پاس آئیں گے۔ ان میں بعض پیدل ہوں گے، بعض دور دراز علاقوں سے سواری پر سفر کر کے آئیں گے۔(۶)

---

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۳۷
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی،، ص ۱۹۰
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م سنہ ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۱۰۷
☆ قاموس القرآن (او صلاح الوجوہ النظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی. مطبوعہ بیروت، ص ۱۹۵
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م سنہ ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۷، ص ۳۳۵

(۳) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۲۹
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۹۹
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۲، ص ۶
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م سنہ ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۵۲

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۹۰۳
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۷۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م سنہ ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۵۳
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م سنہ ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۸۲

(۵) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۸۴۲
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (سنہ ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۴۸
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م سنہ ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۳۸
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م سنہ ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۷، ص ۲۴

(۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م سنہ ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۷۸

marfat.com

پس منظر

جب ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ (زادھااللہ شرفاًوتعظیماً) کی تعمیر سے فراغت پائی تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی طرف سے حکم ہوا کہ اے ابراہیم جبل ابوقبیس پر چڑھ کر تمام جہان کے لوگوں کو اعلان کردو کہ اس گھر کا حج کرنا تمہارے لئے فرض ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے مولا! میری آواز تمام جہاں والوں تک کیسے پہنچے گی؟ ارشادِ ربانی ہوا، اعلان کرنا تمہارا کام ہے، تیرے اعلان کی آواز تمام جہان والوں تک پہنچانا میرے ذمۂ کرم پر ہے۔ لوگ حج کے جذبہ شوق سے بیت اللہ کا طواف کرنے کے لئے پیادہ بھی آئیں گے اور سوار ہوکر بھی آئیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ خلیل اللہ علیہ السلام کی آواز تمام جہان والوں تک پہنچی حتیٰ کہ جو ابھی باپ کی پشت میں اور ماں کے پیٹ میں تھے۔ سب نے دعوتِ ابراہیم کو سنا، جن خوش بخت حضرات نے جتنی مرتبہ لبیک کہی اتنی ہی مرتبہ وہ حج کریں گے۔ ابراہیم علیہ السلام کی ندا کے جواب میں خوش نصیبوں نے کہا:

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ

حاضر ہیں اے اللہ! ہم حاضر ہیں۔(۷)

(بقیہ ۶)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۳۷
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج۲۳، ص۲۷
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۳
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۲۸۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۳۶۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج۳، ص۳۰۵
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۳، ص۳۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص۱۴۳
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور ،ص۵۳۰
☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۳۸
(۷) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۲۷۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۳۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص۹۹
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۲

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ حج اسلام کے فرائض میں سے ایک اہم فرض ہے۔ یہ فرض ملتِ ابراہیم میں بھی جاری رہا۔ انبیائے کرام علیہم السلام بھی کرتے رہے۔ حضور سیدِ عالم شارعِ اسلام نے حجۃ الوداع کے موقعہ اس کی فرضیت کا تجدیدی اعلان فرمادیا۔ امتِ مرحومہ کے جن افراد پر فرضیتِ حج کے شرائط پورے ہوتے ہیں انہیں دیر کئے بغیر فریضہ حج ادا کرلینا چاہئے۔

آیت زیبِ عنوان کے علاوہ قرآن مجید کی متعدد دیگر آیات اور کثیر احادیثِ طیبہ اس کی فرضیت پر دلالت کرتی ہیں۔

ایک حدیث شریف میں ہے:

خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ النَّاسَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ فَقَالَ رَجُلٌ فِیْ كُلِّ عَامٍ فَسَكَتَ عَنْهُ حَتّٰى اَعَادَ ثَلٰثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ. (الحدیث)(۸)

رسول اکرم ﷺ نے (حجۃ الوداع کے موقعہ پر) خطبہ ارشاد فرمایا۔ آپ نے فرمایا، بیشک اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض فرمایا ہے۔ ایک شخص نے عرض کی، کیا ہر سال؟ آپ خاموش رہے۔ اس نے تین مرتبہ سوال دہرایا۔ پھر آپ نے فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دوں تو ہر سال فرض ہوجائے؟(۹)

(بقیہ ۷) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۸۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۲۳، ص ۲۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۵

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴. ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۱۷، ص ۱۴۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۱۴۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۳۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۳۸

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۹۰

(۸) ☆ رواہ النسائی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱

☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۵۰۸

marfat.com

﴿۲﴾ حج کے فرض ہونے کی جو شرطیں ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اپنے مقام سے لے کر بیت اللہ شریف تک جانے کے لئے اس کے پاس سواری کا انتظام ہو۔(۱۰)

﴿۳﴾ جو شخص پیدل چل سکتا ہو اس کے لئے پیدل چل کر حج کرنا افضل ہے۔ کیونکہ آیت زیب عنوان میں پیدل چل کر آنے کا ذکر پہلے ہے۔ پھر پیدل چل کر حج کرنے میں جسمانی مشقت بھی زیادہ ہے۔ نیز پیدل چلنے میں خشوع وخضوع کا عملی مظاہرہ بھی ہوتا ہے۔(۱۱)

﴿۴﴾ اگر کوئی شخص پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانے تو اس پر پیدل حج کرنا لازم ہے۔ اگر پیدل نہ چل سکے تو اس

---

(۹)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۷۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۳۷
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴. ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۳۶۴
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،۳،ص۲۸۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۲۷
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۲۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۳
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۳۰
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۸
(۱۰) ☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۴۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص۱۲۷۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۳۱
(۱۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص۱۲۸۰
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۳۹
☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۲۳،ص۲۸
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۰۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۳۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵،ص۱۹۱
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۱۳۹
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ،مکہ مکرمہ، ج۳،ص۱۰۰

marfat.com

پر ایک قربانی واجب ہے۔(۱۲)

﴿۵﴾ پیدل حج میں ہر قدم کے بدلے سات سو حرم کی نیکیاں اور سواری پر ہر قدم کے بدلے سات نیکیاں ہیں۔(۱۳)

﴿۶﴾ حج کی فرضیت کے باب میں صرف راستوں کا ذکر ہے پیدل اور سوار ہو کر۔ظاہر ہے کہ یہ دونوں اسلوب خشکی کا تقاضا کرتے ہیں۔سمندری سفر اور فضائی سفر کا ذکر نہیں۔اس کے باوجود ان دونوں ذریعوں سے حج کے لئے سفر کرنا بھی جائز ہے۔کسی شے کا ذکر نہ ہونے سے اس شے کی نفی نہیں ہوتی۔عدمِ ذکر، ذکرِ عدم کو لازم نہیں۔یہ اصول یاد رہے بہت سے مقامات پر کام آتا ہے۔(۱۴)

فائدہ:

ہجرت سے پہلے اور بعثت کے بعد حضور سید عالم ﷺ نے دو حج کئے ہیں۔ایک حج ہجرت کے بعد کیا ہے، جسے حجۃ الوداع کہتے ہیں۔(۱۵)

فائدہ:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حج کی ندا اعلانِ خداوندی تھا۔اللہ تعالیٰ کے محبوبوں کے افعال اللہ تعالیٰ اپنی طرف منسوب فرماتا ہے۔حج کی فرضیت کا اعلان سن کر خوش نصیبوں نے عرض کیا: حاضر ہیں ہم اے اللہ حاضر ہیں۔

فائدہ:

بیت اللہ کے حج کو آنے والا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس حاضر ہوتا ہے۔آیتِ کریمہ میں یَاْتُوْکَ میں یہی اشارہ ہے۔(۱۶)

☆☆☆☆☆

(۱۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۳۹

(۱۳) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص ۱۴۴

(۱۴) ☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۶، ص ۳۶۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷، ص ۱۴۴

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج۵، ص ۱۹۱

(۱۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۲۸۰

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص ۳۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص ۳۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص ۲۵

marfat.com

باب(۲۸۹)

﴿حج میں تجارت کرنا اور قربانی (ہدی اور اضحیہ) کے چند احکام﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ج فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ o

(سورة الحج : آیت ۲۸)

تا کہ وہ اپنا فائدہ پائیں اور اللہ کا نام لیں جانے ہوئے دنوں میں اس پر کہ انہیں روزی دی بے زبان چوپائے، تو ان میں سے خود کھاؤ اور مصیبت زدہ محتاج کو کھلاؤ۔

حل لغات:

لِيَشْهَدُوْا: شَهِدَ (از باب سَمِعَ) شُهُوْدًا کا معنی ہے: مجلس میں حاضر ہونا، معائنہ کرنا، اطلاع پانا۔

شَهِدَ (از باب سَمِعَ) اور شَهُدَ (از باب کَرُمَ) شَهَادَةً کا معنی ہے: گواہی دینا

شُهُوْدًا اور شَهَادَةٌ دونوں مصدروں سے صفت شَاهِدٌ ہے، مگر معنوں میں امتیاز یوں ہے کہ اگر مصدر شُهُوْدًا ہو تو اس کا معنی ''حاضر'' ہوتا ہے اور مصدر شَهَادَةٌ ہو تو اس کا معنی ''گواہ'' ہے۔

قرآن مجید میں شَهِدَ اور اس کے مشتقات متعدد معنوں میں استعمال ہوئے ہیں: انبیاء، محافظ فرشتے، امتِ

marfat.com

مرحومہ، اللہ کی راہ میں قتل ہونے والا، مخلوق پر حق کی گواہی دینا، حاضر، شریک وغیرہ۔

نوٹ: مزید تفصیل گزشتہ آیات میں گزر چکی ہے۔(۱)

آیتِ مبارکہ زیبِ عنوان میں اس سے مراد حاضر ہونا، آموجود ہونا ہے، (تاکہ منافع پالیں)(۲)

مَنَافِعَ لَهُمْ: آیت زیبِ عنوان میں منافع سے مراد ہے: دنیا اور آخرت کے وہ امور جن سے اللہ تعالیٰ راضی ہے، مناسکِ حج، مغفرت، عفو، تجارت وغیرہ۔ یعنی حاجی جب بیت اللہ میں حج کیلئے حاضر ہو تو دینی منافع مثلاً منی، عرفات، مزدلفہ، مشعرالحرام میں حاضری کے انوار و مغفرت اور دنیوی منافع مثلاً خرید و فروخت حاصل کرتا ہے، اصل غرض تو دینی منافع ہیں، دنیوی منافع تبعاً اور ضمناً حاصل ہو جاتے ہیں۔(۳)

وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ: اور اللہ کا نام لیں۔ اس ذکر سے مراد ذبح یا نحر کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لینا ہے۔

(۱)
☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۶۶۰
☆ قاموس القرآن (او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۲۱۹
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۶۷
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۱۵۶
☆ الفروق اللغویۃ مولفہ ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ج ۵۴، ص ۱۱
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۹۱

(۲)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۴۰
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۶۱
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۰۰
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۸۳
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۴۵
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۱۹۱
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۹، ص ۱۴۰

(۳)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۳۵
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۸۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۴۰
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۱۶
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۲۸
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۴

marfat.com

قربانی سے غرض اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنا ہے، اس لئے قربانی کا جانور ذبح کرتے وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی کا نام لینا فرض ہے۔(۴)

بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ: بے زبان چوپائے۔

بَهِيْمَةِ: ہر وہ جس میں قوتِ گویائی نہ ہو۔ خشکی اور تری کا ہر چوپایہ علاوہ درندوں اور پرندوں کے۔(۵)

بقیہ(۳)
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۲۸۴
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۶۱
☆ تفسیر جلالین معہ تفسیر صاوی ازعلامہ صاوی، ج۲، ص ۱۰۰
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۱۵۳
اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: اَللّٰھُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِیْنَ قَالُوْا: وَ لِلْمُقَصِّرِیْنَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: اَللّٰھُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِیْنَ، قَالُوْا وَلِلْمُقَصِّرِیْنَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ: وَلِلْمُقَصِّرِیْنَ ..... قَالَ عُبَیْدُاللّٰہِ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ قَالَ فِی الرَّابِعَۃِ وَلِلْمُقَصِّرِیْنَ. (۲۱)

رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ! حلق کرانے والوں پر رحم فرما۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! بال کتروانے والوں پر بھی۔ حضور ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ! حلق کرانے والوں پر رحم فرما۔ صحابہ نے عرض کیا اور قصر فرمانے والوں پر بھی۔ حضور نے تیسری بار دعا فرمائی کہ اے اللہ! حلق کرانے والوں پر رحم فرما۔ صحابہ نے عرض کیا اور قصر فرمانے والوں پر بھی۔ اس وقت حضور نے دعا فرمائی: اور کترانے والوں پر بھی۔

﴿۷﴾ نظر جب تک معصیت کی نہ ہو تو اس کا پورا کرنا واجب ہے۔ آیت زیبِ عنوان کہ علاوہ دیگر آیات میں اس کے وجوب کا بیان ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

وَمَنْ نَذَرَ اَنْ یُّطِیْعَ اللّٰہَ فَلْیُطِعْہُ وَمَنْ نَذَرَ اِنْ یَّعْصِیَہُ فَلَا یَعْصِیْہُ. (۲۲)

---

(۲۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۵۰

(۲۱) ☆ رواہ البخاری عن عبداللّٰہ بن عمر، ج ۱، ص ۲۳۳
☆ رواہ مسلم عن عبداللّٰہ بن عمر، ج ۱، ص ۴۲۰
☆ رواہ ابوداؤد عن عبداللّٰہ بن عمر، ج ۱، ص ۴۷۹
☆ رواہ ترمذی نحوہ عن عبداللّٰہ بن عمر، ج ۱، ص ۱۴۲
☆ رواہ ابن ماجہ عن عبد اللّٰہ بن عمر، ص ۲۲۵
☆ رواہ الدارمی نحوہ عن عبداللّٰہ بن عمر، ج ۲، ص ۸۹
☆ رواہ مالک عن عبداللّٰہ بن عمر، ص ۳۳۹
☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۲۱۶، ۲۵۲
☆ ....., ج ۲، ص ۱۶، ۲۴

(۲۲) ☆ رواہ البخاری عن عائشۃ، ج ۲، ص ۹۹۱
☆ رواہ ابوداؤد عن عائشۃ، ج ۲، ص ۱۱۱
☆ رواہ الترمذی عن عائشۃ، ج ۱، ص ۱۱۹
☆ رواہ النسائی عن عائشۃ ج ۲، ص ۱۴۶
☆ رواہ البخاری عن عائشۃ، ج ۲، ص ۲۱
☆ رواہ البخاری عن عائشۃ، ص ۱۵۵
☆ رواہ مالک عن عائشۃ، ص ۳۸۸
☆ رواہ ابن حبان عن عائشۃ (حدیث نمبر ۴۳۸۷)، ج ۱۰، ص ۲۳۳

marfat.com

جس نے منت مانی کہ (اس منت میں) وہ اللہ کی اطاعت (والا کام) کرے گا تو اسے چاہئے کہ وہ منت کو پورا کرے اور جس نے منت مانی کہ وہ اللہ کی نافرمانی (والا کام) کرے گا تو اسے چاہئے کہ وہ نافرمانی والی منت پوری نہ کرے۔ (بلکہ اس منت کو توڑ کر کفارہ ادا کرے) (۲۳)

﴿۸﴾ نذر کا پورا کرنا فرض قطعی ہے۔ اگرچہ ایک مسلمہ ضابطہ ہے کہ عام مخصوص البعض ظنی ہوتا ہے۔ یعنی مفید ظن ہوتا ہے۔ قطعی نہیں ہوتا اور یہ آیت زیبِ عنوان عام ہے۔ ہر طرح کی نذر کے ایفا کا حکم دیا گیا ہے۔ لیکن نذر معصیت باتفاقِ علماء جائز نہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ آیت مخصوص البعض ہے، لہٰذا ایفائے نذر از روئے آیت واجب ہونا چاہئے۔ مگر اجماعِ امت اس پر قائم ہو چکا ہے کہ یہ فرض ہے۔ لہٰذا ایفائے نذر فرض ہے۔ (۲۴)

﴿۹﴾ نذر دو طرح کی ہوتی ہے۔

اول: نذرِ منجز (غیر مشروط) مثلاً کوئی یہ عہد باندھے کہ میں اللہ کے حضور دو رکعت نماز پڑھوں گا۔

دوم: نذرِ معلق (مشروط) مثلاً اگر میرا یہ کام ہو جائے تو میں ایک روزہ رکھوں گا۔

ہر دو طرح کی نذر کو اس کے انداز کے مطابق پورا کرنا فرض ہے۔ (۲۵)

﴿۱۰﴾ نذرِ مشروط دو طرح کی ہوتی ہے:

اول: پسندیدہ شرط کے ساتھ۔ مثلاً اگر اللہ تعالیٰ نے میرے بیمار کو شفاء دے دی تو میں چار روزے رکھوں گا۔ یہ پسندیدہ شرط ہے، اسے نذرِ تردد بھی کہتے ہیں۔

دوم: ناپسندیدہ شرط کے ساتھ۔ مثلاً اگر میں نے اپنے بھائی کے ساتھ بات کی تو ایک ماہ کے روزے رکھنا مجھ پر لازم ہیں۔ یہ ناپسندیدہ شرط ہے۔ ایسی نذر کو نذرِ لجاج بھی کہتے ہیں۔

پسندیدہ شرط کے ساتھ مانی ہوئی نذر کو پورا کرنا لازم ہے اور ناپسندیدہ شرط کے ساتھ مانی ہوئی نذر کو توڑ کر کفارہ

(۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۵۰
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۴۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۳۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۲، ص ۲۷
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۵۰
(۲۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۵۰
(۲۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۵۰

marfat.com

دینا لازم ہے۔(۲۶)

﴿۱۱﴾ ۱۰۔اگر کسی نے ایسی شے کو اپنے اوپر لازم کرلیا جو پہلے سے شرعاً واجب ہے تو یہ نذر نہ ہوگی بلکہ محض جبری جملہ ہوگا۔مثلاً کسی نے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ میرے بیمار کو شفاء دے دے تو میں رمضان کے روزے رکھوں گا یا ظہر کی نماز پڑھوں گا۔ظاہر ہے کہ رمضان کے روزے اور ظہر کی نماز پہلے ہی اللہ کی طرف سے لازم ہیں۔ایسی صورت میں اس پر نذر کا حکم مرتب نہ ہوگا۔(۲۷)

﴿۱۲﴾ اگر کسی نے پیدل حج کرنے کی نذر مانی اور سوار ہو کر گیا تو بطورِ کفارہ قربانی کرنا مشروع ہے۔شریعت میں بطورِ کفارہ قربانی متعارف ہے۔(۲۸)

﴿۱۳﴾ نذر سے منذور (نذر مانی ہوئی شے) بات کا وجوب اس وقت ہوگا جب منذور اس جنس سے ہو جو اللہ تعالیٰ نے واجب کی۔

مثلاً اگر حج کی نذر، نماز پڑھنے کی نذر، راہِ خدا میں خرچ کرنے کی نذر کی۔اس صورت میں نذر بعینہٖ پوری کرنا یا ادا نہ کرنے کی صورت میں کفارہ کی ادائیگی واجب ہوگی۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حج، نماز اور صدقات کو واجب کیا ہے۔لیکن مریض کی عیادت اور یا جنازہ کے ساتھ چلنا اور اس طرح کی دوسری باتیں ایسی ہیں جن کی ہم جنس اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز واجب نہیں کی۔لہٰذا نذر سے یہ چیزیں واجب نہیں ہوتیں۔(۲۹)

﴿۱۴﴾ اگر اطاعت کی نذر کو پورا نہ کرسکا ہو مثلاً کسی مریض کے تندرست ہو جانے پر تیرہ، چودہ، پندرہ تاریخ کو روزے رکھنے کی نذر مانی ہو اور روزے نہ رکھ سکا ہو تو باتفاقِ جمہور نذر کی قضائے واجب ہے۔دوسرے ایام میں روزے رکھ لے۔نذر کے ساتھ اگر قسم کی نیت نہ کی ہو اور نذر کا صیغہ زبان سے ادا کیا۔نذر کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔بہر حال قضائے نذر واجب ہے۔کفارۂ قسم واجب نہیں۔اور اگر صرف قسم کی نیت کی اور نذر کی نفی کی

---

(۲۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۵۰

(۲۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۵۱

(۲۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۵۱

(۲۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۵۳

marfat.com

ہوتو کفارہ واجب ہے۔قضائے نذر واجب نہیں۔اور اگر قسم کی نیت کی اور نذر کی نہ نیت کی اور نہ نفی نذر کی۔نذر کے متعلق کوئی خیال ہی دل میں نہیں آیا۔یا نذر کی بھی نیت کی تو قضائے نذر اور کفارۂ قسم دونوں واجب ہیں۔(۳۰)

﴿۱۵﴾ نذرِ معصیت دو طرح کی ہے۔

اول: ایسی نذر جس کا کوئی فرد معصیت سے خالی نہیں ہوسکتا۔جیسے شراب پینے یا زنا کرنے کی نذر۔اگر اس نذر سے قسم کی نیت کی ہو تو نذر منعقد ہو جائے گی اور قسم توڑ کر کفارہ ادا کرنا ہوگا۔اگر قسم کی نیت نہ ہوگی تو نذر منعقد نہ ہو گی۔کام لغو قرار دیا جائے گا۔اور آیتِ مذکورہ میں یہ مراد بھی نہیں اور باتفاقِ علماء اس کو پورا کرنے کا حکم بھی اس آیتِ میں نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ فحش اور کھلے گناہ کا حکم بھی نہیں دیتا۔فحش اور کھلے گناہ کا حکم دینا شیطانی کام ہے۔ارشادِ ربانی ہے:

اِنَّمَا یَاْمُرُکُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (سورۃ البقرۃ، آیت نمبر ۱۶۹)

وہ (شیطان) تو تمہیں یہی حکم دے گا بدی اور بے حیائی کا اور یہ کہ اللہ پر وہ بات جوڑو جس کی تمہیں خبر نہیں۔(۳۱)

دوم: نذرِ معصیت کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ جس چیز کی نذر مانی ہو وہ ہے تو گناہ۔لیکن اسی نذر کی بعض صورتیں ایسی بھی ہیں جو معصیت سے پاک اور خالص اطاعت کی ہیں۔مثلاً اگر کسی نے عید الفطر کے دن روزہ رکھنے کی نذر کی یا طلوعِ آفتاب کے وقت نماز پڑھنے کی منت مانی۔اس صورت میں نذر منعقد ہو جائے گی۔ عید کے دن روزہ نہ رکھنا اور کسی روز اس کے عوض روزہ رکھنا واجب ہے۔کفارہ کا وجوب نہیں۔اور اگر عید کے دن اس نے روزہ رکھ لیا تو نذر پوری ہو جائے گی اور عید کے دن روزہ رکھنے کا گناہ بجائے خود اس پر ہوگا۔نذر کا اس سے تعلق نہیں۔نذر پوری ہو جائے گی۔اور اگر نذر کی نفی کر دی اور قسم کی نیت کی تو کفارۂ قسم لازم ہے اور اگر نذر کی نفی نہیں کی اور نیت بھی نہیں کی صرف قسم کی نیت کی تو قضاء نذر بھی ضروری ہے اور کفارۂ قسم بھی۔ جیسا کہ نذرِ اطاعت میں ہوتا ہے۔(۳۲)

---

(۳۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۵۴

(۳۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۵۶

(۳۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۵۶

marfat.com

﴿۱۶﴾ اگر مباح امر کے ترک کرنے کی نذر مانی ہوتو ایسی نذر لغو ہوگی نذر منعقد نہ ہوگی۔ہاں اگر قسم کی نیت کی تو قسم توڑنے پر کفارۂ قسم دینا لازمی ہوگا ہے۔(۳۳)

﴿۱۷﴾ جس نے نذر مانی اور پوری نہ کرسکا خواہ اس وجہ سے کہ وہ شرعی گناہ کی نذر تھی۔اس لئے پوری نہ کرسکا۔یا طبعًا ناقابل ایفاء تھی کہ پوری ہی نہ کرسکا۔جیسے ہمیشہ ہر روز روزہ رکھنے کی نذر۔یا برداشت تو کرسکتا تھا لیکن اس کا وقت جاتا رہا۔اس نذر کا تدارک ممکن نہ رہا۔اس وجہ سے وہ مباح الترک تھی۔یا اس وجہ سے کہ نذر تو مان لی تھی۔لیکن کیا نذر مانی تھی اس کی تعیین نہیں کی تھی۔مثلاً اگر یوں کہا کہ اگر اللہ نے میرا کام کردیا تو اس کے نام کی نذر دلاؤں گا۔ان سب صورتوں میں قسم کا کفارہ ادا کرنا واجب ہوگا۔خواہ قسم کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔حدیث شریف میں ہے:

مَنْ نَذَرَ نَذْرًا وَلَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ.(۳۴)

جس نے نذر مانی مگر تعین نہ کیا تو اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔(۳۵)

﴿۱۸﴾ جس نے نذرِ اطاعت مانی اور ادا کرنے کی طاقت بھی ہے تو ایسی صورت میں ادائے نذر نہ کرنا اور کفارہ ادا کرنے کی طرف رجوع کرنا جائز نہیں۔اگر کفارہ دے گا تو ادائے نذر کے لئے کافی نہ ہوگا۔(۳۶)

﴿۱۹﴾ جس شخص نے نذرِ طاعت تو کی لیکن اس کو کچھ قیود اور اوصاف سے مقید کردیا اگر قیود وصفات ایسی ہوں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہوں اور کثرتِ ثواب اور موجبِ ترقی درجات ہوں تو تو نذر کو قیود وصفات کے ساتھ پورا کرنا واجب ہے۔قیود کو نظر انداز کر کے نفسِ نذر حکم کا باقی رکھنا ممکن نہیں۔اور اگر قیود واوصاف غیر شرعی اور عنداللہ ناپسندیدہ ہوں تو شرائط کی پابندی ضروری نہیں۔مثلاً کسی نے بازار میں نماز پڑھنے کی یا ہفتہ کے دن نماز پڑھنے کی نذر مانی یا یہ نذر مانی کہ میں روزہ رکھوں گا اور کھڑا نہ ہوں گا۔یا روزہ میں بات نہیں کروں گا۔یا سایہ میں نہیں جاؤں گا۔یا یہ نذر مانی کہ یہ ایک روپیہ اس غریب کو دوں گا یا اس شہر کے کسی غریب کو دوں

(۳۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۵۸

(۳۴) ☆ رواہ ابن ماجہ عن عقبۃ بن عامر الجھنی، ص۱۵۵

(۳۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۵۹

(۳۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۵۹

marfat.com

گا۔ان سب صورتوں میں اس پر روزہ رکھنا اور نماز پڑھنا اور کسی فقیر کو ایک روپیہ دینا واجب ہے۔شرائط ساقط الاعتبار ہیں۔حدیث شریف میں ہے:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ ﷺ يَخْطُبُ اِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَائِمٍ فَسَأَلَ عَنْهُ فَقَالُوْا اَبُوْاِسْرَآئِيْلَ نَذَرَ اَنْ يَّقُوْمَ وَلَايَقْعُدُ وَلَايَسْتَظِلُّ وَلَا يَتَكَلَّمُ وَيَصُوْمُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ مُرْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ.(۳۷)

ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ایک شخص کھڑا ہوا ہے۔اس کے متعلق دریافت فرمایا۔صحابہ نے عرض کیا یہ ابواسرئیل ہے۔اس نے کھڑا رہنے کی نذر مانی ہے، نہ بیٹھتا ہے، نہ سایہ میں جاتا ہے، نہ بات کرتا ہے اور روزہ رکھے ہوئے ہے۔فرمایا: اس کو حکم دو کہ بات کرے، سایہ میں جائے، بیٹھ جائے اور اپنا روزہ پورا کرلے۔(۳۸)

﴿۲۰﴾ اگر کسی نے پے در پے تین روزے رکھنے کی نذر مانی، یا کھڑا ہو کر نماز پڑھنے کی نذر مانی تو نذر کو پورا کرنا اس پر واجب ہے۔اگر متفرق روزے رکھے گا یا بیٹھ کر نماز پڑھے گا تو نذر پوری نہیں ہوگی اور نذر کے مطابق دوبارہ روزے رکھنا اور کھڑا ہو کر نماز پڑھنا لازم ہوگا۔کیونکہ بیٹھ کر نماز پڑھنا کھڑا ہو کر پڑھنے سے آدھی ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

صَلٰوةُ اَحَدِكُمْ وَهُوَقَاعِدٌعَلٰى نِصْفِ صَلَاتِهٖ وَهُوَ قَائِمٌ.(۳۹)

تم میں سے کسی کا بیٹھ کر نماز پڑھنا کھڑا ہو کر نماز پڑھنے سے آدھی ہے۔

---

(۳۷) ☆ رواہ البخاری عن ابن عباس ،۲،ص ۹۹۱

(۳۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص ۱۶۲

(۳۹) ☆ رواہ مالک عن عبداللہ بن عمرو،ص ۱۴۳

☆ ونحوہ رواہ ابوداؤدعن عبداللہ بن عمرو، ج ۱،ص ۱۴۴

☆ ونحوہ رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی

☆ رواہ احمد، ج ۲،ص ۱۶۲، ۱۹۲، ۲۰۲

☆ .....، ج ۳،ص ۱۲۶، ۲۱۷، ۴۲۵

☆ .....، ج ۶،ص ۶۱، ۷۱، ۲۲۰، ۲۲۱

marfat.com

اسی طرح متواتر روزے رکھنا اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔اسی لئے مختلف کفاروں میں متواتر روزے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔(۴۰)

﴿۲۱﴾ اگر نماز پڑھنے کی نذر مانی اور کھڑے بیٹھنے کی کوئی نیت نہ کی تو کھڑا ہو کر نماز پڑھنا واجب ہے، کیونکہ نماز کھڑا ہو کر پڑھنا ہی اصل ہے۔اور اگر بیٹھ کر نماز پڑھنے کی نذر مانی تو بیٹھ کر اور کھڑا ہو کر دونوں طرح سے نماز پڑھنے سے نذر پوری ہو جائے گی۔(۴۱)

﴿۲۲﴾ اگر کروٹ سے یا چت لیٹ کر نماز پڑھنے کی نذر مانی تو بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر نماز پڑھنا واجب ہے۔کیونکہ جب تک اضطراری حالت نہ ہو لیٹ کر نماز پڑھنا شرعاً معروف نہیں۔ہاں بیٹھ کر نماز پڑھنے کا جواز ہے۔لیٹ کر نماز وہ مریض پڑھ سکتا ہے جو بیٹھ بھی نہ سکے۔ایسا بیمار اگر لیٹ کر نماز پڑھنے کی نذر مانے گا اور لیٹ کر نماز پڑھ لے گا تو نذر پوری ہو جائے گی۔لیکن اگر نذر پوری کرنے سے پہلے بیٹھنے کے قابل ہو گیا تو لیٹ کر نماز پڑھنے سے نذر پوری نہ ہوگی۔اور اگر کھڑا ہونے کے قابل ہو گیا تو کھڑا ہو کر نماز پڑھنے سے ہی نذر پوری ہوگی۔(۴۲)

﴿۲۳﴾ اگر کسی نے بیمار کے تندرست ہو جانے یا مسافر کے واپس آجانے کی شرط کے ساتھ اپنی نذرِ صوم کو مشروط کیا اور یوں کہا کہ جب میرا مسافر واپس آجائے گا یا بیمار تندرست ہو جائے گا تو ایک ماہ کے روزے محض اللہ کے لئے رکھوں گا۔تو شرط پوری ہونے کے بعد ایفائے نذر اس پر واجب ہے۔وجودِ شرط سے پہلے اگر روزے رکھ لے تو ادائے نذر کے لئے کافی نہ ہوگا۔دوبارہ روزے رکھنے ہوں گے۔(۴۳)

﴿۲۴﴾ اگر وجوبِ ادا کی نسبت کسی خاص وقت یا زمانہ کی طرف کی مثلاً یوں کہا کہ اس مقدمہ میں اللہ مجھے کامیاب کر دے تو میں اس کے نام پر سارے ماہِ رجب کے روزے رکھوں گا یا آئندہ سال حج کروں گا تو وقت آنے سے پہلے ہی نذر ادا کر سکتا ہے۔اور اگر وقتِ مقررہ گزر گیا اور روزے نہ رکھے اور حج نہ کیا تو اس کے بعد روزے رکھے جا سکتے ہیں یا حج کیا جا سکتا ہے۔(۴۴)

(۴۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۶۲

(۴۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۶۲

(۴۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۶۳

(۴۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۶۴

(۴۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۶۵

marfat.com

﴿۲۵﴾ جس نے بیت اللہ یا کعبہ کو پیدل جانے کی نذر مانی اور حج یا عمرہ کا لفظ نہیں کہا تو استحساناً اس پر پیدل حج کرنا عمرہ کرنا واجب ہے۔ عرف میں بیت اللہ جانے کا معنی حج یا عمرہ کرنا ہی ہوتا ہے۔ اور اگر حرم تک جانے کی نذر مانی تو اس پر کچھ واجب نہیں۔ کیونکہ عرف میں حرم تک جانے کا معنی حج یا عمرہ کرنا نہیں۔ اگر صفا، یا مروہ، یا عرفات، یا مزدلفہ، یا منیٰ، یا مقامِ ابراہیم تک جانے کی نذر مانی تو بالاتفاق اس پر کچھ واجب نہیں۔ اسی طرح اگر پیدل جانے کا لفظ استعمال نہیں کیا بلکہ خروج (نکلنے) یا سفر کا لفظ بولا اور اس لفظ کے ساتھ نذر مانی تو کچھ واجب نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کا مدار عرفِ عام پر ہے۔ اگر کسی لفظ سے نذرِ عبادت کا مفہوم ذہن میں آتا تو ہے تو اس عبادت کا وجوب ہو جائے گا ورنہ نہیں ہوگا۔

اگر یوں کہا کہ مجھ پر کو خانۂ خدا کو جانا واجب ہے اور یہ لفظ کہتے وقت نیت کی مسجد مدینہ منورہ یا مسجد بیت المقدس کی یا کسی اور مسجد کی، تو اس پر شرعاً کچھ لازم نہیں آتا۔ کیوں کہ خانہ خدا کا اطلاق ہر مسجد پر صحیح ہے۔ (۴۵)

﴿۲۶﴾ جس نے کسی طاعت کی نذر مانی اس پر طاعت بھی واجب ہو جائے گی اور جن شرائط ولوازم پر وہ طاعت موقوف ہے وہ سب واجب ہو جائیں گی۔ مثلاً کسی نے بغیر وضو یا بغیر قرأت قرآن کے دو رکعت نماز پڑھنے کی نذر مانی۔ یا ایک رکعت یا تین رکعت پڑھنے کی نذر مانی تو باوضو اور قرأت کے ساتھ دو رکعت نماز واجب ہوں گی۔ اور ایک رکعت کی بجائے دو رکعت اور تین کی بجائے چار رکعت واجب ہوں گی۔ (۴۶)

﴿۲۷﴾ جس نے پیدل حج کو جانے کی منت مانی اور کسی عذر کی وجہ سے یا بلا عذر سوار ہو گیا اور ایک قربانی کر دی تو اس پر قسم کا کفارہ لازم نہیں۔ ہاں اگر قسم کی نیت کی ہو تو قسم کا کفارہ بھی لازم ہے۔ (۴۷)

﴿۲۸﴾ اگر صرف اعتکاف کرنے کی نذر مانی تو اس کے ساتھ روزہ رکھنا بھی واجب ہے۔ اور کم سے کم اعتکاف کی مدت ایک ساعت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لَااِعْتِکَافَ اِلَّا بِصِیَامٍ. (۴۸)

(۴۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۷۰، ۱۷۱

(۴۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۷۱

(۴۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۷۰، ۱۷۱

(۴۸) ☆ رواہ الدارقطنی عن عائشہ، ج۲، ص ۲۰۰

☆ رواہ مالک فی الاعتکاف

marfat.com

روزہ کے بغیر اعتکاف جائز نہیں۔

سنت اعتکاف کرنے والا کسی مریض کی عیادت کو نہیں جا سکتا۔ کسی جنازہ میں شریک نہیں ہو سکتا۔ بیوی کو شہوت سے چھو نہیں سکتا۔ نہ مباشرت کر سکتا ہے۔ طبعی اور شرعی حاجت کے بغیر مسجد سے نہیں نکل سکتا۔ بغیر روزہ کے اعتکاف صحیح نہیں۔ ایسی مسجد میں اعتکاف کرے جہاں جماعت کا انتظام ہو۔ حدیث شریف میں ہے:

اَلسُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ اَنْ لَّا يَعُوْدَ مَرِيْضًا وَلَا يَشْهَدُ جَنَازَةً وَلَا يَمَسُّ اِمْرَأَةً وَلَا يُبَاشِرُهَا وَلَا يَخْرُجُ لِحَاجَةٍ اِلَّا لِمَالَابُدَّمِنْهُ وَلَااِعْتِكَافَ اِلَّافِى مَسْجِدٍ جَامِعٍ. (۴۹)

﴿۲۹﴾ اگر کسی نے رمضان میں اعتکاف کرنے کی نذر مانی تو رمضان میں ہی اعتکاف کرنا لازم ہے۔ رمضان کی شرط ساقط نہیں کی جا سکتی۔ کیونکہ رمضان میں ہر عبادت کا ثواب دوسرے دنوں کی عبادت سے زیادہ ہوتا ہے۔ اگر مطلق رمضان میں اعتکاف کرنے کی نذر مانی تو ہر رمضان میں اعتکاف کر سکتا ہے اور اگر کوئی رمضان متعین کر دیا اسی رمضان میں اعتکاف کرنا لازم ہے۔ (۵۰)

﴿۳۰﴾ اگر معین رمضان میں اعتکاف کی نذر مانی اور متعلقہ رمضان بغیر اعتکاف گزر گیا تو دوسرے دنوں میں قضاءِ اعتکاف لازم ہے اور انہی ایام میں روزے رکھنے بھی ضروری ہیں۔ کیوں کہ ادائے نذر کا اصل وقت فوت ہو گیا، لہٰذا دوسرے دنوں میں بالارادہ روزے رکھے اور اعتکاف کرے۔ (۵۱)

﴿۳۱﴾ حالتِ کفر میں کسی کافر نے نذرِ طاعت کی، ایفائے نذر سے پہلے مسلمان ہو گیا تو حالتِ کفر کی نذر حالتِ اسلام میں پوری کرنا واجب نہیں۔ کیونکہ کافر طاعت کا اہل ہی نہیں۔ کافر کی طاعت معصیت ہے۔ اس کی طاعت خلوصِ ایمانی سے خالی ہوتی ہے۔ اور نذرِ معصیت کو پورا کرنا واجب نہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ نے جو نذر اعتکاف کو پورا کرنے کا حکم دیا تھا، اس کا مطلب یہ نہ تھا کہ نذرِ سابق کا ایفاء لازم ہے، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اعتکاف کی خواہش تھی۔ حضور نے ﷺ آپ کی شدتِ رغبت کو محسوس کرتے

(۴۹) ☆ رواہ ابوداؤد عن عائشة، ج ۱، ص ۳۴۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۷۱

(۵۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۷۵

(۵۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۷۵، ۱۷۶

marfat.com

ہوئے ابتدائی حکم دیا تھا۔ یہ نذر جاہلیت کو پورا کرنے کا حکم نہ تھا۔(۵۲)

﴿۳۲﴾ نذرِ طاعت کرنے کے بعد ایفائے نذر سے پہلے (نعوذ باللہ) مرتد ہوگیا۔ پھر کچھ مدت کے بعد اسلام لایا تو اس صورت میں ایفائے نذر لازم نہیں۔ کیونکہ طاعت کی نذر بھی طاعت ہے اور ہر قربت مرتد ہونے کی وجہ سے فوت ہوگئی وہ معدوم ہوگئی۔ اس کا اثر بھی باقی نہ رہا۔(۵۳)

﴿۳۳﴾ اگر ہمیشہ روزے رکھنے کی نذر مانی لیکن معاشی مشاغل کی وجہ سے دوامی روزے نہ رکھ سکا۔ تو جتنے دن روزہ نہ رکھے ہوں ہر روزے کے بدلے میں ایک صاع (قریباً چار کلو) گندم خیرات کرے۔ اگر تنگ دستی کی وجہ سے مالی خیرات نہ کرسکا تو اللہ سے معافی کا خواستگار ہو۔(۵۴)

﴿۳۴﴾ اگر کسی نے کہا میں حج کروں گا تو یہ وعدۂ حج ہے۔ اس لفظ سے اس پر حج کرنا لازم نہیں ہو جاتا۔ یہ نذر نہیں۔ ہاں یہ وعدہ پورہ کرنا مستحب ہے۔ اسلامی فریضہ اس کے علاوہ ہے۔(۵۵)

﴿۳۵﴾ اگر کسی نے یہ کہا کہ اللہ مجھے اس بیماری سے شفاء عطاء فرمادے تو میں حج کروں گا۔ یہ نذر ہوگئی۔ اسلامی فریضہ کے علاوہ حجِ نذر بھی اس پر لازم ہوگیا۔ آئندہ اگر بغیر کسی تعیینی نیت کہ اس نے حج کیا تو فرض حج مانا جائے گا۔ اس کے بعد اس نے دوسرا حج کیا اور کوئی نیت نہ کی تو یہ حج نفل ہوگا نذر والا حج نہیں ہوگا۔ ادائے نذر کے لئے نیت ضروری ہے۔(۵۶)

﴿۳۶﴾ اگر کسی نے کہا؛ مجھ پر حج لازم ہے اگر زید چاہے۔ اور زید نے کہا: میں چاہتا ہوں۔ تو حج نذر لازم ہوگیا۔ اور یہ ضروری نہیں کہ جس وقت زید کو اس قول کی اطلاع ملے اسی مجلس میں وہ اپنی مشیت کا اظہار کردے۔ تعلیق طلاق بالمشیت اس کے خلاف ہے۔ دونوں میں فرق ہے۔ طلاق میں تو تملیک اور تفویض کا معنی ہوتا ہے اور حج کے مسئلہ میں تعلیق بمشیت زید محض ایک شرط ہے۔(۵۷)

---

(۵۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۷

(۵۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۸

(۵۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۸

(۵۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۸

(۵۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۸

(۵۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۱۷۹

marfat.com

﴿۳۷﴾ جس نے نذر مانی کہ اپنا تمام مال خیرات کردوں گا۔ تو استحساناً اس پر لازم ہے کہ جتنے مال پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے اتنا خیرات کردے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدارِ نصاب پر زکوٰۃ فرض کی گئی ہے۔ اسی کو ایجابِ عبد یعنی التزامِ نذر کو بھی قیاس کرلیا جاتا ہے۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ کلام سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مال کو خیرات کرنا مقصود ہے اور فاضل مال وہی ہوتا ہے جو نصابِ زکوٰۃ ہے۔ وصیت کا حکم اس کے خلاف ہے، کیونکہ وصیت ایسے وقت ہوتی ہے جب وصیت کرنے والا مال کا ضرورت مند نہیں ہوتا۔ ہاں اگر نذر مانی کہ میری مِلک میں جو کچھ ہے خیرات کردوں گا۔ اس صورت میں کل مال خیرات کرنا لازم ہے۔ (۵۸)

﴿۳۸﴾ اگر یوں کہا کہ میرا مال غریبوں کے لئے خیرات ہے تو اس میں وہ مال داخل نہیں مانا جائے گا جو اس کا لوگوں پر ہے۔ (۵۹)

﴿۳۹﴾ اگر کسی نے کہا کہ میرا تمام مال جو اس وقت میری مِلک میں ہے اور جو آئندہ میری مِلک میں آئے گا سب خیرات کرنے کی نذر مانتا ہوں۔ تو اس میں اپنی ذات کا ضروری صَرف اور بیوی کا نفقہ اور ان تمام متعلقین کا نفقہ، جن کے مصارف اس کے ذمہ ہوں داخل نہ ہوگا۔ جیسے کہ کسی نے ہمیشہ روزے رکھنے کی نذر مانی تو رمضان کے روزے اس میں داخل نہ ہوں گے۔ اس لئے ان کا کفارہ بھی نہیں دے گا۔ کیوں کہ رمضان کے روزے تو حقِ خداوندی سے متعلق ہیں۔ اب کسی وجہ سے رمضان کے علاوہ دوسرے ایام کے روزے نہ رکھ سکے تو انہی ایام کا کفارہ ادا کردے۔ (۶۰)

﴿۴۰﴾ اگر کسی نے اس طرح کہا: اللہ کے لئے ایک بکری یا گائے یا اونٹ ذبح کرنا میرے اوپر لازم ہے تو نذر کا حکم دیا جائے گا، فی الحال ذبح کرنا لازم ہے۔ اور اگر کوئی شرط لگائی مثلاً یوں کہا کہ میرا بھائی شفاء یاب ہوجائے گا تو اللہ کے لئے یہ جانور ذبح کرنا مجھ پر لازم ہے تو جب یہ شرط پوری ہوجائے گی اس وقت ذبح کرنا لازم ہوگا اور اختیار ہوگا جہاں چاہے ذبح کرے۔ لیکن گوشت فقراء اور مساکین کو تقسیم کردے۔ (۶۱)

---

(۵۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۷۹

(۵۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۷۹

(۶۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۸۰

(۶۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۸۰

marfat.com

﴿۴۱﴾ جس نے بکری کی نذر مانی اور اونٹ ذبح کر دیا تو بہتر ہے۔ نذر ادا ہو گئی۔ یہ صورت اداء بقیمت کی نہیں کہ کافی نہ ہو۔ کیونکہ ایفائے نذر بھی ذبح کی شکل میں کیا ہے۔ لیکن اگر دو بکریوں کی نذر مانی اور قربانی ایک ایسی بکری کی کر دی جو قیمت میں چار بکریوں کے برابر ہے تو وفاء نذر کے لئے کافی نہ ہوگی۔ صرف ایک ہی بکری مانی جائے گی۔ (۶۲)

﴿۴۲﴾ اگر معین بکری ذبح کرنے کی نذر مانی تو اسی بکری کو ذبح کرنا ہوگا۔ اگر وہ مر جائے یا چوری ہو جائے تو دوسری لازم نہ ہوگی۔ اسی طرح معین روپیہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان کو خیرات کرنے کی نذر مانی اور روپیہ ضائع ہو گیا یا چوری ہو گیا، یا کچھ اور ہو گیا تو دوسرا معین روپیہ اس کی جگہ پر لازم نہ ہوگا۔ لیکن اگر وہ روپیہ موجود ہو اور اس کی جگہ اتنا ہی روپیہ خیرات کر دیا جائے تو کافی ہوگا۔ اور اگر روٹی خیرات کرنے کی نذر مانی اور روٹی کی قیمت خیرات کر دی تو جائز ہے۔ (۶۳)

﴿۴۳﴾ اگر کسی نے یہ نذر مانی کہ یہ جانور بیت اللہ، یا کعبہ، یا مکہ تک ذبح ہونے کے لئے بھیجوں گا تو نذر کی وفا لازم ہو گئی۔ اور اگر کعبہ، مکہ اور بیت اللہ کی جگہ حرم یا مسجدِ حرم کا لفظ بولا تو نذر واجب نہ ہوگی۔ (۶۴)

﴿۴۴﴾ اگر کسی شخص نے بکری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا اگر میں اس بکری کو خریدوں گا تو کعبہ کو ہدیہ کروں گا۔ وجودِ شرط کے بعد اس پر نذر کو پورا کرنا لازم ہے۔ (۶۵)

﴿۴۵﴾ اگر کسی نے اپنے آپ کو یا بیٹے کو یا غلام ذبح کر دینے کی نذر مانی تو استحساناً اس پر ایک بکری کی قربانی کر دے۔ استحسان کی وجہ یہ ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام پر اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو قربان کرنا واجب کر دیا تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے فدیہ میں مینڈھے کو قربان کرنے کا حکم دیا گیا۔ (۶۶)

﴿۴۶﴾ اگر کسی نے کہا: مجھے تیرے مال پر جو نفع ہو مجھ پر اس کو خیرات کر دینا لازم ہے۔ تو جو نفع مخاطب کے مال سے

---

(۶۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۱

(۶۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۱

(۶۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۱

(۶۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۲

(۶۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۲

marfat.com

حاصل ہوگا اس کو خیرات کرنا لازم ہے۔لیکن اگر اگر مخاطب نے اس کی دعوت کی اور کھانا پیش کیا تو اس کو خیرات لازم نہیں۔(٦٧)

﴿٤٧﴾ اگر اس طرح نذر مانی کہ اگر ایسا کروں تو جو کچھ میں کھاؤں اس کے مقابل خیرات کرنا مجھ پر لازم ہے یا جو میں پیؤں اس کے مقابل خیرات کرنا مجھ پر لازم ہے۔اول صورت میں ہر لقمہ کے عوض ایک درہم (روپیہ کا چوتھائی حصہ) اور دوسری صورت میں ہر گھونٹ کے عوض ایک درہم خیرات کرنا لازم ہے۔(٦٨)

﴿٤٨﴾ جس روز زید آجائے اللہ کے شکر کے طور پر اُس روز مجھ پر روزہ رکھنا لازم ہے۔اگر کسی نے ایسا کہا تو یہ قسم ہو گئی۔اب اگر زید ماہِ رمضان کے کسی دن کے وقت آیا تو قسم کا کفارہ ہوگا۔نذر کی قضاء لازم نہ ہوگی۔شرط یعنی صوم بہ نیت شکر کا وجود ہی متحقق نہیں ہوا۔لیکن اگر رات کو روزہ رکھنے کی نیت سے پہلے آ گیا پھر اس نے صوم شکر کی نیت کر لی اور رمضان کی نیت نہ کی تو قسم پوری ہو جائے گی اور رمضان کا روزہ بھی ادا ہو جائے گا۔اور نذر کی قضاء لازم نہ آئے گی۔اگر الفاظِ مذکورہ کہتے وقت قسم کی نیت کی اور نذر مانی تو نذر ہی صحیح نہ ہوگی۔رمضان کا روزہ تو پہلے ہی فرض ہے، اس کی جگہ صومِ نذر نہیں لے سکتا۔اس صورت میں نہ کفارہ ہے کیوں کہ قسم کی نیت نہیں کی اور نہ قضائے نذر کیوں کہ نذر ہی صحیح نہیں۔(٦٩)

﴿٤٩﴾ اگر کسی بیمار نے ایک ماہ کے روزوں کی نذر مانی اور تندرست ہونے سے پہلے مر گیا تو اس پر کچھ لازم نہیں۔(٧٠)

﴿٥٠﴾ اگر کسی نے سال یا مہینے کی کسی معین تاریخ کے روزہ کی نذر مانی تو ہر سال یا ہر ماہ جب بھی تاریخ آئے گی روزہ لازم ہوگا۔یعنی عمر بھر کے لئے اس تاریخ کا روزہ لازم ہو گیا۔(٧١)

﴿٥١﴾ اگر کسی نے پیر یا جمعرات کے دن روزہ رکھنے کی نذر مانی تو ایک ہی پیر یا جمعرات کا روزہ کافی ہوگا۔ہاں اگر ہر پیر یا جمعرات کو روزہ رکھنے کی نذر مانی تو ہر پیر یا جمعرات کو روزہ رکھنا لازم ہوگا۔(٧٢)

(٦٧) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٣

(٦٨) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٣

(٦٩) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٣

(٧٠) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٣

(٧١) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٣

(٧٢) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج٨، ص ١٨٤

marfat.com

﴿۵۲﴾ نذر کے الفاظ اگر بلا ارادہ زبان پر آجائیں تو نذر کا حکم دیا جائے گا۔ جس کا پورہ کرنا ضروری ہوگا۔ نذر انشاء ہے خبر نہیں۔ خبر میں سچ اور جھوٹ کا کوئی احتمال نہیں ہوتا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جَدٌّ: اَلنِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَ الرُّجْعَةُ. (۷۳)

تین چیزیں ہیں جن کی سنجیدگی اور واقعیت بھی سنجیدگی ہے اور ان کا مزاق بھی سنجیدگی (یعنی دونوں حالتوں میں احکام جاری ہوں گے) نکاح، طلاق اور رجعت۔ (۷۴)

﴿۵۳﴾ اگر کسی نے کہا سال کے روزے اللہ کے لئے مجھ پر ہیں یعنی سال بھر کے روزوں کی نذر مانی تو وقتِ نذر آئندہ بارہ مہینوں کے روزے لازم ہوگئے۔ سنت یہ ہے کہ محرم سے شروع کرے اور ذی الحجہ کے آخر تک ختم کرے۔ لیکن اس نے سال رواں کی طرف اشارہ کیا تو وقتِ نذر سے آخری ذی الحجہ تک روزے رکھنا لازم ہوں گے۔ اور سال رواں کے جو مہینے گزر گئے ان کے روزے لازم نہ ہوں گے۔ اس طرح اگر کسی نے کہا میں گزرے ہوئے کل کا روزہ رکھنے کی نذر مانتا ہوں تو یہ کلام لغو ہے۔ (۷۵)

﴿۵۴﴾ اگر کسی نے ماہِ رواں کی طرف اشارہ کر کے اس مہینے کے روزوں کی نذر مانی تو مہینے کے جتنے دن باقی ہیں ان کے روزے تو لازم ہوں گے اور گزرے ہوئے دنوں کی نذر لغو قرار پائے گی۔ (۷۶)

﴿۵۵﴾ اگر کسی نے کہا آج مجھ پر گزرے ہوئے کل کا روزہ رکھنا لازم ہے تو گزرے ہوئے کل کی قضاء لازم نہ ہوگی۔ (۷۷)

﴿۵۶﴾ اگر ایک سال کے روزوں کی نذر مانی تو جن دنوں کے روزے شرعاً ممنوع ہیں وہ دن مستثنیٰ ہوں گے اور ایامِ ممنوعہ کے علاوہ روزے رکھے۔ اس طرح عورت کے ایامِ حیض مستثنیٰ رہیں گے اور باقی ایام میں روزے رکھنے لازم ہوں گے۔ (۷۸)

---

(۷۳) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۳۰۵
☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱۷۵
☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ، ص ۱۴۸

(۷۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۴

(۷۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۴

(۷۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۴

(۷۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۴

(۷۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۴

marfat.com

﴿۵۷﴾ کسی عورت نے ایامِ حیض میں روزے رکھنے کی نذر مانی تو نذر صحیح نہ ہوگی۔اس لئے ان کی قضاء واجب نہیں۔
اگر کسی نے رات کا روزہ رکھنے کی نذر مانی تو یہ نذر بھی صحیح نہیں۔شرعی روزہ دن میں ہوتا ہے۔(۷۹)

﴿۵۸﴾ طوافِ افاضہ حج کا ایک اہم رکن ہے۔عرفات میں وقوف، مزدلفہ میں وقوف، دس ذی الحجہ کو رمی، قربانی اور حلق کے بعد کیا جاتا ہے۔اسے طواف زیارت بھی کہتے ہیں۔آیت زیبِ عنوان اس کی فرضیت پر نصِ قطعی ہے۔اس طواف کے بعد احرام کی تمام پابندیاں ختم ہوجاتی ہیں۔
اس سے پہلے عورتوں سے مباشرت جائز نہیں تھی۔طوافِ افاضہ کے بعد یہ پابندی بھی اٹھ جاتی ہے۔(۸۰)

﴿۵۹﴾ طوافِ افاضہ (طوافِ زیارت) کا وقت دس ذی الحجہ کی صبح سے لیکر بارہ ذی الحجہ کی غروبِ آفتاب سے پہلے تک ہے۔تین دن (ایامِ نحر) سے تاخیر کرنے پر دم لازم ہوتا ہے۔(۸۱)

(۷۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۴

(۸۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۳۹
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۸۴
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۵۰
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۸۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۱۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۳۰
☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۶۵
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۷، ص ۱۷۹
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۵۴
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور ج ۵، ص ۴۲۷
☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۶۱
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۷
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۲۳، ص ۱۴۶
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۳۲
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۴۴
☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۶، ص ۳۸

(۸۱) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۸۵

marfat.com

﴿۶۰﴾ طواف کی تین قسمیں ہیں۔ ہرایک کے احکام الگ ہیں۔

اول: طوافِ قدوم: جو شخص مکہ معظمہ میں داخل ہو وہ احرام باندھ کر بیت اللہ شریف کا طواف کرے۔ طواف کے سات چکر ہوتے ہیں۔ پہلے تین پھیروں میں رمل کرے (یعنی جلد جلد قدم رکھنا، شانے ہلاتے ہوئے چلے جیسے قوی بہادر لوگ چلتے ہیں۔ نہ کودنا، نہ دوڑنا)[۲]۔ اور باقی چار پھیرے عام چال سے چلے۔ چکر کو حجر اسود سے شروع کرے اور اسی پر ختم کرے۔ یہ طواف حج اور عمرہ کرنے والوں کے لئے واجب ہے۔ طواف کے بعد دو رکعت مقامِ ابراہیم کے پاس، یا جہاں ممکن ہو، پڑھے۔ اس کے بعد صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے۔

حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ کَانَ اِذَاطَافَ طَوَافَ الْاَوَّلَ خَبَّ(وَفِیْ رَوَایَۃٍ یُخِبُّ)ثَلَاثًاوَمَشٰی اَرْبَعًا(وَزَادَفِی رَوَایَۃٍ)ثُمَّ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنَ ثُمَّ یَطُوْفُ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ.(۸۲)

(وَلَفْظُ اَبِیْ دَاوٗدَ)اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ کَانَ اِذَا طَافَ فِی الْحَجِّ اَوِالْعُمْرَۃِ اَوَّلَ مَایُقْدِمُ فَاِنَّہٗ یَسْعٰی ثَلَاثَۃَ اَشْوَاطٍ وَیَمْشِیْ اَرْبَعًاثُمَّ یُصَلِّیْ سَجْدَتَیْنِ.(۸۳)

رسول اللہ ﷺ حج یا عمرہ میں میں جب پہلا طواف فرماتے تو پہلے تین چکروں میں رمل فرماتے اور باقی چار عام چال سے چلتے۔ پھر دو رکعت نماز ادا فرماتے۔ پھر صفا اور مروہ کے درمیان سعی فرماتے۔

دوم: طوافِ افاضہ: یوم نحر (اور دو دن بعد تک) رمی، قربانی اور حلق کے بعد حج کا یہ طواف ادا کیا جاتا ہے۔ یہ طواف

بقیہ (۸۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللّٰہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۲، ص۵۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۰۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۲۷

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۳۹

(۸۲) ☆ رواہ البخاری عن ابن عمر، ج۱، ص۲۱۹

☆ رواہ مسلم عن ابن عمر، ج۱، ص۴۱

☆ رواہ ابوداؤدعن ابن عمر، ج۱، ص۲۶۷

☆ رواہ الدارمی عن ابن عمرفی المناسک

☆ رواہ احمد، ۲، ص۲۰

(۸۳) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابن عمر، ج۱، ص۲۶۷

marfat.com

حج کا رکن ہے۔اس کے ترک سے حج نہیں ہوتا۔البتہ تین دن (ایامِ نحر) سے تاخیر کے بعد دم لازم آتا ہے۔ عورتیں ایامِ مخصوصہ کی وجہ سے تاخیر کریں تو ان پر دم نہیں۔اس طواف میں نہ احرام ہوتا ہے نہ رمل، البتہ اس کے ساتھ سعی لازم ہے۔

سوم: طوافِ وداع: حج کرنے والا جب مکہ معظّمہ سے رخصت ہونے کا ارادہ کرے تو اس کے لئے ایک طواف کرنا واجب ہے۔

اس طواف میں نہ احرام ہے، نہ رمل، نہ اضطباع، نہ سعی۔

اس کے ترک کرنے پر دم لازم ہوتا ہے۔حدیث شریف میں ہے:

لِمَارَوَی ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ اُمِرَالنَّاسُ اَنْ یَّکُوْنَ الطَّوَافُ اٰخَرَعَهْدِهِمْ بِالْبَیْتِ اِلَّااِنَّهٗ رُخِّصَ لِلْمَرْاَةِ الْحَائِض.(۸۴)

لوگوں کو حکم دیا گیا کہ مکہ معظّمہ سے رخصت ہوتے وقت آخری کام طواف کریں۔ایامِ مخصوصہ کی حالت میں عورتیں اس سے مستثنیٰ ہیں۔(۸۵)

﴿۶۱﴾ طواف میں رمل سنت ہے۔یہ صرف طوافِ قدوم کے ساتھ خاص ہے۔دیگر طوافوں میں رمل نہیں۔(۸۶)

﴿۶۲﴾ طوافِ قدوم میں اضطباع کرے، یہ سنت ہے۔دیگر طوافوں میں اضطباع نہیں۔اضطباع یہ ہے کہ طواف کرنے والا (حج کا ہو یا عمرہ کا) جب حجرِ اسود کے قریب پہنچے تو احرام کی اوپر والی چادر کو دائیں کندھے سے

(۸۴) ☆ رواہ البخاری عن ابن عباس، ج ۱، ص ۲۳۶

☆ رواہ مسلم عن ابن عباس، ج ۱، ص ۴۲۷

(۸۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۲، ص ۵۰

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۸۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۸۵

(۸۶) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ۳، ص ۲۸۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۰۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۲۸

marfat.com

اتار کر بغل کے نیچے سے گزار کر بائیں کندھے پر ڈال لے۔دایاں کندھا ننگا کر لے۔یہ اضطباع صرف طوافِ قدوم میں ہے۔اس کے بعد کندھے پر احرام ڈال لے۔اور پھر نفل ادا کرتے ہوئے اور سعی کرتے وقت اضطباع نہیں۔(۸۷)

﴿۶۳﴾ حج اور عمرہ کے علاوہ بیت اللہ کا نفل طواف جب چاہے کرے، دن ہو یا رات (حتی کہ زوال کے اوقات میں بھی) طواف کر سکتا ہے۔اس کے لئے کوئی وقت مکروہ نہیں۔البتہ طواف کے نفل زوال کے اوقات میں نہ پڑھے۔انہیں موخر کر دے۔حدیث شریف میں ہے:

لَاتَمْنَعُوْا اَحَدًا بِهٰذَاالْبَيْتِ وَيُصَلِّىْ اَىَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْنَهَارٍ.(۸۸)

بیت اللہ کا طواف کرنے اور اس میں نماز پڑھنے سے، کسی وقت بھی، کسی کو نہ روکو، خواہ دن ہو یا رات۔(۸۹)

﴿۶۴﴾ طوافِ نفل نماز نفل کی طرح نذر سے واجب ہو جاتا ہے۔(۹۰)

﴿۶۵﴾ طوافِ بیت اللہ کی چند شرطیں ہیں۔کچھ ارکان ہیں، کچھ واجبات ہیں، کچھ سنتیں ہیں اور کچھ آداب (مستحبات) ہیں۔ہر ایک نوع کی پابندی اس کی حیثیت سے ضروری ہے۔(۹۱)

﴿۶۶﴾ بیت اللہ کے طواف کی شرائط یہ ہیں۔

اول: طواف کے لئے نیت شرط ہے۔طواف بیت اللہ عبادت مقصورہ ہے۔ہر مستقل عبادت کے لئے نیت شرط ہے۔نصوصِ شرعیہ سے یہ مسئلہ ثابت ہے اور اسی پر اجماع ہے۔

دوم: طوافِ زیارت کے لئے مخص طواف کی نیت کافی ہے۔

---

(۸۷) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۳۴

(۸۸) ☆ رواہ ابو داؤد عن جبیر بن مطعم، ج ۱، ص ۲۶۷

☆ رواہ الترمذی (نحوہ) عن جبیر بن مطعم، ج ۱، ص ۱۳۷

☆ رواہ النسائی (نحوہ) عن جبیر بن مطعم، ج ۲، ص ۳۵

☆ رواہ الدارمی عن جبیر بن مطعم، ج ۲، ص ۹۷

(۸۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۵

(۹۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۸۹

(۹۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۱۹۰

marfat.com

فرض طواف کی نیت ضروری نہیں۔

سوم: شرائط میں سے حدثِ اکبر (بدن کی ناپاکی) او حدثِ اصغر (بے وضو ہونا) سے طہارت بھی شرط ہے۔ اور بدن، لباس اور جگہ کی طہارت بھی لازم ہے۔

جمہور کے نزدیک سترِ عورت بھی لازم ہے۔ اگر برہنگی یا جنابت کی حالت میں طواف فرض کیا ہوگا تو ایک اونٹ کی قربانی واجب ہوگی اور بے وضو طواف فرض کیا تو کوئی سی قربانی لازم ہے۔

چہارم: طوافِ زیارت کی ایک ضروری شرط وقت بھی ہے، مقررہ وقت سے پہلے ادا نہیں کیا جا سکتا اور بعد از وقت بالاجماع قضاء فرض ہے اور بلا عذر موخر کیا تو ایک قربانی بھی لازم ہے۔ طوافِ زیارت کا وقت یومِ نحر صبح سے لے کر بارہ ذی الحجہ کے غروبِ آفتاب تک ہے۔

پنجم: طوافِ زیارت کی شرائط میں ترتیب بھی واجب ہے۔ قربانی اور حلق کے بعد ہی طواف زیارت کیا جائے گا۔

ششم: حطیم بیت اللہ کا حصہ ہے۔ لہٰذا طواف میں حطیم کے باہر سے طواف کیا جائے۔ (۹۲)

﴿۶۷﴾ علماء کا اتفاق ہے کہ طواف مسجد کے اندر کرے۔ مسجد کے اردگرد نہ کرے۔ یہی طریقہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ سے چلا آرہا ہے۔ اگر کوئی مسجد کے گرداگرد طواف کرے تو اسے بیت اللہ کا طواف نہیں کہا جاتا۔ بلکہ طواف مسجد کہا جاتا ہے۔ (۹۳)

﴿۶۸﴾ طواف میں سات چکر رکن ضروری ہیں۔ ہر زمانہ میں ایسا کیا جانا ناقابلِ شک شہرت رکھتا ہے۔ مشہور مستفیض روایات میں صراحت آئی ہے کہ چکروں کی تعداد نماز میں رکعتوں کی طرح ہے۔ جس میں کمی بیشی ممکن نہیں۔ (۹۴)

﴿۶۹﴾ حطیم کعبہ کا بھی حصہ ہے۔ طواف کے اندر اس کو داخل کر لیا جائے۔ (۹۵)

﴿۷۰﴾ اگر کسی نے طواف میں حطیم کو باہر چھوڑ دیا تو اس کا طواف ہو جائے گا، البتہ کفارہ میں ایک قربانی دینا ہوگی۔ (۹۶)

---

(۹۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۰ تا ۱۹۸

(۹۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۵

(۹۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۵

(۹۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۵

(۹۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۶

marfat.com

﴿۷۱﴾ طوافِ زیارت کسی عذر کی وجہ سے سوار ہو کر جائز ہے اور عذر نہ ہو تو پیدل طوافِ زیارت کرنا واجب ہے۔ جس نے بلا عذر سوار ہو کر طوافِ زیارت کیا تو جب تک مکہ میں ہے دوبارہ طواف کرنا ضروری ہے اور اگر دوبارہ طواف نہ کیا تو قربانی واجب ہے۔(۹۷)

﴿۷۲﴾ بغیر وقفہ کے مسلسل طواف باجماعِ علماء سنت ہے۔ اگر کوئی شخص طواف کا کچھ حصہ کر چکا ہو پھر کوئی جنازہ آجائے یا نماز کے لئے اقامت ہو جائے تو طواف چھوڑ کر جنازہ اور نماز میں مشغول ہو جائے۔ فارغ ہو جانے کے بعد بقیہ طواف کو پورا کر لے۔(۹۸)

﴿۷۳﴾ طواف کے ہر سات چکروں کے بعد دو رکعت نماز پڑھنی واجب ہے۔(۹۹)

﴿۷۴﴾ طواف کے آداب (مستحبات) حسبِ ذیل ہیں۔

اول: جب کعبہ پر نظر پڑے تو اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے اور دعا کرے۔ کعبہ کو دیکھنے پر دعا کرنا مستحب ہے۔ اور وہ دعا جلد قبول ہوتی ہے۔

دوم: حجرِ اسود کو دونوں ہونٹوں سے چومے۔ بشرطیکہ دوسروں کو تکلیف پہنچائے بغیر ممکن ہو۔ اگر چومنے پر قادر نہ ہو تو دونوں ہاتھوں سے چھو لے اور ہاتھوں کا بوسہ لے لے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو دونوں ہاتھوں سے اس کی طرف اشارہ کر کے ہاتھ چوم لے۔

سوم: رکنِ یمانی کو صرف دائیں ہاتھ سے چھو لے۔

چہارم: رکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

پنجم: طواف قدوم پہلے تین چکر لپک کر کرے۔ نیز اضطباع کرے۔ (چادر کا پلہ دائیں بازو کی بغل کے نیچے سے کر کے بائیں کندھے پر ڈال لے)۔

(۹۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۶، ۱۹۷

(۹۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۸

(۹۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۱۹۸

marfat.com

ششم: آخری چکر میں حجرِ اسود کو چوم کر یا اس کی طرف اشارہ کر کے ختم کرے۔

ہفتم: ہر طواف کے بعد مقامِ ابراہیم کے پاس یا جہاں ممکن ہو دو رکعت نماز ادا کرے۔ ان میں پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری میں سورۃ الاخلاص پڑھے۔ (۱۰۰)

﴿۷۵﴾ مسجدِ حرام میں موجود نمازی کے لئے لازمی ہے کہ وہ بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے۔ حطیم کی طرف نماز پڑھے گا تو اس کی نماز نہ ہوگی۔ (۱۰۱)

☆☆☆☆☆

(۱۰۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۱۹۸، ۱۹۹

(۱۰۱) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۳۵

marfat.com

باب(۲۹۱)

احکام شرع کی تعظیم، حلال اور حرام جانور، بت پرستی اور جھوٹی گواہی

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ. وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝ (سورۃ الحج: آیت ۳۰)

بات یہ ہے اور جو اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے تو وہ اس کے لئے اس کے رب کے یہاں بھلا ہے اور تمہارے لئے حلال کئے گئے بے زبان چوپائے، سوا ان کے جن کی ممانعت تم پر پڑھی جاتی ہے۔ تو دور رہو بتوں کی گندگی سے اور بچو جھوٹی بات سے۔

حل لغات:

يُعَظِّمْ: تعظیم کرے تعظیم کا مفہوم یہ ہے کہ فلاں شے کے حقوق کی حفاظت کا علم۔ اس کی مراعات کو قائم رکھنا۔ اس کے حقوق کی رعایت کرنا۔ اس کے حدود کو قائم رکھنا۔(۱)

(۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۴۱

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۲۸۶

marfat.com

حُرُمَاتِ اللّٰہِ : حُرُمَات جمع ہے حُرُمَۃٌ کی۔اسے تین وجہ سے پڑھا گیا ہے۔حُرُمَۃٌ،حُرُمَۃٌ اور حَرَمَۃٌ۔اس کا معنی ہے:ہر وہ حق اللہ جس کی رعایت لازمی ہو اور اس میں کوتاہی حرام ہو۔ہر وہ باحرمت شے جس کی بے حرمتی ممنوع ہو۔

ہر وہ حکم جس کا بجالانا لازمی ہو اور ہر وہ نہی جس کی مخالفت حرام ہو۔(۲)

''حرمات اللہ'' میں حج کے تمام مناسک، بیت اللہ، مسجدِ حرام، مکہ معظّمہ، مشعرالحرام، حرمت والے مہینے، احرام باندھنے والا جب تک احرام میں رہے، احرام اور ہر وہ شے جس کا اللہ تعالیٰ جل شانہ نے انسان کو مکلّف فرمایا۔ اس میں فرائض، واجبات، سنتیں، مندوبات، مستحبات، مکروہ اور حرام وغیرہ سب ہی داخل ہیں۔

تمام اوامر کا بجالانا اور نواہی کا ترک ''حرمات اللہ کی تعظیم'' ہے۔(۳)

(بقیہ ۱) ☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص۳۰۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۰۷

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۱۰۰

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص۱۹۳

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶ ، ص۲۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷ ، ص۱۴۷

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۳۰۰ (۲)

☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص۲۴۳

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی(۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی، ص۱۱۴

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج۱ ، ص۶۵

☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم)للمفسرالحسین بن محمدالدامغانی،مطبوعہ بیروت ، ص۱۲۶

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر ، ج۸، ص۲۳۹ (۳)

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م ۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۴۱

☆ الجامع القرآن ازعلامہ ابوعبداللّٰہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲ ، ص۵۳

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۱۸

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۲۸۵

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۱۵۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶ ، ص۳۶۷

marfat.com

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ :اورتمہارے لئے حلال کئے گئے بے زبان چوپائے۔اونٹ،گائے،بکری،مینڈھا میں ہر جنس کے نراور مادہ حلال ہیں۔(۴)

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ :سوااُن کے جن کی حرمت تم پر پڑھی جاتی ہے۔یعنی مردار، بہتا ہوا خون،سور کا گوشت،وہ جانور جسے ذبح کے وقت بغیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ہو،وہ جو گلا گھونٹنے سے مرے، بے دھار کی چیز سے مرا ہوا،وہ جو گر کر مرا ہو،وہ جسے کسی جانور نے سینگ مار کر مارا،جسے کوئی درندہ کھا گیا ہو،بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا،پانسے ڈال کر بانٹا ہوا۔

(ان مذکورہ جانوروں کی تفصیل سورۃ المائدۃ،آیت:۳ میں گزر چکی ہے)

علاوہ ازیں جن کی حرمت احادیثِ صحیحہ صریحہ میں بیان ہو چکی ہے۔مثلاً کتا،بھیڑیا وغیرہ شکاری درندے اور شکار کرنے والے پرندے۔

یعنی جن جانوروں کی حرمت کا واضح بیان ہو چکا ہے وہ حرام ہیں۔اس کے علاوہ باقی جانور حلال ہیں۔(۵)

(بقیہ۳) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر،ج۲۳،ص ۳۱

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور،ج۵،ص۴۲۸

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللّٰہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی،ج۲،ص ۶۱

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ،ج ۳،ص ۱۰۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاھور،ج۳،ص۳۰۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللّٰہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاھور،ج ۳،ص۳۰۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۶،ص ۲۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۷،ص۱۴۷

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی،ج ۵،ص۱۹۳

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۸،ص ۲۰۰

☆ الدر المنثور ازحافظ جلا ل الدین سیوطی(م۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللّٰہ العظمی قم ،ایران،ج۶،ص ۴۲

(۴) ☆ الجامع القرآن ازعلامہ ابو عبداللّٰہ محمد بن احمد مالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۱۲،ص ۵۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ،ج۶،ص ۳۰

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۸،ص ۲۰۰

(۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان،ج۳،ص ۲۴۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللّٰہ المعروف باابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۳،ص ۱۲۸۴

marfat.com

اَلرِّجْسَ: ناپاکی، گندگی، پلیدی، قبیح کام، شیطان کا وسوسہ، خفیف حرکت، برے فعل پر عذاب الٰہی۔ رجس (گندگی) چار نوعیت کی ہوتی ہے:

اول: گندگی من حیث الطبع، طبعی طور پر جس کو گندگی تصور کیا جائے۔

دوم: من جہت العقل: جسے عقل برا سمجھے۔ مثلاً کفر۔

سوم: من جہت الشرع: جسے شریعت برا بتائے۔ مثلاً شراب، جوا۔

چہارم: من کل جہت: ہر طرح سے برا محسوس ہو۔ مثلاً مردار۔(۶)

(بقیہ۵) ☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۲۸۶

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۵

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص۲۱۸

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۳۱

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۶۱

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۷

(۶) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی(۵۰۲ھ)مطبوعہ کراچی،ص۱۸۸

☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۴۳۵

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م۷۷۰ھ)، ج۱،ص۱۰۶

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر ،ج۸،ص۱۵۹

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللّٰہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۲۸۴

☆ مختصرتفسیرالطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریرالطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان ،ج۱۷،ص۱۸۱

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۱۵۵

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۳۱

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳،ص۱۰۱

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللّٰہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۶۱

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۲۸۶

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۳۶۶

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۷،ص۱۴۸

اوابین، تہجد، نمازِ تسبیح، نمازِ حاجت وغیرہ تمام نمازوں کو آداب کے ساتھ ادا کرنا مطلوبِ شرع ہے۔

یاد رہے کہ فرض اور وتر نمازوں کی فرضیت اور وجوب الگ ہے۔ دیگر سنت اور نفل نمازوں کی حیثیت الگ ہے۔

نوٹ: نماز اور اس کے احکام قرآن مجید کی صدہا آیات میں موجود ہیں۔ چند احکام سورۃ البقرۃ آیت: ۴۳، سورۃ البقرۃ، آیات: ۲۳۸، ۲۳۹، سورۃ النساء آیت: ۴۲، سورۃ النساء آیات: ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳، سورۃ الانعام، آیت: ۱۶۲، سورۃ الاعراف آیات: ۲۹، ۳۰، سورۃ الاعراف آیات: ۴۱، ۲۰۴، سورۃ التوبۃ آیات: ۱۰۳، ۱۰۴، سورۃ یونس آیات: ۸۷، ۷۹، سورۃ ہود آیت: ۱۱۴، سورۃ الحجرات، ۲۴، سورۃ بنی اسرائیل آیت، ۱، آیات: ۷۸، ۷۹، آیت: ۱۱، وغیرہ میں ملاحظہ فرمالیں۔ (۲۸)

﴿۱۶﴾ فردوس جنت کا اعلیٰ ترین وسیع باغ ہے، اس میں ہر نوع کے پھل موجود ہیں۔ یہ باعمل مومنوں کی میراث ہے۔ حضور سیّدِ عالم ﷺ نے مومنوں کو ارشاد فرمایا کہ جب تم جنت طلب کرو تو جنت الفردوس کا رب کریم جل وعلا سے سوال کرو۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهٗ اَعْلَى الْجَنَّةِ وَ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَمِنْهُ تَفَجَّرَ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ وَفَوْقَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ. (۲۹)

---

(۲۸)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۴
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللّٰہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللّٰہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۰۰
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۳۹۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۱
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۳۹
☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۹
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۸۱
☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللّٰہ العظمی قم، ایران، ج ۶، ص ۸۴
(۲۹) ☆ رواہ احمد عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۳۳۹
☆ ونحوہ والترمذی

marfat.com

جب تم اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرو تو فردوس طلب کرو، کیونکہ وہ جنت کا اعلیٰ اور درمیانہ درجہ ہے۔ جنت کی نہریں اسی سے پھوٹتی ہیں۔اس کے اوپر عرشِ الٰہی ہے۔

اے ربِ کریم! ہم تجھ سے تیرے محبوب بندوں کے طفیل جنت الفردوس طلب کرتے ہیں۔ان کی معیت میں ہمیں بھی جنت الفردوس نصیب فرما۔آمین (۳۰)

☆☆☆☆☆

(۳۰) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۲۱

marfat.com

باب(۲۹۵)

﴿رزقِ حلال اور عملِ صالح﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

يٰٓاَيُّهَاالرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ○

(سورۃالمومنون: آیت ۵۲)

اے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھا کام کرو، میں تمہارے کاموں کو جانتا ہوں۔

حل لغات:

اَلطَّيِّبٰتِ: جمع ہے طَيِّب کی، بمعنی پاکیزہ، اچھا، حلال، وہ شے جو حواس اور نفس کو لذت دے طیب ہے۔(۱)

صَالِحًا: جو شے شریعت نے واجب کی اس پر استقامت صلاح ہے۔ صالح وہ امور جنہیں شریعت نے واجب کیا ہو، اس پر استقامت اختیار کرنا۔(۲)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ طیب اور حلال کھانا شرع میں وہ ہے جس میں تین شرطیں ہوں۔

(۱) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۵۹۷

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی(م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۰۸

☆ قاموس القرآن (او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۳۰۲

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی(م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۳۵۹

(۲) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۱۰

marfat.com

اول: جائز طریقہ سے حاصل کیا ہو۔

دوم: جائز مقدار تک کھایا جائے۔

سوم: جائز جگہ اور جائز وقت میں کھایا جائے۔

طلبِ رزقِ حلال میں ان شرائط کا ملحوظ رکھنا فرض ہے۔(۳)

﴿۲﴾ طیب وہ ہے جو حلال ہو، صافی ہو اور قِوام ہو۔

حلال وہ کہ اس میں اللہ کی نافرمانی نہ ہو۔

صافی وہ کہ اس سے اللہ کو بھلا نہ دے۔

قوام وہ کہ جسم کو سلامت رکھے اور عقل کی حفاظت کرے۔

بندۂ مومن پر فرض ہے کہ حلال صافی اور قوام رزق حاصل کرے۔(۴)

﴿۳﴾ طیب انسان وہ ہے جو جہالت، فسق اور برے اعمال کی نجاستوں سے پاک ہو اور علم، ایمان اور محاسنِ اعمال سے مزین ہو۔

بندۂ مومن کو طیب ہونے کی صفات سے مزین ہونا لازم ہے۔(۵)

﴿۴﴾ رزقِ حلال کی طلب عبادات سے ہے۔ مومنوں کے علاوہ ربِّ کریم کے محبوب انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ و السلام کو بھی اسی کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ رزقِ حلال وطیب کھائیں۔ حلال اسی وقت کھانا ممکن ہوتا ہے جب اس کی طلب کی جائے۔ حرام کھانے والے کی کوئی عبادت اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ اس کی عاجزی سے کی ہوئی دعائیں بھی قبول نہیں ہوتی۔ چنانچہ حدیث شریف میں اس کی صراحت ہے:

---

(۳) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۰۸

(۴) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۷۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جاراللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۹۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۰۴

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۴۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۲۸۴

(۵) ☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۰۸

marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يٰٓاَيُّهَاالنَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَايَقْبِلُ اِلَّا طَيِّباً وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَالْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَبِهِ الْمُرْسَلِيْنَ فَقَالَ :يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْامِنَ الطَّيِّبٰتِ مَارَزَقْنَاكُمْ وَذَكَرَالرَّجُلَ يَطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَآءِ يَارَبِّ يَارَبِّ وَمَطْعَمُهٗ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهٗ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهٗ حَرَامٌ وَغُذِىَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ (٦)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ پاک ہے، وہ پاکیزہ چیز ہی قبول کرتا ہے، اور بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو وہ ہی حکم دیا جو اپنے رسولوں کو دیا، فرمایا: اے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھا کام کرو، میں تمہارے کاموں کو جانتا ہوں، اور (مومنوں سے) فرمایا: اے ایمان والو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ، اس سے جو ہم نے تمہیں دیا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کا ذکر فرمایا، جس نے طویل سفر کیا، پراگندہ بال اور غبار آلود، دونوں ہاتھ آسمانوں کی طرف پھیلائے دعا کر رہا ہے، اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! حالانکہ اس کا کھانا حرام کا ہے، اس کا پینا حرام کا ہے، اس کا لباس حرام کا ہے، اور وہ حرام سے غذا دیا گیا ہے، اس کی دعا کیوں کر قبول ہو۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے فرض ہے کہ وہ حلال طلب کرے، حلال کھائے، حلال پیئے، حلال پہنے، حلال ہی کو اپنی غذا بنائے۔ حرام کھانے، پینے، پہننے اور حرام اشیاء استعمال سے قطعی طور پر اجتناب کرے۔ (٧)

---

(٦) ☆ رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ، ج ١، ص ٣٢٦
☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ٢، ص ١٤٤
☆ رواہ الدارمی عن ابی ہریرۃ، ج ٢، ص ٣٨٩
☆ رواہ احمد عن ابی ہریرۃ، ج ٢، ص ٣٢٨

(٧) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ٥٤٣ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ٣، ص ١٣١٦
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ٦٦٨ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ١٢، ص ١١٦
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ٣، ص ٢٣٧
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ٢، ص ٧٣
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ٣، ص ١٩٢
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ٥١٦ھ) مطبوعہ ملتان، ج ٣، ص ٣١٠

marfat.com

﴿۵﴾ ہر شے میں اصل اباحت ہے، شرع مطہر جب تک کسی شے کو حرام قرار نہ دے وہ مباح ہے۔ حرام وہ ہے جسے شرع نے حرام قرار دیا۔ لہٰذا جس شے کو شرع مطہر نے حرام نہ ٹھہرایا ہو، اسے حرام قرار دینا شرع مطہر پر افتراء اور خود حرام ہے۔(۸)

﴿۶﴾ دعا میں ہاتھ بلند کرنا مسنون ہے، لہٰذا جب بھی دعا کرے ہاتھوں کو بلند کر کے کرے۔(۹)

﴿۷﴾ حرام خور اس کا اہل نہیں کہ اس کی دعا قبول ہو، اسے حرام ترک کرنا فرض ہے، لیکن اللہ تعالیٰ مالک ومختار ہے، وہ چاہے تو اپنے لطف وکرم سے اس کی دعا قبول کر لے، لہٰذا گناہ گار کو بھی دعا کی قبولیت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔(۱۰)

﴿۸﴾ جب کسی مسلمان کا ظاہر حال صالح ہو، اس کے گناہوں (اگر ہوں) پر پردہ ہو تو اس شخص کا ہدیہ قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ فساد کا اگرچہ دور ہے لیکن بلاوجہ کسی مسلمان پر بدگمانی جائز نہیں، ہمیں مسلمانوں کے ساتھ حسنِ ظن کا حکم ہے۔(۱۱)

﴿۹﴾ پاکیزہ چیزوں کو بلاوجہ ترک کر کے رہبانیت اختیار کرنا جائز نہیں۔ پاکیزہ چیزوں کو کھانے پینے اور استعمال کا حکم تو انبیائے کرام کو بھی ہے اور وہ پاکیزہ اشیاء استعمال بھی کرتے رہے، انہی کا اسوہ مبارک ہے، ان کی راہ کا خلاف جائز نہیں۔(۱۲)

(بقیہ ۷) ☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج۵، ص۴۷۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۳۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۶۲

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود، مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۲۶

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج۶، ص۹۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۲۸۴

(۸) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۷۳

(۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۱۷

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۱۷

(۱۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۸۸

(۱۲) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص۷۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۸۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۴۰

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص۱۱۹

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج۵، ص۲۴۳

marfat.com

﴿۱۰﴾ مسلمان جب تک مکلف ہے اسے عملِ صالح کرتے رہنا فرض ہے، اعمالِ صالحہ اس سے ساقط نہیں ہوجاتے۔ جولوگ یہ کہتے ہیں کہ بندہ جب غایت محبت میں پہنچ جاتا ہے، اس کا دل صاف ہوجاتا ہے، اس سے اعمالِ صالحہ ساقط ہوجاتے ہیں، اس کی عبادت صرف تفکر ہوجاتی ہے، یہ کہنا کلمہ کفر ہے۔ کیونکہ انبیائے کرام باوصف کمالِ محبت وعظمت کے اعمالِ صالحہ کے مکلف ہوتے ہیں، تو دیگر لوگوں سے اعمالِ صالحہ کیوں کر ساقط ہوسکتے ہیں۔ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا میں اس کا واضح بیان ہے۔(۱۳)

﴿۱۱﴾ عملِ صالح کی قبولیت رزقِ حلال کے بغیر ممکن نہیں، اسی واسطے آیتِ مبارکہ میں اکلِ حلال کا ذکر عملِ صالح سے مقدم بیان ہوا ہے۔

عمل کی قبولیت کے طالب کے لئے حلال کھانا فرض ہے۔(۱۴)

☆☆☆☆☆

(۱۳) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۸۷

(۱۴) ☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۴۰۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۰۴

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۴۰

marfat.com

باب(۲۹۶)

﴿بعد نماز عشاء بیدار رہنا اور گفتگو کرنا﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ ۪ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ○ (سورۃ المؤمنون: آیت ۶۷)

خدمتِ حرم پر بڑائی مارتے ہو رات کو وہاں بیہودہ کہانیاں بکتے حق کو چھوڑے ہوئے۔

حل لغات

بِهٖ سٰمِرًا: رات کو وہاں بیہودہ کہانیاں بکتے ہو۔

سَمَرَ: (از باب نَصَرَ) سَمْرًا.

سَمَرَ الْعَيْنَ : گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا۔

سَمَرَ سَمْرًا وَّسُمُوْرًا : رات کو باتوں میں گذارنا اور نہ سونا۔

سَمَرَ: (از باب ضَرَبَ ونَصَرَ) .سَمَرَ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملا کر اس کو پتلا کرنا۔

سَمَرَ الْخَمْرَ: شراب پینا۔

سَمَرَ الْمَاشِيَةَ: مویشیوں کا گھاس چرنا۔

سَمَرَ الْبَابَ : دروازہ کو میخ سے مضبوط کرنا۔

سَمِرَ: (از باب سَمِعَ) وسَمُرَ (از باب كَرُمَ) سَمْرًا وَّسَمُرَةً :گندم گوں ہونا۔

سَمَرَ: رات کو باتیں کرنے والا، رات کی تاریکی، چاند کا سایہ، یعنی وہ چیز جو چاندنی آنے سے مانع ہو۔

marfat.com

سَامِر: رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔(۱)

آیتِ مبارکہ میں اس کلمہ سے مراد یہ ہے کہ کفارِ مکہ بیت اللہ کے گرد جمع ہو کر بیہودہ باتیں کرتے تھے۔(۲)

تَهْجُرُوْنَ: حق کو چھوڑے ہوئے۔

هَجَرَهٗ (از باب نَصَرَ) هَجْرًا وَّهُجُوْرًا : قطع تعلق کرنا۔

هَجَرَ الشَّیْءَ: چیز کو چھوڑنا۔

هَجَرَزَوْجَتَهٗ: بیوی سے الگ ہونا اور طلاق نہ دینا۔

هَجَرَفِیْ مَرْضِهٖ اَوْ نَوْمِهٖ : بیماری یا نیند میں بکواس کرنا۔

هَجَرَ الْبَعِیْرَ: اونٹ کو پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا۔

هَاجِر: نہایت عمدہ۔

هَاجَرَةٌ: موسمِ گرما میں دوپہر کا وقت، سورج ڈھلنے سے عصر تک کا وقت، تیز گرمی۔

رَمَاهُ بِالْهَاجِرَاتِ : کسی کو شرمناک افعال سے متہم کرنا۔

هَاجِرِیٌّ: نہایت فائق، بہت عمدہ، معمار، شہری۔

---

(۱) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۵۸۸

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۴۲

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۷۷

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۲۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۸

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۸

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۱۳

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۹۶

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۷، ص ۴۹

marfat.com

هِجْرَةٌ: ترکِ وطن کرنا، دارِ کفر سے دارِ ایمان تک جانا۔

هَجُوْرِیٌ: دوپہر کا کھانا۔

هِجْرَانٌ: انسان کا کسی کو ترک کر دینا، بدن سے ہو یا زبان سے یا قلب سے۔

هَجَرَ: مدینہ طیبہ کے قریب ایک آبادی۔

هُجْوَیْرَةٌ: مصنفِ کشف المحجوب عارف باللہ امام ابوالحسن علی بن عثمان المعروف بہ داتا گنج بخش (مدفون لاہور) کا وطن۔(۳)

آیتِ مبارکہ میں اس کلمہ سے مراد وہ بد بخت ہیں جو قرآن مجید، نبی اکرم ﷺ اور حق کو چھوڑے ہوئے تھے۔(۴)

---

(۳)
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۴۰۹
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۳۶
☆ قاموس القرآن (او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۴۷۱
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۳۷
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۶۱۱

(۴)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۴
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱۹
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۲۴
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی، ج ۲، ص ۷۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۸
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۲۸
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۱۹۶
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۱۳
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۵۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۲۹۲
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۱
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۵۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۱۱
☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۶، ص ۱۰۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۲۴۸

marfat.com

پس منظر:

قرآن مجید کا نزول جب شروع ہوا تو قریشِ مکہ اور مشرکین نے بطورِ عناد اس کا انکار کر دیا، وہ راتوں کو بیت اللہ کے گرد جمع ہوتے، قرآن مجید کے خلاف بیہودہ بکواس کرتے، صاحبِ قرآن نبی اکرم ﷺ کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے، کبھی کہتے کہ یہ شاعر ہے، کبھی کہتے یہ ساحر (جادوگر) ہے، کبھی کہتے یہ مجنوں ہے، اسی طرح صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو ایذائیں دیتے، انہیں سب وشتم کرتے، مشرکین مکہ اس تکبر میں مبتلا تھے کہ ہم اہلِ حرم ہیں، بیت اللہ کی خدمت کرتے ہیں، ہم سب پر غالب ہیں، کوئی ہم سے غالب نہیں، گویا وہ تین بڑے جرموں کے مرتکب تھے۔

اول: حق کا انکار۔

دوم: رات کو بیہودہ بکواس میں مشغول رہنا۔

سوم: تکبّر۔

حق تعالیٰ جل مجدہ نے ان کی تردید اس آیتِ مبارکہ میں فرمادی ہے۔(۵)

(۵)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۱۳۱۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص ۱۲۴
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی مطبوعہ ملتان،۳،ص ۳۱۳
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص ۲۴۹
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاورج۶،ص ۴۸۳
☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص ۷۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۳۲۸
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہورج۳،ص ۳۲۸
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۱۹۶
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص ۴۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص ۴۹۲
☆ الدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج۶،ص ۱۰۲
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص ۱۱۱
☆ مختصرتفسیرالطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریرالطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸،ص ۴۹
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۳۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ،مکہ مکرمہ، ج۳،ص ۱۲۱

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ اور اس کے محبوب رسول اکرم ﷺ پر تکبر کرنا کفر ہے اور عام مومنین کے ساتھ تکبر کرنا فسق اور حرام ہے، البتہ کفار کے مقابلہ میں تکبر کا اظہار ایمان ہے۔(۶)

﴿۲﴾ متبرک مقام پر بیٹھنا یا اس کی خدمت کا دعوی اسی کو نافع ہے جو ایمان سے متصف ہو، ورنہ یہ ساری کوشش بے سود ہے۔ مشرکینِ مکہ بیت اللہ کی خدمت کا دعویٰ کرتے اور اہلِ حرم ہونے پر فخر کرتے تھے، ان کے اس کردار کی اللہ تعالیٰ نے مذمت فرمائی ہے، جس کی وجہ ایمان سے خالی ہونا ہے۔(۷)

﴿۳﴾ نمازِ عشاء کے بعد رات کو ذکرِ الٰہی اور طاعتِ الٰہی پر مشتمل گفتگو کے علاوہ عام گفتگو کرنا مکروہ ہے۔ وجہ کراہت یہ ہے کہ دیر تک باتیں کرنے رہنے سے صبح دیر سے بیدار ہوگا اور اس کی صبح کی نماز ضائع ہو جائے گی۔ ایسا کہنا بھی ممکن ہے کہ نمازِ عشاء پڑھنے سے اس کے دن کے نامہ اعمال میں آخری نیکی درج ہو اور وہ رات کو بیہودہ قصہ گوئی میں اسے بھی ضائع کر دے۔ یوں بھی یہ فطرت کے خلاف ہے، رات اللہ تعالیٰ نے آرام اور دن کو معاش کے لئے بنایا ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّ جَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝ (سورۃ الفرقان: آیت ۴۷)

اور وہی ہے جس نے رات کو تمہارے لئے پردہ کیا اور نیند کو آرام، اور دن بنایا اٹھنے کے لئے۔

حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِیْثَ بَعْدَهَا(۸)

---

(۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱۹

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۲۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۴۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۲۹۲

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۴۷

(۸) ☆ رواہ البخاری عن ابی برزہ، ج ۱، ص ۸۰

☆ ونحوہ رواہ مسلم عن ابی برزۃ، ج ۱، ص ۲۳۰

☆ رواہ النسائی عن ابی برزہ، ج ۱، ص ۹۱

marfat.com

رسول اللہ ﷺ نمازِ عشاء سے پہلے سونے کو اور بعد نماز گفتگو سے منع فرماتے تھے۔

ایک اور حدیث شریف میں معاشرتی زندگی کے راہنما اصول بیان فرمائے۔

اِیَّاکُمْ وَالسَّمَرَ بَعْدَ هَدْأَةِ الرَّجُلِ فَاِنَّ اَحَدَکُمْ لَایَدْرِیْ مَایَبِیْتُ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنْ خَلْقِهٖ، اَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ وَخَمِّرُوا الْاَنَآءَ وَاَطْفِؤُا الْمَصَابِیْحَ (۹)

نمازِ عشاء پڑھنے کے بعد گفتگو سے پرہیز کرو، کوئی نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ نے رات کو اس کے لئے کیا پیدا کیا ہے، رات کو دروازے بند کردو، مشکیزہ کا منہ باندھ دو، برتن ڈھانپ دو، چراغ بجھا دو۔ (۱۰)

(۴) نمازِ عشا کے بعد بیدار رہنا اور گفتگو کرنا چند محمود مقاصد کے لئے جائز بلکہ مستحب ہے۔ ان میں سے بعض یہ ہیں۔

اول: دینی تعلیم و تعلم۔

دوم: اہلِ علم کے ساتھ گفتگو۔

سوم: مجلسِ ذکر و اذکار۔

چہارم: وعظ و نصیحت کی مجلس۔

پنجم: مہمان اور اہل و عیال سے جائز گفتگو کرنا۔

ششم: مسلمانوں کی اجتماعی حالت درست کرنے کے لئے مجلسِ مشاورت۔

ہفتم: اسلامی ملک کی سرحدوں کی حفاظت پر مامور عملہ۔

ہشتم: تیمارداری کے لئے۔

نہم: کسی غرضِ شرعی کے لئے۔

(بقیہ ۸) ☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی برزۃ، ص ۵۱

☆ رواہ الدارمی عن ابی برزۃ، ج ۲، ص ۳۹۲

☆ رواہ احمد عن ابی بزرۃ، ج ۴، ص ۴۲۰، ۴۲۲، ۴۲۵

(۹) ☆ راوہ البخاری فی الادب المفرد عن جابر بن عبداللہ، ص ۳۱۷

(۱۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۲۴

marfat.com

دہم: کسی خیر کی انتظار میں بیدار رہنا وغیرہ۔

حدیث شریف میں ہے:

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنْتَظَرْنَاالنَّبِیَّ ﷺ ذَاتَ لَیْلَۃٍ حَتّٰی کَانَ شَطْرُاللَّیْلِ یَبْلُغُہٗ فَجَآءَ فَصَلّٰی لَنَاثُمَّ خَطَبَنَا فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدْصَلُّوْا وَاِنَّکُمْ لَمْ تَزَالُوْا فِیْ صَلَاۃٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلٰوۃَ (۱۱)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک رات ہم نبی اکرم ﷺ کا انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ رات کا ایک حصہ گزر گیا، پھر آپ تشریف لائے اور ہمیں نمازِ (عشاء) پڑھائی، پھر آپ نے خطبہ دیا اور فرمایا: بے شک بعض صحابہ نماز پڑھ چکے ہیں اور تم جب تک نماز کی انتظار میں رہے نماز کا ثواب پاتے رہے۔ (۱۲)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۔۶ ربیع الانور ۱۴۲۷ھ/ ۵ اپریل ۲۰۰۶ء بروز بدھ سورۃ المؤمنون کے شرعی احکام کی تسوید و تالیف کی تکمیل کے مراحل طے ہوئے۔

مولا کریم قرآن مجید کے بقیہ احکام کی ترتیب و تالیف مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ نبی الکریم ﷺ

☆☆☆☆☆

---

(۱۱) ☆ رواہ البخاری عن انس، ج ۱، ص ۸۴

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۲۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۹۳

marfat.com

17B

باب(۲۹۷)

﴿زنا،لواطت، ہم جنس پرستی، دیگر بدکاریاں اور ایڈز سے حفاظت کی تدبیر﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّ لَا تَاْخُذْکُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْیَشْهَدْعَذَابَهُمَاطَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ (سورۃ النور آیت ۲)

جوعورت بدکار ہواور جومرد،تو ان میں سے ہرایک کوسوکوڑے لگاؤ اور تمہیں ان پرترس نہ آئے اللہ کے دین میں اگرتم ایمان لاتے ہواللہ اور پچھلے دن پر اور چاہئے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ حاضر ہو۔

حل لغات:

اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ : جوعورت زنا کرے اور جومرد زنا کرے، ان کلمات میں الف لام موصول کا ہے، یعنی جو عورت اور مرد بدکاری کرلیں۔آیت کے اگلے حصے میں ان کی شرعی سزا کا بیان ہے۔

یادرہے قرآن مجید کا عمومی اسلوب یہ ہے کہ جب وہ مرد اور عورت کو اکٹھا بیان کرتا ہے تو بالعموم مرد کا ذکر مقدم ہوتا ہے۔آیت زیرِ عنوان میں اس کا خلاف ہے، اس کی وجہ مفسرین اور علماء نے یہ بیان کی ہے کہ زنا کا

marfat.com

داعیہ عورت میں زیادہ ہے۔ مرد سے عورت کی شہوت غالب ہوتی ہے اور اگر عورت مرد کو زنا کے لئے تمکین (قدرت) نہ دے، یہ فعل وقوع پذیر نہیں ہوتا۔ اس لئے زانی عورت کا ذکر مقدم کیا گیا ہے۔ بخلاف اَلسَّارِقُ وَ السَّارِقَةُ میں کہ چوری کی جرأت عورت کی نسبت مرد میں زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے یہاں مرد کا ذکر پہلے کیا گیا ہے۔

فَاجْلِدُوْا: کوڑے مارو۔ جَلَدَ (از باب ضَرَبَ) جَلْدَةً کوڑے مارنا۔ جِلْدَ: مضبوط، قوی، انسان کے جسم اور اس کے اعضاء، پوست، کھال۔ (۱)

رَاْفَةٌ: بہت زیادہ مہربانی۔ رَاْفَةٌ سے مراد شدید مہربانی ہے اور یہ رحمت سے خاص ہے۔ کیونکہ رحمت بعض اوقات کسی مصلحت کے پیشِ نظر نہ چاہتے ہوئے کی جاتی ہے اور رَاْفَةٌ رحمت کا مبالغہ ہے اور خوش دلی سے کی جاتی ہے۔ نیز اس سے مقصد ازالۂ ضرر بھی ہوتا ہے۔ آیتِ مبارکہ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ میں اس کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ (۲)

طَائِفَةٌ: لوگوں کی جماعت، ایک رائے و مذہب کے لوگ۔ (۳)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ مرد اور عورت اگر زنا کر بیٹھیں اور اگر غیر شادی شدہ ہوں تو ان میں سے ہر ایک کو سو کوڑے لگاؤ۔ کوڑے لگاتے وقت ان پر ترس نہ کرو کہ کم لگاؤ اور نہ تشدد کرو کہ زیادہ لگاؤ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حد مقرر ہے۔ اگر تم ایمان دار ہو اور آخرت پر تمہارا ایمان ہے تو ایسا ہی کرو۔ جب بدکار عورت اور بدکار مرد کو سزا دی جا رہی ہو تو مسلمانوں کی ایک جماعت بطورِ عبرت وہاں حاضر رہے۔

---

(۱) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۹۸
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۹۵
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۵۲

(۲) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۴۲۳
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۰۸
☆ الفروق اللغویة مولفہ ابو هلال الحسن بن عبداللہ بن سهل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ کوئٹہ، ص ۲۲۱
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۶، ص ۱۱۳

(۳) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۵۸۷
☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۲۱
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۴
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۶، ص ۱۸۵

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ حد ایک قسم کی سزا ہے جس کی مقدار شریعت کی طرف سے مقرر ہے کہ اس میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی۔ اس سے مقصود لوگوں کو ایسے کاموں سے باز رکھنا ہے جس کی یہ سزا ہے اور جس پر حد قائم کی گئی ہو وہ جب تک توبہ نہ کرے محض حد قائم کرنے سے پاک نہ ہوگا۔ اور تعزیر وہ سزا ہے جو حاکم یا قاضی کسی جرم کے مطابق اپنی رائے سے دیتا ہے۔ یہ مقرر نہیں، گناہ کے بڑا ہونے یا چھوٹا ہونے کے باعث بدلتی رہتی ہے۔ اس مسئلہ کے دلائل آئندہ سطور میں آرہے ہیں۔

﴿۲﴾ زنا، جس میں حد واجب ہوتی ہے، یہ ہے کہ مرد کا عورت مشتہاۃ (شہوت والی) کے آگے کے مقام میں بطورِ حرام بقدرِ حشفہ دخول کرنا اور وہ عورت اس کی زوجہ ہو نہ باندی ہو نہ ان دونوں کا شبہ ہو، نہ شبہ اشتباہ ہو، وطی کرنے والا مکلّف ہو، گونگا نہ ہو، نہ مجبور کیا گیا ہو۔ یہ گناہ دارالاسلام میں واقع ہو۔ دبر میں جماع کرنا شرعاً زنا نہیں کہلاتا خواہ مفعول مرد ہو یا عورت۔ ایسا فعل لواطت کہلاتا ہے۔

یاد رہے کہ لواطت کے مسائل سورۃ النساء کی آیت:۱۶ کے احکام میں گزر چکے ہیں۔(۴)

﴿۳﴾ علمائے ملت کا اتفاق ہے کہ اگر زانیہ اور زانی (العیاذ باللہ) آزاد، عاقل، بالغ اور کنوارے ہوں تو ہر ایک کو سو کوڑے مارے جائیں۔ آیت زیرِ عنوان میں یہی حکم دیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ حد شرعی نہیں۔ جس کا حکم سورۃ النساء (آیت ۱۵) میں وعدہ کیا گیا تھا وہ اس آیت میں بیان کردیا گیا ہے۔ یہ آیت تکمیلِ حکم کا درجہ رکھتی ہے۔ ہاں اقامتِ حد کے بعد اگر حاکم یا قاضیِ وقت کی مصلحتِ عامہ کا تقاضا ہو تو وہ مجرموں کو شہر بدر کرنے کی سزا بھی

---

(۴)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۴۳
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۴۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳ ص۱۳۱، ۱۳۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۳۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۷۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۳۵

marfat.com

ے سکتا ہے۔اس کوتعزیر کہتے ہیں۔یہ ناجائز نہیں۔(۵)

﴿۴﴾ اگر زانیہ اور زانی شادی شدہ ہوں تو ان کو رجم کیا جائے گا (اتنے پتھر مارے جائیں گے کہ وہ مرجائیں)۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کا اسی پر اجماع ہے۔ بعد کے علماء وائمہ کا بھی اسی پر اجماع ہے۔ رجم (سنگسار) کا حکم حدیثِ متواتر معنویہ سے ثابت ہے۔جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور حاتم طائی کی سخاوت تواترِ معنویہ سے ثابت ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ بَعَثَ مُحَمَّدًا ﷺ بِالْحَقِّ وَاَنْزَلَ عَلَیْہِ الْکِتَابَ فَکَانَ مِمَّا نَزَّلَ اللّٰہُ اٰیَۃَ الرَّجْمِ فَقَرَاْنَاھَا وَ عَقَلْنَاھَا وَ وَعَیْنَاھَا رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَرَجَمْنَا بَعْدَہٗ. الحدیث(۶)

---

(۵)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۲۵۵
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۲۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۴۳
☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریر الطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸،ص۸۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳،ص۲۶۰
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۳۲۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۱۳۴
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳،ص۱۲۷
☆ تفسیر انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۷۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۳۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۷۸
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۱۱۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۴۱
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۲۱۲
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۳۱۹

(۶)
☆ رواہ البخاری عن عمر، ج۲،ص۱۰۰۹
☆ رواہ مسلم عن عمر، ج۲،ص۶۵
☆ رواہ ابوداؤدعن عمر، ج۲،ص۲۵۸
☆ رواہ الترمذی عن عمر، ج۱،ص۲۰۷
☆ رواہ ابن ماجہ نحوہ عن عمر،ص۱۸۶
☆ رواہ الدارمی عن عمر، ج۲،ص۲۳۴
☆ رواہ موطاعن عمر،ص۱۷۱

marfat.com

بے شک اللہ تعالی نے حضرت محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اور آپ پر کتاب (قرآن مجید) نازل فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے کتاب میں آیت رجم بھی نازل فرمائی (جس کی تلاوت منسوخ ہو چکی ہے لیکن حکم باقی ہے) ہم نے وہ آیت پڑھی ہے، اسے سمجھا ہے اور اسے یاد کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کے مطابق سنگسار کیا ہے اور آپ کے بعد ہم نے بھی رجم کیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ کو رجم کروایا، جبکہ انہوں نے خود زنا کا چار مرتبہ اقرار کیا تھا۔

یہ حدیث کتبِ صحاح میں متعدد طریقوں سے مروی ہے۔ (۷)

حضور پاک ﷺ نے زمانہ حیاتِ ظاہری میں قبیلہ غامدیہ کی عورت کو سنگسار کرایا جب کہ اس نے خود حاضر ہو کر زنا کا اقرار کیا تھا۔

اسی طرح قبیلہ جہنیہ کی ایک عورت کو رجم کرایا۔ اس نے بھی زنا کا خود اقرار کیا تھا۔ (۸) حدیث شریف میں ہے:

لَا یُحِلُّ دَمُ اِمْرَءٍ مُسْلِمٍ یَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اِنِّیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلَاثٍ، اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّیِّبُ الزَّانِیْ وَالْمَارِقُ لِدِیْنِهِ التَّارِکُ لِلْجَمَاعَةِ. (۹)

کسی مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں جو یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں مگر تین وجہ سے (اس کا خون بہانا جائز ہے) قتل کے بدلے قتل، شادی شدہ زانی

---

(۷) ☆ رواہ البخاری ومسلم عن ابن عباس

☆ رواہ الترمذی وابن ماجه من حدیث ابی هریرة

☆ رواہ البخاری ومسلم من حدیث ابوهریرة وابن عباس وجابر وغیره

(۸) ☆ رواہ مسلم من حدیث عمران بن حصین

(۹) ☆ رواہ البخاری عن عبداللّٰه بن مسعود، ج ۲، ص ۱۰۱۶

☆ رواہ مسلم عن عبداللّٰه بن مسعود، ج ۲، ص ۵۹

☆ رواہ ابوداؤد عن عبداللّٰه بن مسعود، ج ۲، ص ۲۵

☆ رواہ الترمذی عن عبداللّٰه بن مسعود، ج ۱، ص ۲۰۱ (مِنْ اَوْجُهٍ کَثِیْرَةٍ)

☆ رواہ النسائی عن عبداللّٰه بن مسعود، ج ۲، ص ۱۶۵

☆ رواہ الدارمی فی کتاب السیر

☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۶۱، ۶۲، ۷۰، .....

marfat.com

اور دین کو چھوڑ کر جماعتِ مسلمین سے الگ ہو جانے والا (مرتد)۔(۱۰)

﴿۵﴾ زانیہ اور زانی میں سے اگر ایک شادی شدہ ہو اور دوسرا غیر شادی شدہ تو شادی شدہ کو رجم کیا جائے گا اور غیر شادی شدہ کو سو کوڑے لگائیں جائیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک مقدمہ میں یہی فیصلہ کیا تھا۔

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں دو شخصوں نے اپنا مقدمہ پیش کیا۔ ایک نے کہا: کتاب اللہ کے مطابق ہمارے درمیان فیصلہ کر دیجئے اور مجھے کچھ بولنے کی اجازت دیجئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا بیان کرو۔ اس شخص نے کہا کہ میرا بیٹا اس شخص کے پاس مزدور تھا۔ میرے بیٹے نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا۔ لوگوں نے مجھے کہا کہ تیرے بیٹے کو سنگساری کی سزا دی جائے گی، میں نے سزا سے بچانے کے لئے بطورِ معاوضہ اس شخص کو سو بکریاں اور ایک باندی دے دی۔ پھر علماء سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کیا جائے گا۔ اور اس عورت کو سنگسار کیا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا۔

اَمَّا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَاَقْضِیَنَّ بَیْنَکُمَا بِکِتَابِ اللّٰہِ، اَمَّا غَنَمُکَ وَجَارِیَتُکَ فَرُدَّ عَلَیْکَ وَاَمَّا اِبْنُکَ فَعَلَیْہِ مِائَۃٌ وَ تَغْرِیْبُ عَامٍ وَ اَمَّا اَنْتَ یَا اَنِیْسُ فَاغْدِ عَلٰی اِمْرَأَۃِ

---

(۱۰)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۶۴
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۲۶
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۴۳
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۶۰
☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۷۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۷
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۲۸
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۷۸
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۳۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۱
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۳۶۵

marfat.com

هٰذَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجِمْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَزَیْدِبْنِ خَالِدٍ (۱۱)

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے مَیں تمہارے درمیان کتاب اللہ کے موافق فیصلہ کروں گا۔ تیری بکریاں اور باندی تجھ پر لوٹا دی جائے گی۔ تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال جلا وطن کر دیا جائے گا۔ اور اے انیس (عورت کے قبیلے کا ایک فرد) تو صبح اس عورت کے پاس جا اگر وہ زنا کا اعتراف کرے تو اسے رجم کر دو۔ چنانچہ اس عورت نے اعتراف کر لیا تو اسے رجم کیا گیا۔ (۱۲)

﴿۶﴾ شادی شدہ زانیہ یا زانی کو سنگسار کرنے سے پہلے کوڑوں کی سزا نہیں دی جائے گی۔ حضرت زید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی مرویات ابھی پہلے گذر چکی ہیں کہ عورت کو سنگسار کرنے سے پہلے کوڑے مارنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ (۱۳)

---

(۱۱) ☆ رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۱۰۷۸
☆ رواہ مسلم عن زیدبن خالد، ج ۲، ص ۶۹
☆ رواہ ابوداؤد عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۲۶۲
☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ وزیدبن خالد، ج ۱، ص ۲۰۷
☆ رواہ النسائی عن ابی ہریرۃ وزیدبن خالد، ج ۲، ص ۳۰۸
☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ وزیدبن خالد، ص ۱۸۶
☆ رواہ الدارمی فی الحدود
☆ رواہ الموطا فی الحدود
☆ رواہ احمد، ج ۳، ص ۱۱۵، ۱۱۶

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۲۸

(۱۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۵۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۴۴
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۲، ص ۲۱۴
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۳۵
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۲۸
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۶۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۱
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۲۹
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۷۹

marfat.com

﴿۷﴾ قرآن مجید میں ''اِحْصَانٌ'' متعدد معنوں میں استعمال ہوا ہے:

اول: نکاح: وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَامَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ الآية (سورة النساء آیت ۲۴)

اور حرام ہیں شوہر دار عورتیں مگر کافروں کی عورتیں جو تمہاری ملک میں ہوں۔

دوم: آزادی: فَاِذَا اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَاعَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ. الآية (سورة النساء آیت ۲۵)

جب وہ قید میں آجائیں پھر برا کام کریں تو ان پر اس سزا کی آدھی جو آزاد عورتوں پر ہے۔

اُحْصِنَّ سے مراد نکاح کر لینا اور اَلْمُحْصَنٰتُ سے مراد آزاد عورتیں۔

سوم: عفت: وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ. الآية (سورة المائدة آیت ۵)

اور پارسا عورتیں مسلمان اور پارسا عورتیں ان میں سے جن کو تم سے پہلے کتاب ملی۔

اَلْمُحْصَنٰتُ میں عفت والی پاک دامن عورتیں مراد ہیں۔(۱۴)

﴿۸﴾ رجم کرنے کے لئے زانی اور زانیہ کا آزاد، عاقل، بالغ ہونا ضروری ہے اور یہ بھی لازم ہے کہ اس نے صحیح طریقہ سے نکاح کیا ہو اور نکاح کے بعد زوجہ سے صنفی قربت بھی کر لی ہو۔ اس کا مسلمان ہونا بھی شرط ہے۔ ان میں سے اگر ایک شرط بھی مفقود ہوئی تو رجم کا حکم جاری نہیں کیا جائے۔ حدیث شریف میں ہے:

مَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُحْصِنٍ(۱۵)

جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا وہ محصن نہیں اور رجم کے لئے زانی کا محصن ہونا لازمی ہے۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے ایک یہودی یا عیسائی عورت سے نکاح کا ارادہ کیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے ان کو منع فرمادیا۔ اور فرمایا: اِنَّهَا لَا تُحْصِنُكَ.(۱۶)

---

(۱۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۳۳۰

(۱۵) ☆ رواہ اسحق بن راھویہ فی مسندہ

☆ رواہ الدارقطنی عن ابن عمر، ج۲، ص۱۴۸

☆ رواہ البیھقی، عن ابن عمر، ج۸، ۲۱۶

(۱۶) ☆ رواہ الدارقطنی

marfat.com

غیر مسلمہ سے نکاح کرنا تجھے محصن نہیں بنا سکتا۔(۱۷)

﴿۹﴾ اگر کسی آزاد، عاقل، بالغ مسلمان نے نابالغہ سے یا دیوانی سے یا کتابیہ عورت سے نکاح کرلیا اور قربت صنفی (جماع) بھی ہوگئی ہو تب بھی وہ محصن قرار نہیں پائے گا، اگر اس کے بعد زنا کرے گا تو قابلِ رجم نہیں۔ البتہ تعزیر کا مستوجب ہے۔(۱۸)

﴿۱۰﴾ اگر آزاد، عاقل، بالغ عورت نے کسی نابالغ یا دیوانے سے نکاح کرلیا اور جماعی قربت بھی ہوگئی، تب بھی وہ محصنہ قرار نہیں پائے گی، اگر اس کے بعد زنا کی مرتکب ہوجائے گی تو اس کو رجم نہیں کیا جائے گا۔(۱۹)

﴿۱۱﴾ زانی مرد اگر عاقل ہے اور عورت پاگل تو حدِ شرعی مرد پر جاری ہوگی۔ اور اگر زانیہ عورت عاقل اور زانی مرد پاگل تو عورت پر حد جاری نہ ہوگی۔ کیونکہ فعلِ زنا کا فاعل تو مرد ہوتا ہے، عورت تو محلِ زنا ہے۔ عورت کو زانیہ مجازاً کہا جاتا ہے حقیقت میں عورت تو مزنیہ ہوتی ہے۔ عورت کو جو زنا کی سزا دی جاتی ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ اس نے مرد کو فعلِ زنا کی اجازت دی۔(۲۰)

(۱۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۳۱

(۱۸) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۳۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۳۳۴
☆ تفسیر روح البیان از علامه اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ج ۶، ص ۱۱۴
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشهیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۶، ص ۴۲۸
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج ۳، ص ۲۱۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۶، ص ۸۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۳، ص ۱۳۹
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۳، ص ۱۲۳
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعه کراچی، ج ۳، ص ۲۱۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۳۳۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۳۳۴
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۳۱

(۱۹) ☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشهیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۶، ص ۴۲۸
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۳۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۲۳، ص ۱۳۹

(۲۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۳۴
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشهیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۶، ص ۴۲۸

marfat.com

﴿۱۲﴾ اگر کسی نے اپنی حائضہ بیوی سے، یا اپنی روزہ دار بیوی سے، یا حج یا عمرہ کا احرام باندھے ہوئی بیوی سے صحبت کر لی ہو تو اس کو زنا نہیں کہا جائے گا۔ اس فعل قبیح پر حد جاری نہ ہوگی۔ کیونکہ ان تمام صورتوں میں کسی قدر ملکیت موجود ہے، ہاں ایسا کرنے پر گناہ گار ضرور ہوگا۔ اسے تعزیر کی جائے گی۔ (۲۱)

﴿۱۳﴾ حاکم کے لئے بہتر ہے کہ مجرم کو شبہ کا فائدہ دے کر معاف کر دے۔ ایسا کرنا عین تقاضائے شریعت ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے واضح ارشاد اس سلسلہ میں موجود ہیں۔ ایک حدیث میں ہے۔

اِدْرَءُ وْا الْحُدُوْدَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِذَا كَانَ لَهُ مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُ فَاِنَّ الْاِمَامَ اَنْ يَخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ. (۲۲)

جہاں تک ہو سکے مسلمانوں سے حدود ساقط کرو۔ جب کسی مجرم کے بچاؤ کا راستہ پاؤ تو اسے چھوڑ دو۔ کیونکہ حاکم کا معاف کرنے میں خطا کرنا اسے سزا دینے میں خطا کرنے سے بہتر ہے۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے۔

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَئِنْ اُعَطِّلَ الْحُدُوْدَ بِالشُّبُهَاتِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُقِيْمَهَا بِالشُّبُهَاتِ. (۲۳)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ شبہات کی بنا پر حدود کو معطل کرنا میرے نزدیک شبہات کی بنا پر سزا دینے سے محبوب ہے۔

شبہ کی وجہ سے سقوطِ حد والی حدیث کو ساری امت نے قبول کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کے جو اقوال اس سلسلہ میں مروی ہیں تو مسئلہ کا قطعی الثبوت ہونا واضح ہو جاتا ہے۔

حضرت ماعز رضی اللہ عنہ سے حضور نے ﷺ فرمایا: شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا، شاید تو نے چھو لیا ہوگا، شاید تو نے دیکھ لیا ہوگا۔

---

(۲۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۳۵

(۲۲) ☆ رواہ الترمذی عن عائشۃ، ج ۱، ص ۲۰۶

☆ رواہ ابن ابی شیبہ عن عائشۃ، ج ۶، ص ۵۱۶

(۲۳) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ بن عمر، ج ۲، ص ۵۱۴

marfat.com

لَعَلَّکَ قَبَّلْتَ اَوْغَمَزْتَ اَوْنَظَرْتَ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ لَا. الحدیث(۲۴)

گویا حضور ﷺ نے زنا کے اقرار کے بعد حضرت ماعز کو اپنے اقرار سے لوٹ جانے کی در پردہ تلقین فرمائی۔ تا کہ حد قائم کرنے میں شبہ پیدا ہو جائے۔ اس کا فائدہ سوائے اس کے اور کچھ نہ تھا کہ اگر وہ حضور ﷺ کے جواب میں ہاں کہہ دیتے تو جرم کے ثبوت میں شبہ ہو جاتا اور شبہ کی بنا پر حضور ﷺ اسے چھوڑ دیتے۔

اسی طرح چوری کے ایک مقدمہ میں جو حضور ﷺ کے سامنے پیش ہوا آپ نے چور سے فرمایا:

مَا اَخَالُکَ سَرَقْتَ(۲۵)

میرے خیال میں تو نے چوری نہیں کی

ایسا کرنا بھی شبہ کی بنا پر حد ساقط کرنے کے مترادف تھا۔(۲۶)

﴿۱۴﴾ شبہ دو طرح کا ہوتا ہے۔ اول: شبہ اشتباہ

یعنی ایسا شبہ جو شبہ میں پڑنے والوں کے لئے تو ہوتا ہے اور جو شبہ نہ کریں ان کے لئے نہیں ہوتا۔ ایسا شبہ اس وقت ہوتا ہے جب علت کی کوئی واقعی دلیل تو موجود نہیں ہوتی، لیکن مرتکب زنا اس چیز کو دلیل سمجھ لیتا ہے جو واقع میں دلیل نہیں ہو سکتی۔ مثلاً جس عورت کو تین طلاقیں دے چکا ہے اور وہ ابھی عدت میں ہے، اس سے قربت کر لی، یہ سمجھ کر کہ ابھی حقوقِ نکاح باقی ہیں۔ عدت کا نفقہ میں دے رہا ہوں اور عدت میں عورت کا نکاح کسی دوسرے سے ہو بھی نہیں سکتا، اس صورت میں اگر اس کو حرمتِ قربت کا علم نہیں ہے اور صحبت کر لی تو اگر چہ یہ فعل زنا ہوگا لیکن حدِ زنا جاری نہیں ہوگی اور اگر حرمتِ قربت کا علم رکھتے ہوئے ایسا کرے گا تو ۔ زنا

---

(۲۴) ☆ رواہ البخاری عن ابی عباس ، ج ۲، ص ۱۰۰۸

☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۲۳۸، ۲۵۵، ۲۷۰

(۲۵) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی امیہ مخزومی ، ج ۲، ۴۵۴

☆ رواہ النسائی عن ابی امیہ مخزومی ، ج ۲، ۴۵۴

☆ رواہ ابن ماجہ فی الحدود

☆ رواہ الدارمی فی الحدود

☆ رواہ احمد، ج ۵، ص ۲۶۲

(۲۶) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۴

marfat.com

جاری ہوگی۔

دوم: شبۂ مِلک: یہ اس وقت ہوتا ہے جب واقع میں علت کی کوئی دلیل موجود ہو لیکن شبہ کرنے والے نے سمجھنے میں غلطی کی ہو۔ مثلاً جس عورت کو طلاقِ کنائی دی ہو اور وہ عدت میں ہو۔ اس سے طلاق دینے والے نے بغیر نکاحِ جدید کے قربت کر لی تو اس پر حدِ زنا جاری نہ ہوگی، کیونکہ بعض فقہاء کے نزدیک طلاق کنائی دینے کے بعد حقِ رجوع باقی رہتا ہے، اسی طرح بغیر گواہوں کے نکاح کا مسئلہ ہے کہ بغیر گواہ منکوحہ سے قربت حدِ زنا کی موجب نہیں۔ خواہ وہ حرمت کا عقیدہ رکھتا ہو۔ (۲۷)

﴿۱۵﴾ جس عورت کے ساتھ نکاح حرام ہو اور کسی نے اس سے نکاح کر لیا اور صحبت بھی کر لی تو اس پر حد جاری نہیں ہوگی لیکن اس کو جرم کی سزا بہت سخت دی جائے گی۔ کیونکہ ہر عورت محلِ نکاح ہے اس نے عورت سے نکاح ہی کیا ہے، ہاں بعض عورتیں نکاحِ مخصوص کا محل نہیں ہیں، اس لئے ان سے نکاح باطل ہے، اس لئے شبہ پیدا ہو گیا۔ شبہ اسی کو کہتے ہیں جو حقیقت سے مشابہت رکھتا ہو۔ وہ حقیقت تو نہیں بن سکتا۔ پس شبہ نہیں چاہتا کہ کسی طور پر اس کی حلت ہو سکتی ہے۔ قطعاً حرام ہونے کی صورت میں بھی حلت کا شبہ ہو سکتا ہے اور جب شبہ پیدا ہو گیا تو یہ فعل زنا نہیں ہوا۔ اس لئے اس پر حدِ زنا جاری نہ ہوگی۔ (۲۸)

﴿۱۶﴾ ثبوتِ زنا کے لئے چار مردوں کی شہادت ضروری ہے، اس پر علماء کا اتفاق ہے۔ عورتوں کی شہادت سے ثبوتِ زنا نہیں ہوتا اور چار سے کم مردوں کی شہادت بھی کافی نہیں۔ ارشادِ ربانی ہے۔

وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآءِ کُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْکُمْ الآیة

(سورة النساء آیت ۱۵)

اور تمہاری عورتوں میں جو بدکاری کریں ان پر خاص اپنے میں سے چار مردوں کی گواہی لو۔ ایک اور آیت میں ہے:

---

(۲۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۳۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۲

(۲۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۳۸

marfat.com

لَوْ لَا جَآءُ وْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ الآية (سورة النور آيت ١٣)

اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے۔(۲۹)

﴿۱۷﴾ زنا حرام اشد حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔اس پر شرعاً حد مقرر ہے۔دین اور دنیا میں خسارہ کا کام ہے۔رب تعالیٰ نے اسے شرک جیسے عظیم گناہ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ارشادِ ربانی ہے:

وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ (سورة الشعرآء آيت ٦٨)

اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پوجتے اور اس جان کو جس کی اللہ نے حرمت رکھی، ناحق نہیں مارتے۔اور بدکاری نہیں کرتے،اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا۔

حدیث شریف میں زنا کی قباحت یوں بیان ہوئی:

يَا مَعْشَرَ النَّاسِ اتَّقُوا الزِّنٰى فَاِنَّ فِيْهِ سِتُّ خِصَالٍ ثَلٰثٌ فِى الدُّنْيَا وَثَلٰثٌ فِى الْآخِرَةِ: اَمَّا فِى الدُّنْيَا فَيَذْهَبُ الْبَهَآءُ وَيُوْرِثُ الْفَقْرَ وَيَنْقُصُ الْعُمُرَ وَاَمَّا فِى الْاٰخِرَةِ فَسَخَطُ اللهِ وَسُوْءُ الْعَذَابِ وَعَذَابُ النَّارِ.(۳۰)

اے لوگو!زنا سے بچتے رہو، کیونکہ اس میں چھ خصلتیں ہیں، تین دنیا میں اور تین آخرت میں، دنیا کی خصلتیں یہ ہیں، کہ زانی کے چہرے کی رونق جاتی رہتی ہے، زنا فقر (مفلسی) پیدا کرتا ہے اور عمر گھٹاتا ہے، آخرت کی خصلتیں یہ ہیں اللہ تعالیٰ کا غضب، برا عذاب، دوزخ کا عذاب۔اس لئے زنا اور اس کے مقدمات سے مسلمانوں کو بچتے رہنا لازمی ہے۔(۳۱)

﴿۱۸﴾ لواطت اور ہم جنس پرستی بھی حرام ہے۔''ایڈز'' جیسی نامراد مہلک مرض اسی سے پیدا ہوتی ہے۔حدیث شریف

(۲۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص ۳۴۱

(۳۰) ☆ رواہ عن حذیفہ رضی اللہ عنہ

(۳۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص ۱۳۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص ۱۱۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص ۱۴۳

marfat.com

نے صدیوں پہلے اس کی نشان دہی اور حرمت بیان کردی۔ حدیث شریف کے کلمات یوں ہیں۔

اِذَا اَتَی الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَهُمَا زَانِیَانِ وَاِذَا اَتَتِ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ فَهُمَا زَانِیَانِ. (۳۲)

جب مرد مرد سے صنفی قربت کرے تو دونوں زانی ہیں اور جب عورت عورت سے صنفی قربت کرے تو دونوں زانی ہیں۔

یاد رہے کہ انسانی اعضا انسان کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہیں، انسان اپنے اعضا کو بے محل استعمال کرنے کا مجاز نہیں، ایسے بدکار اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ وہ اپنے اعضاء کو استعمال کرنے میں ہر طرح سے آزاد ہیں، مولا تعالیٰ اس بے راہ روی سے محفوظ رکھے۔ (۳۳)

﴿۱۹﴾ ثبوتِ زنا کے لئے چار مردوں کی ایک ہی مجلس میں بیک وقت شہادت ضروری ہے۔ اگر چار مردوں نے الگ الگ متفرق اوقات میں یا متعدد مجالس میں شہادت دی تو ثبوتِ زنا نہ ہوگا۔ اور شاہدوں کو تہمت لگانے والا قرار دیا جائے گا۔ ان کی شہادت واجب الرد ہوگی۔ کیونکہ ابتداء میں ایک گواہ یا دو یا تین مرد پیش ہوئے اس وقت نصابِ شہادت پورا نہ تھا۔ اور جب قلتِ تعداد کی وجہ سے ان کی شہادت رد ہوگئی تو دوبارہ صرف اس وجہ سے کہ چوتھا شاہد بھی آ گیا اور اس نے شہادت دے دی تو ردشدہ شہادت کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ اگر گواہ آئے تو الگ الگ، پھر شہادت دیتے وقت سب جمع ہو گئے اور سب نے ساتھ شہادت دی تو بھی شہادت قبول نہ ہوگی۔ (۳۴)

﴿۲۰﴾ زنا کے اقرار میں چار بار چار مجلسوں میں اقرار کرنا معتبر ہے۔ اگر ایک ہی مجلس میں چار بار اقرارِ زنا کیا تو ثبوتِ زنا نہ ہوگا۔ اس پر حد جاری نہ ہوگی۔ حدیث شریف میں ہے:

اِنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِکِ الْاَسْلَمِیُّ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنِّیْ قَدْ ظَلَمْتُ

---

(۳۲) ☆ رواہ کنزالعمال، ج۵، ص۱۳۱۰۳

☆ رواہ البیهقی عن ابی موسیٰ

(۳۳) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۳۱

(۳۴) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۴۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۴۱

marfat.com

نَفْسِیْ وَ زَنَیْتُ وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِیْ فَرَدَّهٗ فَلَمَّا کَانَ مِنَ الْغَدِ اَتَاهُ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ زَنَیْتُ فَرَدَّهُ الثَّانِیَةَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ اَتَعْلَمُوْنَ بِعَقْلِهٖ بَأْسًا تُنْکِرُوْنَ مِنْهُ شَیْئًا فَقَالُوْا مَا نَعْلَمُهٗ اِلَّا وَفِیَّ الْعَقْلِ صَالِحِیْنَا فِیْمَا نَرٰی فَاَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَاَرْسَلَ اِلَیْهِمْ اَیْضًا فَسَاَلَ عَنْهُ فَاَخْبَرُوْهُ اَنَّهٗ لَا بَأْسَ بِهٖ وَلَا بِعَقْلِهٖ فَلَمَّا کَانَ الرَّابِعَةَ حُفِرَ لَهٗ حُفْرَةً ثُمَّ اَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ.(۳۵)

حضرت ماعز بن مالک اسلمی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! میں اپنی جان پر ظلم کر بیٹھا ہوں، میں نے زنا کیا ہے اور اب میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے پاک کردیں، آپ نے اسے لوٹا دیا۔ اگلی صبح پھر وہ حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! میں نے زنا کیا ہے، آپ نے اسے لوٹا دیا، آپ نے اس کی قوم کی طرف ایک آدمی بھیجا اور اسے فرمایا کہ قوم سے پوچھو کہ اس کی عقل میں فتور تو نہیں ہے کہ تم اسے ناپسند کرتے ہو۔ قوم نے جواب دیا ہم اسے کامل عقل والا اور صالح جانتے ہیں۔ ماعز تیسری بار آئے۔ آپ نے پھر اس کی قوم کی طرف آدمی بھیجا کہ اس کے بارے میں لوگوں سے دریافت کرو، لوگوں نے خبر دی اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، اس کی عقل بھی درست ہے۔ پس جب وہ چوتھی مرتبہ حاضر ہوئے اور اقرارِ جرم کیا تو آپ نے اس کے لئے گڑھا کھدوایا پھر حکم دیا کہ اسے رجم کردو۔

حضور سیدِ عالم ﷺ نے حضرت ماعز کے چار مجلسوں میں چار بار اقرارِ جرم پر حد جاری فرمائی۔(۳۶)

﴿۲۱﴾ حاکم کے لئے مستحب ہے کہ اقرارِ زنا کرنے والے کو در پردہ اقرار سے لوٹ جانے کی ترغیب دے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ سے ان کے اقرارِ زنا کے بعد فرمایا: شاید تو نے بوسہ لیا ہو، شاید تو نے چھولیا ہو۔(۳۷)

---

(۳۵) ☆ رواہ مسلم عن بریدة، ج۲، ص۶۸

☆ ونحوہ ابن ابی شیبة، ج۶، ص۵۵۰

☆ ونحوہ ابن حبان عن ابی ہریرة

(۳۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۴۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۴۱

(۳۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۴۴

marfat.com

﴿۲۲﴾ زنا کا چار مرتبہ اقرار کرنے کے بعد حد جاری ہونے سے پہلے یا بعد حد جاری ہونے کے اقرار سے لوٹ آئے تو اس کا رجوع قبول ہے، اس سے حد ساقط ہو جائے گی۔ اقرار کی رجوع کی خبر میں سچے جھوٹے ہونے کا احتمال ہے اور تکذیب کرنے والا کوئی شخص موجود نہیں۔ اس لئے اقرار کے بعد انکار سے شبہ پیدا ہو گیا اور حدود شبہ سے ساقط ہو جاتی ہیں۔ ہاں جن مسائل میں حقِ عبد موجود ہو اور حقِ اللہ کے ساتھ بندے کا حق بھی موجود ہو تو اس صورت میں اقرار کے بعد انکار معتبر نہیں۔ مثلاً قصاص اور تہمتِ زنا کی حد کا سقوط نہیں ہو سکتا۔ حضرت یزید بن منعم رضی اللہ عنہ کی روایت سے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے واقعہ کی جو تفصیل بیان ہوئی ہے اس میں راوی کا یہ قول بھی موجود ہے کہ پتھر لگنے سے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو جب چوٹ کی تکلیف محسوس ہوئی تو وہ تیزی سے بھاگ نکلے۔ سب مارنے والے پکڑ نہ سکے، صرف حضرت عبداللہ بن انیس نے حضرت ماعز کو پکڑ لیا اور اونٹ کے پاؤں کی ہڈی حضرت ماعز کے پھینک ماری، جس سے وہ ختم ہو گئے، پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ بیان کیا تو حضور نے فرمایا: تم لوگوں نے اس کو چھوڑ کیوں نہ دیا شاید وہ توبہ کر لیتا اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لیتا اور گناہ معاف کر دیتا۔

حدیث شریف کے کلمات یوں ہیں۔

هَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ لَعَلَّهُ يَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَنْهُ. (۳۸)

﴿۲۳﴾ اگر مریض زنا کرے اور رجم کا مستحق ہو جائے تو اس کو رجم کر دیا جائے۔ بیماری کا عذر مانع نہ ہوگا۔ کیونکہ رجم کا مقصد ہی ہلاک کر دینا ہے۔ لیکن اگر زانی مریض سزائے تازیانہ کا مستحق ہے تو صحت یاب ہونے تک سزا کو ملتوی رکھا جائے، تاکہ سزا موجب ہلاکت نہ ہو جائے۔ اگر زانی مریض ایسے مرض میں مبتلا ہو جس سے صحت

(۳۸) ☆ رواہ ابوداؤد، ج۲، ص۸۵۸
☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ
☆ رواہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ
☆ نحوہ رواہ احمد، ج۵، ص۲۱۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۴۴
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۱۴۷
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص۳۳۴

marfat.com

18B

یاب ہونے کی امید نہ ہو مثلاً سِل کے مرض میں مبتلا ہو یا پیدائشی طور پر ضعیف ہو تو ایک ایسا گچھا جس میں سو قمچیاں ہوں، لے کر ایک مرتبہ اس گچھے سے اس کو اس طرح مارا جائے کہ ہر قمچی اس کے بدن پر پڑے۔

حدیث شریف میں ہے۔

قَالَ فَخُذُوْا لَهٗ عَشْكَالًا فِيْهِ مِائَةُ شِمْرَاخٍ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً (۳۹)

ایک گچھا لو جس میں سو قمچیاں ہوں تو اسے ایک ہی مرتبہ مارو۔

قرآن مجید میں اس کی مثال حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعہ میں موجود ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۔(سورۃ ص. آیت ۴۳)

اور فرمایا کہ اپنے ہاتھ میں جھاڑو لے کر اس سے مار دے اور قسم نہ توڑ۔ (۴۰)

﴿۲۴﴾ حاملہ عورت کو زنا کی سزا میں وضعِ حمل سے پہلے حدِ زنا نہیں ماری جائے گی، تاکہ پیٹ کا بچہ ہلاک نہ ہو جائے۔ اگر وہ سزائے تازیانہ کی مستحق ہو تو نفاس سے فراغت سے پہلے اس کو کوڑے نہ مارے جائیں۔ اور اگر نفاس میں مبتلا عورت کی سزا رجم ہو تو رجم کرنے میں اتنی تاخیر کی جائے کہ بچہ کو اس کی ضرورت نہ رہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ غَامِدِیَّہ عورت کے رجم کرنے کو وضعِ حمل تک ملتوی کر دیا تھا۔ ایک انصاری نے اس کی ذمہ داری لی۔ جب بچہ پیدا ہو گیا تو انصاری نے آ کر اطلاع دی کہ بچہ پیدا ہو گیا ہے، فرمایا اس کو ابھی رجم نہ کرو، کیونکہ اس صورت میں شیر خوار بچہ رہ جائے گا اور کوئی دودھ پلانے والی نہ ہو گی، یہ سن کر ایک انصاری نے کھڑے ہو کر عرض کی:

فَقَالَ اِلَيَّ رَضَاعُهٗ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ فَارْجِمُهَا. (۴۱)

---

(۳۹) ☆ رواہ ابن ماجہ فی الحدود

☆ رواہ ابوداؤد، ج ۲، ص ۲۶۶

☆ رواہ احمد، ج ۵، ص ۲۲

(۴۰) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۳۷، ۱۴۶

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۷۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۴۵

(۴۱) ☆ رواہ مسلم عن بریدۃ، ج ۲، ص ۶۸

marfat.com

یارسول اللہ! اس کو دودھ پلانا میرے ذمہ ہے تو آپ نے فرمایا اب اس عورت کو رجم کردو۔(۴۲)

﴿۲۵﴾ حدود کو نافذ کرنا حاکم یا اس کے مجاز قاضی کی ذمہ داری ہے ہر کوئی حد جاری نہیں کرسکتا۔ چونکہ حدود قائم کرنے میں بڑی احتیاط لازم ہے اور اگر ہر کوئی حدود جاری کرنا شروع کردے تو معاشرہ سے امن اٹھ جائے گا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر سے موقوفاً اور مرفوعاً مروی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ چار چیزیں حاکم کے اختیار میں ہیں۔ حدود، زکوۃ کی وصولی اور تقسیم، نمازِ جمعہ قائم کرنا اور مالِ فے (غنیمت) کا جمع کرنا اور تقسیم کرنا۔ البتہ باپ کو بیٹے پر، استاد کو شاگرد پر بطورِ تادیب تعزیر کا حق ہے۔(۴۳)

﴿۲۶﴾ حاکم کے لئے جائز نہیں کہ جب حد اس کے سامنے ثابت ہو جائے تو رحم کرتے ہوئے اسے کم کردے یا غضب ناک ہوتے ہوئے اسے زیادہ کرے۔ ایسا کرنا اس کے لئے جائز نہیں۔ حاکم کے لئے یہ بھی جائز نہیں کہ وہ سفارش یا لالچ یا دباؤ کے باعث حد کو ساقط کردے۔ البتہ حدود کا مقدمہ اگر حاکم تک نہ پہنچا ہو یا ابھی ثبوتِ جرم نہیں ہوا تو سفارش کرنا جائز ہے۔

آیت زیبِ عنوان کا صریح مفہوم یہی ہے، حدیث شریف میں ہے کہ بنی مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی، قریش کے لئے اس معاملہ نے بڑی پریشان کن کیفیت اختیار کرلی۔ انہوں نے مشورہ کیا کہ کوئی رسول اللہ ﷺ سے اس کی سفارش کردیتا، سب نے کہا کہ سوائے اسامہ بن زید کے، جو رسول اللہ ﷺ کے محبوب ہیں، اور کوئی اس کی جرأت نہیں کرسکتا۔ چنانچہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس سلسلہ میں

---

(۴۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۴۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۴۵

(۴۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۵۹

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۴۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۴۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۴۱

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الفرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۴۲۸

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج۶، ص۱۱۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۸۲

marfat.com

گذارش کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تم اللہ کی قائم کردہ حد کے متعلق سفارش کررہے ہو؟ پھر حضور اقدس ﷺ نے منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیا اور فرمایا: تم سے پہلے لوگ اس وجہ سے ہلاک ہوئے کہ جب ان میں سے کوئی بڑا آدمی چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور کوئی کمزور آدمی چوری کرتا تو اس پر حد جاری کر دیتے تھے۔ خدا کی قسم اگر فاطمہ بنتِ محمد ﷺ نے بھی چوری کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔ حدیث پاک کے کلمات یوں ہیں۔

اِنَّمَا اَهْلَکَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ اَنَّهُمْ کَانُوْا اِذَا سَرَقَ فِیْهِمُ الشَّرِیْفُ تَرَکُوْهُ وَ اِذَا سَرَقَ فِیْهِمُ الضَّعِیْفُ اَقَامُوْا عَلَیْهِ الْحَدَّ وَاَیْمُ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ یَدَهَا. (۴۴)

تم سے پہلے اس لئے ہلاک ہوئے کہ جب ان میں کوئی بڑا چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور چوری کرتا اس پر حد جاری کر دیتے۔ اللہ کی قسم اگر (حاشا وکلا) فاطمہ بنتِ محمد چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔ (۴۵)

﴿۲۷﴾ حد میں تازیانہ ایسے کوڑے سے مارا جائے جس کے سرے پر گھنڈی نہ ہو اور ضرب بھی درمیانی طور پر ماری جائے۔ ایسا نہ ہو کہ کھال کو ادھیڑ کر گوشت تک پہنچ جائے۔ کوڑا مارتے وقت ہاتھ کو بغل سے بلند نہ کرے۔ حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ یُؤْمَرُ بِالسَّوْطِ فَیُقْطَعُ ثَمَرَتَهُ ثُمَّ یُدَقُّ بَیْنَ حَجَرَیْنِ ثُمَّ

(۴۴) ☆ رواہ البخاری عن عائشة، ج ۱، ص ۴۹۴
☆ رواہ مسلم عن عائشة، ج ۲، ص ۶۴
☆ رواہ ابوداؤد عن عائشة، ج ۲، ۲۵۳
☆ رواہ ابن ماجه عن عائشة، ص ۱۸۶
☆ رواہ الترمذی عن عائشة، ج ۱، ص ۲۰۶
☆ رواہ النسائی عن عائشة، ج ۲، ص ۲۵۵
☆ رواہ الدارمی فی الحدود
☆ رواہ احمد، ج ۳، ۲۸۶، ۲۹۵
☆ ....., ج ۶، ص ۲۱۹

(۴۵) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۲
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۷۹
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۲۴۸
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۸

marfat.com

يُضْرِبُهُ قُلْنَا فِيْ زَمَنِ مَنْ كَانَ هٰذَا قَالَ زَمَنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. (۴۶)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک آدمی کو کوڑے مارنے کا حکم دیا گیا، پھر اس کی گرہ کاٹ دی گئی، پھر اسے دو پتھروں کے درمیان کوٹا گیا، پھر مارا گیا.....ہم نے پوچھا یہ کس دور کی بات ہے؟ فرمایا امیر المؤمنین عمر بن الخطاب کے دور میں ہوا۔

ایک اور حدیثِ مرفوع میں ہے۔

اِنَّ النَّبِیَّ ﷺ اُتِیَ بِرَجُلٍ قَدْ اَصَابَ حَدًّا فَاُتِیَ بِسَوْطٍ جَدِیْدٍ فَقَالَ دُوْنَ هٰذَا فَاُتِیَ مُنْكَسِرٌ مُنْتَشِرٌ فَقَالَ فَوْقَ هٰذَا فَاُتِیَ بِسَوْطٍ قَدْ رَفَتَ یَعْنِیْ قَدْ لِیْنَ فَقَالَ هٰذَا. (۴۷)

نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا جس پر حد واجب تھی۔ ایک نیا کوڑا لایا گیا۔ آپ نے فرمایا اس سے کم درجہ کا لایا جائے۔ پھر ایک اور لایا گیا جو ٹوٹا ہوا اور پراگندہ تھا۔ آپ نے فرمایا اس سے عمدہ لاؤ۔ پھر ایک اور کوڑا لایا گیا جو نرم تھا۔ آپ نے فرمایا یہ ٹھیک ہے۔ (۴۸)

زنا کی حد تو سختی سے جاری کی جائے۔ پھر اس سے کم سختی شراب کی حد مارنے میں کی جائے۔ اور تہمتِ زنا کی سزا میں اور بھی نرمی سے کام لیا جائے۔ کیونکہ ممکن ہے تہمتِ زنا لگانے والا واقع میں سچا ہو لیکن اپنے قول کو شہادت سے ثابت نہ کر سکا ہو۔ شراب پینے میں حد میں غلطی کا احتمال نہیں ہو سکتا۔ زنا کا جرم شراب خوری سے بڑا ہے، اس لئے اس کی سزا کو جاری کرنے میں بہت زیادہ سختی سے کام لیا جائے۔ البتہ تعزیر کی ضرب سب سے شدید ہونی چاہئے۔ (۴۹)

---

(۴۶) ☆ رواہ ابن ابی شیبة، ج۶، ص ۵۳۹

(۴۷) ☆ رواہ ابن ابی شیبة عن زیدبن اسلم، ج۶، ص ۵۴۰

(۴۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۲۶۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۳۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص ۱۴۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص ۱۴۵

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص ۷۷

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۱۲۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص ۱۱۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۳۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص ۳۱۹

(۴۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۲۵۹

marfat.com

﴿۲۹﴾ کسی پر زنا کی تہمت لگانے اور شراب پینے کی سزا اسی کوڑے ہے۔(۵۰)

﴿۳۰﴾ ذمی کو زنا میں کوڑوں کی سزا دی جائے، رجم نہ کیا جائے۔(۵۱)

﴿۳۱﴾ کوڑوں کی سزا میں سوائے شرمگاہ، سر اور چہرے کے باقی تمام جسم پر کوڑے مارے جائیں۔(۵۲)

﴿۳۲﴾ تمام حدود اور تعزیر میں مرد کو کھڑا کر کے سزا دی جائے اور سوائے تہبند کے اس کے سارے کپڑے اتارے جائیں البتہ حدِ قذف میں کپڑے نہ اتارے جائیں۔ اور عورت کو بٹھا کر کوڑے مارے جائیں، اس کے کپڑے نہ اتارے جائیں، البتہ کوٹ بنیان وغیرہ اتار لئے جائیں۔(۵۳)

﴿۳۳﴾ لواطت کی کوئی حد مقرر نہیں۔ البتہ اسے سخت ترین تعزیر کی جائے۔ بلندی سے گرا کر مار دیا جائے۔ اس پر

بقیہ(۴۹) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۳۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۴۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعہ مصر، ج ۳،ص ۲۶۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج ۳،ص ۳۳۴

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۶،ص ۴۲۹

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج ۳،ص ۳۲۱

☆ الدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج ۶،ص ۱۱۷

☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج ۸،ص ۳۴۸

(۵۰) ☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۳،ص ۱۳۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۴۷

(۵۱) ☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۳،ص ۱۴۱

(۵۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۴۵

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳،ص ۲۱۳

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۳،ص ۱۴۵

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸،ص ۷۷

☆ الدرالمنثورازحافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج ۶،ص ۱۱۷

(۵۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲،ص ۱۴۵

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۲۳،ص ۱۴۵

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸،ص ۷۷،۷۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص ۵۴۲

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳،ص ۲۱۳

marfat.com

دیوار گرا کر مار دیا جائے، وغیرہ۔(۵۴)

﴿۳۴﴾ چوپائے کے ساتھ بدفعلی کرنے والے پر حد نہیں۔مگر اسے تعزیر کی جائے۔بہتر یہ ہے کہ چوپایہ ذبح کر کے دفن کر دیا جائے اور اس کا تاوان بدفعلی کرنے والے کے ذمہ ہوگا۔(۵۵)

﴿۳۵﴾ مردار کے ساتھ وطی کرنا، مشت زنی، عورتوں کا آپس میں صنفی قربت کرنے پر تعزیر ہے۔(۵۶)

﴿۳۶﴾ شہر بدر کرنے کا حکم صرف زنا کے ساتھ ہی خاص نہیں، بلکہ حاکم اگر مصلحت سمجھے تو ہر مفسد کو جلاوطن کر سکتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ ضَرَبَ وَغَرَّبَ وَاَنَّ اَبَا بَکْرٍ ضَرَبَ وَغَرَّبَ وَعُمَرَ ضَرَبَ وَغَرَّبَ.(۵۷)

نبی اکرم ﷺ نے کوڑے بھی مارے اور جلاوطن بھی کر دیا۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کوڑے بھی مارے اور جلاوطن بھی کر دیا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوڑے بھی مارے اور جلاوطن بھی کر دیا۔

جلاوطن کرنا حاکم کی رائے اور مصلحت پر ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر حد قائم کرنے کے بعد جلاوطن کر دیا جائے۔(۵۸)

﴿۳۷﴾ اگر کوئی حد میں مارا جائے تو اسے غسل اور کفن دیا جائے، نماز جنازہ پڑھی جائے اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے۔(۵۹)

☆☆☆☆☆

(بقیہ۵۳) ☆ الدرالمنثور از حافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم ،ایران، ج۶، ص۱۱۷

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ،مکہ مکرمہ، ج۳، ص۱۲۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۵

(۵۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۶۲

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۱ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶، ص۴۲۸

(۵۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۴۷

(۵۶) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۳۴

(۵۷) ☆ رواہ الترمذی عن ابن عمر، ج۱، ص۲۰۸

(۵۸) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۳۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۲۵

(۵۹) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۴۷

marfat.com

باب(۲۹۸)

﴿زانی اور زانیہ سے نکاح کے احکام﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اَلزَّانِىْ لَايَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْمُشْرِكَةً وَّالزَّانِيَةُ لَايَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (سورۃالنور: آیت ۳)

بدکار مرد نکاح نہ کرے مگر بدکار عورت یا شرک والی سے اور بدعورت سے نکاح نہ کرے مگر بدکار مرد یا مشرک اور یہ کام ایمان والوں پر حرام ہے۔

حل لغات:

یَنْکِحُ: نکاح نہ کرے۔ نکاح کا اطلاق عقد اور وطی دونوں پر ہوتا ہے۔(۱)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ زانی فاسق اور خبیث ہوتا ہے، اس لئے پاک دامن نیک عورتوں سے نکاح کرنے کی اس کو رغبت نہیں ہوتی، اور زانیہ بھی فاسقہ اور خبیثہ ہوتی ہے، اس لئے نیک مردوں کو بھی اس سے نکاح کا ارادہ نہیں ہوتا، اخلاقی مشابہت اور عملی یکسانیت موجبِ الفت ہوتی ہے اور خلقی اختلاف باعثِ نفرت ہوتا ہے۔

شانِ نزول:

آیتِ مبارکہ کے شانِ نزول میں چند واقعات بیان ہوئے ہیں، جن کا مفہوم یہ ہے کہ نادار مسلمانوں نے

(۱) ☆ قاموس القرآن (اواصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۴۶۵
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۱۳۳
☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل المقلب با لراغب اصفہانی (۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۰۵
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۲۴۲

marfat.com

امیر باغی اور زانی عورتوں سے نکاح کا ارادہ کیا تا کہ وہ عورتیں ان کی کفالت کر سکیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسا کرنے سے روک دیا، اس پر آیت کا نزول ہوا۔ (۲)

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ زانی مرد پاک دامن عورت اور زانیہ سے نکاح کر سکتا ہے۔ آیتِ مبارکہ کا حکم منسوخ ہے، اس کی ناسخ آیتِ مبارکہ ہے:

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۔ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔ (سورۃ النور: آیت ۳۲)

اور نکاح کرو اپنوں میں ان کا جو بے نکاح ہوں اور اپنے لائق بندوں اور کنیزوں کا، اگر وہ فقیر ہوں تو اللہ انہیں غنی کر دے گا اپنے فضل کے سبب اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

نیز دوسری آیت میں بھی ہر مسلمان مرد و عورت کو آپس میں نکاح کی اجازت دی گئی ہے۔

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۔۔ الآیہ

(سورۃ النسآء: آیت ۳)

اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں میں انصاف نہ کرو گے تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تمہیں خوش آئیں دو دو اور تین تین اور چار چار۔

(۲)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۶۴
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۳۰
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۵۱
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۸۷
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۱
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۷۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۵
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۵
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۵۰

marfat.com

نبی اکرم ﷺ سے زانی عورت سے نکاح کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا، اول زنا کرنا حرام تھا اور اس سے نکاح کرنا حلال ہے۔ زنا حرام ہے نکاح حلال ہے اور حرام حلال کو حرام نہیں کر دیتا۔

اَلْحَرَامُ لَا يُحَرِّمُ الْحَلَالَ (۳)

حرام حلال کو حرام نہیں بنا دیتا۔

نیز آیت زیبِ عنوان کے منسوخ ہونے پر جمہور امت کا اجماع ہے۔ (۴)

﴿۲﴾ اگر شادی شدہ عورت کسی سے زنا کرے تو اس گناہ سے اس کا نکاح فاسد نہیں ہوتا اور نہ خاوند بیوی کے درمیان فرقت لازم آتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ایک مسلمان نے اپنی بیوی کی شکایت بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں پیش کی، اس نے عرض کیا:

اِنَّ اِمْرَأَتِیْ لَاتَمْنَعُ يَدَلَامِسٍ فَقَالَ طَلِّقْهَا، قَالَ اِنِّیْ اُحِبُّهَا وَهِیَ جَمِيْلَةٌ ، قَالَ اِسْتَمْتِعْ بِهَا

---

(۳) ☆ رواه الدارقطنی ابن عمر مرفوعاً، ج۳، ص۲۶۸

☆ رواه الدارقطنی عن عائشة موقوفاً، ج۳، ص۲۶۸

(۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۶۵

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبداللّٰه المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۳۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبداللّٰه محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعه بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۵۳

☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامه ابوجعفربن محمدجریر الطبری، مطبوعه دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج۱۸، ص۹۲

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ج۳، ص۳۲۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۲۳، ص۱۵۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ۱۸، ص۸۴

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۶، ص۴۳۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمدخازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳، ص۳۳۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبداللّٰه بن احمدبن محمود مطبوعه لاهور، ج۳، ص۳۳۵

☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی وعلامه جلال الدین مطبوعه مکه مکرمه، ج۳، ص۱۲۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه ، کوئٹه، ج۶، ص۱۱۷

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م۹۱۱ھ)، مطبوعه مکتبه آیة اللّٰه العظمی قم ،ایران، ج۶، ص۱۲۲

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰه محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعه کراچی، ج۳، ص۲۱۶

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری، (م۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ،پشاور، ص۵۴۵

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخه ابومحمدمکی بن ابی طالب القیسی (م۴۲۷)، ص۳۵۹

marfat.com

وَفِیْ رَوَایَةٍ فَاَمْسِکْهَا(۵)

میری بیوی ہر چھونے والے کے ہاتھ کو روکتی نہیں۔آپ نے فرمایا: اسے طلاق دے دو۔اس نے عرض کی، میں اسے چاہتا ہوں، وہ خوبصورت ہے، تو آپ نے فرمایا، اس سے فائدہ حاصل کر۔ (ایک روایت کے مطابق تو اسے روک رکھ)

لہٰذا بدکار عورت کو طلاق دینا لازم نہیں۔(۶)

﴿۳﴾ اگر کوئی زانی کسی مسلمان عورت یا کتابیہ سے زنا کر لے تو استبرائے رحم کے بعد اس زانیہ سے نکاح جائز ہے، زانی بھی نکاح کر سکتا ہے اور دوسرا مسلمان بھی، البتہ زانی اپنی ہی مزنیہ سے استبرا سے پہلے جماع بھی کر سکتا ہے، جبکہ دوسرا مرد استبرائے رحم کا انتظار کرے گا۔(۷)

﴿۴﴾ مشرکہ عورت سے نکاح کی اجازت باجماعِ علماء منسوخ ہے، مشرکہ سے نکاح حرام ہے۔(۸)

﴿۵﴾ مرد اگر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے تو دونوں میں فرقت کر دی جائے گی، عورت پر حد زنا جاری نہ ہوگی، اسی طرح

---

(۵) ☆ رواہ نحوہ ابوداؤد عن ابن عباس . ج ۱ ،ص ۲۸۷

☆ رواہ النسائی عن ابن عباس. ج ۲ ،ص ۱۰۷

(۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م ۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۳۶۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۳۳۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۳۳۵

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲ ،ص ۱۵۳

(۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م ۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۶۵

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۱۳۳۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲ ،ص ۱۵۲

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ . ص ۳۵۹

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ۶ ،ص ۴۳۰

(۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م ۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج ۳،ص ۲۶۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج ۱۲ ،ص ۱۵۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، . ۱۸ ،ص ۷۴

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ،ص ۳۶۰

marfat.com

عورت اگر اپنے خاوند پر زنا کی تہمت لگائے تو بھی فرقت کردی جائے گی، مرد پر زنا کی حد نہ لگائی جائے گی۔(۹)

﴿۶﴾ دارالحرب میں اگر کوئی امان لے کر رہ رہا ہے اور وہ وہاں زنا کا مرتکب ہو تو اس پر حدِ زنا جاری نہ ہوگی۔(۱۰)

﴿۷﴾ بالغ مرد نابالغہ سے زنا کرے یا عاقل مجنونہ سے زنا کرے یا بیدار مرد سوئی ہوئی عورت سے زنا کرے تو ہر صورت میں مرد پر حدِ زنا جاری ہوگی، عورت معذور ہے۔(۱۱)

﴿۸﴾ نکاح میں کفو لازم ہے۔ لہٰذا اگر کسی عورت کا نکاح ایسے مرد سے ہو گیا جو زنا سے شہرت رکھتا ہے تو عورت کو نکاح باقی رکھنے یا توڑنے کا اختیار ہے۔(۱۲)

﴿۹﴾ فاسقوں اور بدکاروں کی مشابہت سے بچنا واجب ہے۔(۱۳)

﴿۱۰﴾ بروں کی صحبت برائی لاتی ہے، اس لئے بروں کی صحبت سے اجتناب لازم ہے۔(۱۴)

☆☆☆☆☆

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۲۶۷

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۵۴

☆ تفسیر کبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۱۵۱

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۳۰

(۱۲) ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور، ص۵۴۵

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۸۵

(۱۳) ☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۴۳۰

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی ، ج۵،ص۲۶۷

(۱۴) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶،ص۱۱۷

marfat.com

باب(۲۹۹)

﴿قذف اوراس کی سزا﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّ لَاتَقْبَلُوْالَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ج وَ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ o اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ م بَعْدِ ذٰلِکَ وَاَصْلَحُوْا ج فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌo (سورۃ النور، آیات ۴،۵)

اور جو پارسا عورتوں کو عیب لگائیں پھر چار گواہ معائنہ کے نہ لائیں تو انہیں اسّی کوڑے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی نہ مانو اور وہی فاسق ہیں مگر جو اس کے بعد توبہ کرلیں اور سنور جائیں تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

حل لغات :

يَرْمُوْنَ :رَمٰی (از باب ضَرَبَ)رَمْیًا۔اعیان مثلاً تیر اور پتھر میں اس کا معنی ہے پھینکنا، اور قول میں اس کا معنی ہے گالی دینا، زنا کی طرف نسبت کرنا۔(۱)

(۱) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۴۸۱
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی ،ص ۲۰۳
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م ۷۷۰ھ) ج ۱ ،ص ۱۱۶
☆ قاموس القرآن(او اصلاح الوجوہ والنظار فی القرآن الکریم)للمسفرالحسین بن محمدالدامغانی۔مطبوعہ بیروت، ص ۲۱۰
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱۰ ،ص ۱۵۶

marfat.com

آیتِ مبارکہ میں اس سے مراد کسی کو صراحت کے ساتھ زنا کی تہمت لگانا ہے۔(۲)

اَلْمُحْصَنٰتِ: حَصُنَ (از باب کَرُمَ) حَصَانَةً۔ محفوظ ہونا، مضبوط و مستحکم ہونا، عورت کا پاک دامن ہونا۔

اَحْصَنَ: عورت کا شادی شدہ ہونا، پاک دامن ہونا، اَحْصَنَ الرَّجُلُ: مرد کا شادی شدہ ہونا، (صفت مُحْصِنٌ) (۳)

حَصَنٌ کا لغوی معنی ہے قلعہ، وہ بلند مکان جس پر چڑھنا آسان نہ ہو، مرد اور عورت جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت اس طرح کی کہ ہر لحاظ سے محفوظ رہی یا نکاح کے بعد اپنے شوہر یا بیوی کے علاوہ کہیں اور استعمال نہ ہوئی۔ مُحْصِنٌ گویا وہ شرعی طور پر محفوظ ہے۔

(۲)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۶۷
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۲۲
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۵۴
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۹۳
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۷
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۵۲
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۷۹
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۳۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین بن عمر بن کثیر شافعی (م ۷۷۴ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۴۶
☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۷۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۵
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۵
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۸
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۷
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۸
☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۲۶۸
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۵۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محنہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۶

(۳)
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۲۵۸
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی، ص ۱۲۱
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ) ج ۱، ص ۱۹
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۹، ص ۱۷۹

marfat.com

شرعی طور پر محصن کے لئے چند مزید شرطیں ہیں ان کا ذکر احکام میں آئے گا۔

یادرہے کہ محصن کے کئی اطلاق ہیں جن کا بیان سورۃ النساء، آیت ۲۴ میں گزر چکا ہے۔(۴)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ پارسا عورت یا پارسا مرد پر زنا کی تہمت لگانا حرام اور گناہِ کبیرہ ہے۔تہمت لگانے والا اگر اپنے دعویٰ کے ثبوت کے لئے چار عادل چشم دید معائنہ کے گواہ پیش نہ کر سکے تو اس پر اسی کوڑے مارے جائیں گے اور وہ فاسق ہو جائے گا، اس کی عدالت (عادل ہونا) زائل ہو جائے گی اور اس کی شہادت اس کی زندگی تک ہمیشہ کے لئے مردود ٹھہرے گی اگر چہ وہ توبہ کرلے، البتہ توبہ کرنے اور اپنی اصلاح کر لینے کے بعد اس کا فسق ختم ہو جائے گا۔قرآنِ مجید کی مذکورہ آیات کا صریح مفہوم اسی پر دلالت کرتا ہے۔یہ سزا حدِ قذف کہلاتی ہے۔یعنی ناحق زنا کی تہمت لگانے کی سزا۔(۵)

---

(۴) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۵۶

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۴، ص ۳۳۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللّٰہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۷

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ، سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۲۶۸

(۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۶۷

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللّٰہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان ج ۳، ص ۱۳۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللّٰہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۵۴

☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۹۳

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۹

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۳۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م۹۱۱ھ) و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ، محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۶

marfat.com

﴿۲﴾ حدِ قذف کے لئے لازم ہے کہ جس مرد یا عورت پر زنا کی تہمت لگائی گئی ہو وہ پارسا ہو۔ یعنی وہ مسلمان ہو، آزاد ہو، بالغ ہو، پارسا ہو، اس سے پہلے اس پر زنا کی تہمت نہ لگی ہو۔ اگر ان میں سے کوئی شرط بھی نہ پائی گئی ہو تو تہمت لگانے والے پر حدِ قذف نہیں، البتہ اسے تعزیر کی جاسکتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

مَنْ اَشْرَکَ بِاللّٰہِ فَلَیْسَ بِمُحْصِنٍ.

جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا وہ محصن نہیں۔(۶)

﴿۳﴾ عفت (پارسائی) کا ثبوت قاذف (زنا کی تہمت لگانے والے) کے اقرار یا دو مردوں یا ایک مرد اور دو مردوں کی شہادت سے ہوسکتا ہے۔(۷)

﴿۴﴾ اگر کسی نے زندگی میں جرمِ زنا کا ارتکاب کیا ہو لیکن پھر توبہ کرلی ہو اور اس کی حالت درست ہوگئی ہو اور درستی پر ایک مدت گزر چکی ہو، پھر اس کی طرف کوئی جرمِ زنا ہونے کی نسبت کرلے تو تہمت لگانے والے پر حدِ قذف جاری نہ ہوگی، کیونکہ زنا کی نسبت کرنے والا اپنے قول میں سچا ہے، البتہ اس کی تعزیر کی جائے گی، کیونکہ جس شخص نے توبہ کرلی ہو اس کی طرف اس نے گزشتہ گناہ کی نسبت کی، حالانکہ وہ گناہ سے توبہ کر چکا ہے، توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہے۔(۸)

(بقیہ۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۳۵۴

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص ۲۷۹

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵، ص ۲۶۸

(۶) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۳۲۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۳۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص ۱۱۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۲۱۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ، ج ۲۳، ص ۱۵۶

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ ،سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعہ کراچی، ج۵، ص ۲۶۸

(۷) ☆☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص ۸۹

(۸) ☆☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص ۲۷۹

☆☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۲۵

marfat.com

﴿۵﴾ اگر کسی نے زنا کے علاوہ کسی اور گناہ کی تہمت لگائی تو باجماعِ علماء اس پر حدِ قذف جاری نہ ہوگی بلکہ حاکم حسبِ صوابدید اس کی تعزیر کرسکتا ہے۔(۹)

﴿۶﴾ اگر صراحۃً زنا کی طرف نسبت نہیں کی، بلکہ پردے پردے میں تعریضاً کسی کی طرف زنا کی نسبت کی، مثلاً یوں کہا، میں تو زانی نہیں، مطلب یہ کہ تم زانی ہو تو اس پر حدِ قذف جاری نہ ہوگی، تعریض تصریح کی طرح نہیں ہوتی، اسی لئے عدت کے زمانہ میں بیوہ یا مطلقہ عورتوں کو پردے پردے میں پیغامِ نکاح دینا جائز ہے۔ جب کہ انہیں صراحت کے ساتھ پیغامِ نکاح عدت میں دینا ناجائز ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ. (سورۃ البقرۃ، آیت ۲۳۵)

اور تم پر گناہ نہیں اس بات میں جو پردہ رکھ تم عورتوں کو نکاح کا پیغام دو۔(۱۰)

﴿۷﴾ قذف موجبِ حد میں نو شرطیں ہیں۔ اگر تمام پائی جائیں گی تو حد نافذ ہوگی، اگر ایک بھی کم ہوئی تو حد نافذ نہ ہوگی۔

(۱) قاذف (تہمت لگانے والے) میں دو شرطیں لازم ہیں، عقل، بلوغ۔

(بقیہ ۸)
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۵۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۹

(۹)
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۵۶، ۱۵۹
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۶۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۵۴

(۱۰)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۶۸
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۳۴
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۵۵
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۵۲
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۷۹
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۳۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۹۲
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۳۵۴

marfat.com

(ب) مقذوف فیہ (جس بارے میں تہمت لگائے) میں دو شرطیں لازم ہیں۔
زنا کی صریح تہمت لگائے، دوسرے کسی گناہ کی تہمت نہ لگائے۔

(ج) مقذوف (جس پر تہمت لگائی گئی) میں پانچ شرطیں لازم ہیں۔
اسلام، عقل، بلوغ، آزادی، عفت۔(۱۱)

﴿۸﴾ چار گواہوں نے الزامِ زنا کی شہادت تو دے دی مگر ابھی تک ان کی تعدیل نہیں کی گئی (ان کا عادل ہونا ثابت نہیں کیا جا سکا) تو گواہوں اور مشہود پر ابھی تک حد نہیں لگائی جائے گی۔(۱۲)

﴿۹﴾ جب محصن کو زنا کے بغیر یا غیر محصن کو زنا کی تہمت لگائے تو اس پر حدِ قذف نہیں، اس وقت صرف تعزیر ہوگی، ہاں اگر مقذوف قذف بہ سے مشہود ہے تو نہ حد ہے نہ تعزیر۔(۳۱)

﴿۱۰﴾ نابالغ یا پاگل کی طرف زنا کی نسبت کرنے والا بھی قذف کا مستوجب نہیں، اسی طرح مجنون یا بچہ کسی پر قذف کرے تو حد نہیں پائے گا، حاکم حسبِ صواب دید اسے تعزیر کرے۔(۱۴)

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان ، ج۳،ص ۱۳۳۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص ۱۵۷

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص ۱۵۸
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج ۳،ص ۳۳۶
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۴۴۲

(۱۳) ☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص ۳۲۳
☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص ۲۱۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص ۳۳۷
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶،ص ۱۱۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص ۹۷

(۱۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۲۶۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان ، ج۳،ص ۱۳۳۴
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص ۱۵۷
☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ، ج ۲۳،ص ۱۵۵
☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص ۲۷۹
☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۴۳۱

marfat.com

﴿۱۱﴾ متہم بالزنا (جس پر زنا کی تہمت لگائی گئی) نے اگر زنا کا انکار کر دیا اور تہمت لگانے والا چار عادل گواہ پیش نہ کر سکا تو تہمت لگانے والے پر اسی کوڑے مارے جائیں گے، اور اگر چار گواہ پیش کر دیئے تو اب قذف کرنے والا سبکدوش ہو جائے گا اس پر حدِ قذف جاری نہ ہوگی، بلکہ ثبوتِ زنا مکمل ہو جانے کی وجہ سے زانی پر حد جاری ہوگی۔ اگر چار گواہ زنا کے پیش کر دیئے لیکن مختلف اوقات میں متفرق طور پر پیش کئے اور سب گواہ مجتمع ہو کر نہیں آئے تو زنا کا ثبوت نہ ہوگا، اور جس پر تہمت لگائی گئی ہے اس پر حدِ زنا جاری نہ ہوگی، لیکن تہمت لگانے والا بھی مستحقِ سزا نہیں رہے گا، وہ بھی حدِ قذف سے محفوظ رہے گا، کیونکہ زنا کی شہادت کی تعداد تو بہرحال موجود ہے، گواہوں کے ساتھ ساتھ نہ آنے کی شرط محض احتیاطاً لگائی گئی ہے، تاکہ زنا کی حد ساقط ہو جائے۔ قاذف پر قذف لازم کرنے کے لئے یہ شرط نہیں لگائی گئی، اسی طرح اگر متہم بالزنا نے ایک بار زنا کا اقرار کر لیا تو اس پر حد جاری نہ ہوگی اور نہ قاذف پر حد جاری ہوگی۔ (۱۵)

﴿۱۲﴾ ثبوتِ زنا کے لئے چار مرد گواہوں کی شرط ہے، جو شہادت کے اہل ہوں، اس لئے اگر ان میں ایک بھی شہادت کے نااہل ہوگا تو ثبوتِ زنا نہ ہو سکے گا، بلکہ ان گواہوں پر حدِ قذف جاری ہوگی، مثلاً اندھے یا

(بقیہ ۱۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۵۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۱۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۸۹

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۸

(۱۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۳۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۵۸

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۷۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۴۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۵

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۸

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۳۱، ۴۳۲

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۹۳

marfat.com

حدِ قذف کے سزا یافتہ نے شہادت دی تو یہ شہادت قبول نہ ہوگی، لیکن اگر فاسق نے گواہی دی تو ان پر حدِ قذف تو جاری نہ ہو سکے گی، لیکن ان کی شہادت سے زنا کا ثبوت بھی نہ ہو سکے گا، اس لئے متہم بالزنا پر بھی حدِ زنا جاری نہ ہوگی، کیونکہ فاسق شہادت ادا کرنے اور شاہد بننے کا اہل ہے لیکن فسق کی وجہ سے اس کی شہادت میں کسی قدر ضعف ہے، اس لئے فاسقوں کی شہادت سے شبہ زنا تو پیدا ہو گیا لیکن وہ حدِ قذف سے محفوظ رہیں گے اور ثبوتِ زنا نہ ہوگا، اس لئے زانی پر حدِ زنا جاری نہ ہوگی۔(۱۶)

﴿۱۳﴾ اگر گواہوں کی تعداد چار سے کم ہو تو ان پر حدِ قذف جاری ہوگی، تا کہ اللہ تعالیٰ کی قائم کی گئی حد معطل نہ ہو اور مجرم آزادی کے ساتھ جرم نہ کریں۔ اس نیتِ خیر کے لئے زنا اور ہر جرم کی شہادت کی ضرورت ہے اور چار سے کم گواہوں کو تو یہ غرض حاصل نہیں ہو سکتی۔ پھر گواہوں کی گواہی صرف بدنام کرنے اور مسلمانوں کی آبروریزی کے جذبے کے زیرِ اثر مانی جائے گی، کیونکہ جب چار سے کم گواہوں کو یہ معلوم ہے کہ ہماری شہادت کی تعداد کم ہے اور ہم حدِ زنا جاری نہیں کرا سکتے تو پھر گواہی کیوں دیتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نیت میں شر ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کی رسوائی ہو، خواہ جرمِ زنا ثابت نہ ہو سکے۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے حضرت مغیرہ بن شعبہ کے خلاف ابوبکرہ، نافع اور شبل بن معبد نے گواہی دی اور چوتھا گواہ زیادہ تھا، اس نے صراحت کے ساتھ شہادت نہ دی، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تینوں گواہوں کو کوڑے لگوائے، یہ واقعہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی موجودگی میں ہوا، کسی نے اس فیصلے کے خلاف انکار نہ کیا، گویا اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہو گیا، حدیث شریف یوں ہے:

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص ۱۳۳۴
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص ۱۵۸
☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریر الطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان ، ج۱۸، ص ۹۳
☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص ۲۷۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص ۱۲۸
☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۴۳۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص ۹۲
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸، ص ۳۵۵

marfat.com

فَدَعَا الشُّهُوْدَ فَشَهِدَ اَبُوْبَكْرَةَ وَ شِبْلُ بْنُ مَعْبَدٍ وَّاَبُوْعَبْدِ اللهِ نَافِعٌ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ حِيْنَ شَهِدَ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةِ شَقَّ عَلٰى عُمَرُ شَانَهُ فَلَمَّا قَامَ زِيَادٌ اَنْ تَشْهَدَ اِنْ شَاءَ اللهُ اِلَّا بِحَقٍّ قَالَ زِيَادٌ اَمَّا الزِّنَا فَلَا اَشْهَدُ بِهٖ وَلٰكِنْ رَّاَيْتُ اَمْرًا قَبِيْحًا قَالَ عُمَرُ اللهُ اَكْبَرُ حَدُّوْهُمْ فَجَلَدُوْهُمْ. (۱۷)

﴿۱۴﴾ وہ شخص جس کے زانی ہونے کی شہادت گواہوں نے دی مگر چار گواہ پیش ہو کر گواہی نہ دے سکے اور جس پر تہمت لگائی گئی وہ مطالبہ کرے تو گواہوں پر حدِ قذف جاری ہوگی۔ مطالبہ کرنے کی شرط باجماع علماء ثابت ہے۔ کیونکہ اس میں بندے کا حق بھی شامل ہے، مطالبہ قول سے کرے، لہٰذا گونگا اشارہ کرے تو کافی نہیں۔ (۱۸)

﴿۱۵﴾ حدِ قذف اسّی کوڑے ہے، اور جس پر حدِ قذف جاری ہوگی، اس کی شہادت تاحیات مردود ہوگئی۔ آیتِ مبارکہ میں اس کی تصریح ہے۔ (۱۹)

---

(۱۷) ☆ رواه البيهقي في السنن الكبرىٰ عن قسامه بن زهير، ج۸، ص۴۰۸
☆ ورواه الحاكم في المستدرک وابونعيم في المعرفه
☆ ورواه ابوموسىٰ في الدلائل والبخاري تعليقا
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۶۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۳۴
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۶۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۵۹
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۵۶

(۱۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۶۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۳۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۵۸
☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۲۷۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۳
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۴۳۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۴۷
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۵۶

(۱۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۶۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۳۶

marfat.com

﴿۱۶﴾ حدِ قذف جس پر جاری ہوگی وہ فاسق ہے۔ البتہ اگر وہ اس گناہ سے توبہ کرلے اور اپنی اصلاح کرلے تو اس کا فسق زائل ہوسکتا ہے، مگر اس کی شہادت مردود رہے گی۔ (۲۰)

﴿۱۷﴾ اگر ایک سے زائد اشخاص پر ایک ہی کلمہ کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی تو اس پر ایک ہی حدِ قذف ہے۔ (۲۱)

﴿۱۸﴾ جس نے چند بار زنا کیا یا چند بار چوری کی یا چند بار شراب پی، تو اس پر ایک ہی حد ہے۔ (۲۲)

﴿۱۹﴾ جب تک قاذف پر حد جاری نہ ہو اس وقت تک اس کی شہادت قبول ہے، بایں طور کہ مقذوف قبل حد فوت ہوگیا یا اس نے مطالبہ حد نہ کیا یا حاکم کے پاس مقدمہ نہ لے گیا۔

حدیث شریف میں ہے:

(بقیہ ۱۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص ۱۶۰

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۲۷۹

☆ مختصرتفسیرالطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریرالطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان ،ج۱۸، ص۹۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین بن عمربن کثیرشافعی (م۷۷۴ھ)مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۶۴

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی (م۶۸۵ھ)، ج۲، ص۷۹

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی(م۹۱۱ھ)وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج۳، ص۱۲۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۳۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۴۳۲

(۲۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۳۳۶

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۵۷

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۶۹

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ، ج ۲۳، ص۱۵۳

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۲۷۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۹

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشہیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۴۳۲

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۴

(۲۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۷۰

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۳۲۳

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ، ج ۲۳، ص۱۵۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۵

marfat.com

اَلْمُسْلِمُوْنَ عَدُوْلٌ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ اِلَّا مَحْدُوْدًا فِی الْقَذْفِ.(۲۳)

مسلمان عادل ہیں سوائے اس کے جس پر حدِ قذف جاری ہوئی۔(۲۴)

﴿۲۰﴾ چاروں گواہ زنا کی گواہی میں اپنا چشم دید بیان دیں کہ مرد کا آلہ تناسل عورت کی شرمگاہ میں اس طرح داخل تھا جس طرح سرمہ دانی میں سرمچو، اس سے کم اگر گواہی دیں گے زنا ثابت نہ ہو سکے گا، مثلاً یوں کہیں کہ وہ برہنہ ایک جگہ پر تھے، وغیرہ۔(۲۵)

﴿۲۱﴾ جو شخص کسی پارسا مرد یا پارسا عورت پر زنا کی تہمت لگائے، پھر اپنے دعویٰ میں چار گواہ پیش نہ کر سکے تو گواہوں کی طرح اس مدعی پر بھی اسّی کوڑے لگائے جائیں اور وہ فاسق ہو جائے گا، اس کی گواہی تاحیات مردود ہو جائے گی اگرچہ توبہ کر لے۔(۲۶)

---

(۲۳) ☆ رواہ البیھقی، ج۱۰، ص۱۹۷ /بحوالہ موسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج۸، ص۴۷۷

(۲۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۷۲

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۳۳۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین بن عمربن کثیر شافعی (م۷۷۴ھ)مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۶۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۵۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۲۱۸

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۲۷۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص۱۶۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ۵۴۸

(۲۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۲۷۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۳۳۶

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۳، ص۱۲۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۳۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین بن عمربن کثیر شافعی (م۷۷۴ھ)مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۶۴

☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریر الطبری، مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸، ص۹۶

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۱۵۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۵۸

(۲۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳، ص۱۳۳۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین بن عمربن کثیر شافعی (م۷۷۴ھ)مطبوعہ مصر، ج۳، ص۲۶۴

marfat.com

﴿۲۲﴾ حدود قائم کرنا حاکم کا فریضہ ہے، اس کے علاوہ ہر شخص حدود قائم نہیں کرسکتا، قاذف کو کوڑے مارنے کا اختیار حاکم کو ہے۔(۲۷)

﴿۲۳﴾ جن الفاظ سے حدِ قذف ثابت ہوگی وہ یہ ہیں، اے زانی، تو نے فلاں جگہ زنا کیا، تو اپنے باپ کا نہیں، تو فلاں کا بیٹا نہیں، اے زانیہ کے بیٹے، تو فلاں سے زیادہ زانی ہے وغیرہ۔(۲۸)

﴿۲۴﴾ اگر مسلمان محض یوں کہے، او فاسق، او کافر، او خبیث، او فاجر، او مخنث، او خائن، او لوطی، او زندیق، او دیوث، او شرابی، او سود خور، رنڈی کے بیٹے، فاجرہ کے بیٹے، چوروں کی پناہ گاہ، او بچوں کے ساتھ کھیلنے والے، او حرام زادے، وغیرہ، ان الفاظ سے حدِ قذف ثابت نہیں ہوتی۔ حاکم حسبِ صوابدید اس پر تعزیر کرے جو کم از کم تین کوڑے اور زیادہ سے زیادہ انتالیس کوڑے ہوسکتی ہے۔(۲۹)

(بقیہ ۲۶) ☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعه بیروت، ج۵، ص ۴۳۲

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری(م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ، پشاور ، ۵۴۶

(۲۷) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر ، ج ۲۳، ص ۱۵۹

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعه بیروت، ج۵، ص ۴۴۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۸، ص ۹۴

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری(م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ، پشاور ، ۵۴۷

(۲۸) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م ۵۱۶ھ)مطبوعه ملتان، ج۳، ص ۳۲۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر ، ج ۲۳، ص ۱۵۲

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰه محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعه کراچی، ج۳، ص ۲۱۷

☆ تفسیر البحر المحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعه بیروت، ج۵، ص ۴۴۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعه مکتبه اسلامیه ، کوئٹه، ج۶، ص ۱۱۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۸، ص ۹۱

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری(م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ، پشاور ، ۵۴۷

(۲۹) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ)مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر ، ج ۲۳، ص ۱۵۲

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰه محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعه کراچی، ج۳، ص ۲۱۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمدخازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۴، ص ۳۳۶

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبداللّٰه بن احمدبن محمودمطبوعه لاهور، ج۳، ص ۳۳۶

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه اسمٰعیل حقی(م ۱۱۳۷ھ)مطبوعه مکتبه اسلامیه ، کوئٹه، ج۶، ص ۱۱۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۸، ص ۹۲

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری(م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ، پشاور ، ج۵۵۲

marfat.com

﴿۲۵﴾ قاذف کوزانی کی طرح کوڑے مارے جائیں، کوڑے مارتے وقت اس کے جسم سے زائد کپڑے اتار لئے جائیں۔(۳۰)

﴿۲۶﴾ مقذوف کے لئے ثبوتِ قذف سے پہلے قاذف کو معاف کردینے کا حق حاصل ہے، البتہ مال پر صلح کرنا جائز نہیں، ثبوتِ حد کے بعد مقذوف یا حاکم معاف نہیں کرسکتا۔(۳۱)

﴿۲۷﴾ کوڑے مارتے وقت تعزیر کے کوڑے سب سے سخت مارے جائیں، پھر اس سے کم زنا کے کوڑے، پھر شراب پینے کی سزا کے، پھر قذف کے کوڑے مارے جائیں۔(۳۲)

﴿۲۸﴾ اگر کسی نے قذف کی سزا پائی، پھر اس نے قذف کیا تو اب دوبارہ سزا پائے گا۔(۳۳)

﴿۲۹﴾ تعزیر کی کم از کم حد تین کوڑے ہیں اور زیادہ سے زیادہ انتالیس کوڑے ہیں۔(۳۴)

﴿۳۰﴾ قذف کے وقت مقذوف کا قاذف کی مجلس میں حاضر ہونا ضروری نہیں، مقذوف غائب ہو یا حاضر، حدِ قذف طلب کرسکتا ہے۔(۳۵)

﴿۳۱﴾ قاذف اگر چہ قذف سے توبہ کرلے لیکن اس پر حد واجب ہے۔(۳۶)

☆☆☆☆☆

(۳۰) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۲۱۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۶۰

(۳۱) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ۵۴۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۲۱۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸

(۳۲) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص۲۱۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۶۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ۵۴۷

(۳۳) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۴

(۳۴) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸

(۳۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۱۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۹۵

(۳۶) ☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۴۳۲

marfat.com

باب(۳۰۰)

﴿لعان﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ ۙ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَ الْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَءُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ ۙ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝

(سورۃ النور: آیات ۶ تا ۱۰)

اور وہ جو اپنی عورتوں کو عیب لگائیں اور ان کے پاس اپنے بیان کے سوا گواہ نہ ہوں تو ایسے کسی کی گواہی یہ ہے کہ چار بار گواہی دے اللہ کے نام سے کہ وہ سچا ہے اور پانچویں یہ کہ اللہ کی لعنت ہو اس پر اگر وہ جھوٹا ہو۔ اور عورت سے یوں سزا ٹل جائے گی کہ وہ اللہ کا نام لے کر چار بار گواہی دے کہ مرد جھوٹا ہے اور پانچویں یوں کہ عورت پر غضب اللہ کا اگر مرد سچا ہو۔ اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی اور یہ کہ اللہ توبہ قبول فرماتا حکمت والا ہے۔

marfat.com

حل لغات

يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ :اپنی عورتوں کوزنا کی تہمت لگاتے ہیں:اس کلمہ کی لغوی تحقیق گذشتہ آیت کے ضمن میں گذر چکی ہے۔آیت میں بیوی سے مراد محصن ،یا غیر مدخولہ یا طلاقِ رجعی والی ہے۔(۱)

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءَ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ :عورت پر تہمتِ زنا کے ثبوت کے لئے اس کے پاس سوائے اپنے بیان کے کوئی اور گواہ نہیں۔

لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ:اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

لعنت کا معنی ہے:اللہ کی رحمت سے دوری،جس میں اللہ تعالیٰ کی ناراضی ہو۔آخرت میں عقوبت اور دنیا میں قبولِ فیض سے منقطع ہو۔(۲)

اَشْهَدُ بِاللّٰهِ: میں اللہ کے نام پر گواہی دیتا ہوں۔

لعان میں قسم کھاتے وقت شہادت کا لفظ ضرور استعمال کرے۔کہ میں اللہ کی گواہی دیتا ہوں۔تا کہ کلمہ میں تغلیظ (سختی) پائی جائے۔

وَيَدْرَءُا:دَرَأَ ہ از باب (فَتَحَ) دَرْأً و دَرْأَۃً کا معنی ہے:زور سے دھکیلنا،ہٹانا۔(۳)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ عورت اگر ایسی پانچ بار گواہی دے تو اس سے سزا ٹل جائے گی۔

شانِ نزول

ان آیاتِ کریمہ کے شانِ نزول میں چند روایات مروی ہیں،ممکن ہے کہ یہ وہ واقعات یکے بعد دیگرے تھوڑی ہی مدت میں واقع ہوئے ہوں۔

(۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۵

(۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ ، ج ۶، ص ۱۲۱

(۳) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۳۷۳

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی (م ۷۷۰ھ)، ص ۹۳

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر ، ج ۱۰، ص ۱۲۶

marfat.com

﴿۱﴾ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنی بیوی پر شریک بن سحما سے زنا کرنے کی تہمت لگائی (واقعہ سچا تھا۔لیکن شرعی شہادت موجود نہ تھی) اس لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (یا تو شرعی ثبوت پیش کرو) ورنہ تمہاری پشت پر کوڑے مارے جائیں گے۔

(یاد رہے کہ زنا کے ثبوت کیلئے شرعی امور کی بحث سورۃ النور کی آیت:۳ میں گزر چکی ہے۔)

حضرت ہلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ! اگر کوئی شخص کسی کو اپنی بیوی پر دیکھے تو کیا وہ گواہوں کو تلاش کرنے جائے۔حضور ﷺ نے فرمایا۔ گواہ یا تمہاری پشت پر کوڑے۔

حضرت ہلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: قسم ہے اس کی جس نے آپ کو برحق نبی بنا کر بھیجا، میں بلا شک وشبہ سچا ہوں۔اللہ تعالیٰ ضرور کوئی ایسا حکم نازل فرمائے گا جس سے میری پشت کوڑوں سے بچ جائے گی۔اس وقت جبرئیل امین علیہ السلام مذکورہ بالا آیات لے کر نازل ہوئے۔کیفیتِ وحی دور ہونے کے بعد حضور ﷺ نے ان آیات کی تلاوت فرمائی۔حسب الحکم حضرت ہلال رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور انہوں نے شہادت دی۔ (لعان کیا) حضور ﷺ برابر فرماتے رہے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تم دونوں میں ایک جھوٹا ہے۔تو کیا تم دونوں میں سے کوئی اپنے قول سے رجوع کرے گا۔حضرت ہلال رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد عورت کھڑی ہوئی اور اس نے شہادت دی (لعان کیا) جب پانچویں شہادت کا نمبر آیا تو لوگوں نے اس کو روکا اور کہا یہ شہادت فیصلہ کر دینے والی ہے (اگر تو نے جرم کیا ہے تو شہادت سے اب بھی لوٹ سکتی ہے) عورت ذرا جھجکی اور مڑی، یہاں تک کہ لوگوں کو خیال ہوا یہ شہادت سے لوٹ جائے گی، پھر کہنے لگی، میں اپنے خاندان کو آئندہ ہمیشہ کے لئے رسوا نہیں کروں گی۔چنانچہ اس نے شہادت جاری رکھی۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس عورت کو دیکھتے رہنا، اگر اس کے بچہ پیدا ہوا اور آنکھیں سرگیں ہوں، سرین بھاری ہوں اور پنڈلیاں گداز ہوں تو خیال کر لینا کہ وہ شریک بن سحما کا ہے۔چنانچہ بچہ پیدا ہوا تو وہ ویسا ہی تھا۔

marfat.com

حضورﷺ نے فرمایا، اگر کتاب اللہ کا فیصلہ نازل نہ ہوا ہوتا تو پھر میں اس عورت سے سمجھ لیتا۔(۴)

﴿۲﴾ حضرت سہل سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابن عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو مشغول دیکھ لے تو کیا کرے؟ اگر وہ قتل کر دے گا تو لوگ قصاص میں اس کو قتل کر دیں گے (گواہ لینے جائے گا تو مرد فارغ ہو کر جا چکے گا) بتائیے کہ وہ کیا کرے؟ حضورﷺ نے فرمایا، تمہارے اور تمہاری بیوی کے معاملہ میں حکم نازل ہو گیا ہے۔ جاؤ اپنی بیوی کو لے آؤ۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، پھر دونوں نے مسجد کے اندر لعان کیا۔ میں اس وقت رسول اللہﷺ کے پاس موجود تھا۔ لعان سے دونوں فارغ ہو گئے تو حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یارسول اللہ! اب اس کے بعد میں نے اس عورت کو اپنے پاس رکھا تو گویا میں نے اس پر تہمت تراشی کی۔ کیونکہ غیرت مند آدمی زنا کار عورت کو اپنے نکاح میں نہیں رکھتا۔ چنانچہ انہوں نے عورت کو تین طلاقیں دے دیں۔ رسول اللہ نے فرمایا، ذرا دیکھتے رہنا، اگر عورت کے بچہ پیدا ہوا اور وہ سانولا، سیاہ چشم، بھاری سرینوں اور گداز پنڈلیوں والا ہو تو میرا خیال ہے کہ ابن عویمر نے سچ کہا۔ اور اگر سرخ رنگ کا ہو تو میں سمجھوں گا کہ ابن عویمر نے اس عورت پر دروغ بندی کی ہے۔ چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو وہ ویسا ہی تھا جس

(۴)
☆ رواہ البخاری عن ابن عباس، ج۲، ص۶۹۵
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۲۸۵
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۴۲
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۶۳
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۳۲۴
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص۱۶۵
☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ج۳، ص۲۸۰
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج۱۸، ص۱۰۰
☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی (م۶۸۵ھ)، ج۲، ص۸۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن (م۷۲۵ھ) مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۳۳۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۵۲
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۸، ص۳۶۳

marfat.com

سے رسول ﷺ کے بیان کے مطابق ابن عویمر کی سچائی ظاہر ہوتی تھی۔ چنانچہ آئندہ اس بچہ کا نسب ماں سے ملا دیا جاتا اور وہ ولد ابن عویمر نہیں کہا جاتا تھا۔(۵)

﴿۳﴾ جب آیتِ مبارکہ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ آخر تک نازل ہوئی تو انصار کے سردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا اسی طرح آیت نازل ہوئی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے گروہِ انصار! سن رہے ہو تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے؟ انصار نے عرض کیا، یارسول اللہ! ان کو آپ برا نہ کہیں۔ یہ بڑے غیرت مند آدمی ہیں۔ بخدا انہوں نے کبھی کسی بیوہ یا مطلقہ سے نکاح نہیں کیا۔ ہمیشہ کنواری عورت سے ہی نکاح کیا اور نہ اپنی کسی بیوی کو طلاق دی (یعنی جس عورت کا پردہ کسی مرد نے اٹھالیا ہو اس کو انہوں نے کبھی ساتھ رکھنا پسند نہیں کیا اور انتہائی غیرت یہ کہ کسی عورت کو طلاق نہیں دی کہ وہ کسی دوسرے مرد سے نکاح کر سکے) ان کی اسی شدتِ غیرت کی وجہ سے ہم میں سے کوئی شخص جرأت نہیں کر سکتا کہ ان کی چھوڑی ہوئی عورت سے نکاح کرے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، بخدا یہ تو میں ضرور جانتا ہوں کہ یہ آیت برحق ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ ہے، لیکن مجھے تعجب اس بات پر ہے کہ اگر میں بدکار عورت کو اس حالت میں دیکھوں کہ کوئی شخص اس کو اپنی رانوں میں دبائے ہوئے ہے تو مجھے یہ بھی اجازت نہیں کہ میں اس کو اس کی جگہ سے ہلا سکوں۔ جب تک کہ چار گواہ لا کر ان کو آنکھوں سے دکھا نہ سکوں۔

---

(۵) ☆ بخاری عن سهل بن سعد، ج ۲، ص ۵۹۶

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۶۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۶۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور ص ۵۵۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۶۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۰

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۲۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۶

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۶

marfat.com

خدا کی قسم جب تک میں گواہ لاؤں گا تو وہ شخص اپنا کام کر کے چل دے گا۔

اس واقعہ کو زیادہ وقت نہ گزرا کہ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کا قصہ ہو گیا۔ حضرت ہلال رضی اللہ عنہ ان تینوں میں سے ایک تھے جن کی توبہ قبول ہونے کی صراحت آیت میں آئی تھی۔ غزوۂ تبوک کو تین شخص باوجود قدرت کے نہیں گئے تھے اور واپسی پر حاضرِ خدمت ہو کر انہوں نے سچ سچ عرض کر دیا تھا اور اپنے قصور کا اعتراف کر لیا تھا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان پر سخت عتاب کیا تھا۔ اور مسلمانوں کو ان کے بائیکاٹ کا حکم دے دیا تھا۔ انہوں نے چالیس پچاس دن برابر اللہ تعالیٰ سے زاری کی اور روتے رہے۔ آخر ان کی توبہ قبول ہوئی اور آیت نازل ہوئی۔

واقعہ یوں ہوا کہ حضرت ہلال رضی اللہ عنہ رات کو اندھیرا پڑے اپنی زمین سے واپس آئے۔ آ کر دیکھا کہ کوئی شخص ان کی بیوی کے پاس موجود ہے اور وہ کام میں مشغول ہے۔ آپ نے اپنی آنکھوں سے ان کی حرکت دیکھی اور اپنے کانوں سے ان کی باتیں سنیں۔ لیکن اس شخص کو متنبہ نہیں کیا۔ صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں اندھیرا پڑے گھر آیا تو میں نے اپنی بیوی کے پاس ایک آدمی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اپنے کانوں سے ان کی باتیں سنیں۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ اطلاع ناگوار ہوئی اور بار گزری۔

دوسری طرف انصار جمع ہوئے اور انہوں نے کہا: سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے قول نے ہم کو آزمائش میں ڈال دیا۔ اب حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کوڑے لگوائیں گے اور لوگوں میں ان کی شہادت کو باطل قرار دیں گے (کیونکہ وہ اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگا رہے ہیں مگر ان کے پاس شرعی گواہ نہیں)۔ حضرت ہلال رضی اللہ عنہ نے کہا: خدا کی قسم مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے اس سے رہائی کا کوئی راستہ ضرور نکال دے گا (راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کوڑے لگوانے کا ارادہ کر ہی رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی نازل فرمائی) جب وحی نازل ہو گئی اور حضور ﷺ نے سنا دی۔ لوگ حضرت ہلال رضی اللہ عنہ کو کوڑے مارنے سے رک گئے۔ آیات وہی تھیں جو زیبِ عنوان ہیں۔

بعض روایات میں یوں بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہلال تم کو خوش خبری ہو، اللہ نے تمہاری لئے کشائش پیدا کر دی۔ ہلال نے عرض کیا، مجھے اللہ تعالیٰ سے اسی کی امید تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت کو بلواؤ۔ حسب الحکم عورت حاضر ہوئی۔ جب دونوں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اکٹھے ہوئے تو عورت سے ہلال کا قول کہا گیا۔

marfat.com

عورت نے ہلال کے قول کو جھوٹا قرار دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ یقیناً جانتا ہے کہ تم دونوں میں ایک جھوٹا ہے۔ تو کیا تم دونوں میں سے کوئی اپنے بیان سے رجوع کرنے والا ہے۔ ہلال نے کہا، یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، میں سچ کہہ چکا اور میں نے حق بات کہی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ تو ان دونوں کے درمیان لعان کرادو۔ حسب الحکم ہلال سے کہا گیا، شہادت دو۔ ہلال نے چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہا کہ میں یقیناً سچا ہوں۔ پانچویں شہادت کے وقت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ہلال! اللہ سے ڈر۔ دنیوی عذاب آخرت کے عذاب سے آسان ہے اور اللہ کا عذاب لوگوں کے عذاب سے بہت زیادہ سخت ہے۔ اور پانچویں شہادت واجب کردینے والی ہے۔ اگر تو جھوٹا ہے تو عذاب کو تجھ پر واجب کردے گی۔ ہلال نے کہا، خدا کی قسم اللہ اس شہادت پر مجھے عذاب نہیں دے گا۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ اس پر مجھے کوڑے نہیں ماریں گے۔ اس کے بعد پانچویں شہادت میں ہلال نے کہا: اللہ کی لعنت مجھ پر اگر میں جھوٹا ہوں۔ پھر پانچویں شہادت کے وقت رسول اللہ ﷺ نے اس عورت کو روکا اور فرمایا: اللہ سے ڈر اور پانچویں شہادت یقیناً واجب کردینے والی ہے اور اللہ کا عذاب لوگوں کے عذاب سے زیادہ سخت ہے۔ یہ سن کر عورت تھوڑی دیر کے لئے کچھ جھجکی اور اقرار کرنے کا ارادہ کرلیا۔ لیکن پھر کہنے لگی، خدا کی قسم میں اپنے خاندان کو رسوا نہیں کروں گی۔ چنانچہ اس نے پانچویں شہادت دے دی اور کہا اللہ کا مجھ پر غضب ہو اگر وہ (ہلال) سچا ہے۔ آخر رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو الگ الگ کردیا اور فیصلہ کردیا کہ بچہ عورت کا ہوگا۔ باپ کی طرف نسبت نہیں کی جائے گی۔ لیکن بچہ ولدِ حرام نہیں کہا جائے گا۔ حضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا، اگر بچہ ایسا ایسا ہو تو شوہر کا ہوگا اور اگر ایسا ایسا ہو تو وہ اس شخص کا ہوگا جس کا نام لیا گیا ہے۔ چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو خاکستری رنگ کے اونٹ کی طرح بدشکل تھا جو آئندہ زندگی میں مصر کا حاکم بنا۔ لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ میرا باپ کون ہے۔ (٦)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ مرد اگر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگاتا ہے اور اس کے پاس ثبوتِ زنا کے گواہ نہیں تو وہ لعان کرے گا اور اگر بیوی

(٦) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۴۰
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۶۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۰۰

marfat.com

زنا کے جرم کا انکار کرتی ہے تو وہ بھی لعان کرے گی۔لعان کرنے سے مرد حدِ قذف سے بچ جائے گا اور بیوی حدِ زنا سے بچ جائے گی۔قرآن مجید کی آیت زیرِ عنوان میں یہ مسئلہ صراحت کے ساتھ بیان ہوا ہے۔(۷)

﴿۲﴾ لعان ایسی گواہی ہے جسے قسموں سے مؤکد کر کے اس میں لعنت کا ذکر کیا جاتا ہے۔یہ مردوں کے حق میں حدِ قذف اور عورتوں کے حق میں حدِ زنا کے قائم مقام ہے۔(۸)

﴿۳﴾ لعان کا طریقہ یہ ہے کہ مرد کہے کہ میں اللہ کی شہادت دیتا ہوں کہ میں نے اپنی بیوی کو زنا کرتے دیکھا ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ زانی کا آلہ تناسل عورت کی شرم گاہ میں یوں تھا جیسے سرمہ دانی میں سرمچو۔اس کے بعد میں نے عورت سے وطی نہیں کی۔چار مرتبہ یہ کلمات کہے،ان کلمات سے اگر انکار کرے تو اسے حدِ قذف لگائی جائے گی۔اور اگر حمل کی نفی کرے تو کہے کہ میں اللہ کی گواہی دیتا ہوں کہ حیض کے بعد میں نے وطی نہیں کی۔اور یہ حمل میرا

---

(۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۳۶۵

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۳۲۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص

(۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص ۲۸۹

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۳،ص ۱۳۴۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ م حمد بن احمد مالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲، ص ۱۶۳

☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری،مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸، ص ۱۰۰

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج۳، ص ۲۲۰

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳، ص ۳۲۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳، ص ۱۶۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۳۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۳۳۷

☆ تفسیر از علامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص ۱۲۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص

☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۲، ص ۸۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۸، ص ۳۶۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ج۵۵۳

(۸) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۵۳

marfat.com

نہیں اوراس طرف اشارہ بھی کرے اور چار باریوں کہے اور ہر بار کہے کہ میں اس معاملہ میں سچا ہوں۔اور پانچویں باریوں کہے کہ اللہ کی لعنت مجھ پر ہو اگر میں جھوٹا ہوں۔جب یہ کہہ لے گا اس سے حدِ قذف ساقط ہو جائے گی اور بچہ کا نسب اس سے منقطع کر دیا جائے گا۔جب مرد لعان سے فارغ ہو جائے تو عورت کھڑی ہو کر چار بار اللہ کی قسم کھائے اور ہر باریوں کہے کہ یہ (مرد) جھوٹا ہے اور اگر حاملہ ہو تو یوں کہے کہ یہ حمل اس (مرد) کا ہے۔پھر پانچویں باریوں کہے کہ اللہ کا مجھ پر غضب ہو اگر یہ سچا ہے۔

جب دونوں خاوند اور بیوی لعان کر چکیں تو حاکم ان کے درمیان تفریق کرا دے اور بچہ کو ماں سے ملحق کر دے۔(۹)

﴿۴﴾ لعان صرف اس صورت میں ہوگا کہ میاں بیوی دونوں اہلِ شہادت (گواہی کے قابل) ہوں۔اگر مرد غلام ہو، یا کافر ہو، یا محدود فی القذف ہو (اسے قذف کی سزا پہلے دی گئی ہو) تو لعان نہیں ہوگا۔بلکہ صرف الزام لگاتے ہی اس پر حدِ قذف جاری ہو جائے گی۔اسی طرح اگر مرد تو اہلِ شہادت ہے لیکن عورت لونڈی ہو، یا کتابیہ ہو، یا محدود فی القذف ہو، یا نابالغ ہو یا مجنونہ ہو تو مرد پر حدِ قذف جاری نہیں ہوگی۔اور نہ ہی لعان ہو گا۔حدیث شریف میں ہے۔

اَرْبَعَةٌ لَيْسَ بَيْنَهُمْ لِعَانٌ لَيْسَ بَيْنَ الْحُرِّ وَالْاَمَةِ لِعَانٌ وَلَيْسَ بَيْنَ الْحُرَّةِ وَالْعَبْدِ لِعَانٌ وَلَيْسَ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيَّةِ لِعَانٌ وَلَيْسَ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالنَّصْرَانِيَّةِ لِعَانٌ (۱۰)

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۸۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۷

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمحشری مطبوعہ کراچی، ج ۳۰، ص ۲۱۹

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۸۱

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۰

(۱۰) ☆ رواہ الدارقطنی، ج ۳، ص ۱۶۳

☆ راوہ البیہقی، ج ۷، ص ۳۹۶، ۳۹۷

marfat.com

چہ شخاص کے درمیان لعان نہیں۔

(ا) آزادمرداورلونڈی کے درمیان لعان نہیں۔

(ب) آزادی عورت اورغلام کے درمیان لعان نہیں۔

(ج) مسلمان مرداور یہودی عورت کے درمیان لعان نہیں۔

(د) مسلمان مرداورنصرانی عورت کے درمیان لعان نہیں۔

یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے اورایسی حدیث قابلِ حجت ہوجاتی ہے۔نابالغہ اور مجنونہ اہلِ شہادت نہیں۔(۱۱)

﴿۵﴾ لعان کے بعد حاکم کی تفریق سے ان میں جدائی واقع ہوگی۔حاکم کی تفریق ایک طلاق بائن تصور ہوگی۔اس کے بعد مرد اگرخود اپنی تکذیب کردے تو اس پرحدِ قذف جاری ہوجائے گی۔یاعورت زنا کا اعتراف کرے تو اس پرحدِ زنا جاری ہوگی۔اب ان دونوں کے درمیان نکاح جائز ہے۔کیونکہ اب وہ اہلِ شہادت نہیں رہے، لہٰذا اہلِ لعان بھی نہیں ہیں۔دونوں میں تحریم لعان کی بناپرتھی۔جب وہ اہلِ لعان ہی نہ رہے تو وہ تحریم بھی ختم ہوجائے گی۔حدیث شریف:.....

اَلْمُتَلَاعِنَانِ اِذَاتَفَرَّقَا لَايَجْتَمِعَانِ اَبَدًا (۱۲)

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۳،ص۲۸۵،۲۸۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج۱۲،ص۱۶۷

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان،ج۳،ص۳۲۷

☆ تفسیرکبیرازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر،ج۲۳،ص۱۶۹

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور،ج۳،ص۲۸۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور،ج۳،ص۳۳۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاھور،ج۳،ص۳۳۹

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشھیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۶،ص۴۳۳

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمخشری مطبوعہ کراچی،ج۳،ص۲۱۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۸،ص۱۰۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ، پشاور ،ص۵۵۴

(۱۲) ☆ نصب الرایہ .۳،ص۲۵۱/بحوالہ موسوعہ اطراف الحدیث ،ج۱۰،ص۶۵۹

marfat.com

لعان کرنے والے جب الگ ہو جائیں تو پھر کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔

.....کا مطلب یہی ہے کہ جب تک لعان کے قابل رہے میاں بیوی نہیں بن سکتے۔اب چونکہ حد کے بعد لعان کے قابل نہ رہے لہٰذا دوبارہ نکاح کر سکتے ہیں۔(۱۳)

﴿۶﴾ لعان کرنے والے حاکم کی تفریق کے بغیر ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے۔حضور سید عالم ﷺ کے سامنے لعان ہوا مگر تفریق آپ نے خود فرمائی۔حدیث شریف میں ہے۔

فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ (۱۴)

لعان کرنے والوں کے درمیان حضور سیدِ عالم ﷺ نے تفریق کرادی۔(۱۵)

---

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۳۹۷

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۴۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۷۳

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۳۲۷

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج۳،ص۲۸۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ، پشاور،ص۵۵۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۳۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاہور، ج۳،ص۳۳۹

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳ ،ص۲۱۹

☆ تفسیر انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمربیضاوی شافعی ، ج۲،ص۸۲

☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریر الطبری،مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸،ص۱۰۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ)مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲۳،ص۱۶۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۱۱۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ،کوئٹہ، ج۶،ص۱۲۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۸،ص۳۷۷

(۱۴) ☆ رواہ البخاری عن ابن عمر، ج۲،ص۶۹۶

☆ رواہ ابوداؤد عن ابن عمر، ج۲،ص۳۱۲

☆ رواہ الدارمی عن ابن عمر

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۲۸۶،۲۹۷

(۱۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۳۹۲

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۴۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۷۳

marfat.com

﴿۷﴾ ہر وہ تفریق جو حاکم کے حکم سے ہوگی اس کی حرمت ابدی نہیں ہوتی۔ مثلاً فرقتِ عنین، خیارِ صغرتین، فرقتِ ایلا۔ یہ تفریق ایک طلاق بائن ہوگی۔(۱۶)

﴿۸﴾ تفریق کے وقت دونوں میاں بیوی کا حاکم کے سامنے حاضر ہونا لازم ہے۔ کسی ایک کی غیر حاضری میں کی گئی تفریق موثر نہ ہوگی۔(۱۷)

﴿۹﴾ اگر چار آدمیوں نے عورت کے زنا کی شہادت دے دی۔ اور ان چار میں اس عورت کا خاوند بھی ہے تو عورت پر حدِ زنا جاری ہوگی۔(۱۸)

﴿۱۰﴾ اگر شوہر اور بیوی دونوں محصن ہوں اور شوہر نے بیوی سے کہا تو زانیہ ہے۔ اور بیوی نے خاوند سے کہا: میں نہیں تو زانی ہے تو عورت پر فقط حدِ قذف ہوگی، اور خاوند پر کوئی سزا نہیں۔ کیونکہ لعان عورت کے مطالبہ پر ہوگا۔(۱۹)

﴿۱۱﴾ جب تک بیوی حاکم کے سامنے لعان کا مطالبہ نہیں کرے گی مرد پر لعان واجب نہیں۔ چونکہ تہمت بیوی پر لگی ہے، اسے عار پہنچی ہے، وہی لعان کرا کر اپنے اوپر لگے الزام سے بری ہو سکتی ہے۔(۲۰)

﴿۱۲﴾ لعان حاکم کی موجودگی میں ہوگا۔(۲۱)

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۱

(۱۷) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۰

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۹

(۱۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۰

(۲۰) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۰

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۸

(۲۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۱

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۷

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۲۸۱

marfat.com

﴿۱۳﴾ زوجین میں جو بھی لعان سے انکار کرے حاکم اسے قید کردے۔ یہاں تک کہ وہ لعان پر آمادہ ہو جائے یا اپنے گناہ کا اعتراف کرے اور سزا پائے۔(۲۲)

﴿۱۴﴾ بیوی کے خلاف خاوند کی گواہی تمام حقوق میں، قصاص، تمام حدود مثلاً چوری، قذف اور شراب پینے کی، میں قبول ہوگی۔(۲۳)

﴿۱۵﴾ زنا سے نکاح فسخ نہیں ہوتا، ورنہ لعان کی ضرورت ہی نہ رہتی۔(۲۴)

﴿۱۶﴾ اگر اجنبی عورت پر زنا کی تہمت لگائے پھر اس سے نکاح کرلے۔ اس پر بھی لعان واجب ہے اور اگر مرد اپنی تکذیب کردے تو اس پر حدِ قذف ہے۔(۲۵)

﴿۱۷﴾ درج ذیل صورتوں میں نہ حدِ قذف ہے اور نہ لعان۔

(ا) عورت باندی ہو۔

(ب) عورت کافرہ ہو۔

(ج) عورت نابالغہ ہو۔

(د) عورت مجنونہ ہو۔

(ہ) عورت سے نکاحِ فاسد کیا ہو اور شوہر نے اس سے قربت کرلی ہو۔

---

(۲۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ص ۲۳، ص ۱۶۷

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۸

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ . ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۳۵

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۳۸۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۵۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۳۸

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۱۹

(۲۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۹

(۲۴) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۷۱

(۲۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۹۱

marfat.com

(د) عورت کا کوئی بچہ ہو جس کا باپ معلوم نہ ہو۔

(ر) عورت نے کبھی اپنی عمر میں زنا کیا ہو، خواہ ایک ہی مرتبہ ہو پھر توبہ کر لی ہو۔

(م) مرد نے شبہ کے طور پر جماع کر لیا ہو اور واقع میں وہ جماع حرام ہو۔ مرد کو حلال ہونے کا شبہ ہوا ہو۔

ان تمام صورتوں میں قاذف پر حدِ قذف نہیں اور نہ لعان کا حکم دیا جائے گا۔ البتہ حاکم مناسب تعزیز کر سکتا ہے۔(۲۶)

﴿۱۸﴾ اگر ایک سے زائد بیویاں ہوں اور سب کو زنا کی تہمت لگائے تو سب سے الگ الگ لعان کرنا ہوگا۔(۲۷)

﴿۱۹﴾ اگر چند اجنبی عورتوں کو زنا کی تہمت لگائے تو اس کے بدلے اسے ایک ہی حدِ قذف لگائی جائے گی۔(۲۸)

﴿۲۰﴾ اگر مرد قذف کرے اور عورت کہے تو نے سچ کہا، اگر چہ متعدد مجالس میں کہے، اس پر عورت پر حد نہیں اور نہ مرد کے ذمہ لعان ہے، کیونکہ یہ کلمات نہ لعان کو واجب کرتے ہیں اور نہ اقرارِ زنا پر دلالت کرتے ہیں۔(۲۹)

﴿۲۱﴾ لفظِ شہادت لعان کا رکن ہے، اس کے بغیر لعان مکمل نہیں۔(۳۰)

﴿۲۲﴾ لعان میں مرد یا عورت کے لئے دوسرے کے لئے ضمیرِ مخاطب ضروری نہیں۔ صرف اتنا کافی ہے جس سے تمیز ہو سکے کہ مرد اپنی بیوی کا ذکر کر رہا ہے اور بیوی اپنے شوہر کا۔(۳۱)

﴿۲۳﴾ بیوی سے لعان کے موجب وہی کلمات ہیں جن سے حدِ قذف ثابت ہوتی ہے۔ مثلاً عورت سے کہے، تو زانیہ ہے، میں نے اپنی بیوی کو زنا کرتے دیکھا ہے۔ اس کا یہ حمل میرا نہیں۔(۳۲)

﴿۲۴﴾ مکہ معظمہ میں لعان مقامِ ابراہیم اور خانہ کعبہ کے درمیان ہونا چاہیئے۔ مدینہ منورہ میں نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منبر کے پاس، بیت المقدس میں مسجد اقصیٰ میں ہونا چاہیئے۔ غیر مسلموں کا لعان ان کی عبادت گاہوں اور قابلِ تعظیم مقامات میں ہونا چاہیئے۔ اگر کوئی شخص لامذہب اور بے دین ہو تو اس کا لعان ہماری

(۲۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۱۸، ص ۳۷۰

(۲۷) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۶

(۲۸) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۶

(۲۹) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۸

(۳۰) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۸

(۳۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۹

(۳۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۸۸

marfat.com

مسجدوں میں ہونا چاہئے لیکن مسجد حرام میں نہیں ہونا چاہیئے ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ مشرک نجس ہیں، اس سال کے بعد وہ مسجد حرام کے قریب نہ آئیں۔(۳۳)

﴿۲۵﴾ زنا اور قذف کفر نہیں، البتہ گناہِ کبیرہ ہیں۔(۳۴)

﴿۲۶﴾ نکاحِ فاسد میں بھی لعان ہوسکتا ہے۔(۳۵)

﴿۲۷﴾ اگر عورت کو دبر میں وطی کا الزام دیتا ہے تو اس پر لعان نہیں۔(۳۶)

﴿۲۸﴾ لعان کی ابتداء خاوند کرے۔اس سے اس پر سے حدِ قذف ساقط ہوجائے گی۔اور اگر عورت ابتداء کرے تو بھی جائز ہے۔(۳۷)

بقیہ(۳۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۶۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۴۳۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۱۰۷

☆ احکام القرآن ازابن العربی، ج۳،ص۱۳۴۲

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۲۱۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی(م۱۱۳۷ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ، کوئٹہ ، ج۶،ص۱۲۰

(۳۳) ☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۳۲۷

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعہ کراچی، ج۳،ص۲۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاهور، ج۳،ص۳۳۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ، پشاور، ص۵۵۴

(۳۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۳۰۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴ . ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۶،ص۴۳۵

(۳۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی(م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان ، ج۳،ص۱۳۴۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۷۱

(۳۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۴۵

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۱۰۷

(۳۷) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۳،ص۱۳۴۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۷۱

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۳۲۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاهور، ج۳،ص۳۳۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸،ص۱۰۹

marfat.com

﴿۲۹﴾ مستحب یہ ہے کہ جامع مسجد میں حاضرین کی موجودگی میں بعد نمازِ عصر حاکم لعان کرائے۔(۳۸)

﴿۳۰﴾ اگر کسی نے اپنی بیوی کو زنا کی تہمت لگائی، پھر تین طلاقیں دے دیں۔اس پر نہ حد ہے، نہ لعان۔(۳۹)

﴿۳۱﴾ عورت کے لئے مستحب یہ ہے کہ وہ لعان کا مطالبہ نہ کرے۔تاکہ گناہ پر (اگر ہے) پردہ پڑا رہے۔(۴۰)

﴿۳۲﴾ عورت نے بچہ جنا، خاوند ایک دو روز میں اس کا نسب اپنی طرف کرنے سے انکاری ہے۔اب وہ لعان کرے گا۔اور بچہ کا نسب اس سے منقطع ہو جائے گا۔اگر پیدائش کے ایک دو روز تک انکاری نہ ہوا، بعد میں انکاری ہوا تو لعان کرے گا مگر بچہ کا نسب باپ سے ثابت ہوگا۔حدیث شریف میں ہے: "

اِنَّ رَجُلًا لَاعَنَ اِمْرَاَتَهٗ فِی زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَانْتَفٰی مِنْ وَّلَدِهَا فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ لِلْمَرْاَةِ (۴۱)

بے شک ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ (حیاتِ ظاہری) میں اپنی بیوی سے لعان کیا اور بچے کے نسب کا انکاری ہوا۔تو رسول اللہ ﷺ نے دونوں کے درمیان تفریق کرادی اور بچے کو ماں کے ساتھ ملحق کر دیا۔

لہٰذا اگر لعان میں زنا اور نفی ولد کا دعوی کرے تو دونوں چیزوں کو لعان میں بیان کرنا لازم ہے۔(۴۲)

---

(۳۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۳

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۹

(۳۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۱

(۴۰) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۰۸

(۴۱) ☆ رواہ ابو داؤد عن ابن عمر، ج ۱، ص ۳۱۵

☆ رواہ البغوی فی تفسیرہ، ج ۳، ص ۳۲۵

(۴۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۰

☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۰۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۸۴

☆ زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۳۸۱

☆ تفسیر روح المعانی، ج ۱۸، ص ۱۱۰

marfat.com

﴿۳۳﴾ اگر مرد نے بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔ پھر اس پر زنا کی تہمت لگائی۔ اس صورت میں مرد پر حدِ قذف لگائی جائے گی۔ اسی طرح طلاقِ مغلظہ والی نے عدت ختم ہونے سے پہلے بچہ جنا۔ اس مرد نے بچہ کے نسب کا انکار کر دیا۔ اس پر مرد پر حدِ قذف ہے اور بچہ کا نسب باپ سے ہے۔ (۴۳)

﴿۳۴﴾ بچے کا نسب باپ سے اس وقت منقطع ہوگا جب خاوند لعان کرے گا۔ اس وقت بچہ ماں کے ساتھ ملحق کر دیا جائے گا۔ اور اگر عورت خاوند کے الزامِ زنا کی تصدیق کر دے اور بچہ زنا سے پیدا ہوا ہے۔ اس صورت میں بچہ کا نسب باپ سے ملحق رہے گا۔

حدیث شریف میں ہے:

اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ (۴۴)

بچہ باپ کا ہے اور زانی کو سنگسار کیا جائے گا۔ (۴۵)

﴿۳۵﴾ اگر مرد نے عورت سے کہا، تیرا یہ حمل مجھ سے نہیں۔ تو لعان کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ ممکن ہے حمل ہی نہ ہو ہوا ہو یا کوئی بیماری۔ (۴۶)

﴿۳۶﴾ اگر شوہر کو بیوی کے زنا کا یقین ہو گیا یا زنا کی خبر مشہور ہونے کی بنا پر پختہ گمان ہو گیا اور تائیدی قرینہ موجود ہو۔ مثلاً شوہر نے بیوی کو زید کے ساتھ تنہائی میں دیکھا۔ تو اس صورت میں وہ عورت پر زنا کا الزام قائم کر سکتا ہے۔ یا عورت

---

(۴۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۱

(۴۴) ☆ رواہ البخاری عن سعد بن ابی وقاص، ج ۱، ص ۲۶۷

☆ رواہ مسلم عن سعد بن ابی وقاص، ج ۱، ص ۴۷۰

☆ رواہ ابو داؤد عن سعد بن ابی وقاص، ج ۱، ص ۳۱۷

☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرہ، ج ۱، ص ۱۷۲

☆ رواہ النسائی عن ابی ہریرہ، ج ۲، ص ۱۱۰

☆ رواہ ابن ماجہ عن عمرو بن خارجہ، ص ۱۹۹

☆ رواہ الدارمی عن ابی ہریرہ، ج ۳، ص ۲۰۳

☆ رواہ مالکی عن عائشہ، ص ۶۳۵

☆ رواہ احمد، ج ۱، ص ۲۵، ۵۹، ۵۶، وغیرہ

(۴۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۲۹۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۸

(۴۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۷۲

marfat.com

کے بچہ پیدا ہوا اور اس نے بیوی سے قربت ہی نہیں کی۔اس لئے اس کو یقین ہو گیا کہ یہ بچہ مجھ سے نہیں تو انکارِ ولدیت کرنا جائز ہے۔یا قربت تو کی تھی لیکن وقتِ قربت سے ابھی چھ ماہ گزرنے نہیں پائے کہ بچہ پیدا ہو گیا یا دو سال گزرنے کے بعد بچہ پیدا ہوا۔تو ان سب صورتوں میں بچہ سے انکار کر دینا اس کیلئے جائز ہے۔ہاں اگر چھ ماہ سے اوپر اور دو سال کے اندر بچہ پیدا ہوا تو اس صورت میں بچہ کی ولدیت سے انکار جائز نہیں۔(۴۷)

﴿۳۷﴾ اگر عورت سے جماع کیا یا جماع کے ساتھ عزل کیا یا زنا کرانے کا اس کو یقینی علم ہو گیا اور اس بات کا احتمال ہے کہ بچہ اس کا ہو یا زانی کا تو اس صورت میں اپنی ولدیت سے انکار حرام ہے۔(۴۸)

﴿۳۸﴾ عدت گزر جانے کے بعد خاوند سابقہ مطلقہ بیوی سے لعان نہیں کر سکتا۔البتہ ایک صورت میں لعان جائز ہے،وہ یہ کہ مرد غائب ہو اور عورت نے اس غیبت میں بچہ جنا۔مرد کو علم نہیں اس حال میں مرد نے طلاق دے دی اور عدت بھی ختم ہو گئی۔اب اسے معلوم ہوا کہ یہ بچہ میرا نہیں۔اب عدت کے بعد بھی اس سے لعان کر سکتا ہے۔(۴۹)

﴿۳۹﴾ بیوی کے حمل ظاہر ہو،مرد نے اس کی نسبت سے انکار نہیں کیا۔تو اب سکوت کے بعد اس حمل کی اپنی طرف سے نفی نہیں کر سکتا۔(۵۰)

﴿۴۰﴾ کسی مسلمان کا نام لے کر لعنت کرنا یا غضب کی بددعا کرنا منع ہے،سوائے لعان کے۔اگرچہ مسلمان کیسا ہی فاسق ہو لعنت کا مستحق نہیں۔(۵۱)

☆☆☆☆☆

(۴۷) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۸،ص ۳۸۶

(۴۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۸،ص ۳۸۶

(۴۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۲،ص ۱۶۸

(۵۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی(م ۶۶۸ھ)مطبوعہ بیروت،لبنان،ج ۱۲،ص ۱۷۰

(۵۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی(م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج ۱۸،ص ۱۱۱

marfat.com

باب(۳۰۱)

﴿صبر کا اجر﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُ وْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ط لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ط بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ط لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ج وَ الَّذِىْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ (سورۃالنور، آیت ۱۱)

بے شک وہ کہ یہ بڑا بہتان لائے تمہیں میں ایک جماعت ہے، اسے اپنے لئے بُرا نہ سمجھو، بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے، ان میں ہر شخص کے لئے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا، اور ان میں وہ جس نے سب سے بڑا حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب ہے۔

حل لغات:

بِالْاِفْكِ: (از باب ضَرَبَ وعَلِمَ) اِفْكًا. جس ہیئت پر کسی شے کو ہونا چاہئے اس کو بدل دینا، حقیقت کو چھپا کر باطل کو سامنے لانا، جھوٹ، بہتان، افترا۔(۱)

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی مطبوعہ کراچی، ص ۱۹
☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی(م ۷۷۰ھ) ج ۱، ص ۱۰
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۷، ص ۱۰۲
☆ قاموس القرآن (او اصلاح الوجوہ والنظار فی القرآن الکریم) للمسفر الحسین بن محمدالدامغانی. مطبوعہ بیروت، ص ۳۳

marfat.com

اس افک سے مراد سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانا ہے۔تمام مفسرین کا اسی پر اتفاق ہے۔

جَآءُ وْ:وہ بہتان بنا کر لائے، حقیقت میں اس کا کوئی اصل نہیں۔(۲)

عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ: بہتان تراشنے والے اے مومنو! وہ تمہیں میں سے ایک جماعت ہے۔

جماعت، گروہ، ٹولہ، فقہاء کبھی ایک فرد کو عصبہ کہتے ہیں، جب اس کے ساتھ کوئی اور وارث نہ ہو، وہ تمام جائداد لے جاتا ہے، کیونکہ یہ قائم مقام جماعت کے ہوتا ہے۔مسئلہ اعتاق (غلام کو آزاد کرنا) اور مسئلہ مواریث میں عورت کو بھی عصبہ کہتے ہیں۔(۳)

شَرًّا: ہر وہ شے جس کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ ہو۔

خَيْرًا: ہر وہ شے جس کا نفع اس کے ضرر سے زیادہ ہو۔(۴)

وہ خیر جس میں شر کا شائبہ تک نہیں وہ جنت ہے اور وہ شر جس میں خیر کا شائبہ تک نہیں وہ جہنم ہے۔(۵)

وَالَّذِیْ تَوَلّٰی كِبْرَهٗ :وہ جس نے سب سے بڑا حصہ لیا وہ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی بن سلول ہے۔منافقین اس کے پاس جمع ہوتے، وہ انہیں نئے نئے اعتراضات سکھاتا، تاکہ رسولِ اسلام ﷺ، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اور اسلام کے خلاف سازشیں کریں اور انہیں ایذا پہنچانے کے طریقے ایجاد کریں۔(۶)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ ام المومنین سیدہ صدیقہ عفیفہ طیبہ طاہرہ محفوظہ حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق

---

(۲) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص ۱۱۱

(۳) ☆ مفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب با لراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۳۶

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی (م۷۷۰ھ)، ج ۲، ص ۲۹

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۸۰۸

☆ تاج العروس از علامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۳۸۴

(۴) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۳۵۳

(۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۳۵۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص ۱۷۷

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۳۰۶

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۳۵۴

marfat.com

رضی اللہ عنہما پر جنہوں نے بہتان باندھا ہے وہ بظاہر تمہارے قومی بھائی ہیں۔اے محبوب، اے صدیق، اے صدیقہ، اے ام رمان، اے صنوان اور میرے محبوب کے مخلص صحابہ! تم اس بہتان کو اپنے لئے برائی نہ سمجھو، بلکہ صدیقہ کی عفت، برأت اور صداقت پر ہم قرآن مجید کی آیات نازل کرتے ہیں، یہ ایک ایسا اعزاز ہے جو دنیا میں کسی اور کو نصیب نہ ہوا، اس لئے اس میں تمہارے لئے بہتری ہے۔تمہارا صبر موجبِ اجر بنا۔یاد رکھو، اس معاملہ میں جس نے جتنا گناہ کیا اس کے مطابق اس کو سزا ملی۔جس نے یہ بہتان ایجاد کیا اس کے لئے سب سے بڑا عذاب ہے، جس نے اسے سنا اور بغیر تحقیق کئے اسے پھیلایا اس کو بھی عذاب کا حصہ ملے گا۔ جس نے سنا اور خاموش رہا، اس کی تردید نہ کی، اسے بھی عقاب ملے گا۔غرض ہر شخص جو اس معاملہ میں جتنا ملوث ہے اسی قدر عذاب وعقاب کا مستحق ہَے۔

شان نزول

حضرت عروہ رضی اللہ عنہا سیدعائشہ رضی اللہ عنہا سے بیان کرتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کسی غزوہ یا سفر میں تشریف لے جاتے تو اپنی بیبیوں میں قرعہ اندازی کرتے تھے، جس بی بی کا نام نکل آتا اس کو ساتھ لے جاتے۔چنانچہ جب ۶ھ میں غزوہ بنی مصطلق کے لئے جانے لگے تو حسبِ معمول قرعہ اندازی کی، صدیقہ نام نکل آیا تو آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ساتھ لے لیا۔یہ واقعہ پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد کا ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا کا بیان ہے: میں ہودج میں سوار ہوئی۔میرا ہودج ہی اٹھا کر اونٹ پر رکھا جاتا تھا اور نیچے اتارا جاتا تھا، مجھے باہر نکلنے کی ضرورت نہ ہوتی تھی، اس طرح ہم مدینہ سے چل دیئے۔جب جہاد سے فارغ ہوکر واپس ہوئے اور مدینہ کے قریب پہنچ کر ایک جگہ اترے، رات کو کوچ کرنے کا اعلان ہوا، میں رفعِ ضرورت کے لئے اٹھی اور چل کر لشکر سے آگے نکل گئی، ضرورت سے فارغ ہوکر جب اپنے مقام پر پہنچی اور سینہ کو ٹٹولا تو میرا یمنی عقیق والا ہار ٹوٹ کر کہیں گم ہوگیا، میں ہار ڈھونڈنے کے لئے فوراً لوٹ پڑی۔ہار کی تلاش میں دیر لگ گئی۔

marfat.com

میرے ہودج کو اٹھا کر اونٹ پر رکھ دیا گیا۔اس زمانہ میں عورتیں ہلکی ہوتی تھیں بھاری نہیں ہوتی تھیں، ان پر گوشت نہیں چڑھا ہوتا تھا۔کھانا تھوڑا کھاتی تھیں، اس لئے لوگوں نے ہودج کی خفت محسوس نہ کی، پھر میں کم سن لڑکی ہی تھی۔ انہوں نے ہودج کو اونٹ پر لاد دیا اور اونٹ کو کھڑا کر کے چل دیئے۔لشکر روانہ ہونے کے بعد مجھے ہار مل گیا، پڑاؤ پر واپس آئی تو وہاں کوئی بھی نہ تھا، بالکل خالی تھا۔مجبوراً اپنی فرودگاہ پر ہی رک گئی اور خیال کیا کہ جب لوگ مجھے نہ پائیں گے تو لوٹ کر ضرور آئیں گے۔اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے مجھے اونگھ آ گئی۔

حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ عنہ نے لشکر کے بہت پیچھے بہت دور قیام کیا تھا۔کیونکہ وہ کوئی گری پڑی شے تلاش کرنے اور نگرانی رکھنے پر مامور تھے۔وہ رات کے آخری حصہ میں اپنی فرودگاہ سے حسب الحکم روانہ ہوئے اور صبح کو میری فرودگاہ پر پہنچ گئے، انہوں نے دیکھا کہ کوئی سو رہا ہے، دیکھتے ہی مجھے پہچان لیا، کیونکہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے انہوں نے مجھے دیکھا تھا۔مجھے دیکھ کر انہوں نے ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' پڑھا۔میں ان کے پڑھنے کی آواز سے بیدار ہو گئی اور اپنا چہرہ چادر سے ڈھانک لیا۔خدا کی قسم انہوں نے مجھ سے کوئی بات ہی نہیں کی، اور سوائے کلمہ استرجاع کے اور کوئی لفظ میں نے ان سے نہیں سنا۔انہوں نے اپنی اونٹنی میرے پاس لا کر بیٹھا دی اور اس کا گھٹنا باندھ دیا۔میں اٹھ کر اونٹنی پر سوار ہو گئی۔وہ مہار پکڑے ہوئے آگے آگے چلتے رہے، ہمارا لشکر ٹھیک دوپہر کے وقت ایک جگہ ٹھہرا گیا تھا۔میں اس طرح لشکر تک پہنچ گئی۔میرے معاملہ میں تہمت تراشوں کو ہلاک ہونا تھا، وہ غلط افواہیں پھیلا کر مارا گیا۔اس تہمت تراشی کا سب سے بڑا ذمہ دار عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔مدینہ پہنچ کر میں بیمار ہو گئی اور ایک ماہ بیمار رہی، لوگ الزام تراشیوں میں مشغول تھے، بیماری کے زمانے میں مجھے پتہ نہیں تھا۔صرف یہ بات میرے لئے ضرور پریشان کن تھی اور شبہ پیدا کرنے والی تھی کہ رسول اللہ ﷺ کا وہ التفات میری طرف نہ تھا، جو میری بیماری سے پہلے ہوا کرتا تھا۔بس اتنی سی بات ہوتی تھی کہ رسول اللہ ﷺ حسب معمول آتے اور سلام علیک کرتے اور فرماتے تم لوگ کیسے ہو؟ پھر واپس چلے جاتے۔اس سے مجھے شبہ سا ہوتا اور پریشانی ہوتی، لیکن راز کا پتہ نہ تھا۔جب میں اچھی ہو گئی مگر کمزور تھی تو ایک رات کو حضرت ام مِسطح رضی اللہ عنہا کو ساتھ لے کر میں مناصع کی طرف جانے کیلئے نکلی۔پہلے ہمارے گھروں کے پاس بیت الخلاء بنے ہوئے نہ ہوتے تھے، رفعِ ضرورت کے لئے رات کو ہم جنگل کی طرف عربوں کے پہلے رواج

marfat.com

کے مطابق جایا کرتی تھیں۔ ہمیں کو گھروں کے قریب بیت الخلاء بنانے سے ایذا ہوتی تھی۔ (مسطح کی ماں ابورہم بن عبدمناف کی بیٹی تھی، اور مسطح کی نانی صخر بن عامر کی بیٹی تھی، صخر کی بیٹی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خالہ تھی اور اس کا بیٹا مسطح بن اثاثہ تھا۔) غرض میں اور ام مسطح دونوں ساتھ ساتھ ضرورت سے فارغ ہو کر گھر کی طرف لوٹے۔ ام مسطح کا پاؤں چادر میں الجھ گیا اور اس نے ٹھوکر کھائی، گرتے ہی اس کے منہ سے نکلا: ''مسطح مرے''۔ میں نے کہا تم نے بہت بُری بات کہی۔ کیا تم ایسے شخص کو کوس رہی ہو جو بدر میں شریک تھا۔ ام مسطح نے کہا، بیٹی کیا تم نے اس کی بات نہیں سنی؟ میں نے کہا: اس نے کیا کہا؟ اس پر ام مسطح نے مجھے تہمت تراشوں کی کہی ہوئی بات بتائی۔ اس بات کو سن کر میری بیماری اور بڑھ گئی۔ جب گھر کو لوٹی اور رسول اللہ ﷺ حسب معمول تشریف لائے اور دریافت کیا، آپ لوگ کیسے ہیں تو میں نے کہا، کیا آپ اجازت دیں گے کہ میں اپنے والدین کے گھر چلی جاؤں، میرا خیال تھا کہ مجھے یقینی خبر ماں باپ سے مل جائے گی، آپ نے اجازت دے دی، میں والدین کے گھر پہنچی اور اپنی والدہ سے پوچھا، ماں! لوگ یہ کیا باتیں کر رہے ہیں۔ والدہ نے کہا، بیٹا تم اس کا رنج نہ کرو، جب کوئی عورت کسی شوہر کی نظر میں چمکیلی ہوتی ہے اور شوہر اس سے محبت کرتا ہے اور اس کی سوکنیں بھی ہوتی ہیں تو سوکنیں اس کے خلاف بڑی بڑی باتیں بناتی ہیں۔ میں نے کہا: سبحان اللہ، لوگ یہ باتیں کہہ رہے ہیں، میں اس خبر کو سن کر رات بھر روتی رہی، صبح تک نہ میرا آنسو تھما، نہ نیند آئی، پھر صبح کو بھی روتی رہی۔

ادھر رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے اس بارے میں مشورہ کیا۔ کیونکہ وحی آنے میں دیر ہو گئی تھی۔ حضرت اسامہ رسول اللہ ﷺ کی بیوی کی پاک دامنی سے واقف تھے۔ انہوں نے پاک دامن ہونے کی گواہی دی۔ رسول اللہ نے خادمہ بریرہ کو بلایا اور فرمایا، کیا تو نے عائشہ کی کوئی ایسی حرکت دیکھی ہے جس سے تیرے دل میں کچھ شک گزرا ہو؟ بریرہ نے کہا، قسم ہے اس کی جس نے آپ کو برحق نبی بنا کر بھیجا ہے، میں نے عائشہ کی کوئی بات ایسی نہیں دیکھی کہ میں نکتہ چینی کر سکوں۔ ہاں بس اتنی بات ضرور ہے کہ وہ چونکہ کم سن لڑکی ہے، سو جاتی ہے، آٹا گوندھا ہوا رکھا رہتا ہے، بکری آتی ہے اس کو کھا جاتی ہے۔ حضرت امام اسمٰعیل حقی صاحب تفسیر روح البیان مزید بیان کرتے ہیں کہ ان دنوں چونکہ آپ اکثر گھر پر ہی تشریف فرما رہتے تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے، حضرت رسول اللہ ﷺ نے عائشہ کے بارے میں مشورہ کیا۔ انہوں نے فرمایا:

marfat.com

''میں منافقین کے کذب کو یقینی طور پر جانتا ہوں، میں عائشہ کی برأت کو ایک نئے پہلو سے جانتا ہوں وہ یہ کہ مکھی آپ کے بدن مبارک کے نزدیک نہیں جاتی، جب اللہ تعالیٰ نے مکھی کو آپ کے بدن سے دور رکھا ہے تو آپ کے اہل کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں''۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے، آپ نے ان سے مشورہ کیا۔ انہوں نے فرمایا:

میں عائشہ کی برأت کو ایک نئے پہلو سے جانتا ہوں کہ جب آپ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا، نہ سورج کی روشنی میں، نہ چاند کی چاندنی میں، تاکہ کسی کا اس پر قدم نہ پڑے، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے سایہ کی حفاظت فرمائی ہے تو آپ کے اہلِ خانہ کے بارے میں کیا کہنا''۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم حاضر ہوئے، آپ نے ان سے مشورہ طلب کیا۔ انہوں نے عرض کیا:

''میں عائشہ کی برأت کو نئے انداز سے جانتا ہوں، یارسول اللہ! ایک مرتبہ ہم نے آپ کی اقتدا میں نماز ادا کی، ان دنوں جوتی سمیت نماز پڑھی جاتی تھی، آپ نے نماز کے دوران ایک نعل شریف اتار دی، نماز کے بعد ہم نے دریافت کیا، کیا یارسول اللہ! یہ سنت ہے؟ آپ نے فرمایا تھا کہ نماز میں جبرئیل امین حاضر ہوئے تھے، انہوں نے عرض کیا تھا، یارسول اللہ! آپ کی نعل شریف میں کچھ نجاست کا اثر ہے، آپ اسے اتار دیجئے تو جورب آپ کی نعل شریف میں نجاست کا اثر باقی نہیں رکھتا وہ آپ کے اہلِ خانہ میں بری بات کیسے دیکھ سکتا ہے''۔

ان تحقیقات کے بعد رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور عبداللہ بن ابی کی طرف سے معذرت پیش کرنے کے خواستگار ہوئے اور فرمایا: اے گروہ اسلام! میرے گھر والوں کے معاملہ میں عبداللہ بن ابی کی ذات سے مجھے سخت تکلیف پہنچی ہے، کیا کوئی اس کی طرف سے میرے سامنے کوئی عذر پیش کرسکتا ہے؟ خدا کی قسم! مجھے اپنی بیوی کے متعلق کوئی بری بات نہیں معلوم ہوئی، اچھائی ہی معلوم ہوئی ہے، لوگ ایک ایسے آدمی کا نام لے رہے ہیں جس کے اندر مجھے کوئی برائی معلوم نہیں ہوتی ہے اور وہ اچھا ہی ہے، وہ میرے گھر کے اندر میرے ساتھ جاتا ہے۔ تنہا نہیں جاتا، یہ سن کر حضرت سعد بن معاذ اشہلی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور عرض کی یارسول اللہ! اگر آپ کی طرف سے تہمت تراش کو کچھ دکھ پہنچ جائے تو میں آپ کو معذور جانتا ہوں، اگر وہ اس قبیلہ میں ہے تو میں اس کی گردن اڑادوں گا، اور اگر

marfat.com

ہمارے خزرجی بھائیوں میں سے ہے تو آپ جو حکم دیں ہم اس کی تعمیل کریں گے۔ یہ بات سن کر قبیلہ خزرج کا ایک شخص کھڑا ہوا، حضرت حسان کی ماں اس شخص کے چچا کی بیٹی تھی، یعنی حضرت سعد بن عبادہ سردار خزرج کھڑے ہوئے، پہلے یہ نیک آدمی تھے، لیکن قبیلہ کی حمیت ان پر سوار ہوگئی، اور سعد بن معاذ سے کہنے لگے، خدا کی قسم تم نے جھوٹ کہا، تم نہ اس کو قتل کروگے، نہ اس کو قتل کرنے کی تم میں ہمت ہے، اگر وہ تمہارے قبیلہ والوں سے ہوتا تو میرے خیال میں تم اس کو قتل کرنے کا ارادہ ہی نہ کرتے، اس پر سعد بن معاذ کے چچازاد اُسید بن حُضَیر نے سعد بن عبادہ سے کہا، تم نے خدا کی قسم جھوٹ کہا، ہم اس کو ضرور بالضرور قتل کردیں گے، تم یقیناً منافق ہو، منافقوں کی طرف سے لڑتے ہو۔ اس کے بعد اوس اور خزرج دونوں قبیلے جوش میں آگئے، قریب تھا کہ آپس میں لڑ پڑیں۔ رسول اللہ ﷺ منبر پر موجود تھے۔ آپ سب کو ٹھنڈا کررہے تھے، آخر سب خاموش ہوگئے۔ رسول اللہ ﷺ نے بھی خاموشی اختیار کرلی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، میں روزانہ دن بھر روتی رہی اور رات بھر بھی میرا آنسو نہ تھما، نہ نیند آئی۔ والدین کو اندیشہ ہوگیا کہ روتے روتے میرا جگر پھٹ جائے گا۔ دونوں حضرات میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی کہ ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت طلب کی، میں نے اجازت دے دی، وہ آکر بیٹھ گئی اور میرے ساتھ رونے لگی، کچھ دیر کے بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے اور بیٹھ گئے، اس سے پہلے جب میرے متعلق چہ میگوئیاں شروع ہوئی تھیں رسول اللہ ﷺ میرے پاس نہیں بیٹھے تھے اور ایک مہینہ کا وقفہ گزر چکا تھا۔ اس عرصہ میں میرے معاملہ سے متعلق کوئی وحی بھی نہیں آئی تھی۔ بیٹھ کر رسول اللہ ﷺ نے اول کلمہ شہادت پڑھا، پھر فرمایا! عائشہ مجھے تیرے متعلق ایسی ایسی خبریں پہنچی ہیں، اگر تو ان سے پاک ہے تو اللہ تیری پاکی کو ظاہر فرمادے گا اور اگر تو اتفاقاً کسی گناہ میں مبتلا ہوگئی ہو تو اللہ سے توبہ واستغفار کر، بندہ جب گناہ کا اقرار کرلیتا ہے اور معافی کا طلب گار ہوتا ہے، تو اللہ اس کی توبہ قبول کرلیتا ہے، جب رسول اللہ ﷺ اپنی بات پوری کرچکے تو میرے آنسو تھم گئے کہ ایک قطرہ بھی نکلتا محسوس نہ ہوا۔ پھر میں اپنے والد سے کہا: رسول اللہ کی بات کا جواب دیجئے۔ والد نے کہا، خدا کی قسم مجھے کوئی جواب معلوم نہیں، کیا جواب دوں، پھر میں نے اپنی والدہ سے یہی کہا کہ آپ جواب دیجئے۔ انہوں نے والد کی طرح یہی کہا کہ میں کیا کہوں، مجھے کوئی جواب معلوم نہیں۔ آخر میں نے خود کہا: خدا کی قسم میں جان گئی کہ تم لوگوں نے یہ بات سن کر اپنے دلوں میں جمالی ہے اور اس کو سچ

ماننے لگے ہو، اب اگر میں کہوں کہ میں اس سے پاک ہوں اور خدا جانتا ہے کہ میں اس سے پاک ہوں تو تم مجھے سچا نہ جانو گے۔ مجھے اپنی اور تمہاری حالت کی اس کے سوا اور کوئی مثال نہیں ملتی جو حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ نے کہا تھا: فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ ○ یہ کہنے کے بعد میں نے منہ موڑ لیا اور بستر پر لیٹ گئی، میں یہ تو جانتی تھی چونکہ میں پاک ہوں، اللہ ضرور میری پاکی کا اظہار فرمائے گا، لیکن میرا یہ گمان نہ تھا کہ میرے معاملے میں اللہ کوئی ایسی وحی نازل فرمائے گا جو ہمیشہ قرآن میں پڑھی جائے گی، میرے دل میں میری حالت اس قابل نہ تھی کہ اللہ اس سلسلہ میں اپنا کلام نازل فرماتا جو ہمیشہ پڑھا جائے گا، مجھے تو امید تھی کہ رسول اللہ ﷺ کو اللہ کی طرف سے میری پاک دامنی کا کوئی خواب دکھایا جائے گا۔

خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ اپنی جگہ سے ہٹے بھی نہ تھے اور نہ کوئی گھر والا باہر نکلا تھا کہ اللہ نے اپنے نبی پر وحی نازل فرمادی اور نزولِ وحی کے وقت رسول اللہ ﷺ پر جو تکلیف ہوتی تھی وہ ہونے لگی، سخت سردی کے زمانے میں نزولِ وحی کے وقت چاندی کے موتیوں جیسے پسینے کے قطرے آپ کی پیشانی سے ٹپکنے لگتے تھے، کچھ دیر بعد وحی کی وہ حالت دور ہوئی اور ہنستے ہوئے جو لفظ آپ نے سب سے پہلے اپنے منہ سے نکالا وہ یہ تھا: عائشہ خوش ہو جا، اللہ تعالیٰ نے تیری پاک دامنی کا اظہار کر دیا۔ میری ماں نے کہا: اٹھ کر رسول اللہ کے پاس جاؤ۔ میں نے کہا: خدا کی قسم میں نہ اٹھ کر رسول اللہ کی طرف جاؤں گی نہ اللہ کے سوا کسی کا شکر کروں گی۔ اللہ تعالیٰ نے میری پاک دامنی ظاہر فرمائی ہے، اللہ تعالیٰ نے سورۃ النور کی اٹھارہ آیات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاک دامنی کے اظہار کے لئے نازل فرمائیں۔ زیبِ عنوان ان میں سے پہلی آیت ہے۔ (۷)

---

(۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۶

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۴۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۶،

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۴

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی مطبوعہ پشاور، ج ۳، ص ۳۸۲

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران، ج ۶، ص ۱۳۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین بن عمر بن کثیر شافعی (م ۷۷۴ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۶۸

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ پریشانیوں، مصیبتوں، ابتلاؤں، بہتان تراشیوں، بیماریوں وغیرہ پر صبر کرنا بڑی ہمت والوں کا کام ہے اور جو صبر کرتا ہے اللہ کے ہاں وہ بڑا محبوب ہے۔ مصائب پر صبر کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر صبر کی تلقین کی گئی ہے۔

ارشادِ ربانی ہے:

وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ o آلایہ . (سورۃ آل عمران : آیت ۱۸۶)

اور اگر تم صبر کرو اور بچتے رہو تو یہ بڑی ہمت والوں کا کام ہے۔

ایک اور مقام پر ارشاد ہے:

فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ. آلایہ (سورۃ الاحقاف : آیت ۳۵)

تو تم صبر کرو جیسا ہمت والے رسولوں نے صبر کیا۔

ام المومنین سیدہ طاہرہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان تراشی کے دور میں حضور محبوب کبریا علیہ التحیۃ والثناء، خود ام المومنین رضی اللہ عنہا، آپ کے والدین سیدنا ابوبکر صدیق اور ام رومان رضی اللہ عنہما، حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ اور دیگر مخلص صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے کمال صبر سے کام لیا۔ صبر کرنے والوں کے ساتھ رب تعالیٰ کی خصوصی رحمت شاملِ حال ہوتی ہے۔ بے صبری تو مصائب کو بڑھا دیتی ہے۔ اس لئے بندۂ مومن کے لئے مصائب میں صبر کرنا لازم ہے، اس سے اس کی مشکلات آسان ہو جائیں گی اور رب تعالیٰ کی رضا حاصل ہوگی۔ (۸)

(۷) ☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۰۹
☆ تفسیر روح البیان از علامہ حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۱
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۲۱
☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی (م ۶۸۵ھ)، ج ۲ ص ۸
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۳۹
(۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۶
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعروفہ بیروت، لبنان، ج ۳ ص ۳۴۸
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۶
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین بن عمر بن کثیر شافعی (م ۷۷۴ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۷۲

marfat.com

﴿۲﴾ نبی پاک ﷺ، ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے شدید غم، ایذا اور حزن و ملال پر صبر کیا۔ منافقین نے طعنے دیئے، بہتان باندھے، اسلام، بانی اسلام نے ان کی ایذاؤں کو ایک ماہ کے طویل عرصہ تک برداشت کیا، یہ ان کے لئے بہتر ثابت ہوا۔ اس کی وجہ سے انہوں نے:

(ا) اجر عظیم پایا۔

(ب) اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم نے برأتِ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر قرآن مجید کی اٹھارہ آیات نازل فرمائیں جو ہمیشہ تلاوت کی جاتی ہیں۔ اس سے متعلقین کو سرور حاصل ہوا۔

(ج) قاذفین کو قذف کی سزا ملی۔

(د) جن حضرات نے اس ابتلا کے دور میں حسنِ ظن سے کام لیا اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف کی۔

اس لئے صبر میں اجر ہے اور یہ خیر ہی خیر ہے۔

﴿۳﴾ جس شے کا نفع اس کے نقصان سے زیادہ ہو وہ خیر ہے اور جس شے کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ ہو وہ شر ہے۔ خیر اور شر کا یہ خدائی پیمانہ ہے، اس لئے جو معاملہ بھی انسان کو پیش آئے اسے اسی پیمانہ سے ماپے۔ فوری اور عارضی نفع یا نقصان کو دیکھ کر فیصلہ کرنا غلط ہے۔

یاد رہے وہ خیر جس میں شر کا شائبہ نہیں وہ جنت ہے اور وہ شر جس میں خیر کا شبہ نہیں وہ جہنم ہے۔(۹)

﴿۴﴾ محبوبانِ خدا اولیاء اللہ اور صالحین کو جو بلائیں پیش آتی ہیں وہ ان کے حصے میں آنے والے انعامات سے بہت ہی کم ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کی زندگیوں میں خیر ہی خیر ہے۔ ان کی آزمائشیں دیکھ کر ان سے بدظن ہونا مومن کا کام نہیں۔ سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی مثال اس سلسلہ کی اعلیٰ رہنما ہے۔(۱۰)

---

(۸) ☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۲۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۳

(۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۷

(۱۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۷۷

marfat.com

﴿۵﴾ سیدہ طیبہ طاہرہ ام المومنین عائشہ صدیقہ بنتِ صدیق رضی اللہ عنہما پر تہمت لگانا کفر ہے۔ان کی طہارت، عدالت، فراست اور عفت خود قرآن مجید نے بیان کردی ہے۔قرآن مجید یا اس کی کسی آیت کا انکار کفر ہے۔(۱۱)

﴿۶﴾ عورت گلے میں موتیوں کا ہار ڈال سکتی ہے، یہ جائز ہے۔(۱۲)

﴿۷﴾ اگر اجنبی عورت اکیلی ایسی جگہ پر ہو جہاں اس کی ہلاکت کا خوف ہو تو اسے ساتھ لے جانا جائز بلکہ واجب ہے۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ نے ساتھ لے لیا تھا۔اس پر حضور ﷺ نے منع نہ فرمایا تھا۔(۱۳)

﴿۸﴾ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور پُرنور آقا کریم ﷺ کے دشمنوں کی ہجو آپ کے حکم سے کرتے تھے۔اس پر آقا کریم ﷺ خوشی کا اظہار فرماتے، آپ نے انہیں دعا دی تھی کہ اے اللہ! جبرئیل کو اس کے ساتھ کردے، اب بھی حضور پُرنور آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دشمنوں کا رد کرنا (نظم ہو یا نثر میں) آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو محبوب ہے۔(۱۴)

﴿۹﴾ اگر انسان قافلہ سے اپنے ساتھیوں سے بچھڑ جائے اور ساتھی اس سے دور نکل جائیں تو اس کے لئے بہتر ہے کہ وہ جس مکان سے ساتھیوں سے جدا ہو تھا وہاں آجائے، ساتھی اس کی تلاش کرنے کے لئے وہاں پہنچ جائیں، اس کا ادھر ادھر پھرنا اور تلاش کرنا بے سود بلکہ نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔سیدہ طیبہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی فراست یوں ظاہر ہوئی کہ وہ قافلہ سے جدا ہو کر اپنی جگہ پر بیٹھ گئیں، اس سے وہ قافلہ تک پہنچ گئیں۔(۱۵)

---

(۱۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۲۴

(۱۲) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شافعی (م ۶۸۵ھ)، ج ۲، ص ۸۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۲۳

(۱۳) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۳

(۱۴) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۷۲

(۱۵) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۳

marfat.com

فائدہ:

چار چیزوں کی برأت چار ذریعوں سے ہوئی۔

(ا) حضرت یوسف علیہ السلام پر لگی ہوئی تہمت حضرت زلیخا کی قوم کے شاہد نے دور کی۔

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام پر یہودیوں نے تہمت لگائی، آپ کی تہمت پتھر نے کپڑے دور لے جا کر دور کی۔

(ج) حضرت مریم رضی اللہ عنہا پر بغیر نکاح کے بچہ پیدا کرنے کی تہمت لگی۔اس تہمت کو پیدا ہونے والے بچے نے دور کیا۔

(د) سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر منافقین نے الزام لگایا۔رب تعالیٰ نے قرآن مجید کی آیات سے اس بہتان کو دور فرمایا۔(۱۶)

☆☆☆☆☆

marfat.com

(۱۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۵

باب (۳۰۲)

حسنِ ظن واجب ہے

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝ (سورۃ النور آیت : ۱۲)

کیوں نہ ہوا جب تم نے اسے سنا تھا کہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں پر نیک گمان کیا ہوتا اور کہتے یہ کھلا بہتان ہے۔

حل لغات:

لَوْلَا: کیوں نہ ہوا، کیوں نہیں۔

یہ کلمہ تین وجہ سے استعمال ہوتا ہے:

اول: جب یہ فعل ماضی پر داخل ہو تو معنی توبیخ (جھڑک) کا دیتا ہے۔ آیتِ مبارکہ زیبِ عنوان میں یہی صورتِ حال ہے۔

دوم: جب یہ کلمہ فعل مضارع پر داخل ہو تو تحضیض (برانگیختہ کرنا) کا معنی دیتا ہے۔

سوم: جب یہ کلمہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو شرط پائے جانے کی صورت میں جواب منع میں ہوتا ہے۔ (۱)

بِاَنْفُسِهِمْ: اپنوں پر، اپنے آپ پر۔

یہاں یہ معنی مراد لینا درست ہے۔

(۱) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۲

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۷۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۷

marfat.com

اول: مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں پر نیک گمان کیا ہوتا۔

دوم: مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنے آپ پر نیک گمان کیا ہوتا۔(۲)

آیتِ مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ جن لوگوں کو ام المومنین سیدہ صدیقہ بنتِ صدیق رضی اللہ عنہما پر تہمت میں تردد تھا کہ یہ تہمت سچی ہے یا جھوٹی، ان لوگوں کو عتاب ہو رہا ہے کہ کیوں تم نے حسنِ ظن سے کام نہ لیا اور بلا دلیل ایک افواہ پر تردد کا اظہار کیا، تم پر واجب تھا کہ مسلمانوں کے ساتھ حسنِ ظن رکھتے اور بہتان کو بہتان جانتے کہ یہ واضح طور پر بہتان تھا۔ ربِّ کریم جل وعلا نے اسے کھلا بہتان قرار دیا۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ جس مسلمان کا ظاہر فسق سے بری ہو وہ عادل ہے، اس کو عادل سمجھنا واجب ہے، اس کے خلاف برا گمان رکھنا حرام ہے۔(۳)

﴿۲﴾ عام مومنین کے عقود، افعال اور تصرفات، جب شرعی موانع سے خالی ہوں، کو صحت اور جواز پر محمول کرنا واجب ہے۔ ان کو فساد پر محمول کرنا ناجائز ہے۔(۴)

---

(۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۴
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۳۷
☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۲۲
☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۱۶
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۷

(۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۶
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۵
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۸۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۷
☆ تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۸۱
☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴۔۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۳۷
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۷
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۹۴

(۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۶

marfat.com

﴿۳﴾ ایمان کا تقاضا ہے کہ تمام مومنوں کے متعلق اچھا گمان رکھنا، ان پر نکتہ چینی سے باز رہنا، جو لوگ مومنوں کی عیب چینی کریں ان کا دفاع اس طرح کرنا جس طرح اپنی ذات کے خلاف حرف گیری کے وقت کیا جاتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ تمام مومنوں کو اپنا بھائی بلکہ اپنی ذات کی طرح سمجھنا ایمان کا تقاضا ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

مَثَلُ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ تَوَاصُلِهِمْ وتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَاوَجَعَ بَعْضُهٗ وَجَعَ كُلُّهٗ بِالسَّهْرِ وَالْحُمّٰى (۵)

آپس میں صلہ رحمی کرنے اور رحم کرنے میں مسلمانوں کی مثال ایک جسم کی مانند ہے، جب اس کے بعض حصہ میں درد ہو تو تمام جسم میں درد ہوتا ہے اور بخار کے باعث رات بھر نیند نہیں آتی۔ (۶)

﴿۴﴾ جب مسلمان سے کوئی بری بات ظاہر نہ ہو اس کو عادل جاننا واجب ہے، کیونکہ ہم حسنِ ظن کے مامور ہیں، بدظنی سے ہمیں بچنے کا حکم ہے، گمان اور تخمینہ سے انہیں برا کہنا جائز نہیں۔ جب تک کوئی گناہ کی بات ظاہر نہ ہو اس کی شہادت قبول ہے۔ قرآن مجید کا حکم صریح ہے:

اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ط الآية (سورة يونس: آيت ۳۶)

بے شک گمان حق کا کچھ کام نہیں دیتا۔

حدیث شریف میں بدگمانی سے منع فرمایا گیا ہے۔ ارشادِ نبوی ہے (عَلٰى صَاحِبِهَا اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَاَكْمَلُ السَّلَامِ)

---

(۵) ☆ رواه الخطيب بغدادى فى تاريخ بغداد عن نعمان بن بشير

☆ رواه الامام فخر الدين الرازى فى تفسيره، ج ۲۳، ص ۱۷۷

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۷

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۴

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۲۲

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۴۳۷

☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابو جعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۱۶

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۸، ص ۳۹۴

marfat.com

اِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَ بُ الْحَدِیْثِ(۷)

بدگمانی سے بچتے رہو کیونکہ سب سے بری بات بدگمانی ہے۔(۸)

﴿۵﴾ صاحبِ ایمان جس کی عفت اور صلاح کی شہرت ہو، خبرِ مجہول یا خبرِ فاسد سے اس کی عفت زائل نہیں ہوتی، اس کے بارے میں تہمت کی خبر کی تردید واجب ہے۔(۹)

﴿۶﴾ اگر کوئی شخص کسی اجنبی عورت کے پاس پایا جائے اور وہ دونوں اپنے نکاح کا اعتراف کریں ان کی تکذیب جائز نہیں، بلکہ حسنِ ظن کی بنا پر ان کی تصدیق واجب ہے۔(۱۰)

﴿۷﴾ اگر کوئی اپنی تلوار کو دو سو درہم میں فروخت کرے، جبکہ اس کے دستہ پر سو درہم کا کام ہوا ہو، تو اس کے سودا کو صحت پر محمول کریں گے۔ سو درہم کی تلوار اور سو درہم اس کے دستہ پر کام کے۔ یہ سودا بھی حسنِ ظن کی بنا پر جائز تصور ہوگا۔(۱۱)

☆☆☆☆☆

(۷) ☆ راوہ البخاری عن ابی ہریرۃ، ج ۱، ص ۳۸۴
☆ رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۳۱۶
☆ رواہ الترمذی عن ابی ہریرۃ، ج ۲، ص ۲۸
☆ راوہ مالک فی الموطا
☆ رواہ احمد، ج ۲، ص ۲۴۵

(۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۷

(۹) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۴۳
☆ تفسیر روح البیان از علامہ اسمٰعیل حقی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج ۶، ص ۱۲۶
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۱۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۸
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۸۱

(۱۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۸

(۱۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۲۳، ص ۱۷۷

marfat.com

باب (۳۰۳)

گھروں میں داخلہ کے آداب

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ o فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ o لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ o (سورۃ النور: آیات ۲۷، ۲۸، ۲۹)

اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک اجازت نہ لے لو اور ان کے ساکنوں پر سلام نہ کرلو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے کہ تم دھیان کرو۔ پھر ان میں کسی کو نہ پاؤ جب بھی بے مالکوں کی اجازت کے ان میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے واپس جاؤ تو واپس ہو۔ یہ تمہارے لئے بہت ستھرا ہے اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے۔ اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ ان گھروں میں جاؤ جو خاص کسی کی سکونت کے نہیں اور ان کے برتنے کا تمہیں

marfat.com

اختیار ہے۔اوراللہ جانتا ہے جوتم ظاہر کرتے ہواور جوتم چھپاتے ہو۔

حل لغات:

غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ :اپنے گھروں کے علاوہ۔وہ گھر جن میں تم خود رہائش پذیر نہیں بلکہ تمہارے سوا کوئی اور رہتا ہے۔ مثلاً اپنا مکان تم نے کسی کو کرایہ پر دیا۔یا ویسے ہی بغیر عوض تم نے کسی کو رہنے کو دیا۔بغیر اجازت ایسے گھروں میں بھی داخلہ منع ہے۔(۱)

حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا: جب تک اجازت نہ لے لو۔

لغت میں اُنس کا معنی ہے: دیکھنا، جاننا، احساس کرنا اور وحشت نہ ہونا۔ضد وحشت۔

آنَسَ الشَّیْءَ: کسی چیز کو دیکھا جانا۔احساس کیا۔

آنَسَ الصَّوْتَ: آواز کو سنا۔

اِسْتِیْنَاسٌ (باب اِسْتِفْعَال کا مصدر) کا مجازی معنی ہے: دیکھنا، قرآن مجید میں ایک موقعہ پر یہی معنی استعمال ہوا ہے۔

.....اِنِّیْ اٰنَسْتُ نَارًا. الآیة (سورة طٰہٰ: آیت ۱۰، سورة النحل: آیت ۷، سورة القصص: آیت ۲۹)

مجھے ایک آگ نظر پڑی ہے۔

طلبِ اذن کو اِسْتِیْنَاسٌ کے کلمہ سے اس لئے تعبیر کیا کہ طلبگارِ اجازت کے دل میں ایک طرح کی وحشت ہوتی ہے، اس کو اندیشہ ہوتا ہے کہ شاید داخلہ کی اجازت نہ ملے۔جب داخلے کی اجازت مل جاتی ہے، تو اس کی وحشتِ خاطر دور ہو جاتی ہے۔طلبگارِ اجازت بھی طالبِ علم ہوتا ہے، اس کو معلوم نہیں ہوتا کہ داخلے کی اجازت گھر والوں کی طرف سے ملے گی یا نہیں، اجازت ملنے کے بعد اس کو علم ہو جاتا ہے۔(۲)

(۱) ☆ تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللّٰه بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۸۳
☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی، پشاور، ص ۵۵۶
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللّٰه پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۸، ص ۴۰۹
(۲) ☆ تاج العروس از علامه سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعه مصر، ج ۴، ص ۱۰۰

marfat.com

وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا: اوران کے ساکنوں پر سلام کرلو۔یعنی جب تم کسی کے گھر داخل ہونے کی اجازت طلب کرو تو اس مکان کے رہنے والوں کو سلام کرو۔(۳)

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ: اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں۔

جَنَحَ (از باب ضَرَبَ، نَصَرَ اور فَتَحَ) جُنُوْحًا کا معنی ہے۔

جَنَحَ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔

جَنَحَ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا پتلے پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا۔

جَنَحَ اللَّيْلُ: رات کا آجانا

(بقیہ ۲) ☆ الفروق اللغوية مولفه ابو هلال الحسن بن عبدالله بن سهل العسكرى (م ۴۰۰ھ) مطبوعه كوئٹه، ص ۳۰۷

☆ مصباح المنير فى غريب الشرح الكبير للرافعى ،مولفه علامه احمدبن محمدعلى المقبرى الفيومى (م ۷۷۰ھ)، ج ۱، ص ۱۴

☆ مفردات فى غريب القرآن ازعلامه حسين بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفهانى (۵۰۲ھ) مطبوعه كراچى، ص ۲۸

☆ المنجد ازلوئيس معلوف ايسوعى، مطبوعه دارالاشاعت مقابل مولوى مسافرخانه كراچى، ج ۱ ۸

☆ لسان العرب ،مولفه امام ابوالفضل محمدبن مكرم ابن منظورالانصارى المصرى مطبوعه : بيروت ،لبنا ن ج ۶، ص ۱۸

☆ تفسيرالبغوى المسمّٰى معالم التنزيل للامام ابى محمدالحسين بن مسعودالفراء البغوى (م ۵۱۶ھ) مطبوعه ملتان، ج ۳، ص ۳۲۶

☆ تفسيرابن جرير مختصرتفسير الطبرى ازعلامه ابوجعفربن محمدجريرالطبرى، مطبوعه بيروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۳۴

☆ تفسيرالكشاف للامام ابى القاسم جار الله محمودبن عمربن محمدالزمخشرى مطبوعه كراچى، ج ۳، ص ۲۳۰

☆ لباب التاويل فى معانى التنزيل المعروف به تفسيرخازن از علامه على بن محمدخازن شافعى مطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۱۳۷

☆ تفسيرمظهرى ازعلامه قاضى ثناء الله پانى پتى عثمانى مجددى (م ۱۲۲۵ھ) (اردوترجمه) مطبوعه دهلى، ج ۸، ص ۴۰۹

☆ التفسيرات الاحمديه ازعلامه احمدجيون جونپورى (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مكتبه حقانيه محله جنگى ،پشاور، ص ۶۵۵

☆ الجامع لاحكام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالكى قرطبى (م ۶۶۸ھ) مطبوعه بيروت، لبنان ۱۲، ص ۱۹۲

☆ احكام القرآن ازامام ابوبكراحمدبن على رازى جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعه دارالكتب العربيه بيروت، لبنان، ج ۳، ص ۳۰۹

☆ احكام القرآن ازعلامه ابوبكر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربى مالكى (م ۵۴۳ھ) مطبوعه بيروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۸

☆ مدارک التنزيل وحقائق التاويل معروف به تفسيرمدارک ازعلامه ابوالبركات عبدالله بن احمدبن محمودمطبوعه لاهور، ج ۳، ص ۳۴۶

☆ تفسيرانوارالتنزيل واسرارالتاويل المعروف به بيضاوى ازقاضى ابوالخير عبدالله بن عمربيضاوى شيرازى شافعى، ج ۲، ص ۸۲

☆ تفسيرالقرآن المعروف به تفسيرابن كثيرحافظ عمادالدين اسمٰعيل بن عمربن كثيرشافعى مطبوعه مصر، ج ۳، ص ۲۷۸

☆ تفسيرروح المعانى ازعلامه ابوالفضل سيدمحمودآلوسى حنفى (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مكتبه امداديه ملتان، ج ۱۸، ص ۱۳۳

☆ زادالمسيرفى علم التفسيرللحافظ الامام ابى الفرج عبدالرحمٰن بن على ابن الجوزى (ت ۵۹۷ھ) مطبوعه پشاور، ج ۳، ص ۳۸۵

(۳) ☆ تفسير مظهرى ازعلامه قاضى ثناء الله پانى پتى عثمانى مجددى (م ۱۲۲۵ھ) (اردوترجمه) مطبوعه دهلى، ج ۸، ص ۴۱۰

marfat.com

جَنَحَ (از باب ضَرَبَ) الطَّائِرُ: پرندہ کے بازو پر مارنا

جُنَاحٌ کا معنی ہے: گناہ، حرج (جَنَاحٌ کا معنی ہے بازو)۔(۴)

آیتِ مبارکہ میں اس سے مراد گناہ اور حرج ہے۔(۵)

شانِ نزول

﴿۱﴾ ایک انصاری عورت بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں حاضر ہوئی اور عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! میں اپنے گھر کے اندر بعض اوقات ایسی حالت میں ہوتی ہوں کہ میں نہیں چاہتی کہ اس حالت میں کوئی مجھے دیکھے، لیکن گھر کے آدمیوں میں سے کوئی نہ کوئی بے روک ٹوک اندر آجاتا ہے اور اس حالت میں مجھے دیکھ لیتا ہے، میں کیا کروں؟ اس سوال کے جواب میں سورۃ النور کی آیت: ۲۷ نازل ہوئی، جس میں کسی کے گھر میں داخل ہونے کے آداب سکھائے گئے۔(۶)

---

(۴) ☆ المنجد ازلوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۲۰۸

☆ مفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل المقلب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۱۰۰

☆ مصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مولفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ) ج ۱، ص ۵۵

☆ قاموس القرآن (او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم) للمفسر الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۱۰۹

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر. ۲، ص ۱۳۳،

☆ لسان العرب مولفہ امام ابو الفضل محمد بن مکرم ابن منظور الانصاری المصری مطبوعہ بیروت، ج ۲، ص ۵۰۱

(۵) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۳۹

(۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۹۱

☆ مختصر تفسیر الطبری ازعلامہ ابوجعفربن محمدجریر الطبری، مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت، لبنان، ج ۱۸، ص ۱۳۳

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۷۸

☆ زادالمسیر فی علم التفسیر للحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت ۵۹۷ھ) مطبوعہ پشاور، ۳، ص ۲۸۸

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴. ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۴۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۵۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاهور، ج ۳، ص ۱۳۷

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱، ص ۱۳۳

☆ تفسیرمظهری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دهلی، ج ۸، ص ۴۰۹

marfat.com

﴿۲﴾ جب گھروں میں داخل ہونے کے لئے اجازت طلب کرنے کا حکم نازل ہوا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! قریش کے تاجر جو مکہ، مدینہ اور شام کے درمیان آتے جاتے ہیں ان کا کیا ہوگا۔ سرِ راہ ان کے قیام اور اترنے کے مکان مقرر ہوتے ہیں، جن کے اندر کوئی رہتا نہیں، راستہ میں کسی جگہ ٹھہرنے کے لئے قریش کے تاجر مکان بنا کر چھوڑ دیتے ہیں۔ وہاں کس سے اجازت لیں اور کس کو سلام کریں؟ اس پر سورۃ النور کی آیت: ۲۹ نازل ہوئی۔ (۷)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ رہائش کیلئے مکان بنانا جائز ہے، تاکہ دوسرے لوگوں سے پردہ کر سکے، خود ذاتی طور پر اپنے منافع کا مالک بن سکے، خارج سے کوئی دوسرا اس کے ذاتی منافع میں مداخلت نہ کر سکے، مالک مکان کی اجازت کے بغیر وہاں کوئی اور داخل نہ ہو سکے، مکان میں رہائش پذیر کے پردہ پر کوئی اور اطلاع نہ پا سکے۔ (۸)

﴿۲﴾ اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اس گھر میں بلا اجازت داخلہ ممنوع قرار دیا ہے جس میں وہ خود نہیں رہتا۔ اس گھر میں داخلہ کیلئے اجازت لینا ضروری قرار دیا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص اپنا ذاتی مکان کسی کو کرایہ پر دے دے

(بقیہ ۶) ☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین مطبوعہ مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۵

☆ الدر المنثور از حافظ جلا ل الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللّٰہ العظمی قم، ایران. ج ۶، ص ۱۵۷

☆ حاشیۃ الجمل علی الجلالین للعلامۃ سلیمان الجمل (م ۱۲۰۴ھ) مطبوعہ کراچی، ج ۵، ص ۲۸۲

(۷) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (م ۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج ۳، ص ۳۲۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۸، ص ۱۳۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللّٰہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۸، ص ۴۱۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۱۲، ص ۱۹۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۳۴۷

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن صاوی مالکی (م ۱۳۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۳، ص ۱۲۶

☆ تفسیر البحر المحیط، لمحمد بن یوسف الشہیر بابی حَیّان الأندلسی الغرناطی (۶۵۴ - ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۴۵

☆ تفسیر الکشاف للامام ابی القاسم جار اللّٰہ محمود بن عمر بن محمد الزمخشری مطبوعہ کراچی، ج ۳، ص ۲۳۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۵۵۷

(۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۳۵۸

marfat.com

یا ویسے رہنے کے لئے بلاومعاوضہ دے دے تو مالک مکان کیلئے لازم ہے کہ اس گھر میں داخل ہونے کے لئے اس سے اجازت لے جو اس میں رہتا ہے۔آیتِ مبارکہ زیبِ عنوان میں اس کی صراحت ہے۔(۹)

﴿۳﴾ کسی کے مکان میں داخل ہونے کی اجازت طلب کرنے کے ساتھ گھر والوں پر سلام کرنا بھی ضروری ہے۔ مثلاً یوں کہے: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ، کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ یہ کلمات وقفہ وقفہ کے ساتھ تین بار کہے۔تاکہ گھر والوں کو یقینی طور پر اس کے آنے اور اجازت طلب کرنے کی اطلاع ہوجائے۔اگر داخلہ کی اجازت مل جائے تو اندر داخل ہوجائے، ورنہ واپس چلا آئے۔یہی سنت ہے۔حدیث شریف میں ہے:

اِذَا سْتَاْذَنَ اَحَدُکُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ (۱۰)

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص(م۳۷۰ھ)مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت،لبنان، ج۳،ص۳۰۹

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ)مطبوعه بیروت،لبنان، ج ۳،ص۱۳۵۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی(م۶۶۸ھ)مطبوعه بیروت،لبنان، ج۱۲،ص۱۹۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن از علامه علی بن محمدخازن شافعی مطبوعه لاهور، ج۳،ص۲۴۶

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیرمدارک ازعلامه عبدالله بن احمدبن محمودمطبوعه لاهور، ج۳،ص۲۴۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی مطبوعه مصر، ج۳،ص۲۷۸

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری(م۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی ،پشاور،ص۵۵۶

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی(م۵۱۶ھ)مطبوعه ملتان،۳،ص۳۲۶

☆ مختصرتفسیرالطبری ازعلامه ابوجعفربن محمدجریرالطبری،مطبوعه دارالقرآن الکریم بیروت،لبنان، ج۱۸،ص۱۳۳

☆ تفسیرالکشاف للامام ابی القاسم جارالله محمودبن عمربن محمدالزمحشری مطبوعه کراچی، ج۳،ص۳۳۰

☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناءالله پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمه)مطبوعه دهلی، ج۸،ص۴۰۹

☆ تفسیرانوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبدالله بن عمربیضاوی شیرازی شافعی، ج۲،ص۸۲

☆ زادالمسیرفی علم التفسیرللحافظ الامام ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن الجوزی (ت۵۹۷ھ)مطبوعه پشاورج۳،ص۳۸۵

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی(م۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۸،ص۱۳۳

☆ تفسیرالبحرالمحیط ،لمحمدبن یوسف الشهیربابی حَیّان الأندلسی الغرناطی(۶۵۴۔۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت، ج۵،ص۴۴۵

☆ تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی وعلامه جلال الدین محلی مطبوعه مکه مکرمه، ج۳،ص۱۵۷

☆ حاشیة الجمل علی الجلالین للعلامة سلیمان الجمل (م۱۲۰۴ھ)مطبوعه کراچی، ج۵،ص۲۸۲

(۱۰) ☆ رواه البخاری عن ابی سعیدالخدری، ج۲،ص۹۲۳

☆ رواه مسلم عن ابی سعیدالخدری، ج۲،ص۲۱۰

marfat.com

جب تم میں سے کوئی ایک تین بار داخل ہونے کی اجازت طلب کرلے پھر بھی اسے اجازت نہ ملے تو اسے چاہئے کہ واپس چلا آئے۔

ایک اور حدیث میں نبی اکرم ﷺ کا عمل شریف وارد ہے کہ آپ نے تین مرتبہ اجازت چاہی۔

عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: زَارَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِيْ مَنْزِلِنَا، فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَدَّ سَعْدٌ رَدًّا خَفِيًّا فَقَالَ قَيْسٌ فَقُلْتُ اِلَا تَأْذَنُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ ذَرْهُ يُكْثِرُ عَلَيْنَا مِنَ السَّلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَرَدَّ سَعْدٌ رَدًّا خَفِيًّا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَتْبَعَهُ، سَعْدٌ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ اَسْمَعُ تَسْلِيْمَكَ وَاَرُدُّ عَلَيْكَ رَدًّا خَفِيًّا لِتُكْثِرَ عَلَيْنَا مِنَ السَّلَامِ، قَالَ فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَمَرَ لَهُ سَعْدٌ بِغُسْلٍ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ نَاوَلَهُ مِلْحَفَةً مَصْبُوْغَةً بِزَعْفَرَانَ اَوْوَرْسٍ فَاغْتَسَلَ بِهَا ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِكَ وَرَحْمَتِكَ عَلٰى اٰلِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ.....الحدیث (۱۱)

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ ہمارے غریب خانہ پر تشریف فرما ہوئے اور آپ نے (مکان میں داخل ہونے کی اجازت کی خاطر) فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی تم پر سلامتی ہو اور اس کی رحمت ہو۔) راوی فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے سلام کا جواب نہایت پست آواز میں دیا۔ راوی قیس۔ نے (اپنے باپ) حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کو داخلہ کی اجازت کیوں نہیں دی۔ تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اس معاملہ کو چھوڑ دو۔ (میں چاہتا ہوں کہ) آپ کثرت سے ہم

(بقیہ ۱۰) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابی سعید الخدری، ج ۲، ص ۳۵۷
☆ رواہ الترمذی عن ابی سعید الخدری، ج ۲، ص ۱۱۰
☆ رواہ احمد، ج ۳، ص ۶، ۱۹، .....
☆ رواہ الدارمی فی کتاب الاستیذان.
(۱۱) ☆ رواہ ابوداؤد عن قیس. ج ۲، ص ۳۵۸، حدیث: ۱۸۵
☆ رواہ احمد. ج ۳، ص ۴۲۱/ ج ۴، ص ۴۴

marfat.com

پر سلامتی کی دعا فرماتے رہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے دوسری مرتبہ فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ۔ اس کا جواب بھی حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے پست آواز میں دیا۔ پھر (تیسری بار) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جواب نہ سن کر رسول اللہ ﷺ واپس آنے لگے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے دوڑے اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے آپ کا سلام سنا اور جواب پست آواز میں دیا، تا کہ آپ کا ہم پر کثیر مرتبہ سلام ہو۔ راوی فرماتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ واپس تشریف لائے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے آپ کے غسل کیلئے پانی لانے کا حکم دیا۔ حضور ﷺ نے غسل فرمایا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ایک لحاف زعفران یا وَرْس (ایک نباتات) سے رنگا ہوا پیش کیا۔ آپ نے قبول فرمایا۔ پھر حضور رسولِ اکرم ﷺ نے اپنے دستِ مبارک بلند فرمائے اور دعا فرمائی: اے اللہ! اپنی رحمت اور برکت آلِ سعد بن عبادہ کو عطا فرما۔ (۱۲)

(۱۲)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص (م۳۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۳۱۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م۵۴۳ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۳۵۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی (م۶۶۸ھ) مطبوعہ بیروت، لبنان، ج۱۲، ص۱۹۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل للامام ابی محمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی (م۵۱۶ھ) مطبوعہ ملتان، ج۳، ص۳۲۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمدخازن شافعی مطبوعہ لاھور، ج۳، ص۳۴۷
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمدبن محمودمطبوعہ لاھور، ج۳، ص۳۴۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص۵۵۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۸، ص۱۳۵
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ اسمٰعیل حقی (م۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ج۶، ص۱۳۷
